Ahsan Jamil

لِکُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ

ایکہزار اطبّاء کے بےمثیل و لاجواب مجرّبات کا ذخیرہ

مُلقّب بہ

گنجِ شائگان

مُرتّبہ

حکیم حافظ محمّد یوسف صاحب صدّیقی

خط و کتابت کا پتہ

ناظم دفتر دارالکتب حبیب الاطباء ماہلانوالہ ڈاکخانہ سرگودھا پنجاب

بار اول — تعداد ۱۰۰۰ — قیمت ۳

اکسیری صدری مجربات کا بہترین مجموعہ

مجرّبات محمّدیؒ

طبع دوّم

یہ گراں قدر طبی تالیف اکسیری صدری اور تجربہ شدہ مجربات کا نایاب ذخیرہ ہے۔ جس کا پہلا ایڈیشن بہت ہی مقبول عام ہو کر بالکل قلیل عرصہ میں فروخت ہوگیا تھا پھر دوسری دفعہ از سرِ نو لکھکر خاص الخاص اکسیری صدری اور معمول مطب نسخہ جات کے اضافات کے ساتھ شائع کرایا گیا ہے اس میں سر سے پاؤں تک جملہ امراض کے خاص الخاص اکسیری صدری نسخہ جات جو بڑی بڑی تکلیفوں کے ساتھ حاصل کئے گئے تھے۔ درج کردیئے گئے ہیں جنکے ذریعہ بہت کچھ روپیہ کمایا جا رہا تھا۔

کتاب "مجربات محمدیؒ" کے متعلق بہت سے نامی گرامی اور مشاہیر اطباء نے اپنی پسندیدگی کا اظہار فرمایا ہے، کتاب اپنی جامعیت و نافعیت کی وجہ سے نہایت مقبول عام ہو کر ہاتھوں ہاتھ نکل رہی ہے۔ جلدی منگا لیجئے ورنہ طبع سوم کا انتظار کرنا پڑے گا۔ لکھائی چھپائی کاغذ وغیرہ بہت اعلےٰ قابلدید۔

قیمت ایک روپیہ علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتا

ناظم دفتر دار الکتب حبیب الاطباء ماہلانوالہ ڈاکخانہ سرگودھا (پنجاب)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گنجِ شائگاں

دیباچہ

طبی تجربات کی حقیقت و افادیت پر عمل آموز تحقیقی تبصرہ

انگریزی زبان کے مشہور علمی مقولہ (ایکسپیرینس از دی مدر آف آل سائنسز) یعنی "تجربہ ام العلوم ہے" کے مطالب و معانی پر جتنا غور کرینگے۔ اسی قدر اس کی صداقت و وسعت نمایاں ہوتی جائیگی۔ اور جن خوش نصیب انسانوں کے دماغ بصیرت و عرفان کی روشنی سے بہرہ مند ہیں۔ وہ اس حقیقت پر بھی غور کر سکینگے۔ کہ تجربات دماغِ انسانی میں احساس و شعور اور فہم و ادراک پیدا کرنے کا مفید و مؤثر ذریعہ ہیں۔ معلومات سے ذہن روشن اور بلیغ ضرور ہو جاتا ہے۔ لیکن جب تک عملی تجربات سے قوائے ذہن اور دماغ کی ضروری پرورش اور تہذیب کا حق ادا نہ کیا جائے۔ اس بصیرت و احساس سے بخوبی فائدہ اٹھالینا مشکل ہے۔

جوں جوں ہم فکر و نظر کے دائرہ کو وسیع کرتے جائینگے۔ ہم پر یہ حقیقت زیادہ صاف، اور نمایاں طریق پر منکشف ہوتی جائیگی۔ کہ تجربہ ام العلوم ہے۔

دنیا کے تمام نظری و عملی علوم و معارف اپنے کلیات و مسائل کی تشکیل و ترتیب میں تجربہ کے ممنون و مرہون ہیں۔ مذاہب و ادیان کی تعلیمات سے قطعِ نظر کہ وہ تو مستقلاً دعوتِ تجربہ و عمل

ہیں۔ تمام علمی تحقیقی معاشی اور اقتصادی علوم و فنون کی خشت اساس یہی تجربات ہیں۔

ممکن ہے کہ بعض ناظرین اس مسئلہ کی عمیق و دقیق کیفیتوں سے کماحقہٗ آگاہی نہ رکھتے ہوں۔ اور انہیں محررہ فوق سطور کے مطالب سمجھنے میں دقت ہو۔ لیکن اگر وہ اس مختصر سی تمہید کے بعد صرف علم طب پر ہی غور و تعمق سے نظر ڈالینگے۔ تو وہ غایت ما فی الباب کو نہایت آسانی سے سمجھ سکینگے۔ اور انہیں صاف نظر آئے گا۔ کہ طب کے ایسے عظیم الشان و عمیم المنفعت علم کا قصر بلند بھی تجربات کی بنیاد محکم پر استوار و پائدار ہے۔

اور جسطرح یہ حقیقت دلائل و توضیح کی محتاج نہیں کہ طب مجموعۂ تجربات ہے۔ اسی طرح یہ نظریہ بھی اپنی صداقت کے اعتبار سے قابل تردید نہیں۔ کہ دنیا کے تمام علمی و نظری علوم کا سنگِ بنیاد تجربہ ہے۔ مجھے فاضل گیلانی کا یہ معنی آفرین قول بہت لطف دیتا ہے۔ کہ علوم و معارف بنی آدم کی انسانیت کی تہذیب و تکمیل اور روحانیت کے ارتقاء و استخلاص کا ذریعہ و وسیلہ ہیں۔ اور چونکہ ان کی افادیت روحِ انسانی کے ان سے متاثر و منفعل ہونے پر موقوف ہے۔ اور روحِ انسانی محض نظری چیزوں سے متاثر نہیں ہوتی رہا اگر ہو بھی تو یہ تاثیر تہذیب و اکمال کی غرض پوری کرنے کے لئے کافی نہیں ہوتی) اس کا حقیقی تاثر و انفعال مشاہدات و تجربات سے متعلق ہے۔ لیکن علوم و معارف (بلکہ دنیا کے قریباً تمام شہودی کیفیات) روحِ انسانی پر مستقل اثر ڈالتے ہیں۔ لہذا ظاہر ہے۔ کہ ان (سب) کی بنیاد تجربات پر ہے۔

اگرچہ یہ علمی مبحث بہت کچھ قابل توضیح و استدلال ہے۔ لیکن اس مختصر تسوید میں اتنی تفسیر و اطناب کی گنجائش نہیں۔ اور ممکن ہے کہ بعض طبائع پر یہ خشک فلاسفی ناگوار گذرے۔ صرف اشارات پر ہی اکتفا کرتا ہوں ع رمز شناس کہ ہر نکتہ ادائے دارد

اس میں شبہ نہیں کہ طب کا دوسرا اور بڑی حد تک صحیح نام تجربہ ہے۔ فن طب کی تعریف میں یہ فقرہ بہت متداول اور مشہور ہے الطب هو القياس الذي يؤدي الى التجربة اور فی الحقیقت طب قیاسِ صحیح اور تجربہ عمل کے باہمی التصاق و ارتباط کی پیداوار ہے اگر ایک طرف طب (قدیم یا جدید) کے کلیات و مسائل نظری اعتبار سے فلسفہ، کلام، منطق، ہیئت ریاضی اور طبیعیات وغیرہ کے علمی افکار و نظریات کے سرمایہ دار ہیں۔ جن کی ملمعانیوں نے شیخ الرئیس

رازی۔ ملا نفیس۔ قرشی اور جرجانی وغیرہم کے نام و کلام کو رہتی دنیا تک زندہ و تاباں رکھنے کا اجارہ کیا ہے۔ تو دوسری طرف اس کے عملیات و معمولات کی ترکیب و تجویز میں کیمسٹری (علم الکیمیا) فارماکالوجی (علم تاثیرات الادویہ) اور فارمیسی (دواسازی) وغیرہ کے اصول و قواعد کا ہاتھ ہے جو ہر کہ و مہ پر فن جلیل کی عظمت و منزلت آشکارا کر رہا ہے۔ اور ہر ایک انسان کو اس کے اسلاف و معاصرین کے تجربات صحیحہ سے استفادہ کی دعوت دیتا ہے۔

دوسرے تمام عملی و نظری علوم میں تجربات کی کم و بیش اہمیت و اصلیت موجود ہے۔ مگر جس واقعیت اور افراط کے ساتھ ان کا وجود علم طب میں ملتا ہے اس کا عشر عشیر بھی دوسرے علوم و معارف میں نہیں ہوگا۔ یہاں تک کہ اس علم کی فیضانی درخشانیوں کو عام کرنے کے لئے اور ان سے خلق عالم کو متمتع کرنے کے واسطے اہل فن نے شعبہ تجربات کو علیحدہ علمی و تصنیفی حیثیت دینے کی ضرورت محسوس کی۔ چنانچہ عہد عتیق کی قرابادینیات اور کتب تجارب اس بات پر شاہد و ناطق ہیں کہ متقدمین اطباء اپنے کامیاب اور مصدقہ تجارب مستقل علمی ترتیب کے ساتھ تحریر کر دیتے تھے جسکی تقلید میں ہر عصر اور ہر قطعۂ ارض کے اطباء و معالجین نے اپنے پرائے، قدیم و جدید تجربات صفحات کتب پر بکھیرنے کی یادگار کوششیں کی ہیں۔ اور اس عہد میں بھی کہ کتابت و طباعت کی آسانیوں نے بہت سے فراموش شدہ علوم کو لباس قرطاس میں چمکا کر اہل نظر کے سامنے لا کھڑا کیا ہے اور بے شمار نادر و نایاب قلمی رشحات کو جام طباعت پلوا کر منظر عام پر پہنچا دیا ہے۔ علم التجارب پر اکثر و بیشتر کتابیں لکھی اور چھاپی جا رہی ہیں۔

آجتک مجربات کے سلسلہ میں لاتعداد کتب اشاعت پذیر ہو چکیں۔ اور ابھی ان کا غیر مختتم سلسلہ جاری ہے۔ لیکن اس بے تحاشا تالیف و اشاعت کے خیال سے جہاں دل و دماغ میں کیف و مسرت کی ایک لہر دوڑتی ہے وہیں یہ معلوم کرکے ناقابل بیان دکھ ہوتا ہے کہ ان میں بہت ہی کم کتابیں افادیت و حقیقت کی اغراض پورا کرنے کے لئے لکھی گئی ہیں۔

مجربات فنی طبیب کے لئے آلۂ عمل ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے وہ ہر وقت ان کی تلاش و دریافت میں لگا رہتا ہے۔ حصول مجربات کے لئے وہ انتہائی کوشش و کاوش سے کام لیتا ہے اور با وصفیکہ دور حاضر میں مجربات کی سینکڑوں دلفریب اور نظر نواز کتابیں مل سکتی ہیں۔ اور

بڑی حد تک روایتی بخل و امساک کا پردہ بھی اٹھ گیا ہے۔ لیکن اسکے باوجود کتنی حسرتناک حقیقت ہے کہ وہ صحیح مجربات کی خاطر خواہ فراہمی میں ناکام و بے مرام رہتا ہے۔ تاہم مجربات کی ضرورت و احتیاج اسے بہر کیف آمادہ سعی و جہاد رکھتی ہے۔ اور اس کی جوع المجربات کی سیری نہیں ہونے پاتی۔

ملک و فن کے بہت سے بالغ نظر خادموں نے ان تلخ حقائق پر غور کرنے کے بعد تدوین و ترتیب مجربات میں ضروری توجہ صرف کرنے کی ضرورت محسوس کی ہے۔ اور بہت سے صاحب عمل و عزم اطباء نے صحیح مجربات اور اطمینانی نسخہ جات فراہم اور شائع کرنے میں قابل قدر کوششیں کی ہیں۔ جو علمی نقطۂ نظر سے موجب عزو افتخار سہی۔ لیکن صحیح مجربات کی اشاعت و تدوین کی غرض اصلی کو پورا کرنے میں، اور عملی زاویۂ خیال سے قطعًا ناقابل اعتنا نظر آتی ہیں۔ الغرض

ایسی کیفیت ہے ناکامی کی اس تصویر میں
جو اتر سکتی نہیں آئینۂ تحریر میں

اسکی صرف ایک وجہ ہے اور وہ یہ کہ مجربات کے لباس میں بعض ایسی نامکمل اور بے جان پتلیاں (انمل بے جوڑ اور غیر موثر نسخے) طبی دنیا میں آن پہنچے ہیں جن کی مغالطہ انگیز خوشنمائی اور دلکشی بڑے بڑوں کو چکرا دیتی ہے اور وہ اچھے برے اور صحیح و غلط میں تمیز کرنے سے مطلقًا قاصر رہ جاتے ہیں۔ جدید الشیوع کتب تجارب میں اکثر و بیشتر ایسی کتابیں جو صرف اغراض تجارت و زر اندوزی کو مدنظر رکھکر لکھی گئی ہیں۔ شروع سے اخیر تک خود ساختہ، اور اٹکل پچو نسخوں سے معمور و مملو ہیں۔ اور ان کی کثرت کا یہ حال ہے۔ کہ صحیح مجربات بالکل دبکر رہ گئے ہیں۔

شیراز کا مصلحِ اخلاق فلاسفر شیخ مصلح الدین سعدیؒ کیا لبریز حقیقت شعر لکھ گیا ہے

چو از قومے یکے بید انشی کرد
نہ کہ را منزلت ماند و نہ مہ را

فی الحقیقت ایک ہی ناپاک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کر دیتی ہے۔ خود غرض اور حریص لوگوں نے طالبین مجربات کے جوش طلب سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے اگرچہ اپنا دامن طمع دراز کر لیا ہے۔ مگر ان بدنام کنندۂ نکونامے چند نے کسوت خاص پہنکر خلق خدا کو صحیح مجربات

سے محروم و بدگمان کرنے کا جو گناہ کیا ہے اسکے لئے وہ یقیناً عذاب الیم کے مستحق ہیں۔
اصولی نقطہ نگاہ سے کوئی سی ایک یا ایک سے زیادہ اجزا سے مرکب چیز (دوا) اثر و تاثیر سے خالی نہیں ہوتی۔ اور میرے مذہب میں تو تمام قسم کے صحیح و غلط النسخہ جات سے استفادہ ممکن ہے یہیں تو بقول کسے ؎

اے شیخ چہ جوئی ز شب قدر نشانی
ہر شب شب قدر است اگر قدر بدانی

کسی شے کو ناکارہ اور بے فائدہ نہیں سمجھتا۔ مجربات کے بارے میں بھی میری رائے اس فلسفیانہ شعر کے مضمون کے مطابق ہے کہ ؎

نگو یند از سر بازیچہ حرفے
کزاں پندے نگیرد صاحب ہوش

تاہم اس حقیقت نفس الامر سے انکار کی کوئی صورت نہیں کہ جب تک صحیح و سقیم تجربات میں انتیاز اور ان کے برمحل استعمال کی کامل اہلیت نہ ہو۔ ان سے خاطر خواہ استفادہ محال بلکہ ناممکن ہے اور ان امور میں نظر و فہم پیدا کرنا جیسا ایک ناآشنائے طب کے لئے مشکل ہے ویسا ہی بہت سے اطبائ کے بس کی بات نہیں کیونکہ ؎

آنکس است اہل بشارت کہ اشارت داند
نکتہ ہاہست بسے محرم اسرار کجاست

اندریں حالات دور حاضرہ کی اہم ضروریات میں سے ایک لازمی احتیاج اس امر کی بھی ہے ۔ کہ علم المجربات پر ایک نہایت مکمل و مدلل کتاب تصنیف کی جائے جس میں مجربات کی تعریف علم الادویہ (باٹنی)، طبیعیات (فزکس)، تاثیرات الادویہ (فارماکالوجی)، علم الکیمیا (کیمسٹری) اور دوا سازی (فارمیسی) کے اصول و مسائل کی روشنی میں ان کے سالمات (عناصر ترکیبی) سے معلومات آموز بحث کی جائے اور فن تجربہ کو باقاعدہ علمی صورت میں مرتب و مدون کر کے اس کو ایک مستقل علم بنالیا جائے جو اطباء و معالجین کو عملیات و تجربات صحیحہ کی حقیقت و تعریف سے آگاہ کرنے کے بعد ان میں از خود تجربہ کاری کی خوبیاں پیدا کرے اور جس کا علمی طور پر سیکھنا ہر شائق طب کے لئے لازمی ہوجائے۔

اس اہم معاملہ کیطرف عنانِ توجہ مبذول و منعطف کرنے کی ضرورت اس وقت اور زیادہ شدت سے محسوس ہوتی ہے۔ جب ہماری دماغی بصیرت مجربات کی کثرت و ضرورت کے پیش نظر ان کے تدوینی فوائد سے آگاہ ہو جائے۔ لیکن افسوس کہ مجرباتِ عامہ و مخصوصہ کے سینکڑوں مجموعے شائع ہوئے اور مزید ہو تے جا رہے ہیں۔ مگر اس سلسلہ میں ابھی تک ایک مختصر سا رسالہ بلکہ کوئی مضمون بھی طبی جرائد میں نہیں لکھا گیا ع ہاں بانگِ بلند است ایں پوشیدہ نمی گویم۔

آج سے کچھ عرصہ قبل میں نے اس ضرورت کو شدید طور پر محسوس کیا۔ اور اپنی بساطِ علمی کے مطابق علم المجربات کے نام سے ایک جامع الشروط اور معلومات افزا کتاب لکھنا آغاز کردی۔ جو بحمد اللہ اب قریب بہ ختم ہے اور بارگاہِ رب العزت سے امید ہے کہ بہت جلد اسکو مکمل کر کے شائع کر سکونگا۔ واللہ ولی التوفیق

بہر حال یہ حقیقت بھی کچھ کم مسرت افزا نہیں کہ بہت سے ہمدردانِ خلائق اور فن دان دوست صحیح قابلِ اعتماد اور لائق وثوق مجربات شائع کرانے میں امکانی کوششوں سے کام لے رہے ہیں۔ وکان سعیھم مشکورا اور ان میں میرے عزیز دوست حکیم حافظ محمد یوسف صاحب صدیقی کا نام بھی قابل ذکر ہے۔ موصوف نے اس سے قبل مجرباتِ محمدی کے نام سے اپنے صدری و رموزی تجربات کا ایک بیش بہا ذخیرہ اہلِ طلب تک پہنچایا ہے۔ اور اب انہوں نے اطبائے معاصرین کے مصدقہ و مجربہ عملیات کا ایک اور گراں قدر گنجینہ ترتیب دیا ہے۔ جس کا نام گنجِ شائگان ہے۔ اور جسکے لئے دیباچہ لکھنے کا کام میرے سپرد کیا گیا ہے۔

جہاں تک میری رائے کا تعلق ہے یہ مجموعہ تجربات اس عہد کی اکثر و بیشتر کتبِ مجربات میں امتیاز خاص کا مالک ہے۔ اور اپنی اثر انگیز افادیت کے لحاظ سے نہایت قابلِ قدر۔

امید ہے کہ شائقین و طالبین مجرباتِ صحیحہ و معتبرہ اس کو ہاتھوں ہاتھ خرید کرینگے۔ اور ان کی قدردانی سے مولف کو مزید کارکردگی اور فنی خدمت کا موقع ملیگا۔

گنجِ شائگان کے خریداروں کو چاہیے کہ جس کسی نسخہ کو بنائیں۔ اسکے اجزا کی فراہمی میں وزن اور عمدگی کا خیال رکھیں۔ نسخہ کی ترکیب و تیاری میں کامل احتیاط اور توجہ سے کام لیں۔ اور استعمال کرنے میں موقع اور ضرورت وغیرہ متعلقہ امور پر نظر رکھیں۔ انشاء اللہ العزیز کسی تجربہ کے

متعلق حرفِ شکایت لب پر لانے کی ضرورت نہ ہوگی۔ اور تمام کے تمام مجربات گراں قدر طبی جواہرات ثابت ہونگے۔ ع تو خود حدیثِ مفصل بخواں ازیں مجمل

خادم الملک

احقر الوریٰ عبد الحکیم محمد یحییٰ عفاء اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گنج شائگاں

استاذ الاطباء حضرت مولینا حکیم حافظ عبد الرسول صاحب طبیب اعظم بکھر شاہ پور

(۱) حب پیام شباب۔ سرعت، احتلام، جریان۔ ضعف باہ کے واسطے اکسیر صفت ہیں ھوالشافی برادہ چاندی ۳ ماسہ۔ سیماب مصفّیٰ ۹ ماشہ۔ کشتہ قشر البیضہ ۲ ماسہ شیر برگد تازہ حسب ضرورت، اول برادہ چاندی اور سیماب کو کھرل کریں تاکہ گرہ ہو جاوے۔ پھر چٹکی چٹکی کشتہ مذکور کی ڈالکر کھرل کرتے جاویں حب تمام کشتہ ختم ہو جاوے تو شیر مذکور ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ ترکیب استعمال۔ دودھ ۱ پاؤ شہد ۵ تولہ۔ گھی ۵ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱ عدد چھلکا اسبغول ۲ ماسہ اول سوائے چھلکا کے دوسری چیزیں ملا لیں۔ اور ایک گولی کھا کر اوپر سے چھلکا منہ میں ڈالکر دوسری چیزیں آمیختہ شدہ پی لیں۔

مسیح الملک ثانی حکیم محمد جمیل خان صاحب رئیس اعظم دہلی

(۲) حب مقوی، تقویت باہ کے لئے مفید ہے ھوالشافی سم الفار سفید، ہڑتال، شنگرف ہر سہ ہموزن لے کر لیموں کے رس میں کھرل کر کے حب بقدر موٹھ بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ بعد از غذا۔

افسر الاطبا حکیم مولوی عبد القادر خان صاحب شاہجہانپور

(۳) حبوب مقوی باہ، تقویت باہ و اعضاء رئیسہ و حافظہ و امساک کے لئے مفید ہیں۔ ھوالشافی برہمی ۱ تولہ سایہ میں خشک کر کے اصل السوس مقشر ۳ تولہ دانہ الائچی کلاں و خورد ہر تولہ تولہ ورق طلا ۱ عدد

ورق نقرہ ۱۲ عدد۔ زعفران ۹ ماسہ۔ کستوری خالص ا ماسہ۔ تمام کو باریک کرکے شہد بقدر ضرورت ملا کر نخودی گولیاں بناویں۔ خوراک ا گولی ہمراہ دودھ بوقت خواب استعمال کریں۔

مسیح الغرباء حکیم قاضی خورشید حسین صاحب حسین آباد لکھنؤ

(۴) حب زرد، کھانسی۔ دمہ۔ ڈبہ زیادتی پیاس وغیرہ کے لئے مفید ہے ھوالشافی زعفران جائفل، جاوتری، ریوند چینی ہر چھ چھ ماسہ تمام کو باریک کرکے زردی بیضہ مرغ میں مونگ کے برابر گولیاں بناویں خوراک ایک سال کے بچے کو ایک دو سال کے بچے کو دو گولیاں ہمراہ عرق سولف دن میں دو تین بار کھلائیں،،

شفاء الملک حکیم دلبر حسن خان صاحب شاہی طبیب پٹیالہ

(۵) اکسیر سوزاک۔ دانہ الائچی کلاں۔ ست بیروزہ۔ کباب چینی۔ طباشیر کبود ہر ایک ۶ ماشہ مصری، روغن صندل ہر ایک ۲ تولہ تمام ادویہ کو باریک کرکے محفوظ رکھیں۔ خوراک ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام دودھ خام کے ہمراہ استعمال کریں۔ اسکے استعمال سے پہلے اندری جلاب تین روز استعمال کرلیا جائے۔ تو اور بھی بہتر ہے۔

ملک الاطباء حکیم احمد صاحب عثمانی پرنسپل یونانی میڈیکل سکول الہ آباد

(۶) حب ذیابطیس،، پرانے سے پرانا ذیابطیس اس سے دور ہو جاتا ہے ھوالشافی تخم جامن ایک تولہ۔ افیون ا ماسہ پانی میں پیس کر ۳۲ گولیاں بناویں۔ خوراک ۲ گولی صبح شام ہمراہ زلال مغز پنبہ دانہ ۱ تولہ کے استعمال کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم محمد الیاس خان صاحب پروفیسر جامعہ طبیہ دہلی

(۷) اکسیر جریان،، جریان کے لئے اکسیر الاثر ہے ھوالشافی فلفل دراز۔ الائچی سفید۔ گندھک مصفے۔ کشتہ رانگ ہر تولہ تولہ۔ کستوری ا ماسہ۔ سب کو باریک کرکے شہد سے گولیاں بقدر کنار دشتی

بناویں۔ خوراک ایک گولی روزانہ بوقت صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

شمس الحکماء حکیم غلام کبریا خان صاحب عرف بھورے میاں رئیس اعظم دہلی

(۸) حب بخشش۔ نہایت مفید اور مجرب المجرب ہے ھو الشافی پوست ہلیلہ زرد، پوست آملہ، مازو، ہر تولہ تولہ۔ زعفران ۴ ماسہ عرق گلاب میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی سے تین گولی تک ہمراہ آب برنج ساٹھی۔

رئیس الاطباء حکیم محمد حسن صاحب قرشی پرنسپل طبیہ کالج لاہور

(۹) تریاق اطفال، بچوں کی بدہضمی، قبض، ہرے پیلے اسہال سوکھا غرض بچوں کے بہت سے امراض کہنہ کے واسطے مفید ہے ھو الشافی مروارید ناسفتہ ۶ ماسہ، ریوند خطائی ۱ تولہ، ہلیلہ زرد ۲ تولہ پودینہ باغی ۴ تولہ، نبات سفید مصفےٰ ۴ تولہ تمام کو باریک کر کے سفوف بناویں۔ خوراک حسب عمر ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ یا آب خالص،

افسر الاطبا حکیم سید علی احمد صاحب نیر واسطی لاہور

(۱۰) دوائے نسیان، نسیان کے واسطے مفید ہے ھو الشافی رائی۔ شونیز (کلونجی)، ہموزن ہر دو کو الگ الگ باریک کر کے شہد سے کنار دشتی کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی بوقت صبح ہمراہ آب خالص

رئیس الاطباء حکیم سید فرید احمد صاحب عباسی پروفیسر طبیہ کالج دہلی

(۱۱) حب جواہر تقویت اعضاء رئیسہ کیلئے بے نظیر ہے دستوں کو دور کرنے میں بھی مفید پُر تاثیر ہے ھو الشافی۔ زہر مہرہ خطائی اعلےٰ۔ گل ارمنی۔ صمغ عربی۔ ہر نو نو ماسہ کافور دیسی۔ مروارید ناسفتہ، کہربا شمعی۔ ورق نقرہ ہر ایک ۳ ماسہ۔ کشنیز خشک ۱۔ تولہ، صندل سفید ۱ تولہ مغز کدو شیریں۔ مغز تخم پنبہ دانہ مغز بادام شیریں۔ ہر چھ چھ ماسہ۔ سب کو باریک پیس کر لعاب اسبغول میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم حاجی شیخ محمد ابراہیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ ضلع مظفر گڑھ

(۱۲) اکسیر درد گردہ" درد گردہ ریحی و حصاتی کے واسطے مجرب المجرب ہے بشرطیکہ سدہ کلاں یا پتھری کلاں نہ ہو ھوالشافی درخت شانہ جسکو ہمارے علاقہ میں گیدڑ واڑ کہتے ہیں ۲ تولہ لیکر کونڈہ ڈنڈا میں گھونٹ کر ایک ٹکیہ بنائیں پھر ۲۰ چھٹانک روغن زرد کڑاہی میں ڈالکر نیچے میانہ آگ جلائیں۔ گرم ہونے پر ٹکیہ بیچ ڈالدیں جب ٹکیہ خوب سرخ سیاہی مائل ہو جائے۔ تو اتار کر ٹکیہ کو گھول دیں اگر خود بخود گھل جائے تو بھی کوئی حرج نہیں۔ پس دوا تیار ہے سرد ہونے پر سب کا سب پلادیں مگر بہت سرد نہ ہو اور نہ بہت گرم

رئیس الحکما حکیم ناصر الدین احمد خان صاحب رئیس اعظم دہلی

(۱۳) اکسیر مقوی باہ و ممسک و محمر لون ھوالشافی فلفل سیاہ، سم الفار سفید، افیون سہاگہ ہر تولہ تولہ، عرق کیوڑہ ۱۰ تولہ سب ادویہ کو عرق میں کھرل کر کے حب بقدر خشخاش بناویں، خوراک ایک گولی بعد غذا ملائی میں لپیٹ کر کھائیں۔ فوائد مذکورہ کے علاوہ بھوک بھی زیادہ کرتا ہے۔

فخر الحکماء حکیم محمد حسین صاحب اقبال جہلم

(۱۴) حب مقوی باہ ھوالشافی شنگرف ۳ ماشہ زعفران ۳ ماشہ، کستوری ۱ رتی، اسٹرکنیا سلفیٹ نصف رتی تمام دواؤں کو کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بناویں، خوراک ایک گولی ملائی یا مکھن میں رکھکر کھائیں دودھ گھی زیادہ استعمال کریں بے حد مقوی و ممسک ہیں،

حاذق العصر حکیم محمد یحییٰ صاحب شفا خانپوری راولپنڈی

(۱۵) روشنایا مالیخونہ بیاض، ضعف بصر، ابتدائے نزول الماء، دمعہ، قرحۃ العین وغیرہ کے واسطے نہایت مفید ہے ھوالشافی حبت شگفتہ، کہربا شمعی، شادنج مغسول ہر ایک چھ چھ ماشہ مس سوختہ، میل چاندی، بورہ ارمنی ہر ایک تین تین ماشہ، دار فلفل، زعفران زنگار ہر ایک ماشہ ماشہ، صبر سقوطری ۱۰ ماشہ سب کو باریک کر کے پارچہ بیز کرلیں۔ پھر عرق گلاب میں صلایہ کر کے ٹھیکری پر

نرم نرم آنچ دیں۔ سرد ہونے پر خوب کھرل کریں جتنی کہ غبار کی مانند ہو جاوے ترکیب استعمال، حبت کی سلائی عرق گلاب میں ترکر کے پونچھ لیں۔ اور اس سے لگا کر صبح شام آنکھوں میں پھیریں،

ابوالحسنات حکیم مولوی محمد عبدالمجید صاحب اندوری کھانڈہ فلسنہ جودھپور مارواڑ

(۱۶) اکسیر دق، بچانوے فیصدی مجرب ہے۔ ھوالشافی ہڑتال اعلیٰ درجہ کی سرخ و نرم ۱ تولہ کی ڈلی لے کر آب برگ نیب سبز مقطر میں ترکر کے آتش انگشت افروختہ پر سینک سینک کر خشک کریں۔ اسی طرح ترکرتے جائیں۔ اور خشک کرتے رہیں تاکہ ایک تولہ عرق ختم ہو جاوے تب پاؤ بھر برگ نیب تازہ خوب باریک پیس کر ہڑتال مذکور اس میں رکھکر سات بار یکے بعد دیگرے گل حکمت کر کے خشک کریں اور ۵ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ ہوا سے بچا کر دیں۔ سرد ہونے پر احتیاط سے نکالیں۔ مثل کونین کے سفید باوزن برآمد ہوگا، خوراک مناسب عمر و موسم کے لحاظ سے مناسب بدرقہ سے دیں

شمس الحکما حکیم نبی داد خان صاحب دہلی

(۱۷) نسخہ دافع فرحہ خبیثہ، آتشک و سوزاک کہنہ، نواسیر بھگندر وغیرہ کے واسطے مجرب اور بلاضرر ہے۔ ھوالشافی ایک نعوک کالا نہری لے کر ناخن و ناک وغیرہ سے پاک صاف کر کے رسکپور ۱ تولہ، کافور ۱ تولہ مسلم ڈلی ڈالکر سی دیں۔ پھر ایک برتن گلی میں ڈالکر اوپر ایک تولہ شراب برانڈی ڈالکر خوب گل حکمت کریں۔ پھر لید میں چالیس روز دفن کر کے نکالیں۔ سوختہ ملے گی تمام باریک کرلیں خوراک ۱ رتی مسہل کے بعد ملائی میں رکھکر کھلائیں۔ اور نمک سے پرہیز،

سراج الاطبا حکیم اکبر حسین صاحب الہ آبادی

(۱۸) اکسیر سل، سل کے خون کے روکنے کے واسطے اعجاز ہے اور بخار بھی جاتا رہتا ہے۔ خونی بواسیر کیلئے بھی مفید ہے ھوالشافی گیلک ایسڈ (جوہر مازو) ۱ تولہ۔ کشتہ سنگجراحت جو منڈی میں بنایا گیا ہوا ۱ تولہ۔ کافور بھیم سینی ۹ ماشہ۔ تمام کو باریک کر کے ملا دیں خوراک ۲ رتی دن میں تین بار ہمراہ شربت اعجاز خانہ ساز میں ملا کر چٹائیں،

ممتاز الاطبا حکیم محمد عاقل خان صاحب شریف منزل دہلی

(۱۹) ممسک ھوالشافی پارہ مصفی، سم الفار سفید، افیون تولہ تولہ لے کر آٹھ پہر مسلسل کھرل کریں تا کہ پارہ نابود ہو جاوے۔ بس دوا تیار ہے۔ خوراک نیم برنج ہمراہ مسکہ گاؤ کھائیں۔ اور مجامعت میں مشغول ہوویں جب پیشانی پر پسینہ آجائے تب کوئی ترش چیز کھائیں مجرب ہے۔

ڈاکٹر و حکیم میر ثامن علی خان صاحب دبیساں حیدر آباد دکن

(۲۰) تریاق افیون، معدہ میں پہنچتے ہی زہر افیون کو دور کر دیتی ہے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ ھوالشافی ہلدی لقدر مناسب پانی میں گھول کر پلادیں، فوراً آرام ہوگا۔

زبدۃ الحکما حکیم و ڈاکٹر محمد لطیف صاحب بی، اے جھنگ پنجاب

(۲۱) طلاءِ الفت، بے حد ملذذ ہے اور منزل بھی ہے ھوالشافی آب زہرہ مرغ سفید کا ایک اس میں مولسری کے پھول بھگو کر رکھیں۔ تیسرے روز ملکر چھان لیں یہ پانی ۲ ماسہ عطر گلاب عطر کیوڑہ عطر حنا عطر عنبر ہر ایک ایک ماسہ خراطین مصفے ۳ ماشہ عطر اگر عرقی ۲ ماسہ موم شہد ۲ ماسہ خوب ملا کر محفوظ رکھیں۔ ضرورت میں قدرے لے کر کام میں لاویں (نوٹ) عطریات سب اعلیٰ ہوں۔

استاذ الاطبا حکیم مولوی احمد الدین صاحب موجد طب جدید شاہدرہ

(۲۲) جلاب عجیب بے ضرر مجرب، ہر موسم اور ہر مزاج اور ہر عمر میں یکساں مفید ہے اسکے استعمال سے قے متلی، گھبراہٹ وغیرہ نہیں ہوتی۔ نہایت مفید ہے نیز اعلےٰ درجہ کا مصفی خون ہے۔ ھوالشافی سقمونیا ولایتی تولہ۔ جلاپا نہایت عمدہ ۲ تولہ، جوہر سیماب ۲ ماسہ، روغن بادام ۳ ماسہ، پہلے ہاون دستہ میں جلاپا کو خوب کوٹیں۔ جب باریک ہو جاوے تو سقمونیا ڈال کر کھرل کریں۔ پھر جوہر سیماب ڈالکر خوب سحق کریں۔ بعد میں روغن بادام ملا کر کھرل کرلیں۔ خوراک ۴ ماشہ سادہ پانی یا عرق مکو کے ہمراہ استعمال کریں، خوراک حسب ضرورت کم و بیش بھی کر سکتے ہیں۔

زبدۃ الحکما حکیم مولوی غلام محی الدین صاحب فاضل طب ڈڈھی تحصیل جہلم

(۲۳) نسخہ برائے جریان و احتلام مجرب هوالشافی، تخم تالمکھانہ، کرکس، موچرس، بیج بند عقر قرحا، گوند کیکر، کتیرا، الائچی خورد، طباشیر نقرہ، تخم سریالہ، موصلین، بہمنین، تودرین ہر ایک تین تین ماشہ تخم ریحان ۱ تولہ، گل انار ۱۲ تولہ ثعلب دانہ ۹ ماشہ شربت خشخاش ۱۰ تولہ سب کو باریک کر کے شربت میں معجون بناویں۔ خوراک ۹ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر کے کھائیں مجرب ہے،

حکیم و ڈاکٹر سید واجد حسین صاحب اکبر آبادی ساکن اندور اسٹیٹ

(۲۴) اکسیر جریان جریان کے واسطے اکسیر ہے ممسک و مقوی بھی ہے هوالشافی پوست بیضہ مرغ تازہ ۵ تولہ سیماب ۲ تولہ، نبات کوزہ ۲۰ تولہ اوّل پوست بیضہ کو ایک گھڑی کھرل کریں۔ بعد پارہ ڈال کر ایک روز کامل کھرل کریں۔ پھر نبات کوزہ ڈال کر کھرل کریں تاکہ سیماب نابود ہو جائے خوراک ۱ ماشہ ہمراہ مسکہ کے روزانہ کھائیں۔ اور گرم ترش چیزوں سے پرہیز۔

حکیم الہند حکیم حاجی تکمیل خان صاحب محراب پور نواب شاہ سندھ

(۲۵) حب ممسک، جو نایاب ترش والی مثال رکھتی ہے هوالشافی جعفر، جلوتری، افیون مازو، گل سرخ، سپاری، مصطگی رومی، زعفران، ناگ کیسر، موچرس، دانہ الائچی خورد، طباشیر اجوائن خراسانی، ہر ایک تین ماشہ تمام ادویات کو باریک کر کے لعاب اسبغول میں گولیاں بقدر کنار صحرائی تیار کریں۔ ضرورت سے ایک گھنٹہ پیشتر ۲ گولی شیر گاؤ سے کھائیں۔

شفاء الملک حکیم رشید احمد خان صاحب امروہہ

(۲۶) معجون عنبر، معمول مطب عجیب الاثر، تقویت قلب و دماغ و باہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ هوالشافی عنبر اشہب ۱ ماشہ، کستوری خالص، عقر قرحا، دار فلفل، پنیر مایہ شتر اعرابی جوز بوا، بسباسہ ہر دو دو ماشہ قرنفل، ابریشم مقرض، سورنجان، عود ہندی، نارمشک، ناگ کیسر زرنباد

ہر چار چار ماشہ زعفران ۸ ماشہ زنجبیل، دارچینی، جدوار، اصیل ہر تولہ تولہ تمام کو باریک کرکے ڈیوڑھ چند شہد میں معجون بناویں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر رات کو سوتے وقت کھائیں۔

زبدۃ الاطبا حکیم ابو الحسن محمد احسان الحق صاحب خالصہ پرنسپل طبیہ کالج امرتسر

(۲۷) سفوفِ جریان، نہایت مجرب اور اکسیر الاثر ہے ھوالشافی طباشیر کبود، اصل السوس تالمکھانہ، بکھان بید، دانہ الائچی سفید، کشتہ قلعی است سلاجیت، صندل سفید ہر تولہ تولہ سب کو باریک کرکے ہموزن شکر تری اور ۶ ماشہ کشتہ سکہ ملالیں، خوراک ۱۰ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم محمد یوسف حسن صاحب ایڈیٹر نیرنگ خیال لاہور

(۲۸) حب مقوی دماغ، کمزوری دماغ اور شکایت نزلہ جو سرما میں ہو جاتی ہے اس کے لئے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں ھوالشافی برہمی بوٹی ۱۰ تولہ خشک کرکے روغن بادام دس تولہ میں چرب کرلیں۔ اخروٹ ۱۰ تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ، الائچی خورد ۲ تولہ سب کو باریک کرکے ملاکر گولیاں بقدر کنار دشتی بناویں۔ خوراک ایک گولی مکھن یا کسی مناسب بدرقہ سے کھلائیں۔

حکیم سید محمد ریاضت حسین صاحب نسیم چین پور ضلع شاہ آباد

(۲۹) حبوب ممسک، اعلیٰ درجہ کا ممسک ہے۔ ھوالشافی، زعفران، کبابہ، دارچینی، عقرقرحا ریگ ماہی، مشک، مایہ شتر اعرابی، عنبر اصلی، کشتہ فولاد، سلاجیت مساوی الوزن لیکر باریک کرکے شہد کے ساتھ گولیاں بقدر نخود بنائیں، قبل از مقاربت یک ساعت ایک گولی ہمراہ شیر دیں۔

حکیم محمد حبیب اللہ خان صاحب استاد و ممتحن یونانی طبیہ کالج اجمیر شریف

(۳۰) کیمیائے عشرت، مولد خون، مقوی باہ، محرک اعصاب منتشی، مقوی اعضاء رئیسہ و ممسک ھوالشافی، لوبان کوڑیہ ۳ ماشہ جدوار ۹ ماشہ جوزبوا ۵ ماشہ سب کو باریک کرکے چھوہاروں میں بھر کر اوپر گیہوں کا آٹا چڑھا کر گرم بھوبھل میں دبادیں۔ جب آٹا جل جاوے تو نکال کر شنگرف

مدبر ۲ماسہ ہسم الفار مدبر ۶ ماسہ مومیائی کانی ۳ ماسہ مغز جوز ہندی ۶ ماسہ مغز پستہ ۶ ماسہ زعفران ۳ ماسہ تمام کو باریک کر کے عرق گلاب بقدر ضرورت میں پیس کر دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ا گولی تازہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔ غذا مرغن استعمال کریں۔

ڈاکٹر و حکیم سید محمد محسن علی خان صاحب زیدی مظفر نگر

(۱۳۱) اکسیر اختلام ،، نہایت اعلےٰ اور معمول مطب ہے، ھوالشافی بہمنین، عقرقرحا، خارخسک خورد، تخم اٹنگن، موصلی سفید، شاہدانہ، گوند کیکر، موچرس، ثعلب مصری پھلی ببول خام کشتہ قلعی، زعفران ہر ایک ۶ ماشہ تمام ادویہ کو باریک پیس کر سفوف بناویں خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم سید اعجاز حسین صاحب مسیحا ساکن گوگاؤ ضلع نماڑ

(۱۳۲) حب دافع سرعت، سرعت انزال کے واسطے نہایت مجرب ہے ھوالشافی جائفل جفت بلوط، خولنجاں، افیون ہم وزن لے کر باریک کر کے گولیاں بقدر نخود بناویں خوراک ا گولی ہمراہ شیر

حکیم و ڈاکٹر اختر حسین صاحب انصاری پہاڑ گنج دہلی

(۱۳۳) طلاء، مجلوقین وعنین کیلئے ہے ھوالشافی زعفران، لبباسہ، جوزبوا، خراطین مصفیٰ کٹھ تلخ، بیخ کنیر ہر تولہ تولہ بیر بہوٹی ۶ ماسہ سم الفار ا ماسہ قرنفل ۳ ماسہ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد پیاز نرگس ایک عدد سب کو باریک کر کے شراب میں گولیاں بنائیں۔ ضرورت کے وقت ایک گولی شراب میں گھس کر لگائیں،

حکیم حاجی مولوی حافظ ابوتراب محمد عبدالحق خان صاحب امرتسر

(۱۳۴) ضیق النفس، دمہ کھانسی ہر قسم کیواسطے مفید ہے ھوالشافی کبوتر صحرائی ایک عدد ذبح کر کے پر و آلائش وغیرہ سے صاف کر کے الائچی خورد لونگ۔ تولہ نوشادر نمک سا نبھر ۵ تولہ اس میں پر کر کے پیٹ کو سی دیں۔ اور ہانڈی گلی میں گل حکمت کر کے پنج سیر سخت اپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر

باریک کرکے رکھ لیں۔ خوراک ۴ چاول شہد میں ملاکر چٹائیں۔ بچوں کو نصف خوراک،

حکیم و ڈاکٹر صاحبزادہ ظفر علی خان صاحب ٹونک

(۳۵) موسمی بخار، موسمی بخار کے علاوہ ہر قسم کے بخاروں کیلئے اکسیر ہے ھوالشافی سنکونا فیبری فیوج، کونین سلفاس، سفوف طباشیر ہم وزن باہم ملاکر رکھیں۔ خوراک ۲ رتی دودھ یا سادہ پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ بخار کی باری فوراً رک جائیگی مجرب ہے۔

حاذق الحکماء حکیم سید محمد یوسف صاحب نبیرر ریاست نظام حیدر آباد دکن

(۳۶) نسخہ برائے خفقان القلب، خفقان اور مراق کے واسطے نہایت مفید ہے ھوالشافی سنگ یشب ۲ تولہ، ورق طلاء ایک ماسہ، کستوری ۳ ماسہ نبات سفید ۵ تولہ تمام کو خوب کھرل کرکے سفوف بنالیں۔ خوراک ۳ رتی صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

حاذق الحکماء حکیم مولوی رفیق احمد صاحب روح قاسمی کلکتہ

(۳۷) حب عنبر مشکی، جریان، سرعت، و رقت کیلئے بہت مفید ہے اور تجربہ شدہ ہے ھوالشافی کستوری اصلی، مصطگی رومی، قرنفل ہر ایک ایک ماسہ عنبر اشہب ۲ ماسہ ثعلب مصری، خولنجاں، پیپر مایہ شتر اعرابی ہر تین تین دانہ ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ایک اونس، ایکسٹریکٹ نکسوامیکا ۲ ماسہ نقرئی سلفاس ۱ تولہ، ترکیب اول عنبر کو روغن بلسان ۴ ماسہ میں پگھلائیں۔ باقی دواؤں کو الگ الگ باریک کرکے ملاکر نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ۔

ڈاکٹر آر این بالچندانی صاحب ایچ، ایم، بی سبزی مارکیٹ شکارپور سندھ

(۳۸) اکسیر بخار، موسمی بخاروں میں مجرب ہے، ملیریا بخار میں خصوصیت سے مفید ہے ھوالشافی کونین ۱ تولہ، ست گلو ۱ تولہ، صمغ عربی ۲ تولہ طباشیر ۲ تولہ حبوب بقدر مونگ بناویں، خوراک ایک گولی صبح دوپہر شام سادہ پانی کے ہمراہ۔

زبدۃ الحکماء حکیم عماد الحسن صاحب کانپور شہر

(۳۹) اکسیر جریان، جریان کہنہ کے واسطے مجرب ہے ھوالشافی تخم ریحان مقشر، اصل السوس مقشر طباشیر کبود۔ بیخ گل عباسی کہنہ ہمہ یکوزن سفوف بنا دیں، خوراک ۳ ماسہ شہد خالص ۱ تولہ کے ہمراہ بوقت صبح استعمال کریں۔ گرم چیزوں سے پرہیز۔

حاجی الحرمین الشریفین سید حافظ حاجی پیر ظہورہ صاحب قادری بخاری واعظ اسلام جلالپور جٹاں گجرات (پنجاب)

(۴۰) ضیق النفس یا دمہ کی بے نظیر اکسیری دوا، بلغمی کھانسی تو چار پانچ روز میں دور ہو جاتی ہے مگر دمہ کے واسطے دو ہفتہ تک پوری صحت کے آثار نمایاں ہونگے، ھوالشافی میٹھا تیلیا ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ، آب ادرک تازہ ۳ پاؤ پہلی ہر دو دواؤں کو باریک کرکے آب ادرک تھوڑا تھوڑا ڈالکر کھرل کرتے جائیں جبتک کہ تمام پانی جذب ہو جاوے۔ پھر دانہ ماش کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی یا عرق سونف یا گاؤزبان کے ہمراہ،

زبدۃ الحکماء حکیم کریم بخش صاحب آڑہ اکبر شاہ ضلع مظفر گڑھ

(۴۱) حب کچلہ، جملہ امراض اعصابی، فالج، لقوہ، قبض دائمی خرابی معدہ وجگر ضعف دماغ و باہ اور ضعف اعضائے رئیسہ کیلئے بہت مفید اور مجرب ہے، ھوالشافی کچلہ مدبر ۱ تولہ، زعفران ۶ ماسہ جاوتری ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ، دانہ الائچی کلاں ۲ تولہ سورنجاں شیریں ۳ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ سب ادویہ کو باریک کرکے پانی کے ہمراہ گولیاں بقدر نخود بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ،

حکیم عبدالقادر خان صاحب طبیب خاص ریاست کپورتھلہ

(۴۲) کشتہ طلاء خاص، قوت باہ کو بڑھاتا ہے حرارت غریزی کو جوش میں لاتا ہے اور اعضاء رئیسہ کو تقویت دیتا ہے۔ اور امراض قلب میں مفید ہے۔ ھوالشافی سونا خالص ۱ تولہ لیکر برادہ کرکے عرق گلاب سہ آتشہ میں جو نہایت اعلیٰ قسم کا ہو کھرل کریں جتنے کہ ایک سیر عرق جذب ہو جائے

پھر ٹکیہ بنا کر دو سکوروں میں گل حکمت کر کے ۲۵ سیر اُپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ اسی طرح ۱۵ بار عمل کریں۔ اور ہر بار عرق گلاب سہ آتشہ ایک سیر جذب کرتے رہیں۔ خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک مسکہ میں رکھکر کھائیں"

افسر الاطبا حکیم عبدالرشید خان صاحب ریاست بہاولپور

(۳۳) بواسیر خونی، خاص الخاص معمول مطب اور تجربہ شدہ ھو الشافی برگ نیب تازہ ایک سیر لے کر چھٹ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ثلث سیر احصہ پانی رہ جائے تو مل چھان کر اس میں رسونت ۱۰ تولہ حل کر کے رکھدیں ۲۴ گھنٹہ بعد اس کا زلال لے کر آگ پر لکائیں۔ جب غلیظ ہو جاوے تو کشتہ گاؤ دنتی جو برگ نیب میں تیار کیا گیا ہو ۱ تولہ ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنادیں، خوراک ۲ گولی سبوس اسبغول میں رکھ کر کھلائیں۔ اور اوپر سے ۲ تولہ شربت انجبار پلائیں"

حکیم ابو الفیض محمد عبدالحمید خان صاحب طبیب سرکاری تعلقہ نظام حیدرآباد دکن

(۳۴) طلاءِ مخلوق، مخلوقوں کے واسطے نہایت مفید ہے ۲۱ روز کے استعمال سے جملہ نقائص دور ہو جاتے ہیں۔ ھو الشافی سم الفار سفید، تخم دھتورہ سیاہ، برادہ کچلہ، خراطین مصفّےٰ، بیر بہوٹی، جائفل ہر ایک دو دو تولہ، لونگ، گھونگچی سفید، عقرقرحا ہر تولہ تولہ ہینگ ۱ تولہ، بیخ کنیر سفید، مالکنگنی ہر نو نو ماشہ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد چربی سانڈھہ ۱ تولہ سب کو کھرل کر کے گولیاں بنا کر خشک کر کے بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں، طریقہ استعمال، قدرے طلا بیکر حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اوپر برگ تنبول یا برگ ارنڈ وغیرہ باندھیں۔ اگر آبلہ پڑجائے تو قینچی سے کتر دیں۔ زرد رنگ کا پانی خارج ہوگا۔ کپڑے سے خشک کر کے روغن زرد لگائیں، جب زخم اچھا ہو جائے تو پھر طلاء بطریقہ مذکور لگاویں اسی طرح کرتے رہیں"

ابو الفیض حکیم علم الدین صاحب قریشی بھاگووالہ ایڈیٹر المعالج امرتسر

(۳۵) اکسیر اختلاج القلب مجرب ھو الشافی زہر مہرہ اصلی، مروارید ناسفتہ، کشتہ عقیق کشتہ یشب، دانہ الائچی خورد، مغز کنول گٹہ۔ ورق نقرہ ہمہ یک وزن، زہر مہرہ اور مروارید کو روح کیوڑہ

میں کھرل کرکے باقی ادویہ کو باریک کرکے ملادیں۔ اور تین روز تک روح کیوڑہ میں کھرل کرکے رکھ لیں۔ خوراک تین
چار رتی صبح و شام ہمراہ خمیرہ گاؤزبان کے کھلائیں۔ اوپر سے دودھ گائے یا شربت صندل پلائیں۔

حکیم انصاری صاحب سند و تمغہ یافتہ درجہ اول بانی و صدر مجلس تحقیقات الادویہ حیدرآباد دکن

(۴۶) سفوف دافع لرزہ، لرزہ بخار کثرت پسینہ کمزوری و درد پرسوت وغیرہ کیلئے مفید ہے۔
ھوالشافی، صندل سرخ ۲ تولہ، لونگ ۴ ماشہ، عقرقرحا ۳ ماشہ جائفل ۴ ماشہ، پیپلا مول ۴ ماشہ دارچینی
۳ ماشہ، ہیلچی ۴ ماشہ تمام ادویات کو باریک کرکے سفوف بنادیں خوراک ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسب

زبدۃ الحکماء حکیم محمد افضل صاحب جنرل سیکریٹری پنجاب طبی کانفرنس لاہور

(۴۷) روغن سم الفار اکسیری، تقویت باہ کے لئے نہایت مفید ہے اور مجرب ہے اور ضعیف النفس
اور امراض باردہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے ھوالشافی سم الفار ۱ تولہ بیس عدد زردی بیضہ کے
ساتھ کھرل کریں۔ بعد کستوری ۳ ماشہ ملا کر خوب سحق کریں۔ پھر آتشی شیشی میں بتال حنجر کے ذریعہ
روغن کشید کریں۔ خوراک ۲ بوند مسکہ میں رکھکر کھلائیں گم شدہ طاقت واپس آئے گی۔

حکیم مولوی محمد حبیب اللہ صاحب سید ھوری حیدرآباد دکن

(۴۸) اکسیر صادق، سل کی اکثر قسموں میں مفید ہے۔ اگر خون بکثرت آرہا ہو۔ تو اس کو روکتی ہے
ھوالشافی، تخم خرفہ سیاہ ۳ تولہ نوشادر ۶ ماسہ دونوں کو بیخ کیلا میں سوراخ کرکے بھردیں۔ پھر اس
کو گل حکمت کرکے گرم تنور یا اپلوں کی آگ میں ایک پہر تک رکھیں۔ سرد ہونے پر جڑ میں سے دوا
نکال کر پیس کر رکھیں۔ خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ شربت انجبار دن میں دو تین مرتبہ دیں

حکیم و ڈاکٹر غوث محی الدین صاحب ایل، سی، پی، ایس حیدرآباد دکن

(۴۹) دوائے ضعف جگر، ضعف جگر کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی خبث الحدید مصفے ۱ پاؤ
باریک کرکے کڑاہی میں ڈال کر ایک سیر شیر مدار داخل کریں نیچے بیری کی لکڑی کی آگ جلائیں جب

خشک ہوجاوے تو دوسیر بول مادہ گائے پھر دودھ کی لسی ۵ سیر بعد سرکہ دو سیر نمبر وار بعد دیگر خشک کرکے پیس لیں۔ خوراک ایک سے دو رتی تک مسکہ وغیرہ سے کھلائیں نہایت مجرب دوا ہے۔

حکیم فضل الرحمن صاحب ویٹرنری انسپکٹر کوئٹہ

(۵۰) کشتہ شنگ، دمہ ضیق النفس کے واسطے نہایت اکسیر الاثر ہے اور تجربہ شدہ ہے ھوالشافی، سم الفار جو قدرے نیلگوں ہو حسب ضرورت لے کر املی کے درخت کی چھال میں کشتہ کرلیں۔ خوراک ایک چاول مکھن یا بالائی میں رکھکر کھلائیں۔

صوفی احمد علی صاحب کامل طب و جراحت طبیہ کالج علی گڈھ

(۵۱) حبوب شاہی، نہایت مجرب المجرب ہیں اور معمول مطب ھوالشافی پارہ ۴ ماسہ آملہ سار ۴ ماسہ پہلے ہر دو کی کجلی کریں۔ بعد ست سلاجیت ۱ تولہ زعفران ۹ ماسہ قرنفل گلدار ۴ ماسہ، مایہ شتر اعرابی ۱ تولہ دارچینی ۴ ماسہ سب ادویہ کو باریک کرکے زردی بیضہ مرغ میں گولیاں بقدر نخود بنالیں خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ، دوران استعمال میں غذا مرغن کھائیں۔

ڈاکٹر محمد نور احمد صاحب قریشی ایڈیٹر فلاح بٹالہ ضلع گورداسپور

(۵۲) حب برائے تقویت باہ و امساک مجرب ہیں۔ ھوالشافی شنگرف رومی، مزج سیاہ فلفل دراز، پھٹکری سفید ہم وزن۔ ایک روز سحق کرکے شہد کے ہمراہ نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی بوقت عصر دودھ گھی شیریں قدرے گرم کے ہمراہ کھلائیں، اور غذا نہ کھائیں۔

ڈاکٹر الشیر سنگھ صاحب بیدی شکارپور سندھ

(۵۳) بواسیر ناشک گولیاں خونی و بادی بواسیر چند روز میں دفع ہوجاتی ہے ھوالشافی ترپھلا، گوگل، ہلدی، موم سفید ہمہ یک وزن ملاکر خوب کوٹیں۔ پھر مٹر کے برابر گولیاں بنائیں دو گولی خونی والے کو گھی سے بادی والے کو فلفل سیاہ کے سفوف سے روزانہ کھلائیں چند روز میں آرام ہوگا

مونگ کی دال استعمال نہ کریں۔

راس الاطباء صاحب عالم حکیم سید محمد قاسم صاحب وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ

(۵۴) حب جدوار، حابس نزلہ و دافع اسہال مقوی ارواح نہایت مفید ھوالشافی جدوار خطائی افتیموں خالص، رب السوس، صمغ عربی، دانہ الائچی خورد، ہر تین تین ماشہ، طباشیر ۱ ماسہ زعفران ۱ ماسہ کستوری خالص ۲ رتی تمام کو باریک کر کے حبوب بقدر نخود بناویں خوراک ۱ گولی سادہ پانی کے ہمراہ،

فخر الحکماء لقمان الملک حکیم غلام حسین صاحب شیرانی تونسوی ساکن بستی تیرہ ضلع ڈیرہ غازیخان

(۵۵) حب اسہال بند، ہر قسم کے دست دو تین دنوں میں بند ہو جاویں گے۔ خواہ وہ کتنے سخت حالت میں کیوں نہ ہوں۔ ھوالشافی، طباشیر، مصطگی رومی، زہر مہرہ، ناریل دریائی، شنگرف، افیون، سہاگہ بریاں، زنک اک اڈ، سونف نیم بریاں، ہمہ یک وزن تمام باریک کر کے چونہ کے پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔ خوراک ۲ سے چار گولی تک صبح دوپہر شام ہمراہ شربت انار یا آب تازہ۔

افتخار الاطباء حکیم شبیر احمد صاحب ساکن بگوالہ ضلع سیالکوٹ

(۵۶) سفوف زنجبیل، یہ سفوف لاعلاج سنگرہنی کے واسطے فوری اثر نسخہ ہے۔ ایک دو دن میں فائدہ دیتا ہے ھوالشافی، زنجبیل حسب ضرورت لے کر آہنی توے پر بریاں کریں۔ جب سرخ ہو جاوے تو باریک کر کے رکھیں، خوراک ۳ ماشہ ہمراہ دوغ (لسی) کھاؤ۔ جب پیاس یا بھوک لگے۔ تو لسی پلاویں لسی پلاتے وقت بھی ۳ ماسہ دوائی دیدیں۔ اور کوئی غذا نہ دیں اور پانی بھی نہ پلائیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم محمد رضا خان صاحب طبیب خاص ریاست رامپور

(۵۷)۔ ضیق النفس یہ نسخہ مجھے خواب میں حضرت پیران پیر رحمۃ اللہ علیہ نے اس وقت عطا فرمایا تھا جب خود میں اس مرض میں گرفتار تھا۔ اور بڑے بڑے حکیم و ڈاکٹر علاج میں عاجز آ چکے تھے جسم کا گوشت تحلیل ہو کر ہڈی اور کھال کا صرف ڈھانچہ رہ گیا تھا۔ اس دوا نے جادو کا اثر دکھایا۔ اور زندہ رست

ہونے کے بعد صد ہا مریضوں پر آزمایا تیر بہدف پایا۔ ھوالشافی سم الفار جو قدرے نیلگوں ہو۔ حسب ضرورت لے کر درخت املی کی چھال میں کشتہ کرلیں۔ خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی۔

حکیم قاضی شمس الدین صاحب ساکن دلنہ کشمیر

(۵۸) اکسیر نزلہ و زکام، درد پسلی، نمونیا، بدہضمی کیلئے بھی اکسیر ہے ھوالشافی، کاکڑا سنگی وچ، نگھاں، مصری، ہینگ عمدہ، سہاگہ بریاں، جوکھار، ہموزن باریک کرکے ہموزن شہد ملالیں، خوراک جوان کو ایک تولہ بچے کو کم خوراک چٹاویں۔

حکیم مولوی حبیب الرحمن صاحب سند یافتہ درس نظامی انجمن حزب الاحناف ہند لاہور

(۵۹) کشتہ قلعی، ضعف جگر، یرقان کے لئے مجرب ہے، ھوالشافی قلعی مصفیٰ باریک کرکے دودھی خورد کے نغدہ کے درمیان جو نیچے اوپر تین انگشت ہو قلعی کے باریک ٹکڑوں کو جدا جدا رکھیں، اور دو سکوروں میں بند کرکے گل حکمت کریں خشک ہونے پر پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک ارتی مسکہ میں رکھکر کھلائیں،

ممتاز الاطباء ڈاکٹر و حکیم مہتہ دینا ناتھ صاحب موہن جہلم

(۶۰) دوائے تعجب، درد گردہ کے لئے ایک مخصوص اکسیر ہے ھوالشافی پوست ارنڈ تازہ ۲ تولہ۔ پوست بیخ پلاہ تازہ ۲ تولہ۔ اندر جو شیریں ۶ ماسہ۔ سیر اسنگ خالص ۴ رتی، شورہ قلمی ۱ ماسہ پہلی سہ دو ادویہ کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تین چھٹانک پانی رہ جاوے تو نیچے اتار کر چھان لیں اور پھر دوسری ادویہ باریک کرکے ملاویں۔ اور پلاویں۔ یہ صرف ایک خوراک ہے ایسی دن میں تین بار دے سکتے ہیں۔ غذا دودھ سوڈا۔

ممتاز الحکماء حکیم و ڈاکٹر مرزا محمد حنیف بیگ صاحب تیموری ملہالوی ضلع جہلم

(۶۱) حبوب شباب افزا، ان گولیوں کے استعمال سے جسم میں ناقابل برداشت طاقت

ہوتی ہے یہ گولیاں اپنے اندر ایک برقی رو رکھتی ہیں۔ ان زندہ درگور مایوس العلاج مریضان قوت باہ کیلئے جو اپنے ہاتھوں سے اپنی زندگی کا ستیاناس کر چکے ہیں انکے لئے اس سے مفید و مقوی و مفرح نسخہ یونانی و ڈاکٹری میں ملنا مشکل ہے سو فیصدی مجرب نسخہ ہے ھوالشافی، جدید ستر یہوٹی سلاجیت شدھ ہر ایک چار چار ماسہ۔ مشک عنبر، کشتہ فولاد، کشتہ شنگرف، کشتہ چاندی ہر دو دو ماسہ گولڈ کلورائیڈ اینڈ سوڈیم ۱۲ گرین۔ ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۵ اگرین۔ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۵ اگرین، ایکسٹریکٹ کوکا ۸ گرین۔ پل فاسفورس ۸ گرین۔ یوسم بین ۸ گرین لیسیتھین ۸ گرین۔ سب کو باہم ملا کر شراب برانڈی میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ اور قدرے شہد بھی ملاویں۔ جب گولیاں باندھنے کے قابل ہو جاویں تو ایک رتی کے برابر گولیاں تیار کریں۔ اوپر ورق طلاء کا غلاف چڑھاویں، اور محفوظ رکھیں، خوراک اگولی صبح و شام ہمراہ دودھ ایک سیر، غذائیں زود ہضم لطیف و مرغن، مثلاً نیم برشت انڈے، گوشت پلاؤ۔ حلوے اور تازہ مکھن وغیرہ خوب کھائیں اور روزانہ ورزش بھی کریں۔ لال مرچ تیل والی مٹھائیاں کثرت جماع سے پرہیز،

خانصاحب حکیم محمود علی خان صاحب ماہر اکبر آبادی فراشخانہ دہلی

(۶۲) دوائے دق وسل، دق وسل کی اکثر حالتوں میں یہ دوا نہایت مفید ثابت ہوئی ہے، ھوالشافی۔ طباشیر، کہربا شمعی، ست گلو اصلی ہر تولہ تولہ، زعفران، دانہ ہیل، دار فلفل، جو تازہ گلو کے رس میں چونسٹھ پہر کھرل کی گئی ہو۔ زہر مہرہ خطائی سائیدہ ہر تین تین ماشہ، ورق طلاء ایک تی مروارید ناسفتہ، لیشب ہر ماشہ ماشہ سب کا سفوف بنائیں۔ خوراک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک مناسب بدرقوں کے ہمراہ کھلائیں،

حکیم ڈاکٹر اختر حسین صاحب صدیقی احمد آبادی

(۶۳) حب برائے بواسیر خونی بواسیر خونی کے واسطے انتہائی صد فی صد مجرب ہیں ھوالشافی بیخ انجبار ۵ تولہ، الائچی خورد ۶ ماسہ، طباشیر ۲ ماسہ کافور ۲ ماسہ دار چینی ا تولہ گوند کیکر ا تولہ باریک پیس کر نخود برابر گولیاں بنائیں، خوراک اگولی سے ۲ گولی تک ہمراہ روغن زرد ۵ تولہ کے استعمال کرادیں۔

ڈاکٹر سید ناصر عباس شاہ صاحب پرنسپل طبیہ کالج دہلی

(۶۴) اکسیرِ آتشک و سوزاک، آتشک خبیثہ و سوزاک کے لئے مفید ہے، ایک ہفتہ میں آرام ہوجاتا ہے۔ ھوالشافی مردار سنگ، کبابہ، دانہ الائچی خورد، کتھ سفید ہموزن، چار پہر تک کھرل کریں۔ خوراک ۲ رتی سے چار رتی تک بتاشہ یا مسکہ یا ملائی میں دن میں تین بار دیں۔

پروفیسر حکیم مولوی فضل الرحمن صاحب رئیس الجامع طبیہ دہلی

(۶۵) آشوب چشم، ککرے سوجن جالا، دھند، غبار کے واسطے مجرب اور معمول مطب نسخہ ھوالشافی توتیا ۱ رتی، نوشادر ۲ رتی، دونوں کو عرق گلاب عمدہ ۲ تولہ میں حل کرلیں اور بذریعہ ڈراپر آنکھوں میں ڈالیں۔ (نوٹ) نوشادر کو باریک پیس کر پانی میں ملا کر جوش دیں۔ جب خشک ہوجاوے تو اتارلیں اور کام میں لائیں۔

ڈاکٹر محمد عثمان خان صاحب جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن

(۶۶) سفوف کافوری، صفراوی بخار، سرسام، پیاس کی شدت کے لئے نہایت مفید ہے ھوالشافی، کافور، گیرو، طباشیر آسمانی ہر تولہ تولہ، دانہ الائچی خورد ۶ ماسہ، ست گلو، کشتہ ابرک سفید ہر تین تین ماشہ باریک کرکے سفوف بناویں۔ خوراک ۲ رتی ہر دو گھنٹہ کے بعد شربت بنفشہ یا نیلوفر عرق بید مشک و گاؤزبان سے دیتے رہیں۔ انشاءاللہ صفراوی بخار جلدی جاتا رہے گا۔

حکیم محمد ظہیر الدین صاحب ایڈیٹر رسالہ تندرستی دہلی

(۶۷) سفوفِ استحاضہ، سیلانِ خون کیلئے بہت مفید ہے۔ چند روز کے استعمال سے پرانی سے پرانی شکایت دور ہوجاتی ہے ھوالشافی، تالمکھانہ بریاں ۲ تولہ کرمچھال، کھربا، انیس، گیرو مازو سبز، مائیں کلاں۔ لودھ پٹھانی، رسونت، سنگجراحت، گوندھنیاں، کاکڑاسنگی ہر تولہ تولہ، شکر سفید ۱۲ تولہ سب کو باریک کرکے سفوف بناویں۔ خوراک ۹ ماشہ روزانہ بوقتِ صبح بآب تازہ

حکیم مولوی حاجی عبد اللطیف صاحب طبیب خاص ریاست راجگڑھ

(۶۸) نسخہ بواسیر خونی مجرب و اکسیر ہے، ھو الشافی سون مکھی ۱ تولہ، برگ حنا سرخ ۲۰ تولہ کے نغدہ میں رکھکر ۴ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ پھر اس کشتہ میں ۵ تولہ رسونت ملا کر عرق گلاب میں سحق کر کے نخودی گولیاں بناویں۔ خوراک ۱ گولی بوقت صبح تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ ہفتہ عشرہ کے اندر نمایاں فائدہ ہوگا۔ بعض اوقات مسّے بھی دور ہو جاتے ہیں مجرب ہے۔

حضرت مولینا پیر مدنی صاحب شفاخانہ فیض عام طبی کالج تربلی جالندھر

(۶۹) طلاء بے عدیل سستی کمزوری کیلئے نہایت مفید اور مجرب ہے ھو الشافی سم الفار سفید ۶ ماشہ بیر بہوٹی ۱ تولہ ہر دو کو شیر مدار میں خوب سحق کریں۔ بعدہٗ اس میں چربی شیر ۱ تولہ مسکہ گاؤ ۵ تولہ ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ ٹکیہ بن سکے۔ ٹکیہ بنا کر چینی کی رکابی میں ڈالکر تیز دھوپ میں ذرا رکابی کو ترچھا کر کے رکھدیں تیل علیحدہ ہو جائیگا شیشی میں رکھلیں۔ رات کو سوتے وقت سیون حشفہ چھوڑ کر مالش کر کے برگ پان یا برگ ارنڈ باندھکر لنگوٹ کس لیں۔ ہر روز اسی طرح لگائیں جب پھنسیاں پیدا ہو جاویں تو مسکہ جو یک صد بار پانی میں دھولیا گیا ہو لگاویں۔

حکیم امام الدین صاحب چک ۵۳ براستہ ڈچکوٹ لائلپور

(۷۰) کشتہ طلاء، قوت باہ و امساک کیلئے مخصوص ہے ھو الشافی طلا خاص ۳ ماشہ باریک ورق بنا کر آتشی شیشی میں ڈالکر اوپر تیزاب گندھک اس قدر ڈالیں کہ تر ہو جاوے۔ ایک پاؤ اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔ پھر افیون، مشک، اسگند ناگوری ہر تین تین ماشہ باریک کر کے کشتہ طلاء میں ملا کر بقدر فلفل سیاہ گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی علی الصبح ہمراہ مسکہ کے استعمال کریں۔

ڈاکٹر غلام دستگیر صاحب ایم۔ بی۔ بی۔ ایس منشی فاضل رکن دار الترجمہ جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن

(۷۱) حب خاص، بادفرنگ، جذام، برص اور بہق وغیرہ کے مواد کو براہ اسہال دفع کرنے میں اکسیر ہے

ھوالشافی، زنجبیل، مرچ سیاہ، مغز کرنجوہ، مغز جما لگوٹہ ہم وزن کھرل کرکے حب بخودی بناویں، خوراک ا سے ۲ گولی تک دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

ابوالحکمت حکیم غلام محمد صاحب ناظم بازار سید میٹھا لاہور

(۲۷) حب ممسک، امساک کے واسطے مجرب ہیں ھوالشافی مصطگی رومی، فلفل گرد، عود ہندی زعفران اصلی۔ دارچینی، پوست ترنج ہر دو ۲ ماسہ جند بید ستر ۸ رتی، افیون خالص ۱ تولہ تمام ادویہ کوٹ کر پانی کے ہمراہ فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بناویں۔ قبل از جماع ایک سے تین گولی تک حسب برداشت کھائیں۔ تلخی محسوس ہو۔ تو شیر گاؤ بقدر برداشت پی لیں۔

ابوالفاروق حکیم مخدوم محمد اعظم صاحب علوی سہروردی بھیرہ پنجاب

(۳۷) نسخہ دافع داد، داد کے لئے بے حد مفید ہے۔ ھوالشافی شہد خالص ۱ تولہ گوشت خورہ ۵ ماسہ دونوں کو ملاکر خوب حل کریں۔ دوا تیار ہے، ترکیب استعمال اول ۳ روزہ لمسوڑہ کا پتہ گرم کرکے گائے کے گھی سے چرب کرکے داد پر دو وقت باندھیں۔ اس سے داد نرم ہو جائے گا۔ اور دوا کے جذب کرنے کی استعداد پیدا ہو جائے گی۔ اسکے بعد صاف کرکے دوائی لگادیں۔

فخر الحکما حکیم سید محمد النقی شاہ صاحب بخاری خاندانی طبیب لوہگڑھ امرتسر

(۴۷) دوائے جگر بخاری۔ جگر کی جملہ امراض کے واسطے نہایت مجرب ہے ھوالشافی پانچوں نمک ہر ایک مفید مصفے، ہلیلہ سیاہ، قند سیاہ کہنہ ہر پانچ پانچ تولہ اجوائن دیسی، کاہی سنبر سہاگہ بریاں ہر دو ۲ تولہ نوشادر کشتہ خبث الحدید ہر من تین تولہ تمام ادویہ باریک کرکے شحم حنظل کے گودہ میں خوب گھوٹکر چھوٹی چھوٹی گولیاں بناویں خوراک ۳ ماسہ صبح ۳ ماسہ شام ہمراہ عرق مکو ۱۰ تولہ عرق سونف ۱۰ تولہ کے استعمال کریں۔

ممتاز الحکما حکیم باوا السبنشر ناتھ صاحب ساکن بنڈوری باوا داس ضلع ہوشیار پور

(۵۷) نسخہ پھلبہری، یہ نسخہ ۵۰ فیصدی کامیاب ہے اور میرے مطب کا معمول ہے مگر پھلبہری سے

خون آنے کی شرط ہے ھوالشافی سہاگہ تیلیہ ریسونت، باچی، فلفل گرد ہر تولہ تولہ، شیر میش ۳ پاؤ پختہ جملہ ادویہ خوب باریک کر کے کوزہ گلی میں دودھ معہ ادویہ ڈال کر محفوظ کر کے رکھ دیں۔ روزانہ صبح بھگواڑی کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ سات روز تک یہ عمل کریں تیار ہے داغوں پر بطور ضماد لگایا کریں

فخر الاطباء حکیم حاجی خواجہ غلام جیلانی صاحب رئیس امرتسر چوک فرید

(۶۷) جوہر عصائے پیری، نوجوانوں کے لئے مراد، بوڑھوں کے لئے سہارا ہے۔ اندرونی قوتوں کو اس قدر درست اور بہتر بناتی ہے۔ کہ خود استعمال کرنے والے بھی تعجب کرتے ہیں۔ سیروں کی تعداد میں دودھ اور اناج ہضم ہونے لگتا ہے۔ حرارت غریزی بڑھتی ہے تھوڑے دنوں میں ہی طاقت مردانہ پر ایسا خوشگوار اثر پڑتا ہے۔ کہ گویا ایک دفعہ جوانی کی لہر پھر عود کر آتی ہے۔ ضعف اعصاب اور اسکے متعلقہ شکایات اور وجع المفاصل وغیرہ دور ہونے لگتے ہیں۔ ھوالشافی سم الفار سفید کو صبارہ سبز اور زرد پتے والے کے پانی میں ایک روز کامل کھرل کریں۔ پھر ایک روز ادرک سبز کے پانی میں کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کریں۔ اور دو پیالہ گلی متساوی الشفتین میں رکھکر گل حکمت کر کے نیچے بیری کی انگلی برابر لکڑی دو چوبی جلاویں۔ سوا پہر میں جوہر نکل آئینگے۔ اوپر کے پیالے پر پانی سے کپڑا اتر کر کے رکھتے جاویں۔ ان جوہروں کو معہ تہ نشین کے اور دوسرے آب صبارہ سبز اور ادرک کے پانی میں بدستور کھرل کر کے جوہر حاصل کریں۔ اور اسی طرح کرتے جاویں۔ جس قدر کم ہوتا رہے۔ اسی قدر سم الفار اور شامل کر لیا کریں۔ حتےٰ کہ نیا نشہ کی طرح پھول جائے۔ پھر یہ جوہر نکالنا موقوف کر دیں۔ اور شیشی میں نہایت محفوظ کاگ لگا کر رکھیں۔ خوراک غایت درجہ دو چاول تک مکھن یا بالائی وغیرہ میں رکھکر کھلاویں۔ اور قدرت خدا مشاہدہ کر لیں۔ من الاسرار۔

حکیم ہربنس لال صاحب حاذق الحکماء مالک شاہی دواخانہ بلاک ۱۱ سرگودہا

(۶۸) اخضباس الطمث، بندش حیض کے واسطے اکسیر ہے۔ باقاعدہ استعمال سے قبض دور ہوگی۔ جگر طاقت پکڑے گا۔ بے قاعدگی دور ہوگی۔ باؤ گولہ کو بھی نافع ہے۔ سو فیصدی مجرب ہے۔ ھوالشافی، دارچینی ۴ تولہ، ایلوہ ۱۰ تولہ، ہیرا کسیس دلائتی ۱۰ تولہ، تمام کو باریک کر کے شہد کے ساتھ

دو دو رتی کی گولیاں بناویں۔ خوراک ۲ گولی صبح و شام ہمراہ چائے کھلائیں۔

حکیم سید احسان حسین صاحب ساکن ڈھولڑی ضلع میرٹھ

(۷۸) روغنِ خنازیر (خنازیر۔ کنٹھ مالا) کے واسطے یہ روغن اکسیر کامل کا حکم رکھتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ
ھوالشافی پنجال کبوتر صحرائی ۳ ماسہ، کشنیز آبی ۳ ماسہ در شیر مدار آمیختہ کھرل نمودہ، ترکیب استعمال
قدرے قدرے ازیں روغن بر عضوِ ماؤف ضماد نمایند یک ہفتہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ در یک ہفتہ
نشان باقی نماند قند سیاہ، ترشی بادی پرہیز نمایند،

حکیم محمد انوار الحق صاحب انوار تھانوی ساکن تھانہ بھون ضلع مظفر نگر

(۷۹) دوائے دل ،، اختلاج قلب، ضعفِ قلب، خفقان کیلئے اکسیر صفت ہے، ھوالشافی
زہر مہرہ خطائی، دانہ الائچی خورد، کہربا شمعی، طباشیر کبود، کشنیز خشک، صندل سفید ہر ایک ڈھائی تولہ
ناریل دریائی ۱۔ تولہ کشتہ عقیق ۱ تولہ کشتہ مرجان ۶ ماسہ ورق نقرہ ۳ ماسہ، سب کا سفوف بناویں۔
خوراک ۲ ماسہ، عرق گاؤزبان، عرق بید مشک ہر چھ چھ تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

حکیم سید ممتاز علی صاحب قادری چک ۲۱ ڈاکخانہ راوتانی نواب شاہ سندھ

(۸۰) روغنِ حیات، بدہضمی، درد معدہ کھانسی والا۔ زکام نزلہ، اسہال پیچش کو مفید ہے۔ اور
معمولِ مطب ہے۔ ھوالشافی سپرٹ ایتھر نائٹروسائی ۱ ڈرام کلوروڈین ۲ ڈرام ۴۰ منم ٹنکچر کارڈمم کو
اڈرام ۳۰ منم سپرٹ کیمفر ۳۰ منم سب کو ملا کر رکھیں خوراک ۵ تا ۳۰ منم تک بتاشہ میں دیں۔

حکیم مولوی لشبیر احمد صاحب قریشی سند یافتہ ساکن بھوپال والہ ضلع سیالکوٹ

(۸۱) سفوفِ جواہر، قبض کو دور کرنے کے لئے بہت مفید ہے درد سر معدی کے لئے بہت مفید ہے
نزلہ و زکام کو بھی دفع کرتا ہے۔ ھوالشافی پوست ہلیلہ زرد، برگ سنا کی مصفیٰ ہر تولہ تولہ، گل سرخ ۶ ماسہ
باریک پیس کر سفوف بناویں۔ خوراک ۳ ماسہ سے ۶ ماسہ تک گرم پانی یا دودھ کے ساتھ کھلائیں، بچوں

کو عمر کے مطابق خوراک دیں۔ تجارتی اور راز کا نسخہ ہے۔

ابوظفر حکیم مولوی محمد عبد الخالق صاحب شاہی طبیب راولپنڈی

(۸۲) دوائے جریان۔ جریان کے لئے مفید ہے ھوالشافی سیماب ۱/۲ ماشہ قلعی ۱ تولہ ببش مدبر ۳ ماشہ فلفل سفید دکنی ۲ تولہ۔ قلعی کو پگھلا کر سیماب میں ملا دیں۔ اور کھرل کریں۔ پھر ببش ملا کر کھرل کریں، آخر میں مرچ سفید ایک ایک ملا کر اچھی طرح کھرل کریں۔ خوراک ۲ چاول سے ۳ چاول تک ہمراہ بالائی

مسیح الملک حکیم شمس الدین صاحب ساکن چوکنانوالی ضلع گجرات

(۸۳) دوائے کچلہ۔ مقوی باہ و سلسل بول و بواسیر ریحی وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔ ھوالشافی کچلہ مدبر، گوگل، مغز تخم نیب، ہم وزن لیکر باریک کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ۱ گولی صبح ۱ گولی شام ہمراہ شیر یا آب تازہ۔

فخر الاطباء حکیم شاہزادہ غلام محمد صاحب رئیس اعظم طبیب خاص ریاست جموں و کشمیر

(۸۴) دوائے جریان، جریان المنی اور ہر قسم کے جریان میں مفید ہے اور مجلوقین کے جریان کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ ھوالشافی، نرم پھلی کیکر کی جس میں رس اور دانہ نہ پڑا ہوا پاؤ، شیر گاؤ ۳ سیر پھلیوں کو باریک کریں کہ مثل مسکہ کے ہو جاویں۔ پھر دودھ میں شامل کر کے آگ پر پکائیں۔ جب مثل کھویہ کے ہو جاوے، تو ایک پاؤ کوزہ مصری شامل کر دیں۔ اور پھر تھوڑی دیر کے بعد اس کو اتار لیں۔ خوراک ۱ تولہ سے ۳ تولہ تک حسب برداشت طبیعت رات کو سوتے وقت، گرم چیزوں سے پرہیز

شمس الحکماء حکیم و ڈاکٹر شبیر محمد صاحب چک ۵۵ ج بابا لکالہ ضلع لائل پور

(۸۵) نسخہ برائے سوزاک کہنہ، پہلی خوراک جادو کا اثر دکھاتی ہے ۹۹ فیصدی مجرب ہے ھوالشافی لوبان کوڑیہ ۱ تولہ باریک کر کے ایک چینی [illegible] ڈالکر اس میں روغن صندل عمدہ ڈال کر دونوں کو ایک جان کر کے شیر بز ایک پاؤ کے ہمراہ کھائیں۔ بعد نصف گھنٹہ کے ۵ تولہ گھی گرم کر کے پلائیں

یہ ایک خوراک ہے دوائی استعمال کرنے کے بعد ۳ گھنٹہ تک پانی نہ پئیں۔ پہلی خوراک سے پیپ جلن
خارش وغیرہ کو آرام ہوگا تین روز سے زیادہ دوائی استعمال کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

حاذق الحکماء ڈاکٹر و حکیم محمد رحمت اللہ خان صاحب کمنگ روڈ بلہاری مدراس

(۸۶) حب اکسیر ہر قسم کے بخار کے لئے تیر بہدف ہے ھو الشافی فلفل سیاہ، سونٹھ، فلفل دراز
زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، چرائتہ، صبر، لونگ، لہسن، ہینگ، ریوند چینی، اجوائن، گائیلون، شنگرف مدبر
سب ہموزن لے کر صاف اور باریک کر کے دودھ ملا کر مونگ کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک
ایک گولی گرم پانی سے دیں۔ بچوں کو نصف گولی دودھ کے ہمراہ دیں۔

شمس الحکماء حکیم و ڈاکٹر محمد اسمعیل صاحب اصغر فاروقی ذہین پور براستہ ٹوبہ ٹیک سنگھ لائل پور

(۸۷) نورانی قطرہ، نمونیا کیلئے اکسیر ہے ۵ منٹ میں نمونیا غائب، ھو الشافی شنگرف رومی ۱ تولہ
زردی بیضہ مرغ ۸ عدد، شنگرف کو باریک کر کے کڑچھی میں ڈالکر زردی بیضہ مرغ خام ملا کر آگ پر رکھیں
اور کپاس کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ جب روغن نکلنا شروع ہو جائے۔ تو آگ بالکل بند کر دیں۔
اور کڑچھی کے ایک کونہ میں کر کے تیل نکال لیں۔ خوراک صرف ایک قطرہ بتاشہ میں رکھکر کھلاویں۔
ایک دو قطرہ درد کی جگہ مالش کریں۔

حکیم سید فضل حسین شاہ صاحب حکیم حاذق مزنگ لاہور

(۸۸) اکسیر حیض، خون حیض جو کسی دوا سے نہ رکے اسکے لئے سو فیصدی مجرب ہے ھو الشافی
تخم خردل ۱ ماشہ باریک کر کے ۳ ماشہ شکر سفید ملا کر شیر گاؤ مادہ سے کھلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی
تین خوراک دن میں تین بار دیں پہلے روز خون بند نہ ہو تو دوسرے روز شرطیہ بند ہوگا۔ خواہ کتنے ماہ سے ہو

حکیم سید قائم حسین شاہ صاحب موسوی الشیرازی سرگودھا پنجاب

(۸۹) نسخہ برائے تغلیظ منی و مقوی باہ ھو الشافی مادہ و نر مرغ را ایک یک ماشہ پارہ

ہر روز در آرد گندم کردہ بخورانند۔ آں مادہ کہ بعد خوردن پارہ بیضہ بدہد آں بیضہ را در روغن زرد۔ بریاں کردہ ہمراہِ نان استعمال نمایند۔ نہایت مقوی است،

حکیم مولوی محمد صدیق احمد صاحب مالک قدیمی دواخانہ یونانی مچھی ہٹہ لاہور

(۹۰) تریاق جریان، ھوالشافی، گوند کیکر، گوند کتیرا، نشاستہ، کشنیز مقشر، تالمکھانہ دریائی آرد سنگھاڑہ ہر ایک چھ چھ ماشہ، نبات سفید ۴ تولہ جملہ ادویہ کا سفوف بناویں، خوراک ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ آب تازہ یا شیر گاؤ جو قدرے شیریں کیا گیا ہو۔ استعمال کرائیں، گرم ترش، بادی ثقیل اشیاء سے پرہیز۔

ابو القطب حکیم سید عبد الغفار شاہ صاحب حسنی ساکن ریلین لاڑکانہ سندھ

(۹۱) سفوف مصفی دماغ، صدہا مرتبہ کا آزمودہ و مجرب ھوالشافی تربد سفید دکھنی ۱۰ ماشہ ایارج فیقرا ۱۰ ماشہ۔ ہلیلہ زرد ۷ ماشہ۔ افتیموں ۶ ماسہ۔ اسطوخودوس ۶ ماسہ۔ ہلیلہ کابلی ۵ ماسہ۔ سقمونیا ۴ ماسہ۔ تخم حنظل ۳۔ ماسہ۔ زنجبیل ۳ ماسہ۔ گل سرخ ۳ ماسہ۔ نمک ہندی ۲۔ ماسہ۔ طباشیر ۱ ماسہ۔ کتیرا ۱ ماسہ۔ سب کا سفوف بناویں خوراک ۱ تولہ صبح کو ہمراہ عرق گلاب مصری آمیختہ انشاء اللہ کلی صحت ہوگی۔ ثقیل و دیر ہضم اشیاء سے دوران استعمال میں پرہیز ضروری ہے۔

حکیم مفتی شبیر علی صاحب چٹا محل لاہور

(۹۲) حب ملیریا، عام بخاروں کے لئے نہایت مفید ہے۔ ملیریا کیلئے خصوصیت کیساتھ مفید اور مجرب ہے۔ ھوالشافی۔ برگ نیب، شگوفہ ارنڈ، برگ تلسی۔ برگ سداب جملہ ہم وزن باریک کر کے نخودی گولیاں بناویں، صبح دوپہر شام ایک ایک گولی سادہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

حاذق الہند حکیم سید ظفریاب علی صاحب ساکن نگینہ بجنور

(۹۳) حب الشفاء، نزلہ، زکام۔ کھانسی کا حکمی علاج ہے۔ پہلی خوراک سے فائدہ ہوجاتا ہے

ھوالشافی، مغز بادام شیریں۔ زعفران، افیون، دارچینی۔ مصری کوزہ رب السوس ہر سات سات ماسہ شنگرف ۵ ماسہ تمام ادویہ کو باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر فلفل سیاہ بناویں خوراک ۱ گولی آب تازہ

فخر الحکماء حکیم مولوی حاجی شہاب الدین صاحب چک ۲۸۲ گ ب ضلع لائل پور

(۹۴) اکسیر احتلام و جریان۔ جریان احتلام۔ رقت سرعت کمی اشتہا۔ کمزوری سستی وغیرہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے اور ہزار ہا بار کا آزمودہ ہے ھوالشافی رال ۱ تولہ۔ کھٹکری ۱ ماشہ لے کر پیسکر باہم ملاکر سات پڑیہ بنائیں۔ علی الصبح ایک پڑیہ شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

مسیح الملک ڈاکٹر و حکیم میاں محمد حسین صاحب سرہند شریف

(۹۵) نرالی گولی، مقوی باہ۔ دافع احتلام۔ مولد منی مفرح قلب ہے۔ افیون کی عادت چھڑا دیتی ہے۔ ممسک اول درجہ کی ہیں۔ بارہا کا مجرب اور اکسیر الاثر نسخہ ہے۔ ھوالشافی ترسی ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ افیون ۲ تولہ۔ عنبر ۲ ماسہ۔ سب کا سفوف کر کے ایک عمدہ بڑا ناریل لے کر چاقو سے ٹکڑا اتار کر سفوف اس میں بھر دیں۔ اور وہی ٹکڑا منہ پر دیکر آرد گندم سے خوب سنپٹ کر کے خشک کریں۔ پھر ایک من بچنۃ دودھ لیکر آگ پر رکھیں۔ اور ناریل مذکور کو دودھ میں چھوڑ دیں، اور ہلاتے رہیں۔ جب دودھ کا کھویا تیار ہو جاوے تو ناریل نکال لیں۔ اور ویسے کھانے کے کام میں آئیگا۔ اور ناریل کو آرد گندم سے صاف کر کے ادویہ بمعہ ناریل خوب باریک کوٹکر شہد کے ہمراہ گولیاں بقدر دو دورتی کی بنائیں۔ اوپر ورق نقرہ لگا کر رکھیں۔ خوراک ایک گولی بوقت صبح ہمراہ شیر گرم برائے امساک قبل از وقت ایک گھنٹہ ایک گولی دودھ کے ہمراہ۔ بدل افیون نصف گولی حسب عادت

حکیم شبیر محمد صاحب ساکن میرپور ضلع جالندھر

(۹۶) حب اکسیر اطفال، گرمی کے موسم میں ایک بیماری بچوں کو پیدا ہوتی ہے جس میں سخت پیاس ہوتی ہے۔ سبز رنگ کے دست آتے ہیں تالو بیٹھ جاتا ہے۔ بچہ روز بروز سوکھتا جاتا ہے۔ اس مرض میں یہ اکسیر ہے اور خصوصیت سے مفید ہے ھوالشافی مروارید ناسفتہ ایک رتی

زہر مہرہ خطائی - ناریل دریائی - طباشیر کبود - حجر الیہود - پوست بلیلہ زرد - دانہ الائچی خورد - زرورد ہر دو دو ماشہ مروارید کو پہلے عرق بیدمشک میں ایک گھنٹہ کھرل کریں - باقی دواؤں کو الگ الگ باریک کر کے ملاویں - پانی کی مدد سے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بناویں - خوراک ۱ گولی صبح و شام ہمراہ شیر مادر گھسکر -

حکیم بخشی حاکم رائے صاحب طبیب حاذق راجہ بازار راولپنڈی

(۹۷) **سفوفِ ناریل** بچوں کے سبز دستوں کو روکتا ہے - پیاس و کمزوری کے لئے خاص چیز ہے هُوَالشَّافِی، برنج ساٹھی ۴ ماشہ - ناریل دریائی ۲ ماشہ - زہر مہرہ خطائی اعلےٰ ۲ ماسہ - برگ نیب ۱۰ عدد سونف ۴ ماسہ تمام کو باریک کر کے مونگ برابر گولیاں بنائیں خوراک ۱ گولی ہمراہِ شیر مادر گھسکر دیں -

ابوالفقر حکیم محمد شمس الحق خان صاحب سیکرٹری طبیہ کالج امرتسر

(۹۸) **اکسیر سیلان الرحم** سیلان الرحم کو ہمیشہ کے واسطے دور کرتا ہے - رقت - سرعت - جریان واحتلام کو دفع کرتا ہے - منشورات کے جملہ امراض کیلئے مفید ہے - هُوَالشَّافِی - اقاقیا - ست لحیۃ التیس - مازو - مائیں - ست انار - تخم حماض - برگ گندنا ہر ایک تولہ تولہ - کشتہ مرجان - کشتہ صدف کشتہ عقیق - گل دھاوا - موچرس - کمرکس - موصلی سفید ہر ایک ایک ماشہ - لاجونتی ۳ ماشہ - سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں - خوراک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ شربت خشخاش کھلائیں -

حکیم الملک حکیم رحیم بخش صاحب ایاز رموزی سیفی پاک دروازہ ملتان

(۹۹) **تریاقِ الذہب**، هُوَالشَّافِی صبر زرد، ماشہ سقمونیا مشوی ۱۵ ماسہ - افتیموں - دارچینی - چرائتہ شیریں ہر چار چار ماسہ - لاجورد مغسول - عود ہندی - صمغ عربی - کتیرا - برادہ صندل سفید و سرخ ہر ایک تین تین ماسہ سب کو باریک کر کے مروارید محلول - ورق طلاء محلول آب محلول میں گوندھکر نخود کے برابر گولیاں بنائیں - خوراک ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ ماء الجبن یا علاوہ ازیں کسی مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں - مالیخولیا میں نہایت مجرب ہے اور بارہا کا آزمودہ -

حکیم الشبیر احمد صاحب قریشی ساکن انتھائیں شیخ ضلع بجنور

(۱۰۰) سنون - جملہ امراض دندان کے واسطے اکسیر ہے۔ نہایت آسان ھوالشافی۔ ارہر کی دال کو قدرے روغن زرد میں بریاں کریں۔ جب سرخی مائل ہوجاوے تو نکال کر باریک پیس لیں پھٹکری بریاں سو ماسہ فی تولہ کے حساب سے باریک کر کے ملاویں بوقت ضرورت دانتوں پر ملیں لعاب باہر نکالدیں۔

حکیم سید محمد رضا حسین صاحب سندیافتہ سنبھل ضلع مرادآباد

(۱۰۱) حب قبض کشا۔ قبض درد شکم ہیضہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے ھوالشافی حماالگوٹہ مدبر۔ تخم ارنڈ۔ پوست ہلیلہ ہر سات سات ماشہ جواکھار۔ سہاگہ بریاں۔ چوب فلفل گرد۔ سب باریک کر کے پانی کیساتھ گولیاں فلفل سیاہ کے برابر بناویں خوراک ایک یا دو گولی پانی یا عرق سونف کے ساتھ دیں۔

حکیم الشبیر احمد صاحب شاکر الودوی ڈاک خانہ رہلانوالی ضلع مظفرگڑھ

(۱۰۲) معجزہ برائے نفر الجبا۔ حلق سے اترتے ہی درد گردہ غائب بلکہ اگر فصد کی ضرورت ہوتی رہتی ہو تو بھی نیز کی حسبگہ توپ کا کام کرتا ہے ھوالشافی قلمی شورہ خالص ۴ ماسہ شکر سرخ ۵ تولہ۔ شورہ کو باریک کر کے شکر سرخ ملاویں یہ ایک خوراک ہے پانی کے ہمراہ دیں۔ دن میں ایسی تین خوراکیں استعمال کرائیں تین دن تک استعمال کرتے رہیں یہ نسخہ اکسیری اور صدری سینہ کا راز ہے۔ جو ہماری کئی پشت سے چلا آتا ہے اور صندوقچہ میں بند رہتا تھا سینہ کے بخل کو توڑ کر ہدیہ ناظرین کردیا ہے گر قبول افتد زہی عزوشرف

حکیم سید قائم حسین شاہ صاحب طبیب کامل کوچہ چیلاں دہلی

(۱۰۳) اکسیر پائیوریا، دانتوں اور مسوڑوں کا ورم۔ مسوڑوں کا درد دانتوں جبڑوں اور مسوڑوں سے پیپ اور خون نکلنا۔ دانتوں کا جڑیں چھوڑ دینا اور ہلنا ان تمام امراض کیلئے مفید ہے اور میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔ ھوالشافی کالا دانہ۔ ہلدی ۲-۲ تولہ کو پانی ایک سیر میں خوب جوش دیں۔ پھر چھان کر نیمگرم سے دن میں پانچ چھ بار کلیاں کریں جتنی دیر پانی منہ میں زیادہ رکھیں گے۔ اتنا جلدی فائدہ ہوگا۔ اگر اس دوا

کی مداومت کی جاوے۔ تو ہلتے دانت بھی یقیناً جم جاوینگے۔

حکیم عنایت اللہ صاحب نقشبندی سند یافتہ ساکن جلبھٹوال ضلع امرتسر

(۱۰۴) سفوف اختباس الطمث" ھوالشافی۔ سنگ یہود۔ جوکھار قلمی شورہ ہر چھ چھ ماسہ، گیرو نرم اور سرخ ۳ ماسہ۔ سب کو باریک کر کے سفوف بناویں۔ اور تمام سات خوراکیں بنائیں۔ روزانہ ایک خوراک ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔ مرض کے دفعیہ کے لئے اکسیر کا کام دیتا ہے۔

حکیم مولوی محمد تقی شاہ فضل الرحمن صاحب سجادہ نشین حضرت مولانا شاہ نیاز احمد صاحب قدس سرہٗ ساکن جھجوا ضلع البستی

(۱۰۵) پیچ گھات۔ کاربنکل جو قلب کے مقابلہ میں پشت پر ہوتا ہے اور دیکھنے میں نظر نہیں آتا۔ یونانی میں اپریشن منع ہے۔ اس لئے یہ نسخہ مجرب ہے ھوالشافی ارہر کی تازہ پتی لے کر پیکر ذرا سا نمک ملا گرم گرم دو نو وقت رکھیں جب مواد خارج ہونے لگے تو ارہر کی پتی میں کتھ سفید ملا کر رکھیں۔ بفضل رحمٰن شفا ہوگی۔ متعدد بار کا آزمودہ اور مجرب ہے۔

حکیم حافظ محمد صبیح صادق صاحب حاذق طبیب خاندانی ساکن لڈوالہ شاہ پور

(۱۰۶) معجون خاص۔ ہر دو بواسیر کیلئے اکسیر ہے اور خاندانی مجرب المجرب معمول مطب نسخہ ہے ھوالشافی۔ آرد تخم لکائن آدھ سیر۔ گائے کا گھی ۱۰ پاؤ عسل حسب ضرورت۔ پہلے آرد کو گھی میں بریاں کریں۔ پھر شہد ملا کر معجون بنائیں۔ خوراک ۶ ماسہ صبح ۶ ماسہ شام ہمراہ شیر گاؤ تازہ۔

حکیم نانک چند صاحب حکیم حاذق مالک بھاٹیہ میڈیکل ہال ساکن ترنتارن ضلع امرتسر

(۱۰۷) اٹھراہ۔ جنکے بچے پیدا ہو کر ضائع ہو جاتے ہیں یا حمل کی حالت میں گر پڑتے ہوں۔ ان کے لئے میرا یہ نسخہ سو فیصدی مجرب ہے۔ ھوالشافی مغز کول ڈوڈا، مرچ سیاہ۔ رسونت مصفے چاکسو مصفے ۵ ماسہ بوٹی۔ برہم ڈنڈی۔ منڈی۔ بوہپلی۔ صندل سرخ۔ افتیموں ہر تولہ تولہ شاہترہ۔ گل گاؤزبان، برگ نیم برگ حنا۔ پوست ہلیلہ گیری۔ بھوگنی بوٹی۔ ہر نو ماسہ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماسہ

کشتہ سنگ یشب ۲ ماسہ تمام ادویات کو باریک کر کے شہد سے نخودی گولیاں بناویں۔ جب حمل ہو جاوے۔ تب ہر روز ایک گولی سادہ پانی کے ہمراہ کھلائے جائیں۔ جب بچہ پیدا ہو کر پورا دو سال کا ہو جاوے۔ تب گولیاں چھوڑیں۔ پرہیز۔ لال مرچ۔ بیگن۔ گوشت اور گرم چیزوں سے

حکیم سید عباس علی شاہ صاحب شفا خانہ علوی دروازہ رام باغ امرتسر

(۱۰۸) اکسیر اطفال انجار، کھانسی۔ اسہال۔ عطاش اطفال میں اکسیر ہے۔ ھوالشافی برگ بانسہ۔ چھوہڑ ملٹھی ہموزن باریک کر کے سفوف بناویں۔ خوراک ایک ماسہ سے تین ماسہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان یا مناسب بدرقہ کے استعمال کرائیں۔

ڈاکٹر و حکیم خواجہ غوث بخش صاحب حاذق ساکن اوچ متبرکہ ریاست بہاولپور

(۱۰۹) اکسیر زکام ھوالشافی، پلوا پیکاک کو ۳ گرین۔ سوڈا سیلی سلاس ۵ گرین۔ کونین سلفاس ۲ گرین۔ سوڈا بائی کارب ۲ گرین فنسٹین ۳ گرین۔ یہ ایک خوراک ہے۔ رات کو سوتے وقت قدرے گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں صرف ایک خوراک سے فائدہ ہوتا ہے۔ صدہا مریضوں پر مجرب پایا

صاحبزادہ سید عبدالقادر شاہ صاحب سجادہ تونسوی ساکن جبی شریف ضلع شاہ پور

(۱۱۰) نسخہ برائے سوزاک، سوزاک نیا ہو یا پرانا دونوں کے واسطے مجرب ہے ھوالشافی، سکہ ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ سکہ کو کڑاہی میں ڈالکر نیچے آگ جلائیں۔ جب سکہ گل جائے۔ تو قلمی شورہ کی چٹکی دیتے جائیں اور نیم کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ جب شورہ ختم ہو جاوے۔ تو کڑاہی نیچے اتار کر باریک پیس لیں۔ خوراک ۱ رتی بوقت صبح ہمراہ دو تخم خام کے دیں۔

حکیم محمد حبیب اللہ صاحب ساکن ماہلانوالہ سرگودھا پنجاب

(۱۱۱) سفوف صدفی، ہر قسم کے دستوں کے واسطے خصوصیت سے مفید ہے، ھوالشافی زہر مہرہ خطائی اعلے، سنگ یشب۔ صدف مروارید ہر سہ تولہ تولہ طین طغرا ۳ تولہ پہلی دوا کو عرق گلاب

۵ تولہ میں صلایہ کریں تاکہ رڑک نہ رہے۔ اور دوسری تیسری دوا کو الگ الگ کوزہ میں بند کر کے جلا لیں۔ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں۔ بعد میں طین طغرا ملا کر بہت سخت کر کے رکھ لیں۔ خوراک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک شربت انجبار یا شربت موڑیوں یا آب خالص کے ہمراہ دن میں تین بار کھلائیں۔ مرض کی شدت و خفت کے مطابق اور حسب عمر دیں۔

شمس الحکماء حکیم ڈاکٹر رام رتن صاحب ساکن ملک پور ضلع انبالہ

(۱۱۲) تریاق چشم "آشوب جالا پھولہ دمعہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے ھو الشافی کشتہ جست ۱۰ تولہ۔ سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ سفیدہ کاشغری ۲ تولہ زنگار سبز ۱۰ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۲ ماشہ تمام ادویہ کو باریک کر کے سرمہ بنا لیں۔ سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

حکیم ٹھکر روپ لعل صاحب گدی نشین منچن آباد ریاست بہاولپور

(۱۱۳) حب بواسیر، یہ گولیاں بواسیر خونی کے لئے اکسیر ہیں۔ ھو الشافی، گندھک آملہ سار مصفےٰ مغز تخم نیب، مغز تخم بکائن۔ رسونت مصفے۔ چاکسو مصفے ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔ کشتہ فولاد ۱ تولہ آب ترب آدھ سیر، سب کو باریک کر کے آب ترب میں کھرل کر کے گولیاں بقدر کنار دشتی تیار کریں۔ ۲ گولی صبح ۲ گولی شام باسی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

ڈاکٹر شیخ میاں احمد صاحب صابر ساکن گڑھی اسمعیل ضلع پشاور

(۱۱۴) صابرین ڈراپ، بیرونی اندرونی طور پر مستعمل ہے، درد سر، سوء ہضم، نفخ شکم، ہیضہ درد دانت زنبور کا کاٹنا، ضعف معدہ، بخار وغیرہ کے لئے اکسیر ہے، ھو الشافی پارہ۔ گندھک آملہ سار۔ زعفران ہر تین تین ماشہ۔ البیڈ۔ کاربالک۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ تیل الائچی۔ ٹنکچر کیمفر ہر دو دو تولہ۔ پارہ اور گندھک کی کجلی بناویں۔ بعد زعفران کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر باقی ادویہ ملا کر رکھ لیں۔ تقریباً دو ہفتہ رہنے دیں۔ بعد زرد رنگ کا زلال لے کر شیشی میں رکھیں ترکیب استعمال، اندرونی طور پر ۳ قطرہ تک مصری کی ڈلی پر رکھ کر کھلائیں بیرونی طور پر بذریعہ مالش استعمال کریں۔

حکیم خدا بخش صاحب عاجز ساکن حسین پور نہ آرٹی والہ ضلع ملتان

(۱۱۵) اکسیر ہاضم۔ بد ہضمی ضعف معدہ کیلئے معمول مطب مجرب نسخہ ہے هوالشافی، کاسنی افسنتین۔ پاپڑہ۔ گلسرخ۔ تخم خربوزہ پانچ پانچ تولہ۔ تربھلہ ۱۰ تولہ۔ چرائتہ زرشک۔ گلو ہر چار چار تولہ افتیموں ۲ تولہ گل گاؤزبان ۳ تولہ سب کورات بھر پانی میں بھگودیں۔ صبح مل چھان کر ۳ پاؤ مصری ملاکر شربت تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ شربت ۵ تولہ پانی ملاکر استعمال کریں۔

زبدۃ الحکما حکیم غلام رسول صاحب ساکن کالووالی ڈاکخانہ پنڈی بھاٹیاں ولدین (پنجاب)

(۱۱۶) نسخہ ذیابیطیس، خاندانی تجربہ شدہ نسخہ ہے هوالشافی آملہ کا مربہ ۲ پاؤ لے کر عرق سونف کی ایک بوتل میں پیسکر چھان لیں۔ اور شکر سفید ا سیر ملاکر قوام کریں۔ قریب قوام مغز بادام مقشر شیریں ۱۰ تولہ مغز فندق ۱۰ تولہ تل سیاہ۔ تل سفید۔ چرونجی سفید۔ مغز ناریل۔ مغز کدو شیریں مغز تخم پیٹھہ۔ خشخاش سفید۔ باریک گیلا گیلا پیسکر ملاویں جب یہ بھی قوام میں مل جاویں۔ تب آگ سے اتار کر حسب ذیل ادویہ۔ اقاقیا۔ ست گلو اصلی۔ مولسری خام۔ گلسرخ۔ زراوند۔ خولنجان۔ آملہ خشک۔ کشنیز خشک، طباشیر کبود۔ دانہ ہیل خورد۔ دانہ ہیل کلاں۔ کہربائے شمعی۔ ہر تولہ تولہ باریک کر کے داخل قوام کر کے مشک خالص ۳ ماسہ زعفران خالص ا تولہ عرق کیوڑہ میں حل کر کے ملادیں۔ پھر ورق نقرہ ۲۵ عدد۔ ورق طلاء ۳ ماسہ اوپر سے شامل کریں۔ اور معجون تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام کھالیں۔ انشاء اللہ اسکے کچھ عرصہ باقاعدہ استعمال سے آرام آجاوے گا۔

ممتاز الاطباء حکیم مولوی محمد عبد الغنی صاحب ساکن جھلووالی ضلع گجرات

(۱۱۷) اکسیر بواسیر۔ بواسیر خونی و بادی مسے والی یا سادی سب کو دور کرتی ہے۔ خون خواہ کتنا ہی خارج ہوتا ہو۔ بند ہوجاتا ہے۔ غرضیکہ یہ دوا ایک بے نظیر تحفہ ہے جو ہر قسم کی بواسیر کا تریاق مانا جاچکا ہے۔ هوالشافی امردار سنگ۔ کف دریا۔ مرچ سیاہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ خرمہرہ سوختہ صدف صادق ہر ایک چھ چھ ماسہ عرق لیموں ۳ سیر تمام ادویہ کو عرق لیموں میں کھرل کریں۔ جب تمام

عرق خدیب ہوجائے۔ تو چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ۱ گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ۔ اور ایک گولی لعاب دہن میں گھسکر مسّوں پر لگائیں۔ عجیب الاثر مجرب المجرب ہے۔

زبدۃ الحکماء حکیم گل حسین شاہ صاحب ساکن چھوکر کلاں ضلع گجرات

(۱۱۸) اکسیر خنازیر نہایت اکسیر الاثر نسخہ ہے۔ ھو الشافی، فلفل سیاہ، نیلا تھوتھہ۔ برگ حنا سرخ ہر سہ سہ تولہ۔ الگ الگ باریک کر کے پھر مسکہ گاؤ دس تولہ لے کر یک صد بار دھو کر مذکورہ ادویہ ملا کر مرہم تیار کریں بس دوا تیار ہے۔ بوقت ضرورت کسی کپڑے کے پھائیہ پر لگا کر خنازیروں کے زخموں پر چپکا دیں۔ اگر خنازیر پر زخم نہ ہو تو پچھنے لگا کر زخم کر لیں۔ اور بطریقہ مذکور مرہم لگائیں۔ اور اندرونی طور پر ذیل کا نسخہ استعمال کرائیں۔ نسخہ اندرونی، تربد ۵ تولہ زنجبیل ۵ تولہ کھنڈ سفید ۱۰ تولہ الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔ خوراک ۲ ماسہ ہمراہ آب تازہ بوقت صبح استعمال کرائیں۔

حکیم حافظ مولوی محمد بخش صاحب ساکن سکندر آباد ضلع ملتان

(۱۱۹) حبوب حاذق، درد معدہ۔ درد جگر۔ درد امعاء قبض۔ کمی بھوک وغیرہ کے لئے نہایت عجیب چیز ہے۔ ھو الشافی، کافور۔ عصارہ ریوند ہر چھ چھ ماسہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر ۱ تولہ۔ تمام کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنا دیں۔ خوراک ۲ گولی سے ۴ گولی تک ہمراہ عرق سونف یا تازہ پانی استعمال کریں۔

ابو النظر حکیم سید علی معطر صاحب ہاشمی سیوہاروی۔ بجنور

(۱۲۰) سفوف اکسیر، حاملہ عورتوں کے جاری شدہ خون کو روکتا ہے۔ کثرت نفاس کیلئے بھی نہایت مؤثر ہے۔ ھو الشافی تالمکھانہ۔ سنگجراحت۔ تخم تمر ہندی۔ آملہ مقشر ہر تولہ تولہ۔ گلنار گیرو ہر چھ چھ ماسہ سبکو باریک کر کے سفوف بنا دیں خوراک ۳ ماسہ تازہ پانی کے ساتھ صبح و شام استعمال کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم سید اقبال حسین صاحب ساکن رام نگر بنارس سٹیٹ

(۱۲۱) روغن اکسیر گنج، یہ روغن گنج کی مرض کا حکمی اور سو فیصدی مجرب علاج ہے ھو الشافی

عرقِ مصفّٰے، برگ گومہ ۲ سیر گل نارنجی۔ ایک تانبے کا برتن جو قلعی شدہ نہ ہو۔ اس میں ڈال کر شورہ قلمی مصفّٰے ۱ تولہ روغن نارجیل خالص ۱/۲ پاؤ سب کو ملا کر ۲۴ گھنٹہ تک رکھ دیں۔ بعد ۲۴ گھنٹہ کے نرم آنچ پر پکائیں۔ جب عرق خشک ہو جاوے تو روغن شیشی میں رکھ لیں۔ ترکیب استعمال دن میں دو دفعہ کاربالک صابن اور نیم کے پتوں کے گرم پانی سے دھو کر روغن لگایا کریں۔ دو چار روز میں کھرنڈ جھڑا دیگا۔ خواہ کتنے ہی دیرینہ ہوں۔ مرض پھر عود نہیں کرتا۔ بال نرا شنے کی ضرورت بھی نہیں ہوتی اور صحت کے بعد بال کم نہیں ہوتے اور نہ ہی کوئی نشان رہتا ہے۔

حکیم سید محمد تقی صاحب طبیب سرکارِ عالی دواخانہ یونانی ضلع کریمنگر

(۱۲۲) نسخہ عجیب الاثر نشاط اور سرور کا نایاب مرکب ہے۔ مقوی و محرک نسخہ امساک کے لئے اعجاز الاثر۔ پہلی خوراک سے اسکے اثرات مایوس سے مایوس انسان کو مایوسی سے خوشی میں تبدیل کر دیتے ہیں قارئین آزمائیں ھوالشافی اوٹنگن، افیون خالص تخم قرنجشک، قرنفل گلدار۔ جوز بوا۔ زعفران خالص ہر ایک تین تین ماسہ، جند بیدستر، مایہ شتر اعرابی۔ بزر البنج۔ مشک خالص، ورق نقرہ ہر ایک دو دو ماسہ ورق طلاء ۱ ماسہ، سب باریک کر کے شیر برگد یا شہد خالص میں سحق بلیغ کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق عنبر ۵ تولہ یا عرق ماء اللحم ۵ تولہ سے باقاعدہ استعمال کریں۔ وقتی فائدہ کے لئے دو گولیاں دو ساعت پیشتر ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔ اور اوپر سے پان کا بیڑہ کھائیں۔ دوران استعمال میں غذا مرغن کھائیں اور ترش و گرم و دیگر تیل کی بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

حکیم محمد عزیز صاحب عزیز ہنگو بازار کوہاٹ شہر

(۱۲۳) سفوف البقر، کھانسی ہر قسم زکام نزلہ، ضیق النفس کے لئے آب حیات ہے۔ نیز ہر قسم کے درد معدہ کے لئے تیر بہدف ہے اور ہر قسم کے اوجاع مفاصل کے لئے اکسیر ہے اوائل ذات الجنب ذات الریہ کے لئے مفید ترین چیز ہے۔ ھوالشافی افیون عمدہ ایک تولہ سفوف پوست بیخ مدار سایہ میں خشک شدہ ۱ تولہ۔ شورہ قلمی عمدہ ۶ تولہ سب کا باریک سفوف بنا لیں

خوراک ۲ سے ۵ رتی تک چاۓ یا سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ بچوں کے لئے خوراک حسب العمر کم و بیش دیں۔

شاہی حکیم لالہ سری رام صاحب دوساجھ کائیں نور ضلع انبالہ

(۱۲۴) اکسیر سوزاک، سوزاک کیلئے تیر بہدف ہے ھو الشافی، چوب چینی۔ ریوند چینی۔ کباب چینی۔ دار چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ کیکر کی پھلی۔ ست سلاجیت، ست بیروزہ، مصطگی رومی۔ بورہ صندل سفید خالص شورہ قلمی۔ جواکھار۔ کشتہ قلعی ہر تولہ تولہ کوٹ کر روغن صندل قسم اعلیٰ ۲ تولہ ملا کر چرب کر کے محفوظ رکھیں۔ خوراک ۳ ماسہ صبح ۳ ماسہ شام ہمراہ شیر تازہ۔

حکیم کیسر داس صاحب حکیم حاذق کیسر اوشدھالیہ ساہیوال ضلع شاہ پور

(۱۲۵) افزائش شیر و قوت باہ، عورتوں کا دودھ بڑھانے کیلئے اکسیر چیز ہے۔ بہت عورتوں کا علاج کیا گیا سو فیصدی فائدہ ہوا۔ اور قبض کشا بھی ہے۔ اور قوت باہ کے واسطے بھی عجیب الاثر ہے ھو الشافی مغز بادام۔ زیرہ سفید۔ چہار مغز سب تولہ تولہ مغز پستہ ۶ ماسہ۔ سونف ۶ ماسہ۔ زعفران ۴ رتی۔ الائچی خورد ۲ ماسہ دودھ آدھ سیر سب چیزوں کو بطور سردائی گھوٹ کر چھان کر دودھ ملا کر آگ پر چڑھاویں۔ جب تیسر احصہ دودھ رہ جائے۔ تو نیچے اتار کر قدرے شیریں کر کے عورت کو پلاویں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو آگ پر نہ چڑھائیں۔ عجیب چیز ہے۔

مسیح الغربا حکیم دیوان چندن لعل صاحب سہگل مضطر پشاور

(۱۲۶) حبوب طحال، اس کے استعمال سے برسوں کی بڑھی ہوئی طحال ٹھیک ہو جاتی ہے ھو الشافی خر مہرہ زرد ۲ تولہ کو تیزاب گندھک ۳ تولہ میں نرم نرم آگ پر پکائیں۔ دو تین گھنٹہ میں کوڑیاں کشتہ ہو جاویں گی۔ بعد ازاں نوشادر، قلمی شورہ۔ سہاگہ بریاں۔ سوڈا خوردنی سب ۲، ۲ تولہ ایلوا ۱ تولہ سب کو باریک کر کے ملا کر نخودی گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ تازہ پانی۔

ویدکوبراج پنڈت دلیشراج صاحب شاستری وید بھوشا آیورویدک فارمیسی سرگودھا

(۱۲۷) اکسیر ہیضہ، ہیضہ کے واسطے بہت عمدہ دوائی ہے ھو الشافی ہیرا ہینگ، مرچ سرخ۔ افیون ہر ایک تولہ تولہ سب کو عرق لیموں میں چار پہر کھرل کرکے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بناویں خوراک ایک گولی ہمراہ عرق سونف یا تازہ پانی سے دو دو گھنٹہ کے بعد دیں۔

احسن الاطبا حکیم سید اسماعیل احسن صاحب عیش بڑا دواخانہ رنگون

(۱۲۸) حب مقوی باہ، نہایت درجہ کا مقوی نسخہ ہے۔ ھو الشافی قرنفل، مالکنگنی، اندرجو کلونجی مصطگی۔ بہمن قسط تلخ، لبسباسہ تخم جوز ماثل۔ عقرقرحا، خراطین، عروسک۔ جندبیدستر سب نو نو ماسہ دار چینی، ۶ ماسہ ریگ ماہی ۲ ماسہ بلادر ۲ ماسہ شک ۲ رتی تمام ادویہ کو باریک کرکے ایک ایک ماسہ کی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

زبدۃ الحکما حکیم خدا بخش صاحب پرنسپل یونانی میڈیکل سکول ملتان شریف

(۱۲۹) اکسیر ککرہ، نہایت مفید و مجرب ہے ھو الشافی افیون ۱ ماسہ زعفران ۱ ماسہ زنگار سرمہ سیاہ، سمندر جھگ، لونگ، سونا مکھی، روپا مکھی۔ سبز کا بچ سب تین تین ماسہ، کشتہ جست ۵ تولہ سب باریک کرکے سرمہ بناویں۔ اور سلائی کے ساتھ آنکھوں میں لگاویں۔

شفاء الہند حکیم محمد رحمت علی صاحب ہمایوں زبدۃ الحکما لائل پور

(۱۳۰) تریاق دمہ، پرانے سے پرانے دمہ اور ضیق النفس کے واسطے شرطیہ علاج ہے ھو الشافی جنگلی گیدڑ تماکو کی جڑھ کا چھلکا ایک پاؤ، ناگردون کے تنہ کا چھلکا ۱ پاؤ۔ ملہٹھی ۲ تولہ پوست بیخ کنیر ۲ تولہ بیخ کنڈیارہ ۵ تولہ تمام ادویہ کو تین سیر پانی میں جوشدیکر ست نکالیں۔ پھر اس ست میں ۲ تولہ نبات سفید بھی شامل کرلیں۔ پس تیار ہے (ترکیب استعمال) پہلے دو روز مریض کو نرم غذا دیتے رہیں۔ پھر صبح کے وقت ۳ ماسہ سے ۶ ماسہ تک حسب طاقت مریض کو دیں۔ اور حقہ نوشی کے لئے کہیں پہلے

منہ سے گندہ لعاب نکلے گا۔ پھر کھلکر قے آویگی۔ اسی طرح تین دن استعمال کرائیں۔ تمام منجمد اور خشک بلغم اندر سے خارج ہوجائیگا۔ مریض کلی طور پر صحت یاب ہوجائے گا۔

افسر الاطباء حکیم ظہور الحسن صاحب وائس پریذیڈنٹ میونسپل کمیٹی ریاست نابھہ

(۱۳۱) دوائے ممسک۔ سرعت انزال و تقویت باہ کے لئے مخصوص چیز ہے ھوالشافی، پارہ مصفی، سم الفار۔ افیون ہم وزن لیکر آٹھ پہر تک مسلسل کھرل کریں۔ تاکہ اچھی طرح یک جان ہوجاویں خوراک نصف چاول مسکہ گاؤ یا بالائی میں رکھ کر کھائیں۔ انزال میں دیر ہوجائے۔ اور جماع کرتے کرتے پیشانی پر پسینہ آجائے۔ تو کوئی ترش چیز کھالیں۔

حکیم سید محمد حیدر شاہ صاحب زنجانی ساکن دربار پیر کرم علی شاہ صاحب غوث متصل سیان ضلع سیالکوٹ

(۱۳۲) اکسیر نسیان و اختلاط عقل، مجرب المجرب اکسیر الاثر ہے، ھوالشافی مغز بادام مقشر، مغز تربوز، مغز کدو، بورا قند ہر تولہ تولہ سب کو باریک کرکے سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ ماسہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۴ تولہ دن اور رات میں تین تین بار دیں۔

حکیم ڈاکٹر سید ابراہیم علی شاہ صاحب کامل طب و جراحت ضلع منٹگمری

(۱۳۳) اکسیر چنبل۔ سو فیصدی مجرب، خواہ کتنا ہی پرانا ہو۔ اکسیر ہے ھوالشافی روغن السی ۱ پاؤ، سرد چینی ۲ ماسہ، کالی نسوار ۱ ماسہ، نیلا تھوتھا ایک ماسہ، روغن کو آگ پر گرم کریں۔ جب جھاگ مرجائے تو تمام چیزیں باریک کرکے ملاویں۔ اور نیم کے ڈنڈا سے ہلاتے رہیں۔ جب مرہم کی صورت ہوجائے، تو اتار لیں بس مرہم تیار ہے جس مقام پر چنبل ہو۔ قدرے لگادیں۔ اور پٹی وغیرہ نہ باندھیں۔ (نوٹ) تیار کرتے وقت خیال رکھیں۔ کہ آگ نہ لگ جائے۔

جناب حکیم فیض احمد خان صاحب بادوزئی حکیم حاذق قصبہ مڑل ضلع ملتان

(۱۳۴) جوہر مرکب۔ خرابی خون کے لئے مجرب ہے اور ہمارے مطب کا نسخہ ہے ھوالشافی

رسکپور۔ ہڑتال ورقی۔ دار چکنا۔ طوطیا۔ زنگار مسی۔ شنگرف رومی۔ سیماب ہر تولہ تولہ۔ سم الفار سفید ۱ ماسہ تمام ادویہ کو پہلے سرکھوکہ کے سبز یا خشک پتوں کے پانی سے پھر لیموں کاغذی کے پانی سے پھر نیم کے پتوں کے پانی سے ایک ایک پہر کھرل کر کے خشک کریں۔ اور دو ہانڈی گلی پختہ نئی میں رکھکر گل حکمت کر کے نیچے آگ چوب بیر نرش کی جلاویں۔ چار گھنٹہ تک آگ جلائیں۔ تمام جوہر اڑ جائیگا۔ بعدہٗ جوہر مذکور ۱ تولہ۔ پوٹاس آیوڈائیڈ ۸ تولہ ملا کر کھرل کریں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک برائے طبیب۔ مطابق مریض گرم مزاجوں کو مسکہ میں سرد مزاجوں کو منقہ میں استعمال کرائیں۔

حکیم ڈاکٹر موتی چند صاحب جین ایم ڈی ایچ پوسٹ بازار اندور سٹیٹ

(۱۳۵) حب بخار موسمی، مجرب المجرب ھوالشافی کونین ۲ ڈرام۔ لائیکوار آرسینی ۱ ڈرام۔ گوند حسب ضرورت ان سب کی ۴۸ گولیاں بنائیں۔ اور دن میں تین گولیاں مریض کو دیں۔ اور اوپر سے دودھ میٹھا کر کے پلائیں۔ کیسا ہی ملیریا ہو آرام ہو جاتا ہے۔ نیز بہدف ہے۔

حکیم محمد یوسف خان صاحب چک ۹۶ گ ب تحصیل سمندری ضلع لائل پور

(۱۳۶) حبوب ھمدرد، اوجاع مفاصل و اورام جگر و طحال کیلئے نہایت مفید ہے ھوالشافی صبر سقوطری۔ سہاگہ۔ تخم البنج سفید۔ جوا کھار۔ نیم بریاں۔ مصطگی رومی محلول۔ فلفل سیاہ ہموزن الگ الگ باریک کر کے عرق گلاب میں گولیاں بقدر مونگ بناویں۔ خوراک ایک گولی سے چار گولی تک بعد از غذا دیں۔

ابوالکرم حکیم محمد ابراہیم صاحب ساکن جنڈالی ضلع مظفر پور

(۱۳۷) معجون مقوی، قوت باہ و عوارض جلق و انعلام جریان و احتلام سرعت انزال وغیرہ کے لئے مجرب ہے ھوالشافی، تج، تالمکھانہ، موصلی سیاہ و سفید۔ اٹنگن۔ ستاور، شقاقل مصری۔ بہمن سرخ و سفید۔ بیج بند۔ بیخ کونچ موچرس۔ مغز پنبہ گوکھرو۔ الائچی خورد، مغز کدو۔ بھنگرہ سفید، تخم کھنگ ہر تولہ تولہ۔ الائچی کلاں۔ دار چینی۔ بوہلی۔ ثعلب مصری، طباشیر، تز پلہ ہر دو دو تولہ مغز بادام مقشر ۳ تولہ عسل خالص ۱ سیر سب ادویہ کو باریک کر کے عسل ملا کر معجون بناویں۔ خوراک ۶ ماسہ سے ایک تولہ تک

ہمراہ شیر گاؤ بقدر ے ایک پاؤ کے استعمال کرائیں۔

حکیم ملک محمد حیات صاحب تابت خانگی ہیڈ ورکس ضلع گوجرانوالہ

(۱۳۸) اکسیر خاص، یہ اکسیر آتشک سوزاک نامردی کے لئے مجرب المجرب ہے، ھوالشافی شنگرف، ہڑتال، گندھک آملہ سار پارہ مصفیٰ ہر تولہ تولہ۔ اول پارہ اور گندھک کو تین گھنٹہ کھرل کریں پھر شنگرف ہڑتال ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں۔ اور آب پیاز کی مدد سے ایک گولی بنائیں۔ پھر مغز کول ڈوڈہ مغز ریٹھہ۔ مغز جمالگوٹہ ہر تولہ تولہ، افیون ۳ ماسہ ان سب کو شیر مدار میں حل کر کے گولی مذکور پر لیپ کر دیں، اور برگ ببول کے ۱ تولہ نغدہ میں لپیٹ کر ایک کڑاہی میں ریت بھر کر درمیان میں گولی رکھ دیں اور ریت کے اوپر چند دانے جوار کے رکھ دیں۔ اور نیچے آگ جلائیں۔ جب دانے جوار کے بریاں ہو جاویں تو آگ بند کر دیں۔ جب سرد ہو جاوے۔ تو گولا نکال لیں۔ کشتہ شدہ گولی باریک کریں۔ خوراک ایک چاول سے ۲ چاول تک مکھن ۵ تولہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ دوران استعمال میں گھی دودھ بکثرت استعمال کرائیں تیل، ترشی، جماع اور سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز۔

حکیم مولوی ناصر الدین صاحب حاذق ساکن بستی سنواں ضلع فیروزپور

(۱۳۹) اکسیر نامردی ھوالشافی ہڑتال ورقی۔ گندھک آملہ سار۔ شنگرف رومی، سم الفار، بشیں بلیلہ۔ بلیلہ۔ مرچ سیاہ، زنجبیل ہر ایک چھ چھ ماسہ سب چیزیں باریک کر کے آب ادرک میں گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ۱ گولی بوقت صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں خاص الخاص نسخہ ہے۔

حکیم رمیلداس صاحب مضطر مالک شفا خانہ کلید صحت ماڑھ ضلع مظفر گڈھ

(۱۴۰) نسخہ اکسیر یہ نسخہ جملہ امراض گوش۔ مثلاً درد۔ زخم کان بہنا۔ ثقل سماعت وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔ ھوالشافی، شہد خالص، روغن بادام، گلیسرین ہر تین تین ماسہ، امرت دھارا ۱ ماسہ، تمام ادویہ شیشی میں ڈال دیں۔ ترکیب استعمال قدرے گرم کر کے کان میں ڈالدیں۔

خاندانی حکیم سید احمد علی شاہ صاحب گیلانی ساکن ماڑی بوچیاں ضلع گورداسپور

(۱۴۱) اکسیر چشم۔ سرخی چشم گکرہ وغیرہ کے لئے ازحد مفید ہے ھوالشافی برگ نیم سبز ۵ تولہ کو کسی سکورہ گلی میں گل حکمت کرکے ۱۰ سیر بختہ اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر راکھ کو کسی کانسی کے برتن میں ڈالکر روغن سرسوں حسب ضرورت ملاکر کانسی کے کٹورہ سے چار پہر تک سحق کریں۔ تاکہ مرہم سی تیار ہو جاوے۔ پس تیار ہے سلائی سے صبح شام آنکھوں میں لگاویں۔ اور ۱ گھنٹہ کے بعد سرد پانی سے آنکھیں دھو ڈالیں۔ نہایت مفید نسخہ ہے۔

حکیم رام لعل صاحب وید سمندری ضلع لائل پور

(۱۴۲) اکسیر گردہ ھوالشافی رائی ۳ ماسہ سرکہ انگوری خالص ایک تولہ رائی کو کھرل میں ڈالکر تھوڑا تھوڑا سرکہ ڈالکر کھرل کریں۔ جب رائی اچھی طرح کھرل ہو جاوے تو تمام سرکہ ڈالکر تولہ بھر کر رکھ دیں، خوراک ۲ تولہ مریض کو پلا دیا کریں۔ ایک دو خوراک سے مرض دور ہو جاتا ہے۔ سو فیصدی فائدہ کرتا ہے۔

پنڈت ہنسراج صاحب حکیم ساکن گرمولہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ

(۱۴۳) مقوی باہ۔ یہ نسخہ تقویت باہ، گردہ درد کمر اور نامردوں کے واسطے اکسیر ہے ھوالشافی دارچینی بہمن سفید، شقاقل، تخم قلمی ہر ایک تولہ تولہ پانچ پانچ ماسہ، چار چار رتی، ناگرموتھہ بالچھڑ، بلیون ہر ایک ۱۰ ماسہ ریگ ماہی مغز کنجشک نر ہر دو دو تولہ گیارہ گیارہ ماسہ، مغز چلغوزہ مغز پستہ ہر تولہ تولہ پانچ پانچ ماسہ چار چار رتی زعفران ایک تولہ سب کو الگ الگ کوٹ کر چھان کر قند سفید نیم سیر کا قوام کرکے ملاکر معجون بنالیں، سرد کر کے چینی کے برتن میں رکھ دیں۔ خوراک ۴ ماسہ روزانہ بوقت صبح نہار منہ کھایا کریں۔ ہمراہ دودھ گاؤ شیریں کے غذا مرغن کھائیں۔

حکیم گوربچن سنگھ صاحب اے وی سی سہاگا گاہ منڈی ریاست پٹیالہ

(۱۴۴) اکسیر برائے گنٹھیا، گنٹھیا، اور جوڑوں کے درد کے لئے اکسیر ہے، نیز کھانسی بدہضمی قوت باہ

قبض، بندش حیض درد کمر وغیرہ کے لئے بھی مجرب ہے۔ ھوالشافی، کچلہ مدبر ۳ تولہ، بیش مدبر شنگرف رومی شدہ، ایلوا مصفیٰ مرزنج سیاہ ہر ایک تولہ تولہ سب کو باریک کر کے ادرک کے رس میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک سے دو گولی تک قدرے گرم دودھ کے ہمراہ دن میں دو بار استعمال کریں۔ اگر مرض پرانا ہے تو راسن کے جوشاندہ سے دیں۔ شفا ہوگی۔

ڈاکٹر و حکیم رام چند صاحب حاذق ساکن اوکھہ مطلب ہاؤس چوراله ضلع میانوالی

(۱۴۵) نسخہ اختناق الرحم، سو فیصدی مجرب ہے ھوالشافی زعفران کشمیری ۳ رتی جند بیدستر ۲ رتی اجوائن خراسانی ۵ ماشہ چھڑ کالی ۵ ماشہ انگوزہ ۳ ماشہ سب کو ۹ چھٹانک پانی میں گھوٹ کر جوش دیں۔ جب ۵ چھٹانک پانی رہ جاوے تو اتار لیں۔ مگر جوش دیتے وقت انڈی کا منہ بند کر کے رکھیں۔ بعد چھانکر دو دو تولہ دو دو گھنٹہ کے بعد پلائیں۔ سخت سے سخت دورہ بھی رک جائیگا۔ مجرب ہے۔

شفاء الہند حکیم دین محمد صاحب چک ۱۱ ج ب دھنولہ ضلع لائلپور

(۱۴۶) اکسیر فالج، تنقیہ کے بعد فالج کے لئے اکسیر ہے علاوہ ازیں ریاحی دردوں کے لئے بھی اکسیر ہے سینکڑوں بار کا مجرب ہے۔ ھوالشافی، بیش مدبر ۱ ماشہ، سیماب مصفیٰ ۹ ماشہ، سیسہ ۹ ماشہ کچلہ مدبر ۱۰ ماشہ، زنجبیل ۶ ماشہ جائفل ۶ ماشہ زعفران ۳ ماشہ فلفل دراز۔ مالکنگنی، آملہ سار، سہاگہ بریاں ہر تولہ تولہ۔ مرچ سیاہ ۷ تولہ خرمہرہ زرد سوختہ ۱۱ عدد، آب ادرک ۵ تولہ آب کیلہ ۵ تولہ، سیماب سیسہ کو عقد کریں، دوسری دوائیں کوٹ چھان کر سب کو آب ادرک میں کھرل کریں۔ اسکے بعد آب کیلہ میں ۲۴ گھنٹہ کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ موٹھ بنا کر سایہ میں خشک کر کے رکھ لیں۔ خوراک ایک گولی پان میں رکھکر رات کو سوتے وقت متواتر ۲۱ یوم تک کھلائیں۔ اور دن میں کھانا کھانے کے بعد آب ادرک دو تین ماشہ ایک پاؤ دودھ میں ملا کر پی جائیں۔ جو مریض پان نہ کھا سکے وہ آب ادرک سے استعمال کرے۔ دوران استعمال میں معمولی سا مسہل بھی دے دیں۔

ایم کرم عظیم صاحب مالک دوا خانہ عظیم الفوائد محلہ نوگزہ شہر ٹھٹھہ

(۱۴۷) اکسیر امراض سوداوی، آتشک، داد چنبل بواسیر خارش کے دفعیہ کے لئے سو فیصدی مفید ہے۔ ھوالشافی۔ جما لگوٹہ کا مغز پنبہ برآوردہ۔ مغز تخم ارنڈ۔ گولا کہنہ۔ ہر تولہ تولہ تینوں کو اس حد تک کھرل کریں کہ روغن چمکنے لگے پھر آہنی کڑچھی میں ڈالکر آگ پر رکھیں اور لکڑی سے ہلاتے رہیں جب دوا جلنے کے قریب ہوجائے۔ اور اس میں سے دھوآں اٹھنے لگے تو عقرقرحا ۲ ماسہ سفوف کر کے شامل کردیں۔ اور آگ پر ہی خوب ملائیں پھر باریک کپڑے میں ڈالکر پوٹلی سی بنالیں۔ اور کسی ذریعہ سے دباکر روغن نکال کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک چند قطرے بتاشہ میں ڈالکر کھلادیں تاکہ روغن حلق میں نہ لگے۔ حلق میں لگ جائیگا۔ تو قے ہوجائیگی۔ دوا کا اثر زائل ہوجاویگا۔ اگر اسہال زیادہ آجائیں اور مریض کو کمزوری معلوم ہونے لگے تو دہی یا غذا کھلادیں۔ اسہال بند ہوجائینگے۔ اگر مریض کمزور ہو۔ تو اس کو ایک دو دن کے وقفہ سے دوائی دیتے رہیں۔ غذا ایام مسہل میں صرف خشکہ اور دہی ہے، پرہیز شیرینی، نمک، مرچ سرخ سے

حکیم حاجی نبیر بخش صاحب شمسی ایل ڈی ایس ڈیرہ غازیخان

(۱۴۸) سنون شمسی، دانتوں اور ڈاڑھوں کے اکثر امراض کو دور کرتا ہے اور دانتوں کو صاف کرتا ہے ڈاڑھ کے درد کو مستقل فائدہ کرتا ہے ھوالشافی، پوست مغیلاں ۴ تولہ۔ سنگجراحت سوختہ۔ نمک، پت پاپڑہ۔ چھالیہ ہر تولہ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ ماسہ زنجبیل ۱ ماسہ۔ پھٹکڑی بریاں۔ گل انار پوست انار ہر دو دو تولہ۔ قرنفل ۳ ماسہ، الائچی خورد ۶ ماسہ پوست بادام سوختہ ۲ تولہ باریک کر کے بطور منجن استعمال کریں۔

حکیم پنڈت لچھمنداس صاحب حاذق سانہ وال ضلع لدھیانہ

(۱۴۹) کثرت طمث، جاری خون کو فوراً بند کرتا ہے، نہایت سریع الاثر، سو فیصدی کامیاب بلا ضرر۔ ھوالشافی، عرق گوگرد (سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ) دس قطرہ لے کر ایک اونس پانی میں شامل کر کے پلائیں۔ دن میں تین چار خوراک استعمال کرائیں۔

حکیم محمد اشرف صاحب ساکن وڑپائٹ متصل میانہ گوندل ضلع گجرات

(۱۵۰) سفوف چہار واطفال، مجرب تیر بہدف هو الشافی، برگ چنبہ، برگ آڑو، کشتہ فلفل سیاہ۔ نوشادر کانی۔ مساوی الوزن کوٹکر سفوف بنائیں۔ خوراک ایک چٹکی خفیف دو انگشت کی، بڑے بچے کو تین انگشت کی ہمراہ شیر مادر کھلائیں۔ مجرب نسخہ ہے۔

مولانا حکیم محمد صادق صاحب حاذق خاندانی طبیب شہر سیالکوٹ

(۱۵۱) اکسیر طحال۔ کہنہ سے کہنہ عظم طحال کے لئے اکسیر ہے اور نفخ معدہ، درد معدہ وغیرہ الغرض جملہ امراض معدہ کے لئے بھی اکسیر ہے یہ نسخہ قابل اندراج قرطاس بیاض قلوب حذاق ہے، ا نی جربت علی الف من ضاء الطحال فوجدته کذلك، هو الشافی تنکار، شورہ، صبر زرد، نمک سیاہ، جواکھار، لوٹہ کھار، شحم حنظل، پوست ہلیلہ زرد، فلفل دراز، فلفل سیاہ، نوشادر تولہ تولہ لے کر کوٹ چھانکر تین روز گنوار گندل کے رس میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر سرکہ انگوری سے ایک ہفتہ کھرل کرکے کنار برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ آب چاہ۔

حکیم خواجہ غلام محی الدین صاحب اینڈ سنز حیدری مرچنٹس چکار کشمیر

(۱۵۲) سرمۂ حیدری، آنکھوں کی جملہ امراض کیواسطے مفید ہے هو الشافی سرمہ سیاہ مصفے ۱ تولہ، مرجان سرخ ۱ ماسہ مروارید ناسفتہ ۱ ماسہ ورق نقرہ ۷ عدد، ورق طلاء ۳ عدد۔ کشتہ جست ۴ رتی، کباب چینی ۴ رتی۔ کافور بھیم سینی ۱ رتی۔ سب کو کوٹ کر عرق بادیان سبز پاؤ بھر عرق گلاب دو آتشہ پاؤ بھر میں کھرل کرلیں۔ سرمہ تیار ہے۔ رات کے وقت صرف ایک سلائی آنکھوں میں لگاویں۔ جملہ امراض چشم دور ہوجاتے ہیں۔

حکیم قاضی حمید احمد صاحب ساکن سندر چک پوربیاں ڈاکخانہ روٹ مہرہ ضلع گوجرانوالہ

(۱۵۳) حب پیچش ہر قسم پیچش نئی اور پرانی میں نہایت مفید ہے هو الشافی مصطگی رومی

شنگرف رومی، جدوار، افیون ہر ایک چھ چھ ماسہ۔ سہاگہ سفید ۱۰ ماسہ سب ادویہ کو باریک پیسکر ماش کے برابر گولیاں بنائیں۔ ترکیب استعمال۔ روغن بیدانجیر کا مسہل کرانے کے بعد ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت انار یا شربت انجبار یا تازہ پانی کے استعمال کریں۔

ابوخلیفہ حکیم مولوی منظور احمد صاحب مہجوری چشتی حیدری ملہالوی ضلع جہلم

(۱۵۴) اکسیر مشکلکشا، دافع قبض، رنج شکن، مقوی جگر، مصلح طحال۔ مقوی معدہ، ہاضم طعام دافع ہیضہ و بدہضمی، و فواق، فم معدہ کا درد و مشتہی خصوصاً تلی و جگر بسبب صفرا و سودا متحجر و متورم ہوں، یا ریح کے سبب سوج گئے ہوں۔ اور درد کرتے ہوں۔ یا کمی خون کے سبب کمزور ہو گئے ہوں اور استسقا و سوء القنیہ کا خوف ہو۔ تو بے شبہ انشاء اللہ تعالےٰ با پرہیز استعمال کرنے سے اکسیر ثابت ہو گی۔
ھوالشافی نوشادر ۵ تولہ سہاگہ دو تولہ مصبر ریوند خطائی سوڑا خوردنی آملہ سار کشتہ فولاد ہر ایک تولہ تولہ گودہ کنوار گندل اسیر عرق پودینہ ا پاؤ عرق سونف ا پاؤ عرق الائچی سفید ۵ تولہ سب دوائیں دو بڑی بوتلوں میں بھر کر دھوپ میں رکھیں جب تمام ادویہ حل ہو جاویں۔ تو قرع انبیق سے عرق کشید کریں۔ خوراک اتولہ مناسب موقع و محل استعمال کریں۔

ممتاز الاطباء حکیم مولوی محمد امیر علی شاہ صاحب سید جیلانی شہر میانوالی

(۱۵۵) معینِ حمل، نہایت مفید اور سینکڑوں مرتبہ کی تجربہ شدہ دوا ہے۔ بنا کر فائدہ حاصل کریں۔ ھوالشافی۔ لونگ نر ۴ عدد، کستوری خالص، افیون اصلی مدبر، زعفران اعلےٰ۔ جوز بوا بھنگ مدبر ہر ایک ماسہ ماسہ، چھالیہ گجراتی ۳۰ عدد، قند سیاہ کہنہ ۳۰ ماسہ کوٹ پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں۔ بعد ایام حیض اول روز سے ایک گولی شروع کریں۔ تین روز کھائیں رات کو روزانہ ہمبستری کریں۔

پنڈت راجن دلو صاحب شرما ویدساکن بلوٹ شریف ضلع ڈیرہ اسمعیلخان

(۱۵۶) اکسیر بکسیر، سہل الحصول سو فیصدی مجرب ھوالشافی دال نخود ۶ ماسہ، شیر گاؤ ۳ تولہ شکر سرخ ۶ ماسہ بوقت شب دال کو شیر میں ڈال دیں۔ صبح نہار منہ دال خوب باریک کر کے شکر ملا

کر چاٹ لیں۔ نکسیر بند ہو جائیگی۔ اگر دو روز استعمال کریں تو ایک سال نکسیر نہ آئے گی۔ جتنے کہ جتنے روز استعمال کرتے رہیں ان سے ایک سال کم عرصہ تک نکسیر بند رہے گی۔ مجرّب ہے۔

حکیم ڈاکٹر گوری لعل صاحب جین ایم ڈی ایچ بازار گورا کنڈ اندور سٹیٹ

(۱۵۷) اکسیر سوزاک، سوزاک نئے اور پرانے کیلئے از حد مفید ہے۔ ھوالشافی، سلاجیت لوبان سفید، بیروزہ سفید، موصلی سفید ہر تودہ تولہ آملہ ۶ ماسہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماسہ، نبات سفید ۵ تولہ سب کو کوٹ چھان کر ۳ ماسہ ہمراہ دودھ گائے صبح شام استعمال کریں، عجیب الاثر ہے۔

طبیب خاندانی حکیم جوگندر پال صاحب مالک دار الشفا روپڑ ضلع انبالہ

(۱۵۸) نسخہ بواسیر خونی، مجرب ہے ھوالشافی تخم مولی، تخم کوکنج، اسگند ناگوری، رسوت کتھ پاپڑا، کٹرا چھال، ناسپال ہر ایک تولہ تولہ مغز تخم نیب ۲ تولہ، سرکہ تخم لکائن ۵ تولہ۔ شہد اصلی ۵ تولہ تمام باریک کرکے چھ چھ ماسہ کی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ کچی لسی شیر گاؤ استعمال کریں۔ لال مرچ، تیل میٹھا خام اور ترشی وغیرہ سے پرہیز۔

حکیم محمد نواز خان صاحب ساکن موسیٰ خیل ضلع میانوالی

(۱۵۹) کشتہ طلاء، مقوی باہ ومحرک باہ و تقویت اعضاء رئیسہ کیلئے بے عدیل ہے تجربہ شدہ ہے ھوالشافی ورق طلاء ۱ تولہ سیماب ۱ تولہ دونوں کو ۳ گھنٹہ عرق جوالائی خار دار میں سحق کرکے دو سمپٹ میں بند اور گل حکمت کرکے ایک سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح عرق میں کھرل کرتے جائیں اور آگ دیتے جائیں۔ ایک سو ایک آگ پوری کریں۔ سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔ پہلی خوراک سے اثر ظاہر کرتا ہے اسکے بعد مقویات کی ضرورت ہرگز نہیں رہتی۔ خوراک نصف چاول ۲ تولہ مسکہ میں استعمال کریں۔

حکیم دیوان درگا داس صاحب کپور پروفیسر ایم آئی آئی ایم سی گوجرانوالہ

(۱۶۰) نسخہ برائے جملہ امراض گوش، مجرب اکسیر ہر ایک بیماری کان کے لئے نہایت مفید

اور فائدہ مند ثابت ہوچکا ہے ھوالشافی، مولی خشک ۲ تولہ، مشک کافور ۴ ماشہ، زنن جوت ۲ ماشہ فلفل ۲ ماشہ، روغن چنبیلی ایک پاؤ۔ پہلے زنن جوت کو ۵ تولہ پانی میں بھگو دیں۔ پھر روغن چنبیلی میں ملاکر آگ پر گرم کریں۔ پھر تمام چیزوں کو نیم کوفتہ کر کے ڈال دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے۔ تو اتار کر کپڑے میں سے چھان کر رکھ لیں۔ رات کو سوتے وقت دو قطرے نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ درد، بہرا پن پھنسی وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

حکیم حاذق صوفی خدا بخش صاحب قادری سروری حکٹ ۲۹ ہیڈ آر ضلع بہا لنگر

(۱۶۱) نسخہ برائے خنازیر، ہزاروں دفعہ کا مجرب ہے ھوالشافی جنگلی چوہا سفید ایک عدد، قند سیاہ کہنہ ۱۰ تولہ، چوہے کی دم کاٹ کر آلائش سے صاف کر کے پوست کو بھی اتار دیں۔ گوشت کا قیمہ کر کے قند سیاہ میں ملاکر کوٹیں۔ جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جاوے تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں، خوراک ایک گولی سے دو گولی تک صبح شام ہمراہ آب تازہ کے استعمال کریں، پرہیز، لال مرچ اور ترش اشیاء سے،

ابو الحسنات ڈاکٹر و حکیم احمد حسین صاحب زبدۃ الحکماء فاضل طب و الجراحت طبیب ڈسٹرکٹ بورڈ لائل پور

(۱۶۲) اکسیر قوت باہ، اگر بوڑھے استعمال کرینگے۔ تو از حد قوت باہ پیدا ہوگی۔ اگر جوان کھائینگے۔ تو قوت رجولیت کمزور ہی نہ ہوگی۔ گاہ گاہ نامرد جو عنین ہو اس کو بھی فائدہ مند ثابت ہوئی ہے۔ الغرض لاکھوں دواؤں میں سے ایک دوا ہے ہر موسم اور ہر سن بلوغت کے بعد کھا سکتے ہیں۔ ھوالشافی شنگرف رومی کی ایک عمدہ سی ڈلی لے کر جو وزنی ایک تولہ ہو۔ کسی پرانے درخت مدار کی جڑ میں دے دیں۔ مندرجہ ذیل طریق سے اول جڑ میں کسی آلہ سے سوراخ کردیں۔ جو نصف جڑ تک یا کم و بیش ہو جائے اس گڑھے میں شنگرف کی ڈلی ڈالکر اوپر سے برادہ نکالا ہوا ڈال دیں۔ اور اوپر سے ماش کا آٹا پانی میں گوندھ کر چپیاں کردیں۔ اس کے اوپر ایک دھجی لپیٹ دیں۔ بعدہ پھر جڑ کے ارد گرد مٹی ڈالدیں۔ اور درخت کو کھڑا رہنے دیں۔ جب ایک سال پورا گذر جائے۔ تو جڑ کو کاٹ لیں جو پانچ انچ تک لمبی ہو جڑ کو کپڑ وٹی کر کے خشک کریں۔ جب جڑ تقریباً خشک ہو جائے پھر کسی گڑھے میں چار پانچ اپلوں میں رکھ کر کشتہ کریں، کشتہ ایک ہی آنچ میں برنگ سفید ہوگا۔ حفاظت سے رکھیں۔ خوراک ۴ چاول سے آٹھ چاول تک ہے

یا اس سے بھی کم وبیش حسب تجویز معالج ہمراہ بالائی بوقت صبح دیا کریں، یہ کشتہ علاوہ تقویت باہ اور نامردی کے دمہ کے لئے بھی اکسیر ہے نیز بلغمی کھانسی جو پرانی ہو۔ اور کسی دوائی سے فائدہ نہ ہوتا ہو اسکو بھی نہایت اکسیر ہے۔

حکیم رام لبھایا صاحب مالک چشمہ فیض نور پور سیٹھی ضلع جہلم

(۱۶۳) نسخہ برائے درد کمر، وجع المفاصل قبض وغیرہ میں مجرب ہے ھوالشافی سورنجان شیریں، سناء مکی، سونف، تخم اسپند، زنجبیل ہر دو دو تولہ، پوست ترپھلہ مغز بادام ہر تولہ تولہ زعفران ۳ ماشہ قند سفید ۱۰ تولہ سب کا سفوف بنائیں۔ خوراک ۱ تولہ صبح ایک شام ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔

فخر الحکماء حکیم غلام قادر صاحب چوہان گڑھ دیو والہ ضلع ہوشیارپور

(۱۶۴) سفوف سلیمانی، اسہال کہنہ اور سنگرہنی کے واسطے نہایت ہی اعلیٰ اور مجرب دوائی ہے ھوالشافی کوڑا سک ۵ تولہ نبپال ۵ تولہ پوست خشخاش ۲ تولہ سب کا سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ دن میں تین بار دہی میں ملا کر دیں۔ بعد ازاں دہی کی لسی پلائیں۔ (نوٹ) ہر خوراک میں کشتہ مرجان ۲ رتی ملائیں، غذا مکی کی روٹی، مونگ کی دال دہی چاول، گندم کی روٹی ہرگز نہ دیں۔

ڈاکٹر حکیم خواجہ محمد فضل الدین صاحب حکیم حاذق پڈوری گولہ ضلع اٹک

(۱۶۵) حبوب اکسیر لرزہ سے بخار آتا ہو۔ یا بغیر لرزہ کے دونوں میں نہایت مفید ہے۔ ھوالشافی زہر مہرہ خطائی۔ طباشیر کبود، دانہ الائچی خورد ست گلو اصلی ہر تولہ تولہ کونین ۳ ماشہ کافور ایک ماشہ، لعاب اسبغول کے ساتھ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک تین گولی بخار ہونے سے پیشتر تین گھنٹہ ایک ایک گولی ہر گھنٹہ کے بعد سادہ پانی یا شربت نیلوفر کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم رام لعل صاحب ورمانی وڑچھ نمک منڈی ضلع شاہ پور

(۱۶۶) پتھری توڑ، سنگ گردہ ومثانہ کے لئے تریاق ہے۔ پتھری کو چند دنوں میں ریزہ ریزہ کرکے

نکال دیتی ہے، پیشاب کھلکر آتا ہے ھوالشافی جو اکھار اصلی، کنگن کھار، شب یمانی۔ حجر الیہود، قلمی شورہ جملہ ہموزن سفوف سازند۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری یا لسی خام۔ پرہیز کھٹائی، تیل و ترشی و ثقیل غذا سے۔

حاذق الاطبا حکیم سید شہباز علی صاحب نجانی ساکن سیابان ضلع سیالکوٹ

(۱۶۷) **عقر کا مشترک علاج**، سو فیصدی مجرب نسخہ ہے جس سے بفضل تعالےٰ سینکڑوں ویران گھر اولاد سے شاداب ہوگئے ہیں۔ ھوالشافی آب اکاس بیل ۲ تولہ رگڑ کر روزانہ بوقت بارہ بجے تین دن تک پلاتے رہیں۔ اور اس دوران کے استعمال میں ایک بجے ایک رتی کشتہ قرن ایل، ایک رتی نیا نشہ میں ڈالکر شیر گاؤ شیریں کے ساتھ تین دن تک دیں۔ تین دن کے بعد مندرجہ ذیل نسخہ مرد عورت دونوں کو شروع کرادیں ھوالشافی ناریل دریائی ۱۰ تولہ، طباشیر ۱ تولہ، الائچی خورد ۲ تولہ، تالمکھانہ پروردہ شیر بز ۱۰ تولہ مغز بادام مقشر ۲۰ تولہ برادہ بیخ نرٹ، برادہ بیخ بھنڈی توری۔ مصری کوزہ، ڈاہڑی پیپل ہر پانچ پانچ تولہ سب کا سفوف بنالیں خوراک ۱ تولہ علی الصبح ہمراہ شیر گاؤ ۴۱ خوراکیں مرد کو اور ۴۱ خوراکیں عورت کو استعمال کرائیں۔ ہر دو دن کے بعد مجامعت کریں۔ پرہیز ہر قسم کے نباتاتی روغن، گرم ترش اور بادی اشیاء سے۔ (نوٹ) طہارت کے بعد فوراً نسخہ شروع کرایا جاوے، بفضل خدا پہلے ماہ عورت حاملہ ہو جاوے گی۔

ڈاکٹر شیخ ابراہیم صاحب ساکن نانو درنالو کا دھولکا ضلع احمد آباد

(۱۶۸) **اکسیر عصابہ و شقیقہ** بارہا کا آزمودہ و تجربہ شدہ ھوالشافی کشنیز خشک ۶ ماشہ اسطخودوس ۶ ماشہ فلفل سیاہ ۶ عدد پانی میں گھوٹ کر طلوع آفتاب سے پہلے پلائیں بعد مصری کی ڈلی کھلائیں۔

حکیم محمد انور خان صاحب ساکن ڈرو تحصیل میرپور ضلع کراچی

(۱۶۹) **اکسیر نامردی**، یہ نامردی کے علاوہ قوت باہ کے جملہ امراض عصبی و بلغمی، اوجاع مفاصل و نقرس و عرق النساء کہنہ وغیرہ پر بارہا تجربہ رسیدہ ہے قابل اعتبار۔ ھوالشافی سم الفار سفید

کو دس تولہ آب برگ کریلہ میں کھرل کریں۔ بعد خشک ہونے کے آب لہسن ۱۰ تولہ میں کھرل کریں۔ اور بقدر دانہ ماش گولیاں بنائیں۔ خوراک ا گولی ہمراہ مسکہ گاؤ۔ بعد از ناشتہ مرغن۔ ہر امراض میں مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں۔

حکیم قاضی قادر بخش صاحب قریشی ضد لقی ساکن صوبو دیرہ ریاست خیرپور

(۱۷۰) **نسخہ بواسیر خونی مجرب** ھوالشافی رسونت، مصبر، تخم لکاٹن، ہلیلہ خورد، آملہ بلیلہ، گوگل ہر تولہ تولہ، مویز منقی ۱۰ تولہ، تخم نیم ۲ تولہ اول گوگل کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ اور منقی کو صاف کر کے ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ دوسری دواؤں کا سفوف کر کے ملاویں۔ اور کوٹیں حب بنانے کے قابل ہو جاوے تو نخود برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ۱۵ حب روزانہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ دو ہفتہ تک استعمال کریں۔

حکیم شیخ عبد اللطیف صاحب چشتی جالندہری ایڈیٹر اخبار فرشتہ موگہ ضلع فیروزپور

(۱۷۱) **نسخہ برائے درد سر قسم** ہر قسم، درد سر خواہ کہیں ہو۔ مثلاً رنگیھن درد کمر درد سر وغیرہ کے واسطے مجرب ہے۔ ھوالشافی پھٹکڑی سفید بریاں، لوبان کوڑیہ ہم وزن باریک کر کے گولیاں بقدر بیر جنگلی بناویں خوراک ۲ گولی چائے یا دودھ سے شدت مرض میں ایک شام کو بھی دیں چند روز میں آرام ہو جاتا ہے۔

حکیم حافظ حاجی سید محمد عتیق القادر صاحب چشتی قادری تجارہ ریاست الور راجپوتانہ

(۱۷۲) **ضماد نافع طحال**، ورم طحال، عظم طحال کے لئے اکسیر الاثر سو فیصدی مجرب، چالیس سال سے معمول مطب ہے ہزاروں مریضوں پر تجربہ میں بے خطا ثابت ہوا ھوالشافی اشق ۸ تولہ صمغ عربی ۳۔ ماسہ زراوند مدحرج ۷۔ ماسہ کتیرہ سفید ۳۔ ماسہ سب کو سادہ پانی میں پیس کر لیپ بنالیں۔ باریک کپڑا تلی کے برابر قینچی سے کتر کر لیپ لگا کر اس کو دوسری طرف سے گرم توے پر ذرا گرم کر کے فوراً طحال پر چپکا دیں۔ پھر اوپر سے سینکیں تاکہ وہ خشک ہو جائے جس قدر ورم طحال کم ہوتا جائے گا۔ اس قدر کپڑا خود بخود اترتا جائے گا۔ اس کو قینچی سے کترتے جائیں۔ ایک بار لگانے سے آرام ہو جائیگا۔ اگر ورم زیادہ ہے اور کہنہ ہے۔ تو ایک بار اور لگا دیں۔

حکیم مفتی مولوی محمد ابراہیم صاحب ساکن جوڑہ جھبراں ضلع گوجرانوالہ

(۱۷۳) طلاء مجلوق، مجرب المجرب ہے۔ ھوالشافی مرغ سیاہ جوان جسنے ابھی جفتی وغیرہ نہ کی ہو ذبح کرکے خون لیں۔ اور جوان گدھے کا پیشاب ہموزن خوب اچھی طرح ملائیں۔ ترکیب استعمال، مرد کو لٹا کر قضیب پر لگائیں۔ اور خشک کریں۔ اس لیپ میں سوزش ہوگی۔ اور ساتھ ہی آماس بھی، اس کا فکر نہ کریں۔ اسکے اوپر دوسرا لیپ کریں۔ اس میں کم سوزش ہوگی۔ اسکے خشک ہونے پر تیسرا لیپ کردیں۔ اس دفعہ کچھ بھی نہ ہوگا۔ شہوت غلبہ کریگی۔ مگر اسدن جماع سے پرہیز کریں۔ دوسرے دن مشغول ہوویں۔ انشاء اللہ یہ ہی لیپ کافی ہے۔ جوگیوں کا نسخہ ہے۔

حکیم محمد بشیر احمد صاحب چک ۵۰۲ گ ب ضلع لائل پور

(۱۷۴) تریاق خناق، اکسیری صدری سینکڑوں برس سے ہمارے خاندان میں مجرب چلا آتا ہے۔ ھوالشافی سانپ سیاہ مردہ تازہ جو نیچے اوپر سے بالکل سیاہ ہو۔ ایک کوری ہانڈی میں گلحکمت کرکے جنگل میں تیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اور دھوئیں سے بچیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں تیار ہے۔ خوراک ایک رتی مریض کی زبان پر رکھکر اوپر سے تھوڑا شہد ڈالدیں۔ تاکہ دوا حلق میں چلی جائے۔ پھر تمام عمر خناق کی مرض نہ ہوگی۔ حیوان کے لئے بھی اکسیر ہے حیوان کو دو رتی مکھن میں دیں۔

فخر الحکماء حکیم شیخ محمد سلطان صاحب ساکن بھلیں مال اوڑہ براستہ کوہ آبو

(۱۷۵) حب جواہر شہنشاہ اعظم، تقویت دماغ وباہ کے لئے بے نظیر تحفہ ہے۔ پٹھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ فالج لقوہ اوجاع مفاصل کے لئے اکسیر ہے، مولد خون ہے اور مصفی خون اعلے درجہ کا ہے۔ آتشک سوزاک کیلئے بھی مفید چیز ہے ھوالشافی جوہر سم الفار سفید سہ بارہ انولہ کی ڈلی کو ریشمی کپڑے میں باندھکر ایک سیر آب لہسن میں پکائیں۔ جب خشک ہوجاوے تو ڈلی کو نکال کر ایک سیر لہسن کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر زعفران کشمیری۔ مروارید ناسفتہ، ورق طلاء، ورق نقرہ

ہر تین تین ماسہ اس میں ملا کر آب لہسن مقطر ایک پاؤ میں سخت بلیغ کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ شیریں۔

حکیم گوکل چند صاحب حکیم حاذق خاص سکندر آباد ضلع ملتان

(۱۷۶) سفوف مرکب، جملہ قسم اسہال بچگان خواہ سبز ہوں یا زرد مفید ہے ھوالشافی زہر مہرہ خطائی، ماجو، کشتہ گلابی۔ ناریل دریائی۔ زیرہ سیاہ زیرہ سفید۔ قاقلہ صغار، طباشیر۔ ست گلو۔ جملہ ہم وزن سفوف بنائیں۔ ڈیڑھ سال تک بچہ کو نصف ماسہ تین سال تک بچے کو ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ جماع سے سخت پرہیز۔

فخر الحکما حکیم عبد المالک صاحب مالک شفاخانہ احمدیہ ساکن بھورابیٹی ضلع ڈھاکہ بنگال

(۱۷۷) طلاء نامردی۔ عضو مخصوص کی تمام کمزوریوں کو دور کرتا ہے ھوالشافی جونک مصفی خراطین مصفے، بیر بہوٹی ہر چھ چھ ماسہ ہر سہ کو روغن زیتون خالص ۲ تولہ میں جلا کر چھان لیں۔ پھر شراب برانڈی ۵ تولہ ملا کر شیشی میں رکھیں ترکیب استعمال رات کو سوتے وقت حشفہ سیون چھوڑ کر عضو مخصوص پر خوب مالش کر کے بنگلہ پان یا ارنڈ باندھیں۔

حکیم غلام رسول صاحب حاذق ساکن سپرا ضلع گجرات (پنجاب)

(۱۷۸) حبوب دافع بواسیر، خونی و بادی کے لئے مفید ہے ھوالشافی مغز تخم لکائن ۱ تولہ، مغز تخم اندرائن ۱ تولہ، اجوائن خراسانی ۶ ماسہ۔ تخم گندنا ۶ ماسہ رسونت مصفی ۱۔ تولہ صبر سقوطری ۱۔ تولہ تمام دوائیں الگ الگ باریک کر کے پانی کے ساتھ نخودی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی کیساتھ نگل لیا کریں۔ اور ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر مسوں پر لگاویں۔ مجرب ہے۔

حاذق الحکماء حکیم حاجی مولوی تاج الدین صاحب ساکن دھریمہ ضلع شاہ پور

(۱۷۹) سفوف مصفی اعظم مقوی معدہ و جگر ہے۔ مصفی خون اعلیٰ درجہ کا ہے۔ اور دافع ریاح

مجھی ہے۔ اکسیر الاثر معمول مطب نسخہ ہے ھوالشافی آملہ سار ۵ تولہ کو کوڑاہی یا کڑچھی میں ڈالکر پگھلا کر گائے کے دودھ آدھ سیر میں ڈالیں۔ سرد ہونے پر باریک کرکے بدستور پگھلا کر دودھ میں ڈالیں اسی طرح گیارہ بار عمل کریں دودھ ہر تین بار کے بعد بدل دیا کریں۔ اسی طرح پھر گیارہ بار روغن زرد میں ڈالیں۔ پھر باریک پیس کر محفوظ رکھیں خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک بوقت صبح مسکہ میں رکھکر استعمال کریں۔

ڈاکٹر محمد سیف اللہ خان صاحب حکیم حاذق فاضل سند چک ۵۳ ش، ل ضلع سرگودہا

(۱۸۰) **حب مقوی**، ضعف باہ نامردی سستی اور جملہ امراض باردہ کو مفید ہے دمہ کو بھی دور کرتا ہے ھوالشافی سم الفار سفید، شنگرف، فلفل دراز، زنجبیل ہر تولہ تولہ آب ادرک اسیر اول سب ادویہ کو کھرل میں ڈال کر باریک کرلیں پھر آب ادرک تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ حتی کہ تمام جذب ہو جائے پھر گولیاں فلفل سیاہ کے برابر بناویں اوپر ورق نقرہ لگا کر رکھیں۔ خوراک ۱ گولی صبح ایک شام شیر گاؤ کے ساتھ کھلائیں دوران استعمال میں دودھ گھی بکثرت استعمال کریں۔

حکیم محمد عنایت علی صاحب ساکن چھمبہ خورد ڈاکخانہ نور محل جالندھر

(۱۸۱) **سفوف سنگرہنی**۔ سنگرہنی خواہ کتنی ہی پرانی ہو یہ دوا سو فیصدی مجرب ہے۔ نئے دستوں کو ایک خوراک کافی ہے ھوالشافی کوڑا اسک ۵ تولہ گوند کیکر ۲۔ تولہ باریک سفوف بناویں۔ خوراک ۱ ماسہ سے تین ماسہ تک ہمراہ لعاب چاول غذا صرف دہی چاول،

فخر الحکماء ڈاکٹر و حکیم محمد حسین صاحب چودہری بھانپورہ (اندور)

(۱۸۲) **حیرتی پڑیہ**، اکثر کئی مرتبہ پیدا ہوتے ہی بچہ نہیں روتا۔ اور تمام جسم سبز ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں دائیں بچے کو مردہ بتلا دیتی ہیں اور ایسے ہی ایسے کئی بچے حالانکہ زندہ ہوتے ہیں مگر ان کو فوراً ہی ڈھک کر رو پیٹ زیر گور کر دیتے ہیں۔ مگر نہیں اگر ایسا کوئی واقعہ آپ کے سننے میں آئے۔ تو فوراً آپ اس کو حیرتی پڑیہ کی دھونی دلوا دیجئے۔ خدا کے فضل و کرم سے بچہ کے زندہ ہونے کی گارنٹی دلواتے ہیں جسم کی سبزی زائل ہو گی بچہ فوراً رو دیگا یہ سو فیصدی مجرب ہے اور کئی تصدیقات بھی موجود ہیں ھوالشافی

کیلومل یا ہیڈ رار جرائی پر کلورائیڈ ایک مشہور انگریزی دوا ہے - جو اکثر جلاب وغیرہ میں مستعمل ہے اور اسی نام سے بڑے انگریزی دوا فروشوں سے دستیاب ہو سکتا ہے ترکیب استعمال کنڈوں کی آگ کوئلوں پر رکھکر ایک پڑیہ لفیف ماشہ ڈالکر بچے کو فوراً دھونی دلوا دیں - بس ایک ہی مرتبہ میں درست ہو جاویگا یہ ایک عجیب راز ہے جسکی واقفیت سے ہزاروں کا بھلا ہوگا -

حکیم سید محمد اسرار اللہ صاحب چک ۱۱۲ ڈاکخانہ چک جھمرہ لائل پور

(۱۸۳) اکسیر معدہ، معدہ کو قوت دیتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے اکثر امراض معدہ میں مفید ہے - ھوالشافی، گندھک آملہ سار، جوہر نوشادر تولہ تولہ لے کر مولی کے ۵ تولہ پانی میں پھر سرکہ مقطر ۵ تولہ میں کھرل کر کے رکھ لیں - خوراک ارتی واحد کھالیا کریں۔

حکیم ڈاکٹر محمد ابراہیم صاحب بیگ حنفی نقشبندی ساکن فیروز پور ڈاکخانہ مل ضلع ملتان

(۱۸۴) اکسیر ابراہیمی مغلظ تجربہ شدہ اکسیر الاثر ہے ھوالشافی کونپل برگد، بیخ کھنڈی، سپستان کبیلہ خام، شکر قند سر دو دو تولہ - تخم قلمی ۳ ماشہ تمام کوٹ کر ہموزن قند سفید ملا کر سفوف بنائیں خوراک ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ -

حکیم مولوی جان محمد صاحب حاذق ساکن اچھالہ ضلع شاہپور

(۱۸۵) حب سعال، ہر قسم کی کھانسی کیلئے مجرب ہیں حتیٰ کہ شہیقہ کیواسطے بھی نہایت مفید ہیں ھوالشافی افیون ۲ ماشہ، رُبکی ۲ تولہ دونوں کو باریک کر کے گولیاں بقدر نخود بناویں - خوراک اگولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بنفشہ -

حکیم خوشی رام صاحب ہوشیار پوری ساکن ماموتی ڈاکخانہ شاہ آباد ریاست کوٹہ

(۱۸۶) تریاق لبالی: ناشک جو انگلی یا انگوٹھا پر نکلا کرتی ہے پنجاب میں اس کو چنڈرا بھی کہتے ہیں - اسکے واسطے یہ تریاق سو فیصدی مجرب ہے ھوالشافی بانجھ ککوڑا کی تازہ جڑلے کر اسکو چھیلکر کھو کھلی کر

کے انگلی پر پالی ناشک کی جگہ چڑھادیں دو تین گھنٹہ بعد سخت درد ہوگا مگر جلدی آرام آجائیگا۔

حکیم احمد الدین صاحب کے ڈی محبت پوری متصل کھیوہ ضلع گجرات

(۱۸۷) تریاق چہار و اطفال مجرب ھوالشافی برگ نیم۔ کیسر۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ قرنفل ہر ایک ماسہ ماسہ آملہ ایک دانہ سب باریک کرکے ہمراہ آب حنا گولیاں دانہ موٹھ کے برابر بنائیں۔ خوراک ایک گولی مرضعہ کے شیر میں حلکر کے پلاویں۔

حکیم لدھارام صاحب حاذق رام بازار سرگودہا پنجاب

(۱۸۸) شربت دافع پیچش،، لاعلاج پیچش کے واسطے مفید ہے ھوالشافی۔ بہیدانہ، اسبغول عناب لسوڑیاں۔ گل نیلوفر، بنفشہ، تخم خطمی، گل خطمی ریشہ خطمی۔ سونف ہر تولہ تولہ۔ اول بہیدانہ و اسبغول کو الگ الگ پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں اور دوسری ادویہ کو پانی میں بھگو کر جوش اکرمل چھان کر لعاب حاصل کریں۔ پھر دونو لعاب ملاکر ۳ پاؤ مصری ڈالکر شربت تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ ہمراہ عرق سونف صبح وشام استعمال کریں۔

فدائے طب حاذق الحکما حکیم ڈاکٹر ہر بخش رائے صاحب خاندانی طبیب کوئٹہ

(۱۸۹) دوائے سبز، ام الصبیان۔ ڈبہ۔ سرسام۔ دردسر پیچش۔ قبض۔ قولنج۔ بدہضمی۔ اسہال وغیرہ امراض میں مجرب ہے ھوالشافی تربد مصفی۔ پودینہ باغی۔ پوست ہلیلہ زرد ہموزن باریک کرکے سفوف بناویں۔ خوراک ایک سال کے بچے کو ایک ماسہ ۲ سال کے بچے کو ۲ ماسہ علیٰ ہذا لقیاس ہمراہ عرق سونف یا شیر مادر کے استعمال کرائیں۔

حکیم جیون مل صاحب ودہوا خاندانی طبیب جسووال ضلع شاہپور

(۱۹۰) اکسیر نفث الدم، نفث الدم، کثرت طمث، اسہال خونی کیلئے مفید ہے، ھوالشافی، گیرو سنگجراحت، طباشیر۔ دانہ الائچی خورد، گلنار ہر چھ چھ ماسہ پھٹکڑی بریاں ۳ ماسہ خون سیاؤشاں ۴ ماسہ کشتہ

مرجان ۳ ماشہ۔ کہربا ۴ ماسہ سب کو مثل میدہ کے باریک کریں۔ آخر ۱۰ عدد ورق نقرہ ملا دیں خوراک ۱ ماسہ ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ صبح شام دیں۔

خلیفہ سردار علی صاحب قادری حکیم بغدادی لال کڑتی بازار راولپنڈی

(۱۹۱) حب اکسیر باہ، مقوی باہ، ممسک، مغلظ و مولد منی ہے۔ تقویت باہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے ھوالشافی پارہ ۲۰ ماسہ، گندھک آملہ سار مصفی ۱۰ ماسہ کتھ سرخ ۱۰ ماسہ۔ لونگ ۱۰ ماسہ دانہ الائچی کلاں ۱۰ ماسہ زعفران ۱۰ ماسہ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد، شہد خالص ۱۰ تولہ اول پارہ و گندھک کی کجلی بناویں اور باقی ادویہ کو باریک کرکے ملاکر حب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ۱ گولی ہمراہ شیر استعمال کریں۔

حکیم سلطان بخش صاحب انصاری ساکن کراڑی ضلع ہوشیارپور

(۱۹۲) نسخہ برائے خنازیر۔ سو فیصدی مجرب بشرطیکہ پوری شفا بخشنے والی دوا ہے ھوالشافی تھوہر ناگ پھنی کے پھول بقدر ۱ تولہ، روغن سرسوں سیاہ خالص ۳ تولہ تیل کو کسی قلعی دار برتن میں خوب گرم کریں۔ اور آگ سے اتار کر پھول مذکور نہایت باریک پیس کر قدرے گرم تیل میں خوب ملا کر رکھدیں ترکیب استعمال، دن میں دو مرتبہ تیل مذکور گلٹیوں پر مل دیا کریں۔ ایک ماہ کے اندر اندر مکمل فائدہ ہو جاوے گا۔ اور مرض دوبارہ عود نہ کرے گا۔

حکیم عبدالقادر صاحب حکیم حاذق ساکن مومن جوڑ ضلع گرداسپور

(۱۹۳) حبوب نادر، گنٹھیا کیلئے ہفت پشتی مجرب نسخہ ہے ھوالشافی تربد سفید۔ جوا کھار، سورنجاں شیریں، گوگل بھینسیا ہر ۱ تولہ تولہ مغز ریٹھ سیاہ ۲ عدد سب کو باریک کرکے منقی میں گولیاں بقدر نخود بناویں، خوراک ایک گولی صبح گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

حکیم محمد نور جمال صاحب قادری چک ۱۱۵ گ ب ڈاکخانہ گدھ ضلع لائلپور

(۱۹۴) جوہر قادری، آتشک قرحہ خبیثہ اور ناصور ہر قسم کے لئے اکسیر ہے۔ جذام تک فائدہ ہو

جاتا ہے ھوالشافی شنگرف رومی - کبریت - دار چکنہ - رسکپور - سم الفار ہر دو دو تولہ - سیماب مصفی ۴ ماسہ تمام ادویہ جو کوب کر کے ایک پیالہ گلی میں رکھکر دوسرا پیالہ اوپر دے کر بند کر کے حسب دستور جوہر حاصل کریں - تیار شدہ جوہر کو دوبارہ پیالیوں میں رکھ کر دو آتشہ کر لیں - خوراک ۲ چاول مکھن یا ملائی میں دیں -

حکیم غلام محمد صاحب ساکن کہیاں ضلع گجرات (پنجاب)

(۱۹۵) سرمہ منور العین، ضعف بصر، لگرے، دھندجالا کو نافع ہے، ھوالشافی، بورک ایسڈ کوزہ مصری، تخم نیل ہر تولہ تولہ - تخم سرس ۳ ماسہ کیلومل ۲ ماسہ سب کو باریک کر کے سرمہ بنا لیں، رات کو سوتے وقت سلائی کے ساتھ لگاویں -

حکیم تاج الدین صاحب ساکن کرولی پیراں ضلع جہلم

(۱۹۶) روغن خوردنی برائے قوت باہ، نہایت مجرب ھوالشافی بیر بہوٹی ۲ تولہ پوست بیخ کنیر سفید - لونگ - ب باسہ ہر تین تین تولہ - زعفران ۱ تولہ دار چینی نیم کوفتہ ۴ تولہ - سب کو شیر گاؤ ۵ سیر میں جوش دے کر دہی جما کر بطریق معروف روغن نکالیں - خوراک ایک ماسہ ایک پاؤ دودھ شیریں میں ڈالکر استعمال کریں - غذا مرغن -

حکیم مرید سلطان صاحب ساکن ٹھٹھیاں ڈاکخانہ گولڑہ شریف ضلع راولپنڈی

(۱۹۷) نسخہ سوزاک کہنہ، نہایت مفید تجربہ شدہ، ھوالشافی ہلدی خام ۵ سیر - شیر گاؤ میں اس قدر تر کریں کہ شیر ۲ انگل اوپر ہو - جس وقت دودھ جذب ہو جاوے - تو بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں خوراک ایک بوند سے شروع کر کے سات بوند تک لے جائیں - مسکہ کے ہمراہ -

حکیم مولوی حبیب اللہ صاحب ساکن جگراؤں ضلع لودھیانہ

(۱۹۸) سفوف اطفال، اسہال اطفال - چھارو، پاکہ - سرخ بادہ - جملہ امراض جو فساد خون و

فسادِ معدہ وشیر مادر سے ہوں نافع ہے۔ ھوالشافی ہنگ ۱تولہ، کتھ گلابی ۷ماسہ۔ افیون ۳ماسہ
فلفل سیاہ ۳ماسہ۔ برگ نیم بارہ عدد۔ اوّل ہنگ کو روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ دوسری ادویات کو
باریک کرکے سفوف بناویں۔ خوراک چھ ماہ کے بچے کو نصف رتی۔ ایک سال کے بچے کو ایک رتی اسی
طرح شیر مادر میں کھلائیں۔

حکیم سید گل احمد شاہ صاحب ساکن چجلوڑا تحصیل وشریف ریاست سوات

(۱۹۹) حبِ اکسیر باہ، قوتِ باہ کے بڑھانے میں بہت مفید اور مجرب ہے۔ اور ممسک بھی اعلےٰ
درجہ کا ہے حرارت غریزی کو قائم رکھتا ہے۔ پرلے درجے کا مقوی باہ و مشتہی نسخہ ہے، ھوالشافی سنگرف
۱تولہ زردی بیضۂ مرغ ۸ عدد۔ کستوری ۱تولہ سب کو خوب کھرل کریں۔ جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جاوے
جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ۱گولی رات کو دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ غذا مرغن۔

زبدۃ الحکماء حکیم محمد مظہر صاحب سرگودہا، نزد جامع مسجد

(۲۰۰) سفوفِ حابس، ہر قسم کے اسہال دور ہو جاتے ہیں مجرب ہے ھوالشافی زہر مہرہ خطائی
اعلےٰ۔ سنگ یشب، صدف صادق ہر تولہ تولہ۔ گیرو ۳تولہ۔ اول زہر مہرہ کو عرق گلاب میں کھرل کریں بعد
تمام ادویہ باریک کرکے ملا کر کھرل کریں۔ خوراک ۱ماسہ سے ۲ماسہ تک دن میں دو تین بار شربت انجبار، یا
آب خالص کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم لالہ وزیر چند صاحب پنشنر لسوہلی ضلع گورداسپور

(۲۰۱) اکسیر البدن، نامردوں کو مرد بنانے والا۔ بے اولادوں کی جان میرے مطب کا مایۂ ناز
شرطیہ نسخہ ھوالشافی لہسن ۴۰تولہ۔ روغن گاؤ ۴۰تولہ۔ مصری ایک سیر۔ زعفران اعلےٰ ۱تولہ۔ مشک
خالص ۱ماسہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ ورق طلاء ایک دفتری۔ ترکیب تیاری، لہسن کو چھیلکر باریک
کرلیں۔ اور روغن میں ملا کر تین دن تک رکھ دیں۔ بعدہ مصری کا قوام کرکے لہسن شامل کر دیں پھر زعفران
اور مشک کو عرق بید مشک میں حل کرکے شامل کر دیں۔ اور ہلاتے رہیں۔ آگ بالکل نرم ہو۔ اور وہ روغن

بھی کھنوڑا اکھنوڑا ملاتے رہیں۔ جب سب ادویہ مل جاویں۔ اور روغن بھی ختم ہو جائے۔ تو اتار کر سرد کر کے چینی کے برتن میں رکھ دیں۔ خوراک ۲ ماسہ صبح ۲ ماسہ شام دودھ گائے کے ساتھ کھلائیں۔

حکیم السنبر داس صاحب خاندانی حکیم ساکن لورالائی بلوچستان

(۲۰۲) درد گردہ، درد گردہ کیلئے حکمی اور فوری اثر کرنے والا نسخہ ہے اور تجربہ شدہ ہے ھوالشافی افیون۔ جوکھار۔ جدوار سب تین تین ماسہ۔ بادیان۔ سرچینی خارخسک ہر چھ چھ ماسہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ سب کو باریک کر کے عرق سونف میں گولیاں نخودی بناویں۔ خوراک ایک گولی ہر تین گھنٹہ کے بعد شربت بزوری کے ہمراہ دیں۔

حکیم پنڈت دیوی دیال صاحب ٹوہانہ ضلع حصار

(۲۰۳) سفوف اعظم، جریان و احتلام کا شرطیہ علاج ہے، ھوالشافی، تخم کونچ ۵ تولہ تالمکھانہ ۵ تولہ۔ مصری کوزہ دس تولہ نہایت باریک کر کے سفوف بنائیں۔ خوراک ۱ تولہ صبح شام ہمراہ نیم گرم دودھ کے استعمال کریں۔ جریان احتلام کا نام نہ رہے گا۔

حضرت صاحبزادہ محمد عمر صاحب سجادہ نشین بیربل شریف ضلع شاہپور

(۲۰۴) سفوف زحیر صادق، خواہ کتنا ہی درد اور خون آرہا ہو۔ اسکے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے ھوالشافی شاخ مرجان حسب ضرورت لے کر باریک کوٹ کر رکھ لیں۔ خوراک ۱ ماسہ ہمراہ آب خالص مجرب ہے

حکیم سید غلام مصطفےٰ شاہ صاحب جعفری الشیرازی سیاہ پوش ساکن درگاہ میولہ ضلع گوجرانوالہ

(۲۰۵) نسخہ برائے سوزاک، اکسیر الاثر مجرب ھوالشافی، نیلہ تھوتھا ۶ ماسہ، کافور ۴ ماسہ، الائچی خورد ۹ ماسہ پاپڑہ کتھ ۹ ماسہ سب ادویہ نیم کوفتہ کر کے ایک بوتل میں ڈالکر پانی سے بھر کر خوب ہلاویں۔ پھر بوتل کو نصف گھنٹہ دھوپ میں رکھیں۔ پھر زلال ۵ تولہ لے کر پیشاب کی نالی میں آہستہ آہستہ پچکاری کریں اور کتھ، پاپڑہ، کباب چینی، قلمی شورہ۔ الائچی خورد ہر تولہ تولہ مصری ۴ تولہ سب کا سفوف بنا دیں۔ خوراک

۹ ماسہ ہمراہ ادھرڑکہ کے دو وقت دیں۔

حکیم میر نور الٰہی صاحب فرزند پنشن انچارج ہندوستانی خیراتی شفاخانہ لاہور

(۲۰۶) تریاقِ معدہ، سوء ہضم، نفخ، ریح معدہ، درد معدہ وغیرہ کے واسطے مفید ہے ھو الشافی سوڈا بائی کارب، زنجبیل، ریوند خطائی ہر تولہ تولہ سفوف بنالیں۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ عرق یا آب سادہ کے استعمال کرائیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم مولوی محمد یار خان صاحب ایڈیٹر معین الاطباء للیانی ضلع شاہپور

(۲۰۷) رفیق البصر، دھند، جالا، آشوب چشم خارش وغیرہ کے واسطے مجرب ہے ھو الشافی زنگار سبز ۳ ماسہ۔ سفیدہ کاشغری ۶ ماسہ زعفران ۲ ماسہ مخدر ۳ ماسہ۔ کشتہ جست ۲ تولہ۔ سمندر جھاگ مصفی ۶ ماسہ سب کو باریک کرکے سرمہ بنالیں۔ سلائی کے ساتھ آنکھوں میں لگاویں۔

زبدۃ الحکماء سید فیروز شاہ صاحب ساکن لڈووالہ ضلع ہوشیارپور

(۲۰۸) حب شنج، پیچش۔ مروڑ اسہال کبدی وغیرہ کے واسطے مجرب ہیں ھو الشافی، مازو ۹ ماسہ مائیں ۹ ماسہ مخدر ۴ ماسہ صمغ عربی ۱ ماسہ باریک کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ۲ گولی سے ۴ گولی تک ہمراہ آب خالص۔ بچوں کو نصف گولی یا حسب عمر۔

حکیم عبد الکبیر خان صاحب گورنمنٹ آف انڈیا پریس شملہ

(۲۰۹) اکسیر باہ، عام کمزوری، ضعف باہ، کمزوری دماغ اور سنگرہنی وغیرہ کے لئے آزمودہ ہمثل مجرب المجرب ہے ھو الشافی ۵ سیر بکری کی مستعمل ہڈی جو گوشت پکا کر اور کھا چکنے کے بعد عام طور پر پھینک دی جاتی ہے رگ ریشہ سے خوب صاف کریں اور ۵ پاؤ خرما مصفی اور ۵ چھٹانک الائچی کلاں لے کر نیم کوب کرکے مٹی کا ایک مستعمل گھڑا لے کر اسکے پیندے میں سوراخ کرکے لوہے کی باریک تاروں کا گچھہ پھنسا دیں۔ اور سب ادویہ کو دو حصوں میں کرلیں۔ ایک حصہ میں سے پہلے ہڈیاں پھر خرما اور بعدہ الائچی کا

گھڑے میں نہ کریں اسکے اوپر ایک نلی کی ہڈی میں ۶ ماسہ سم الفار سفید بھر کر نلی کا منہ کسی ہڈی سے بند کر کے رکھ دیں۔ اب دوسرا حصہ ادویہ سے اول الائچی بھر خرما اور بعدہ ہڈیوں سے لحاف کریں۔ گھڑے کا منہ مٹی سے بند کردیں۔ اور دس سیر اوپلوں کی آگ دے کر تیل کشید کریں نہایت خوشرنگ تقریباً آدھ پاؤ تیل برآمد ہوگا۔ جو اپنے فوائد کے لحاظ سے نہایت اکسیر ہے۔ خوراک ایک یا دو قطرہ کسی مناسب بدرقہ یا عرق چینی میں ملا کر استعمال کریں۔

مولوی حکیم محمد زبیر صاحب حاذق حلیم بکھری ساکن صدر شاہ پور پنجاب

(۲۱۰) حب سلطانی۔ بواسیر بادی و ریاح شکم، و فقر معدہ و سلسل بول و اسہال ریاحی وغیرہ کے واسطے مجرب و معمول مطب ھوالشافی مغز تخم نیب، اگوگل، کچلہ مدبر ہر سہ ہم وزن باریک کر کے پانی سے گولیاں نخودی بنا دیں خوراک ایک گولی سے ۳ گولی تک شیر گاؤ یا آب سادہ کے ہمراہ کھلائیں مجرب ہے۔

رئیس الاطباء حکیم کشن پال صاحب حاذق الحکماء روپڑ ضلع انبالہ پنجاب

(۲۱۱) دوائے خاص ہر قسم کے خون کو بند کرنے کے لئے صدہا بار کا مجرب معمول مطب ہے۔ کثرت حیض کے لئے نہایت مفید منہ سے خون آنا۔ خونی اسہال بواسیر وغیرہ کے واسطے مفید ہے ھوالشافی حجر الاعرابی، طین جنبری ہموزن باریک کرکے سفوف بنا دیں خوراک ۳ ماسہ ہمراہ شربت گوکنا

حکیم کشن لعل صاحب ورما ساکن نگینہ ضلع بجنور

(۲۱۲) تریاق اوجاع، گنٹھیا، رنگین، لقوہ، درد کمر، درد پیٹ وغیرہ کے لئے سو فیصدی کامیاب اور ذاتی طور پر مجرب ہے ھوالشافی، لونگ۔ سورنجان شیریں۔ زنجبیل مصطگی رومی۔ جائفل روغن سرسوں کسٹر آئل۔ روغن کنجد۔ پٹرول شراب سب تولہ تولہ کافور ۶ ماسہ افیون ۶ ماسہ پہلے کافور، اور افیون کو ۲ تولہ پانی میں حل کریں۔ پھر کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر روغن سرسوں و کسٹر آئل روغن کنجد ہر سہ میں ملا کر پکالیا جائے۔ اور حسب ضرورت غلیظ رکھا جائے۔ بعد میں پٹرول و شراب ملا کر شیشی میں رکھ لیں۔ ترکیب استعمال جس جگہ درد ہو خوب مالش کر کے اوپر ارنڈ کا پتہ گرم کر کے اسپر روئی باندھ دیں

تین چار دفعہ مالش کرنے سے آرام ہوگا۔

حکیم عبدالقادر صاحب قریشی صدیقی خاندانی طبیب ساکن بوہانی ضلع جالندھر

(۲۱۳) حبوب رشیدیہ، بدہضمی، نفخ، دردسر، قبض تپ دردِ شکم دردِ زہیر ڈبہ وغیرہ کے لئے اکسیر صفت مایہ ناز صدری معمولِ مطب نسخہ ہے ھوالشافی اجوائن دیسی ۱ تولہ۔ سہاگہ ۲ تولہ جمالگوٹہ ۱ تولہ املی ۳ تولہ۔ نمک دیسی ۶ ماشہ گودہ کنوار گندل ۳ تولہ اول جمالگوٹہ مصفےٰ کرکے اجوائن سہاگہ نمک کو باریک پیسکر جمالگوٹہ میں آمیز کریں۔ اور املی صاف کرکے جدید پانی میں بھگو دیں۔ پھر تمام اجزا کو املی کے زلال میں کھرل کریں۔ جب پانی ختم ہوجاوے تب کنوار گندل میں کھرل کرکے نخودی گولیاں بناویں خوراک ایک دو گولی پانی کے ہمراہ دیں۔ بچہ کو حسبِ عمر دیں۔

کویراج وئید رام لعل صاحب بھاٹیہ وید بھشک سرگودھا پنجاب

(۲۱۴) اکسیر دمہ،، دمہ کے واسطے نہایت مفید اور معمولِ مطب مجرب نسخہ ہے ھوالشافی، ہڑ سیاہ۔ نمک گوماں۔ چرائتہ ہر دو دو تولہ ملٹھی ۴ تولہ، ہلدی ۶ ماشہ۔ پوست بیخ مدار ۱ تولہ، گودہ کنوار گندل ۵ سیر سب کو باریک کرکے گودہ میں کھرل کریں۔ اور حب بقدر نخود بناویں۔ خوراک ۲ گولی صبح ۲ شام ہمراہِ عرق سونف یہفتہ عشرہ کے استعمال سے دمہ کی بیماری رفع ہوجاتی ہے۔ مگر دوائی ایک ماہ تک جاری رکھیں۔ دوبارہ مرض کے حملہ کا ڈر نہیں رہتا۔

فخر الحکماء حکیم قاضی غلام عمر صاحب ساکن نعلو وٹنگ ضلع لاڑکانہ سندھ

(۲۱۵) اکسیر نمونیا، ذات الجنب۔ ذات الصدر۔ ذات العرض۔ ذات الریہ وغیرہ کے واسطے نہایت لاجواب ہے۔ اسرار الصفت ہے۔ پہلی خوراک سے فائدہ دکھاتی ہے ھوالشافی، افیون ۳ ماشہ سفوف پوست بیخ مدار ۹ ماشہ۔ شورہ قلمی مصفےٰ ۲۷ ماشہ، بیخ مدار کو سایہ میں خشک کرکے سفوف بناویں پھر شورہ و افیون ملا کر خوب کھرل کریں۔ خوراک ۲ رتی کھانڈ میں ملا کر کھلائیں۔ اوپر سے عرق اجوائن و عرق سونف پلاویں۔ فوراً اثر دکھائے گی شرطیہ دوا ہے۔

ڈاکٹر عبد الحمید صاحب چغتائی مبارک منزل دہلی دروازہ لاہور

(۲۱۶) پرسوت کے بخار کا قرآنی علاج۔ قرآن کریم میں سورۂ مریم میں یہ آیات آئی ہیں، وھزی الیک بجذع النخلۃ تساقط علیک رطبا جنیا ہ فکلی واشربی وقری عینا فاما ترین من البشر احدا فقولی انی نذرت للرحمٰن صوما فلن اکلم الیوم انسیا ہ ترجمہ اور تو کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلا۔ کہ وہ تجھ پر پکی ہوئی تر و تازہ کھجوریں گرائیگی۔ پس تو کھا اور پی اور اپنی آنکھ کو ٹھنڈا کر۔ تو اگر انسانوں میں سے کسی ایک کو دیکھے تو کہدے کہ میں نے اپنے رب کیلئے روزہ نذر مانا ہے۔ لہذا میں آج دن کسی سے بات نہیں کرونگی۔

گویا دردزہ کے وقت عورت کو چاہئے۔ کہ وہ کھجوریں کھائے اور پانی پیئے، پھر جب وضع حمل سے فارغ ہو۔ تو بچہ کو دیکھکر اپنی آنکھوں کو ٹھنڈا کرلے۔ اور ایک دن کامل خاموش رہے، اور کسی کیساتھ بات نہ کرے۔ میں نے اس عظیم الشان نسخہ کا اپنی سینکڑوں شریف زچگان پر تجربہ کیا ہے۔ اور اپنے تجربہ کی بنا پر کہ سکتا ہوں کہ جو عورت وضع حمل کے بعد ایک دن کامل خاموش رہتی ہے وہ رحم کے درد، بعد ولادت پرسوت کے بخار اور دیگر زچگی کے امراض سے اکثر محفوظ رہتی ہے۔ ان تدابیر سے بھی مسلمان عورتوں کو فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

عامل طب حکیم غلام رسول صاحب شاطر مقام سوہہ ضلع لائلپور

(۲۱۷) حب قبض کشا۔ یہ گولیاں قبض کشا ادویہ سے بہت بہتر اور مجرب ہیں ھو الشافی سقمونیا ولائتی، جلابہ، عصارہ ریوند۔ صبر زرد سر تولہ تولہ مصطگی رومی۔ زنجبیل، مرمکی ہر چھ چھ ماسہ سب کو کوٹ پیسکر نخودی گولیاں بناویں۔ خوراک اگولی سے ۴ گولی تک سادہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

حکیم عبد الغنی صاحب ساکن نور جمال ضلع گجرات (پنجاب)

(۲۱۸) دوائے جریان، ہر قسم کے جریان کو خصوصیت سے مفید ہے ھو الشافی قلعی مصفے، سیسہ مصفے پارہ شنگرف سے نکالا ہوا سر تولہ تولہ، سرد چینی۔ طباشیر دانہ الائچی خورد۔ تخم ہر تین تین تولہ قلعی اور سیسہ

کو پگھلا کر فوراً پارہ میں ڈالدیں۔ اور دو روز خوب کھرل کریں۔ پھر دوسری دوائیں باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں تیار ہے۔ خوراک ایک ماسہ بوقت ضرورت دودھ کی لسی شیریں کے ہمراہ استعمال کریں۔

شمس الحکماء حکیم ملک شیر علی خان صاحب ساکن تلہ گنگ ضلع اٹک

(۲۱۹) تریاق خناق، خناق خواہ کسی قسم کا ہو۔ نہایت مفید اور تجربہ شدہ استعمال کرتے ہی آرام ہو جاتا ہے، ھوالشافی پوست ریٹھہ ۲ ماسہ پانی میں گھول کر غرارے کرائیں۔ اگر مریض بے ہوش ہو۔ تو منہ میں ڈالکر سر کو ہلاویں۔ فوراً آرام ہوگا۔ بلکہ ایسا معلوم ہوگا۔ کہ بیمار دوا سے اچھا نہیں ہوا۔ بلکہ جادو سے اچھا ہوا ہے۔

زبدۃ الحکماء حکیم محمد صفی اللہ خان صاحب بنوں

(۲۲۰) طِلاء مجلوقوں کے واسطے از حد مفید اور تجربہ شدہ ہے ھوالشافی شنگرف ۱ ماسہ سم الفار ۱۰ ماسہ لسبا سہ ۳ ماسہ بیر بہوٹی ۳ ماسہ مغز حبالگوٹہ ۱۰ عدد سب کو باریک کر کے مکھن گاؤ ۵ تولہ میں مسلسل خوب کھرل کریں تیار ہے۔ ترکیب استعمال ۲ رتی عضوِ مخصوص پر لگا کر اوپر بنیہ پان قدرے گرم کر کے باندھیں۔ صبح گرم پانی سے دھویا کریں۔ اگر دانے نکلیں۔ تو مسکہ گاؤ لگا دیں۔

ابو العطاء حکیم فضل محی الدین صاحب قادری ساکن آوان شریف ریاست کپورتھلہ

(۲۲۱) اکسیر ڈبہ اطفال، ڈبہ اطفال کے لئے مجرب صدری نسخہ ہے ھوالشافی ثمر حنظل ۴ سیر پختہ آب خالص میں اس قدر پکائیں کہ گداز ہو جاویں۔ پھر سرد ہونے پر ملکر صاف کریں۔ پھر دوبارہ اس رس کو آگ پر پکائیں۔ جب غلیظ ہو جاوے تو ۵ تولہ سہاگہ سیاہ سفوف بنا کر ڈال دیں۔ جب گولیاں باندھنے کے قابل ہو جاوے تو بقدر دانہ ماش گولیاں بناویں خوراک ۱ گولی ہمراہ آب سادہ، اسہال ہو کر شفا ہوگی

حکیم محمد یعقوب صاحب چشتی صابری چک ۳۷۹ ج ب تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع لائلپور

(۲۲۲) نسخہ برائے یرقان، یرقان کے واسطے مجرب المجرب ہے ھوالشافی کافور ۱ تولہ پھٹکری سفید

خام آنولہ دونوں کو باریک کر کے شیشی میں ڈالکر ۸ یوم غلہ جو میں رکھدیں - بعد کام میں لاویں - خوراک ا رتی سے تین رتی تک مسکہ گاؤ میں رکھکر استعمال کریں - پرانے سے پرانے یرقان کیواسطے مفید ہے -

حکیم چودہری صوفی شبیر محمد خان صاحب راجپوت ساکن کوٹلی بہتوتلی ضلع سیالکوٹ

(۲۲۳) نسخہ برائے گونگاپن، لکنت کے لئے اکسیر صفت ہے هوالشافی، اسطوخودوس، فلفل سیاہ، خولنجاں - عقرقرحا - کندر - تج - لونگ کلاہ دار، نوشادر - زرین قند - نمک لاہوری - سہاگہ بریاں مغز بادام ہموزن باریک کر کے چار چند شہد ملا کر رکھیں - دن میں تین بار تین تین ماسہ زیر زبان ملدیا کریں -

حکیم چندولال صاحب ویدراج اینڈ سنز نیشنل فارمیسی کیتھل پنجاب

(۲۲۴) کشتہ مرجان، یہ کشتہ جریان کے واسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہے تیار کر کے تجربہ کریں هوالشافی مرجان حسب ضرورت لے کر کوزہ میں ڈالکر اوپر شیر برگد ڈالیں - کہ دو انگل اوپر آجاوے اور منہ بند کر کے گل حکمت کر کے دس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں - سفید شگفتہ ہوگا - خوراک نصف ماسہ ہمراہ دودھ صبح شام استعمال کریں -

حکیم مولوی غلام محمد صاحب چک ۱۳۹ ڈاکخانہ بڑانہ ضلع جھنگ

(۲۲۵) دوائے نکسیر هوالشافی مردارسنگ قدرے باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں، بوقت ضرورت قدرے مکھن میں ملاکر بطور نسوار استعمال کریں - سو فیصدی مجرب ہے -

حکیم سید پیر امیر شاہ صاحب قریشی ساکن پیرداکھارا ضلع جہلم

(۲۲۶) خضاب، یہ خضاب نہایت مفید اور بے ضرر ہے تجربہ کر کے معلوم کریں هوالشافی پارہ ۲ ماسہ بیضہ زاغ سیاہ کا پانی ۲ تولہ ایک برتن میں پانی ڈالکر اوپر پارہ ڈال دیں ایک گٹک بن جاوے گا - اس کو کھرل کریں - جب خوب باریک ہوجاوے تو ۵ چھٹانک عرق گلاب میں ملاکر رکھدیں، ترکیب استعمال، پہلے بالوں کو آملہ کے پانی سے دھوکر پھر برش کے ساتھ لگاویں - تجربہ شدہ ہے -

حاجی احمد بن حکیم حافظ غلام محمد صاحب کامل طب وجراحت ساکن کندیاں (پنجاب)

(۲۲۷) دوائے شفا، رنگھین، درد نقرس تقویت باہ کے لئے مخصوص ہے ھوالشافی بیضہ مرغ تازہ ایک عدد - روغن زرد، شکر سفید - دودھی خشخاش جو دودھ میں تر کرکے نکالی گئی ہو ہر دو ۲ دو تولہ - سب کو ملاکر قدرے گرم کرکے پلا دیں - یہ ایک خوراک ہے -

حکیم خوشی محمد صاحب قادری ساکن چک مغلانی ضلع جالندھر

(۲۲۸) دوائے عجیب، ہچکی خواہ کتنی ہی دیرینہ ہو یہ دوا مجرب المجرب ہے ھوالشافی مغز بادام شیریں ۷ عدد، پودینہ کوہی - سولف انار دانہ ہر چھ چھ ماسہ گلقند ۲ تولہ مصری ۵ تولہ تمام ادویہ کو گھوٹ کر شیرہ نکالکر بوقت صبح پلا دیں یہ ایک خوراک ہے - صبح شام تیار کرکے پلائیں -

حکیم حافظ غلام قادر صاحب ساکن ڈنگ ڈاکخانہ کندیاں پنجاب

(۲۲۹) اکسیر سلسل بول ھوالشافی فلفل سیاہ ۲ ماسہ زنجبیل ۳ ماسہ کندر سعد کوفی بلوط، قسط شیریں مصطگی رومی - فلفل دراز ہر ایک پانچ پانچ ماسہ، شہد خالص کف گرفتہ ۷ ماسہ سب کو باریک کرکے شہد میں ملالیں - خوراک ۲ ماسہ ہمراہ دودھ بوقت شب استعمال کریں -

حکیم پنڈت صاحبدتہ مل صاحب کچہری بازار سرگودھا پنجاب

(۲۳۰) حب بواسیر، بواسیر خونی ہو یا ریاحی ہو دونوں قسم کے واسطے مجرب ہے ھوالشافی انگوزہ ۱ تولہ - رسوت ۲ تولہ، مغز تخم نیم ۱ تولہ باریک کرکے بقدر نخود گولیاں بناویں - خوراک ۱ گولی گائے کے مکھن میں رکھکر کھلائیں -

حکیم محمد بشیر احمد صاحب قریشی ساکن تلہاڑہ ضلع سیالکوٹ

(۲۳۱) گکرونکی دوا، آنکھوں کی جملہ امراض کے واسطے مفید ہے اور گکروں کو خصوصیت سے

مفید ہے هوالشافی سرمہ سیاہ ۱ تولہ لے کر کیلہ کی جڑمیں دبادیں۔ چالیس روز کے بعد نکال کر نیم کی کونپل کا رس ایک پاؤ۔ سونف سبز کی رس ایک پاؤ ان میں الگ الگ کھرل کریں۔ پھر افیون ۲ تولہ سفیدہ جست ۲ تولہ زعفران ۵ ماسہ ڈال کر باریک کھرل کریں تیار ہے، سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگادیں۔

فخر الحکماء حکیم پنڈت دیوراج صاحب وید شرما حکیم حاذق پٹیالہ سٹیٹ

(۲۳۲) سفوف سوزاک، یہ سفوف پرانے سوزاک کے واسطے بے حد مفید ہے۔ اور تجربہ شدہ ایک سال سے پہلے اس کا استعمال ممنوع ہے هوالشافی آملہ ۵ تولہ، انبہ ہلدی ۵ تولہ نبات سفید ۷ تولہ۔ سب کا سفوف بنالیں۔ خوراک ۴ ماسہ کھا کر اوپر سے نصف سیر گائے کا دودھ جس میں حجرالیہود ۱ ماسہ گھسکر ملایا گیا ہو۔ پی لیں۔

حکیم ہمت رائے صاحب ساکن قصبہ مڑل ضلع ملتان

(۲۳۳) نسخہ برائے تقویت اعضائے رئیسہ، ممسک، دافع جریان سرعت و رقت و مغلظ منی و محمر لون، رونق چہرہ و تقویت مثانہ و گردہ و ہمہ انواع عارضہ صفراوی و دافع عارضہ مخلوقی، و حرارت عزیزی را نہایت اکسیر است هوالشافی قاقلہ صغار طباشیر کبود، موصلی سفید، بہمن سفید خصیۃ الثعلب، مغز بادام۔ مغز پستہ مغز خیارین۔ مغز خربوزہ۔ مغز کدو۔ ستاور ہر دو دو تولہ سمندر سوکھ گوند سنبھل تالمکھانہ۔ تخم ریحان ہر تین تین تولہ۔ پوست بیخ درخت سنبھل ۴ تولہ۔ ابریشم محرق، ماسہ زعفران کشمیری۔ جند بیدستر خالص۔ ست لوبان۔ کشتہ سفیدہ ماکیاں۔ کشتہ کوکب الارض سنگ یشب ہر ایک چھ چھ ماسہ۔ زنجفر محرقہ۔ کشتہ ازسر۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ عقیق کشتہ خبث الحدید کشتہ قمر ہر تین تین ماسہ۔ برگ قمر کلاں ۲۱ عدد۔ نبات دیسی ۱۰ تولہ۔ جملہ ادویہ مرقوم الصدر مسحق و بیز نمودہ باز نبات دیسی و برگ قمر ممزوج کردہ خوراک بقدر مناسب ہمراہ شیر استعمال بنمایند۔ نہایت عجیب الخاصیت است، کہ قابل استعمال امراء و معتبران، و روساء شریف النظیر است۔

حکیم ہیرا لعل صاحب جی ساکن باراں ریاست کوٹہ راجپوتانہ

(۲۳۴) نسخہ نکسیر، سو فیصدی مجرب نسخہ ہے ھوالشافی حب نکسیر کا خون نکلے تو اس کو ایک کٹوری میں لیا جائے سرد ہونے پر کھرنج کر رکھ لیا جاوے اور ایک بار نکسیر والے کو بطور نسوار سنگھائی جاوے نکسیر ہمیشہ کے واسطے بند ہو جاوے گی۔ (نوٹ) جس شخص کا خون ہو گا۔ اس کو فائدہ ہوگا دوسرے کو نہیں۔

حکیم فضل الدین صاحب ساکن چھمبہ ڈاکخانہ چکوٹ ضلع لائل پور

(۲۳۵) کشتہ چاندی، ضعفِ دماغ۔ جریان منی کیلئے اکسیر الاثر ہے ھوالشافی افیون خام ۳ ماشہ شیر انجیر جو کونپلوں سے لیا گیا ہو ۴ ماشہ دونوں کو ملا کر ستہرہ یا روپیہ پر لیپ کریں اور ایک پاؤ کونپل انجیر کے نغدہ میں رکھکر ۳۵ سیر اوپلوں کی آگ گڑھے میں دیں۔ کشتہ بزنگ سفید مانند بتاشہ کے باوزن برامد ہوگا۔ خوراک ارتی ہمراہِ مسکہ یا بالائی میں کھائیں۔

حکیم حافظ نور محمد صاحب ساکن منتھا جانی ڈاکخانہ کلور کوٹ ضلع میانوالی

(۲۳۶) نسخہ اکسیر قوت باہ، مقوی باہ امساک کے واسطے بے حد مفید ہے ھوالشافی جو سرکچلہ ۱ ماشہ ریوند خطائی ۲ تولہ باریک کر کے شہد کے ساتھ مونگ کے برابر گولیاں بناویں۔ موسم سرما میں ایک گولی رات کو سوتے وقت روغن زرد یا شیر گاؤ سے استعمال کریں۔ چار یا پانچ روز استعمال کر کے بند کر دیں۔

حکیم حاجی سید عبدالرحمٰن صاحب قادری شہر پونہ

(۲۳۷) حب ممسک، جریان قدیم و جدید کے لئے مجرب ہے۔ سرعت انزال کے لئے خاص نسخہ ہے۔ ھوالشافی، نخود سیاہ تھوڑے لیکر توے پر بریاں کریں۔ بعد ان کو کنڈیاری (کھٹ کٹائی) کے رس میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ پھر یہ چنے ۱ تولہ۔ مغز پستہ ۱ تولہ جائفل مصطگی رومی۔ دارچینی ہر چھ ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد کے ہمراہ نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ۲ گولیاں رات کو سوتے وقت

دودھ کے ہمراہ بیس روز تک استعمال کریں۔

حکیم قاضی میراں بخش صاحب نائب تحصیلدار آبپاشی ڈیرہ اسمعیلخان

(۲۳۸) روغن بیروزہ، جدید وقدیم سوزاک کیواسطے مجرب ہے ھوالشافی بیروزہ ۱ پاؤ کافور ۱۰ تولہ ریت خالص ۲ تولہ۔ سہاگہ ۲ تولہ۔ توتیا سبز ارزنی۔ سب ادویہ کو ملاکر ڈولکان جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں۔ خوراک ۱ ماشہ عرق بادیان کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم عبد الحمید صاحب منشی فاضل سمندری ضلع لائلپور

(۲۳۹) حبوب بواسیر، بواسیر خونی وبادی کے لئے خاندانی تجربہ شدہ نسخہ ہے ھوالشافی رسونت ۱۰ تولہ آب ترب ایک سیر میں خوب پکاویں۔ جب قوام غلیظ ہو جاوے تب کوکن بیر کے برابر گولیاں بناویں خوراک ۲ گولی سے ۴ گولی تک حسب طاقت مریض کو سادہ پانی سے استعمال کرائیں۔

ڈاکٹر محمد عبد اللہ صاحب عالم قادری نوشاہی امرتسر

(۲۴۰) طلاء عجیب، عضو مخصوصہ کے جملہ نقائص کے لئے مجرب اور بلا ضرر ہے ھوالشافی ریگماہی بوبان گوڑیہ۔ بیر بہوٹی۔ خراطین خشک مصفیٰ ہر دو دو تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد۔ روغن چنبیلی ۱۰ چھٹانک پہلی سب ادویہ کو باریک کرکے روغن میں ایک ہفتہ تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔ رات کو سونے وقت مالش کرکے اوپر برگ پان باندھ دیں۔

حکیم گل محمد صاحب قریشی شہر میانوالی قدیم بازار

(۲۴۱) نسخہ اکسیر منضجیہ۔ جب کہ تشنج واقع ہو۔ یا جسم کی حرارت بند ہو جاوے نہایت مفید ہے۔ ھوالشافی۔ لونگ کلہ دار، تخم مرچ سرخ، موم زرد ہر ایک تولہ تولہ لونگ اور تخم مرچ کو باریک پیس کر موم کو گرم کرکے اس میں ملاکر نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک یا دو گولی حسب طاقت مریض کے آب شیر گرم کے ہمراہ کھلاویں۔ اگر مریض کے جسم پر دھبہ یا گھبراہٹ معلوم ہو۔ تو پانی میں بٹھادیں اور

اوپر سے پانی سر پر ڈالیں۔ جب سردی محسوس ہونے لگے۔ تو پانی سے نکالدیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم غلام رسول صاحب انصاری جالندھر شہر دروازہ شاہ گلاں

(۲۴۲) نسخہ برائے جریان احتلام و سرعت ہزاروں مریض اس نسخہ سے بفضل خدا شفا حاصل کر چکے ہیں مجرب نسخہ ہے ھوالشافی۔ تخم خرفہ۔ کشنیز خشک، اسبغول مسلم ہموزن سفوف بناویں۔ خوراک ۹ ماسہ بوقت صبح ہمراہ آب تازہ۔

حکیم وریھان صاحب منشی تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازیخان

(۲۴۳) سفوف ثعلب، جریان احتلام، سرعت کو دور کر کے قوت امساکیہ پیدا کرتا ہے اور قوت باہ بڑھاتا ہے و مسمن بدن ہے اور محمر لون ہے۔ درد پشت کو زائل کرتا ہے ھوالشافی ثعلب مصری ۵ تولہ۔ موصلی سفید۔ ۱ تولہ تخم ریحان مسلم ۵ تولہ۔ کشتہ مثلث ۱ ماسہ سب کو باریک کر کے سفوف بناویں۔ اور چار چار ماسہ کی پڑیہ بنالیں پھر دودھ ڈیڑھ پاؤ لے کر آگ پر رکھکر اس میں ایک پڑیہ بھی ڈالدیں جب فرنی کیطرح ہوجاوے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے صبح نہار منہ کھالیں۔

ڈاکٹر ایس اے جد صاحب یحیےٰ پور پٹنہ

(۲۴۴) نسخہ مقوی باہ، تقویت باہ اور امساک کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ عمر رسیدہ اشخاص کو تقویت دیتا ہے ھوالشافی سم الفار سفید ۱ تولہ لیکر باریک پیسکر آٹے میں ملا کر ایک جوان مرغ جس نے جفتی نہ کی ہو۔ کھلاویں۔ جب وہ مرنے لگے تو ذبح کر کے اس کی چھاتی کا گوشت لے لیں اور دوسرا گوشت کہیں دفن کر دیں۔ اور چھاتی والے گوشت کو خوب خشک کر کے باریک پیس لیں۔ خوراک ۱ رتی سے ایک ماسہ تک بکری کے گوشت کے قیمہ میں ملا کر کھائیں۔ دوران استعمال میں گھی بہت کھائیں۔

قاضی سیدہ شاہ ابوالحاذق حکیم مسیحا صاحب قریشی بہاری ترہتی

(۲۴۵) شربت مسیحا، بچوں کی جملہ امراض کے لئے نہایت مفید ہے بچے کو مضبوط اور قوی و فربہ

کرتا ہے۔ ھوالشافی بادیان ۵ تولہ کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جاوے تو چھانکر قند سفید ایک پاؤ ملا کر آگ پر چڑھاویں۔ جب پاؤ بھر رہ جائے تو پھر سہاگہ بریاں ۱ ماسہ ملا کر شیشی میں رکھ لیں۔ خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام بچے کو پلا دیا کریں۔

حکیم محمد اکرم صاحب سرائی ساکن محمود کوٹ ضلع مظفر گڑھ

(۲۴۶) نسخہ برائے طحال، کئی بار کا تجربہ شدہ نہایت عجیب الاثر ہے۔ ھوالشافی مصبر ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ سب کو لعاب کنوار گندل ۲ پاؤ میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ۲ گولیاں صبح ۲ شام ہمراہ دودھ،

حکیم عبد الرحمن صاحب صدر بازار راولپنڈی

(۲۴۷) دوائے قوت باہ۔ قوت باہ کے لئے نہایت اکسیر الاثر ہے امراء اور رؤسا کے استعمال کے قابل ہے ھوالشافی عنبر ۱ تولہ مشک خالص ۱ تولہ دونوں کو ایک بوتل برانڈی میں ڈالکر ہم یوم تک دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد منفطر کر لیا جائے۔ بس تیار ہے خوراک ۳ ماسہ سے ۱ ماشہ تک رات کو سوتے وقت دودھ شیریں میں ڈالکر استعمال کریں۔ پیاس معلوم ہو تو دودھ پئیں پانی ہرگز نہ پئیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم سردار بخش صاحب ساکن ٹھٹی لمی ضلع شاہپور

(۲۴۸) مسہل بےنظیر، نہایت عجیب الاثر اور بےنظیر مسہل ہے ھوالشافی حب الگوشہ غیرہ ۵ تولہ فلفل سیاہ ۵ تولہ دونو کو اسقدر کھرل کریں کہ تیل نکلنے لگے پھر ایک گڑ بنا کر کڑاہی میں رکھکر اوپر اسقدر پانی ڈالیں۔ کہ نصف انچ اوپر رہے پھر کڑاہی کو آگ پر رکھیں جب پانی جل جاوے تو نخودی گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی گلقند میں لپیٹکر استعمال کریں۔ اگر دست بند کرتے ہوں۔ تو کھانڈ کا شربت دیں۔

حکیم فقیر محمد صاحب سنیاسی ساکن مٹھہ ٹوانہ ضلع شاہپور

(۲۴۹) نسخہ مقوی باہ و ممسک، نہایت مفید اور مجرب ھوالشافی فولاد بیتر ۲ تولہ زعفران

کشنیری ۱ تولہ۔ کچلہ مصفی ۲ تولہ فلفل سیاہ ۲ ماسہ ست سلاجیت ۱ تولہ۔ روغن سم الفار ۳ تولہ تمام کو باریک کرکے ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ۱ گولی بالائی میں رکھکر استعمال کریں غذا مرغن کھائیں۔

حکیم حافظ محمد امیر صاحب ساکن بھلیسہ ریاست گوالیار

(۲۵۰) دوائے امیر۔ دافع جریان و مقوی باہ مجرب المجرب ھوالشافی منڈی، موصلی سفید و سیاہ۔ سبوس اسبغول، زنجبیل ہر دو دو تولہ۔ نبات سفید ۴ تولہ۔ سب کا سفوف بنالیں۔ خوراک ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم مولوی اللہ بخش صاحب ساکن پیلاں ضلع میانوالی

(۲۵۱) جوشاندہ ضیق النفس ضیق النفس و سرفہ بلغمی کے لئے بیسیوں دفعہ کا تجربہ شدہ معمول مطب ہے۔ ھوالشافی گل بنفشہ ۳ ماسہ بادیان ۳ ماسہ برگ گاؤزبان ۵ ماسہ سپستان ۷ ماسہ گل زوفا خشک ۴ ماسہ پرسیاؤشاں ۴ ماسہ تخم خطمی ۳ ماسہ۔ اصل السوس مقشر ۲ ماسہ۔ انجیر زرد ۳ ماسہ جملہ دواؤں کو پانی میں بھگو کر جوش دے کر مصری ملاکر صبح و شام ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔

حکیم رام لعل صاحب جوہر ایم اے ایم ایس لاہور پنجاب

(۲۵۲) سفوف الجواب۔ زیادتی پیشاب اور سلسل البول کے مریضوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے ھوالشافی تل سفید ۵ تولہ ستیل سپاری۔ خولنجان۔ سبوس اسبغول ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ سب کا سفوف بنالیں۔ خوراک ۳ ماسہ روزانہ صبح پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

حکیم مشتاق حسن میاں صاحب برکت منزل شاہجہان پور

(۲۵۳) اکسیر سم الفار تقویت باہ کے لئے نہایت ہی سریع الاثر ہے۔ ایک خوراک سے ہی اپنا اثر دکھاتی ہے۔ ایک ہفتہ سے زیادہ کھانے کی ضرورت نہیں رہتی۔ نہایت مفید تجربہ شدہ عدیم المثل ہے ھوالشافی۔ پارہ۔ افیون سم الفار ہر دو دو تولہ سب کو کھرل میں ڈالکر اس حد تک کھرل کریں۔ کہ پارہ

نایود ہو جاوے بہت عرصہ تک کھرل کریں۔ خوراک نصف چاول کھانا کھانے کے بعد بالائی میں رکھ کر کھالیں۔حسب پیاس ہو تو شیر گاؤ حسب برداشت پئیں۔

ممتاز الاطباء حکیم سری سنگھ صاحب وید بھوشن چک ۵۵ بابا بکالہ لائلپور

(۲۵۴) درد دانت کا فوری علاج ھوالشافی، کریازوٹ ٹنکچر آیوڈین۔ کاربالک ایسڈ۔ کلورل ہائیڈریٹ کافور ہموزن ملا کر شیشی میں رکھیں روئی کے پھاہہ سے دانت کے سوراخ میں لگاویں ایک منٹ میں آرام آجائے گا۔ سینکڑوں مریضوں پر آزمایا گیا ہے۔

حکیم حاجی سید پیر شجاع الملک شاہ صاحب چک ۵۶۴ ضلع لائلپور

(۲۵۵) سفوف سیلان الرحم، مرض سیلان الرحم کے واسطے نہایت مفید ہے ھوالشافی مغز تخم تمر ہندی۔ کونپل درخت ڈھاک۔ کونپل درخت کیکر۔ صندل سفید۔ مصطگی۔ گلسرخ ہر تولہ تولہ نبات سفید ۱۲ تولہ باریک کر کے سفوف بناویں خوراک ۷ ماسہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم حافظ غلام حیدر صاحب سیتاپور اودھ

(۲۵۶) نسخہ برائے ہیضہ، مجرب دو خوراک دینے کی ضرورت ہوتی ہے نہایت مفید اور تجربہ شدہ ہے ھوالشافی افیون ۶ ماسہ، کافور ۲ تولہ۔ ہنگ ۱ تولہ۔ تخم مرچ سرخ ۴ تولہ۔ ادرک کے پانی میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بناویں۔خوراک ا گولی ہمراہ عرق بید مشک پھر ۲ گھنٹہ کے بعد ایک گولی دیں۔

حکیم پنڈت شورام داس صاحب وید راج کوچہ دیوان متصدی مل لاہور

(۲۵۷) شواس بروٹی، کفج شواس کے لئے امرت ہے ھوالشافی تما کو دیسی ۸ تولہ پوست کا ڈوڈہ ۸ تولہ دونو کو رات بھر ایک سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو آگ پر پکاویں جب ایک پاؤ رہ جاوے۔ تو خوب ملکر چھان لیں اور پھر پانی کو آگ پر رکھیں پھر اس میں پرانا گڑ ۸ تولہ ڈالکر اسقدر غلیظ کریں کہ گولی بن جائے۔ چار چار رتی کی گولیاں بنا دیں خوراک ا گولی تازہ یا نیمگرم پانی کے ساتھ کھلائیں۔

حکیم و ڈاکٹر کانشی رام صاحب چوہلی موہنگر ڈاکخانہ گڑھ مہاراجہ جھنگ

(۲۵۸) خدائی تیر- باولے اور غیر باولے کتے کے کاٹے کے لئے اکسیر ہے کئی دفعہ کا تجربہ شدہ ہے ھوالشافی ٹنکچر سٹیل ولائتی اعلےٰ درجہ کا روئی کے پھایہ سے لگاکر زخم کو تر کردیں۔ اور دس بوند پانی کے ہمراہ دن میں دو بار ایک ماہ تک پلاتے رہیں۔ جادو سے بڑھکر اثر کرتا ہے۔

حکیم محمد خان صاحب مغموم دبیر ماہر ساکن ہیلاں ضلع میانوالی

(۲۵۹) کشتہ آہن- ریاح- نفخ- درد قولنج ریحی و بواسیر کیلئے تجربہ شدہ ہے ھوالشافی برادہ آہن مصفیٰ حسب ضرورت لے کر ہلہل کے پتوں کے پانی میں چینی کے برتن میں چالیس یوم تک دھوپ میں رکھیں اگر پانی کم ہوجاوے تو اور ڈالدیں۔ خشک ہونے پر کشتہ ہوجاویگا۔ کھرل کرکے آب برگ پان میں نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک اگولی مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔

حکیم حاجی وزیر عرب صاحب المہاجر جونی مارکیٹ کراچی

(۲۶۰) اکسیر الاوجاع، ہر قسم کے درد کو خواہ نزلہ سے ہو۔ خواہ کسی اور سبب سے ہو۔ اوجاع مفاصل عرق النسا- درد گردہ- ذات الجنب- ذات الریہ- قولنج وغیرہ کے لئے تیر بہدف ہے ھوالشافی سیماب- آملہ سار- میٹھا تیلیا ہر تولہ تولہ فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل ہر آٹھ آٹھ تولہ پارہ اور آملہ سار کی کجلی کریں۔ باقی ادویہ الگ الگ باریک کرکے ملاویں- پھر ایک سیر ادرک کے رس میں کھرل کرکے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک اگولی ہمراہ مناسب بدرقہ۔

حکیم احمد علی صاحب ساکن نارووال ضلع سیالکوٹ

(۲۶۱) اکسیر سوزاک، نئے اور پرانے سوزاک کیلئے نہایت مفید ہے اور جریان رحم کے واسطے بھی مجرب ہے ھوالشافی ایک ڈلی سرب رشیشہ کی لیکر کڑچھی آہنی میں ڈالکر آگ پر رکھیں پگھل جانے پر گندھک باریک کی چٹکی دیتے جائیں جب خاک ہوجاوے۔ تو تیار ہے خوراک ۲ رتی بیری کے

پتے میں لپیٹ کر نگل جائیں۔

حکیم پیر محمد احسن صاحب سبکروی فیض باغ دھلی

(۲۶۲) طلاء مسیحا، مجلوقوں کے لئے بہت مفید ہے اور کئی سال سے میرے تجربہ میں آچکا ہے۔ ھوالشافی گندھک آملہ سار۔ شنگرف۔ سم الفار سفید۔ ہڑتال ورقی۔ سیماب۔ لوبان کوڑیا۔ سونا مکھی۔ مصطگی رومی۔ بنسل ہر تولہ تولہ سب باریک کر کے ایک ایک زردی بیضہ مرغ ڈالکر کھرل کریں۔ اسی طرح بائیس زردی ختم کریں۔ اور پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اوپر برگ ارنڈ باندھیں۔ اسی طرح صبح و شام لگاویں۔ اگر بثورات پیدا ہوں تو مسکہ گاؤ لگا دیا کریں۔

حکیم شیخ محمد صدیق صاحب لوہا منڈی سرہند شریف

(۲۶۳) نسخہ مقوی باہ نہایت عجیب الاثر مجرب المجرب ھوالشافی شنگرف رومی ۱ تولہ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد شنگرف کو باریک پیسکر زردیوں میں ملاکر آہنی کڑچھی میں پکاویں۔ کچھ عرصہ بعد روغن الگ ہوگا شیشی میں رکھیں۔ خوراک ایک قطرہ ہمراہ شیر استعمال کریں۔

حکیم عبدالرحیم خان صاحب نیازی (سند یافتہ طبیہ کالج دہلی) ساکن میانوالی

(۲۶۴) حب بخار جدید۔ موسمی بخار اور نوبتی بخاروں میں نہایت مفید ہے ھوالشافی، کونین سلفاس ۱ تولہ فنسٹین۔ دانہ الائچی خورد ست گلوہر چار چار ماسہ طباشیر ۲ تولہ سب کو عرق لیموں کاغذی اپاؤ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بناویں خوراک اگولی دن میں تین بار تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔

لقمان الملک شفاء الہند ڈاکٹر جسونت سنگھ صاحب مہتہ گوجر خان (پنجاب)

(۲۶۵) حب نقرئی، مغلظ منی، جریان۔ سیلان الرحم۔ سوزاک۔ حرقت البول احتلام۔ ذیابیطس وغیرہ کو مفید اور مجرب ہے ھوالشافی، کشتہ مرجان۔ زاج خام ہر تولہ تولہ۔ ہر دو کو شیر برگد ۵ تولہ میں کھرل کریں۔ بعد میں ہاون دستہ آہنی میں کوٹیں۔ کہ یک جان ہو جاویں۔ پھر نخود کے برابر گولیاں بناویں

اور اوپر ورق نقرہ چڑھا دیں۔ خوراک ا گولی دودھ سے استعمال کریں۔

ابو الصادق حکیم محمد شفیع صاحب چک ۲۰۵ گ ب لائل پور

(۲۶۶) چورن یہ چورن جملہ امراض معدہ میں مجرب ہے ھوالشافی نمک سیاہ، نوشادر سہاگہ سرد دو تولہ ہینگ ا تولہ۔ اول سہاگہ کو مناسب پانی میں پکائیں۔ جب غلیظ ہو جاوے تو مذکورہ ادویہ ڈالیں، اور اتار لیں۔ اور باریک پیس لیں۔ خوراک ۲ رتی بعد از غذا۔

حکیم قاضی امید علی صاحب عباسی ساکن رازق پور شہد

(۲۶۷) نسخہ برائے ریگ گردہ و مثانہ، مذکورہ امراض کے واسطے تجربہ شدہ ہے ھوالشافی سنگ سرماہی ا تولہ۔ نبات سفید ا تولہ پوٹاس کلورس ا ماسہ سب کو یک ذات کر کے رکھیں خوراک ۳ ماسہ صبح ۳ ماسہ شام ہمراہ شربت بزوری بارد۔

حکیم عبدالرحیم صاحب مفتون ساکن کوٹ دادن منظفر گڑھ

(۲۶۸) حب ممسک ھوالشافی لوبان کوڑیہ ۲ ماسہ، شنگرف رومی ۲ ماسہ شیر برگد ۲ تولہ ہر سہ ادویہ کو چار پہر کھرل کریں۔ بعدہ افیون ۳ ماسہ ملا کر ۲ گھنٹہ کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناویں خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔ اور رات کو سوتے وقت مربہ ہلیلہ ۲ عدد کھالیں۔

حکیم سید محمد ریاض الحسن خانصاحب جیلانی ساکن شاہکوٹ ضلع شیخوپورہ

(۲۶۹) عرق ماء اللحم جدید کمزور مریضوں اور ناتوانوں کو قوت بخشتا ہے۔ طبیعت میں فرحت اور سرور پیدا کرنے میں اکسیر صفت ہے ھوالشافی، گوشت جوان بکرا ۱۰ سیر سیب ۵ سیر سنگترہ ۵ سیر کوشیہ ابریشم مقرض نصف سیر گاؤزبان ا پاؤ۔ گل گاؤزبان ا پاؤ۔ عرق بید مشک ا سیر شیر بکری ۵ سیر حسب معمول گوشت کی یخنی پکائیں۔ اور باقی اشیاء کو ۲۴ گھنٹہ بھگو دیں۔ بعدہ عرق نکالیں۔ خوراک ۵ تولہ سے ۱۰ تولہ تک، (نوٹ) سیب باریک کاٹ لیں۔

حکیم رام داس صاحب ساکن اونہ ضلع ہوشیار پور

(۲۷۰) دوائے ذیابیطس، یہ دوا پیشاب کی کثرت کو روکتی ہے۔ شکر کی آمد کو بند کرتی ہے گردہ و مثانہ کو قوت دیتی ہے هوالشافی ست گلو۔ گڑمار بوٹی۔ مغز تخم جامن ہر تولہ تولہ۔ کشتہ فولاد ست سلاجیت زنجبیل ہر دو دو ماسہ آب گلو سبز میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناویں خوراک ۲ گولیاں صبح ۲ شام ہمراہ سادہ پانی۔

ڈاکٹر حکیم گورمکھ سنگھ صاحب ساکن چوکیرہ ضلع شاہ پور

(۲۷۱) عرق مبارکی، مبارکی اور عام بخاروں کے لئے مجرب ہے هوالشافی گل گاؤزبان۔ بکو گاؤزبان ازخر۔ عناب ہر پانچ پانچ تولہ۔ کاسنی۔ گلسرخ خوب کلاں ہر ایک چار چار تولہ۔ گل نیلوفر ۲ تولہ پانی ۴ بوتل۔ کل ۲ بوتل عرق کشید کریں۔ خوراک ۵ تولہ صبح ۵ تولہ شام ہمراہ سفوف طباشیر۔

ڈاکٹر محمد ریاض الدین صاحب قریشی ایم بی ایس صدر بازار میانوالی

(۲۷۲) دوائے حیض، خون حیض کے بند کرنے میں اکسیر بے نظیر ہے هوالشافی، کتھ۔ ماجو سنگجراحت۔ سپاری گوند ڈھاک دم الاخوین ہمہ یک وزن باریک کر کے سفوف بناویں خوراک ۲-۳ ماشہ دن میں دو بار چاولوں کے پانی سے دیں۔

فخر الحکماء حکیم عبدالستار صاحب عباسی ساکن جھوڑ کھیڑہ ڈاکخانہ ابوہر ضلع فیروز پور

(۲۷۳) اکسیر سبز ککرہ۔ آشوب چشم اور ککروں کے لئے سینکڑوں بار کا تجربہ شدہ ہے هوالشافی نوشادر ٹکیوالہ ۴ تولہ۔ افیون ۱ ماسہ دونوں کو الگ الگ باریک کر کے ملاویں۔ پھر پیتل کی بڑی پرات کو خوب صاف کر کے اس میں ڈال کر گائے کی چھاچھ جو کپڑے سے چھان لی گئی ہو تھوڑی تھوڑی ڈالکر پیتل کی صاف کٹوری سے گھسیں جب دوسرے تیسرے روز لیپ سا ہو جاوے۔ تو خشک ہونے پر دوا کھرچ کر باریک پیس لیں۔ نہایت سریع الاثر دوا ہے ضرورت کیوقت دوائی لیکر ککروں پر لگاویں۔

حکیم مولوی گل محمد صاحب ساکن بھکر شریف ضلع میانوالی

(۲۷۴) حبوب برائے زیادتی حیض۔ بیس سالہ تجربہ شدہ نسخہ ہے ھوالشافی جوہر گندھک ۵ تولہ۔ آرد دارہلدی ۵ تولہ۔ گوندکتیرا۔ ست نیم ست گاوہر حچہ ماسہ ان سب کو باریک کرکے شیر بڑ کے ساتھ گولیاں بقدر کنار صحرائی بناویں۔ خوراک ۱ گولی دن میں تین بار دودھ کے ساتھ دیں۔ چند خوراکوں سے آرام ہوگا۔ مگر ایک ماہ پورا استعمال کریں۔

حکیم مولوی محمد امین صاحب ساکن جہان آباد ضلع شاہ پور

(۲۷۵) نسخہ برائے جریان۔ جریان منی کے واسطے مجرب ہے ھوالشافی برگد کی تازہ جڑھیں جو ماہ ساون میں لی گئی ہوں ۳ تولہ منفرامن سے باریک کترکر تین بار شیر بڑ میں تر کرکے خشک کریں۔ پھر شقاقل طباشیر۔ الائچی خورد۔ ثعلب مصری ہر تولہ تولہ سب باریک کرکے مصری کالپی ۶ تولہ ملا کر سفوف بنادیں۔ خوراک ۳ ماسہ ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم و حاج احمد صاحب محشر ہاپوڑ میرٹھ

(۲۷۶) کشتہ گاؤدنتی ہر قسم کے بخاروں کے واسطے مجرب ہے ھوالشافی ہڑتال گودنتی ۲ تولہ۔ نغدہ پیاز میں کپڑوٹی کرکے۔ اسیرایوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوجاویگا۔ خوراک ۲ رتی تپ صفراوی کیلئے شربت نبفشہ۔ بلغمی کے لئے مویز منقی ہیں۔ دموی میں شربت عناب اور سوداوی میں شربت گاؤزبان، تپ پرسوت میں ہمراہ خمیرہ گاؤزبان استعمال کرائیں۔

نور حکمت حکیم نور محمد صاحب صابر ریاست گوالیار

(۲۷۷) نسخہ آتشک۔ آتشک کے ہر ایک درجہ میں مفید ہے ھوالشافی مٹھا تیلیا، دارچکنہ رسکپور ہر دو دو تولہ شراب دیسی میں کھرل کرکے بطریقہ معروف جوہر اڑالیں۔ خوراک نصف چاول مکھن میں رکھکر نگل لیں۔ مفید نسخہ ہے۔

حکیم عبد الحمید خان صاحب ساکن سنگھوئی ضلع جہلم

(۲۷۸) روغن اوجاع ، درد نا قابل برداشت کی حالت میں اکسیر کا کام دیتا ہے تجربہ شدہ ہے ھو الشافی روغن کنجد دس تولہ۔ لونگ دارچینی۔ زنجبیل جوت ہر ایک چھ ماسہ سب چیزیں باریک کر کے تیل میں ملا لیں۔ اور قدرے گرم کر کے مالش کریں۔ اوپر روئی باندھ دیں۔

حکیم قاضی فقیر محمد صاحب ساکن لیہ ضلع مظفر گڑھ

(۲۷۹) ممسک گولیاں مجرب ھو الشافی شنگرف رومی، لوبان کوڑیہ۔ کافور۔ افیون خالص، ہمہ یک وزن پہلے شنگرف کو باریک کریں۔ پھر لوبان ملا کر کوٹیں پھر کافور افیون ملا کر کوٹیں جتنی کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جاوے پھر نخود کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک اگولی ہمراہ شیر۔

حکیم محمد فضل الٰہی صاحب ، اکمل صدیقی سیالکوٹ

(۲۸۰) تریاق ذیابیطس کثرت بول اور جریان کے لئے حکمی علاج ہے ھو الشافی سفوف خستہ جامن اتولہ افیون ایک ماسہ زعفران اصلی اماسہ کشتہ قشر البیض مرغ ۲ماسہ سب کو باریک کر کے پانی سے گولیاں نخود کے برابر بنا دیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ۔

حکیم میاں سراج الدین صاحب نزد مسجد میاں داد جھنگ پنجاب

(۲۸۱) حب زعفران ، اختناق الرحم میں نہایت مفید ہے اور مجرب ھو الشافی زعفران ، لباسہ ہر تین تین ماسہ ، فلفل دراز جوز بوا ہر چھ چھ ماسہ ، ادرک اتولہ ، اسگند ناگوری ۲ماسہ ، برگ پان ۱۰ عدد سب کو باریک کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک اگولی سادہ پانی کے ہمراہ۔

زبدۃ الحکماء حکیم محمد موسیٰ خان صاحب ساکن بکھیا آوال ضلع شیخوپورہ

(۲۸۲) ضماد انگل بہیڑہ (چنبدرہ) اسکے استعمال سے فوراً ٹھنڈک پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر شروع میں

اس کا استعمال کر لیا جائے تو ورم نہیں ہوتا۔ مجرب و معمولِ مطب ہے ھوالشافی افیون ارتی تخم بھنگ ۱ ماسہ۔ مشک کافور ۱ ماسہ۔ مساوی سرکہ قندی میں پیسکر صبح شام انگل بیڑہ پر ضماد کریں۔

حکیم محمد ابراہیم صاحب ساکن مل سپراڈا کخانہ احمد نگر جھنگ

(۲۸۳) دوائے زرد، جملہ امراض باردہ و عصبیہ ضیق النفس و سرفہ مزمن کیلئے مجرب ہے ھوالشافی ہڑتال ورقی ۲ ماسہ مرچ سیاہ ۲ ماسہ دونوں کو ایک گھنٹہ کھرل کرکے ۴ ماسہ مرچ سیاہ اور ڈالیں پھر ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ پھر آٹھ ماسہ مرچ سیاہ اور داخل کرکے ایک گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر ۱۶ ماسہ مرچ سیاہ ڈالکر آٹھ پہر کھرل کرکے رکھ لیں خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ۔

حکیم مولوی شیر زمان خان صاحب مسٹر ورطبیب ڈب میانوالی

(۲۸۴) سفوف دافع جریان، جریان و رقت منی کیلئے خصوصیت سے مفید ہے ھوالشافی گوندکیکر گوندکتیرہ ۵ تا لمکھانہ شقاقل۔ گوند سہانجنہ۔ گوند ڈھاک۔ گوند سنبھل۔ گوند بادام، تودرین۔ گوکھرو کلاں تخم کاسنی ہر تولہ تولہ، دیسی کھانڈ ۵ تولہ سب کا سفوف بنا دیں خوراک ۱ تولہ بوقت صبح ہمراہ شیر گاؤ تازہ،

حکیم نور عبد اللہ خان صاحب ساکن کسراں ضلع اٹک

(۲۸۵) اکسیر گردہ، گرمی پتھری اور درد گردہ کیلئے مفید ہے سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے ایک گھنٹہ میں آرام آجاتا ہے ھوالشافی شورہ قلمی ۵ تولہ کو کوزہ گلی میں ڈالکر شیرہ برگ بیری اسقدر ڈالیں کہ ایک انگل اوپر ہو جاوے اس سے کپڑ مٹی کریں۔ اور بھوبھل میں رکھدیں اور اس صورت سے رکھیں کہ کوزہ نصف سے زیادہ بھوبھل میں دبا رہے۔ صبح کو نکالکر کوزہ کے اطراف میں جو دوا لگا ہو۔ حاصل کرکے محفوظ رکھیں۔ خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک کھانڈ سفید میں ملا کر کھلائیں۔

حکیم حافظ شاہ ابوالانوار صاحب چشتی فریدی ساکن گوپی گنج

(۲۸۶) بواسیر کہنہ خونی و بادی بواسیر کے لئے تجربہ شدہ ہے ھوالشافی گل دھاوا۔ کوکنار۔ بھنگ

ہر چار چار تولہ۔ برگ گکروندہ ۵ تولہ۔ شورہ قلمی ۱۰ ماسہ۔ شب یمانی ۳ ماسہ۔ سب کو باریک کر کے گکروندہ کے عرق میں حب بقدر کنار دشتی بنا دیں۔ خوراک اگولی سادہ پانی کے ہمراہ۔

حکیم مولوی حاجی امام احمد صاحب ساکن کندیاں پنجاب

(۲۸۷) کشتہ صدف ضیق النفس کیلئے مجرب ہے ھوالشافی صدف سوختنہ ۵ تولہ آملہ سار ۲ تولہ نوشادر دیسی ۳ تولہ ہر سہ کو باریک کر کے ٹکیہ بنا دیں اور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے ۲ سیر اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو گا۔ باریک کر کے رکھیں۔ خوراک ۲ رتی پتاشہ میں رکھکر کھلائیں۔ غذا مرغن۔

حکیم علی احمد صاحب ساکن ٹربلیہ ضلع گجرات (پنجاب)

(۲۸۸) نسخہ وجع المفاصل مجرب ھوالشافی پھل دھوکڑی سوا سیر پختہ شنگرف رومی اتولہ سم الفار سفید ۲ ماسہ پھل دھوکڑی کوٹ کر شنگرف کی ڈلی درمیان رکھکر کپڑ وٹی کر کے ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر شنگرف نکالکر سم الفار مذکور کے ہمراہ ۲ دو دن کامل کھرل کریں۔ بعد شہد کی مدد سے گولیاں نخودبید بنا دیں۔ خوراک اگولی رات کو ہمراہ شیر گاؤ شیریں جو قدرے گرم بھی ہو استعمال کریں۔

حکیم محمد ابراہیم صاحب ساکن کماں ضلع ملتان

(۲۸۹) نسخہ برائے فالج، صدہا بار کا مجرب ھوالشافی برگ مدار۔ برگ دھنورہ۔ برگ ارنڈ۔ کنڈیاری برگ سمبھالو۔ اہنتیموں ہر پانچ پانچ تولہ۔ کائفل۔ قسط تلخ۔ سورنجاں۔ بابونہ ہر دو دو تولہ سب کو تین سیر پانی میں بھگو دیں چار پہر کے بعد جوش دیں جب ایک سیر پانی رہ جاوے تو مل چھان کر نیم سیر روغن کنجد ڈالکر آگ پر رکھیں۔ جب پانی خشک ہو جاوے اور تیل باقی رہ جاوے۔ تو اتار کر رکھ لیں۔ درد کی جگہ مالش کر کے اوپر روئی باندھ دیں۔

حکیم صوفی عبدالمجید صاحب سیفی ساکن سدہ کمبوہ ضلع شاہپور

(۲۹۰) تریاق مارگزیدہ، مارگزیدہ۔ سگ گزیدہ، ذات الجنب وریاحی دردوں کے لئے اکسیر ہے

ھوالشافی سنکھ سالم ٹکڑہ ۱ پاؤ۔ افیون نصف پاؤ افیون کو پانی میں گھول کر گاڑھا ضماد بنا کر سنکھ پر لیپ کر دیں۔ پھر ایک کوزہ گل میں رکھکر اوپر ایک بوتل شراب برانڈی کی ڈالکر منہ بند کر کے خوب گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سنکھ کشتہ ہوگا۔ نگاہ رکھیں خوراک ۱ ماسہ سگ گزیدہ کے لئے آرد گرم بریاں۔ اور مار گزیدہ کے لئے ہمراہ گھی ذات الجنب میں شربت بنفشہ و عرق سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محبوب عالم خان صاحب فسٹ کلاس مجسٹریٹ اسکور ضلع لداخ

(۲۹۱) اکسیر مقوی دماغ ھوالشافی، چاول سونف، چاول کشنیز۔ دانہ الائچی کلاں۔ مغز بادام مقشر مصری کالپی۔ ہمہ یک وزن باریک کر کے سفوف بنالیں خوراک ۱ تولہ رات کو سونے وقت واحد کھالیں۔

حکیم محمد الدین صاحب عرف بابا سنیاسی جہلم شہر

(۲۹۲) نسخہ برائے درد چشم، درد چشم کے واسطے اکسیر الاثر ہے ھوالشافی افیون ملٹھی۔ دار چینی کرفہ خشک مصری نگھاں ہموزن باریک کر کے پانی کی مدد سے چھوٹی چھوٹی بتیاں بنالیں۔ بوقت ضرورت بتی کو پانی میں گھسکر آنکھوں پر پتلا سا لیپ کر دیں۔ فوراً درد بند ہوگا مجرب ہے۔

حکیم محمد سرور الدین صاحب شفا خانہ خادم الحکماء کوہاٹ

(۲۹۳) اکسیر خارش ہر قسم خارش خشک و تر کے لئے سو سالہ مجرب ہے ھوالشافی آملہ سار باپچی۔ قسط تلخ نیم انبہ ہلدی ہر حصہ چھ ماسہ سب کو جو کوب کر کے ۲۴ گھنٹہ ایک چھٹانک پانی میں بھگو رکھیں اس کے بعد سب کو مع پانی کے ۲ چھٹانک تیل سرسوں میں ڈالکر جلالیں۔ اور تیل مقطر کر کے رکھیں۔ خارش کی جگہ خوب مالش کریں۔

حکیم حاکم سنگھ صاحب حاذق سند یافتہ طبیہ کالج دہلی فیروز پور شہر

(۲۹۴) معجون اکسیر جریان چند روز میں رقیق منی کو غلیظ کرتی ہے جریان و سرعت و احتلام کے

لئے بے نظیر ہے ھوالشافی ستا ور، ثعلب مصری، تودری سرخ و سفید۔ موصلی سفید و سیاہ۔ بہمن سرخ و سفید تمر ہندی۔ شقاقل مصری۔ تخم سروالی۔ مغز تخم پیٹھہ۔ مغز کدو۔ مغز اخروٹ ہر ایک تولہ تولہ سیب ۵ تولہ عرق کیوڑہ ایا ؤ۔ آب انار شیریں ایا ؤ مصری سوا سیر حسب دستور معجون بناویں خوراک ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم لدہارام صاحب زبدۃ الحکماء نواب شاہ سندھ

(۲۹۵) اکسیر اطفال۔ بچوں کی کھانسی، دمہ، بخار کے لئے مجرب ہے ھوالشافی دانہ الائچی خورد، طباشیر فلفل دراز۔ کاکڑا سنگی۔ انیس ہموزن لے کر باریک کر کے سفوف بناویں۔ خوراک ایک چٹکی قدرے شہد میں ملا کر چٹائیں۔

حکیم مولوی غلام حسین صاحب ماہر الاکاسیر ساکن بستی موہن والی ضلع مظفر گڑھ

(۲۹۶) نسخہ معیّن مغلظ برائے فریقین مجرب، ھوالشافی سبوس اسبغول۔ دودھک بوٹی خار خسک بوھلی ہر ایک تین تین تولہ، گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ تخم تالمکھانہ ہر دو دو تولہ باریک کر کے سفوف بناویں۔ خوراک دو کف دست در شیر یک آثار انداختہ بر آتش نہادہ علی الصبح فریقین بخورند و شام مشغول شوند نا شفتہ

حکیم عبد الحکیم صاحب ساکن دولوکی ضلع سیالکوٹ

(۲۹۷) اکسیری گولیاں، قوت باہ کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی سم الفار سفید ۱ تولہ۔ کشتہ سفید ۳ تولہ کستوری ۱ ماسہ۔ سب کو کھرل کر کے موٹھ کے برابر گولیاں بناویں خوراک ایک گولی علی الصبح ہمراہ مکھن یا ملائی کے استعمال کریں۔ پرہیز گرم اور ترش چیزوں سے اور جماع سے۔

حکیم شیخ عبد الحکیم صاحب سرہند شریف

(۲۹۸) کشتہ گؤدنتی۔ موسمی بخار، تیجہ، چوتھیہ بلکہ جملہ اقسام بخار کے لئے اکسیر ہے۔ بچہ بوڑھا استعمال کر سکتا ہے ھوالشافی ہڑتال گؤدنتی ۵ تولہ گلو سبز کے بیس تولہ نغدہ میں رکھ کر خفیف گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا خوراک تین رتی ہمراہ مناسب بدرقہ استعمال کرائیں۔

وید چھنے شاہ صاحب کوچہ سیٹھ بر پرشاد چوڑی موری لاہور

(۲۹۹) اکسیر اعظم تِلا، مجلوقوں کے واسطے اکسیر اعظم ہے ھوالشافی مٹھا تیلیا۔ گھونگچی سفید کا مغز۔ جمالگوٹہ مشدھ۔ برادہ کچلہ ہر دو دو تولہ ہڑتال ورقی ا تولہ، بیخ کنیرہ سفید۔ آسگند ناگوری، تج حرمل ہر چار چار تولہ۔ چروبخی۔ ناخن گھوڑا تراشا ہوا۔ ہر دس دس تولہ۔ بھینس کے ۴ سیر دودھ میں پکاویں جب ½ سیر رہ جاوے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے ضامن لگاویں۔ صبح مکھن نکال کر گھی بنا لیں۔ رات کو دو یا تین بوند کی مالش کر کے برگ پان باندھ دیں آبلہ جلن وغیرہ کچھ نہیں ہوتا اس سے بڑھ کر تِلا ملنا مشکل ہے

حکیم ڈاکٹر امر چند صاحب جین نولکھا زیرہ فیروز پور

(۳۰۰) حب ممسک تا ترش نخورند کا مصداق ہے ھوالشافی شنگرف، لونگ، زعفران، افیون، ہینگ، جاوتری ہم وزن پیاز کے پانی میں تین روز تک کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

حکیم منشی دیوی دیال صاحب ساکن کنجاہ ضلع گجرات

(۳۰۱) اکسیر برائے سرعت انزال، سینکڑوں مرتبہ کا تجربہ شدہ ھوالشافی مغز املی ۲ تولہ، الائچی سفید، ست بیروزہ، تخم زردک، مدبر کردہ طباشیر ہر ہر ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی در بھنگ یا برگ حنا تیار کردہ ۲ ماشہ سب کو باریک کر کے شہد کی مدد سے ایک ایک ماشہ کی گولیاں بناویں۔ خوراک ا گولی تازہ دودھ کے ہمراہ۔

حکیم سید مظفر علی خان صاحب ساکن جانسٹھ ضلع مظفر نگر

(۳۰۲) حب اکسیر فالج نہایت اکسیر الاثر سینکڑوں بار کا تجربہ شدہ اور معمولِ مطب ھوالشافی عقرقرحا۔ کباب چینی، خشخاش سیاہ، خشخاش سفید، موصلی سیاہ، موصلی سفید، پیپل، جاوتری، خولنجان، لونگ، اسگند۔ بوہلی، جائفل، دارچینی۔ مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ ہر تولہ تولہ سب کو باریک کر کے شہد سے نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ۲ گولی سے ۴ گولی تک چاء شہد سے شیریں شدہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم نور مصطفے صاحب حاذق ساکن بولہ ضلع شاہپور

(۳۰۳) حب اکبر۔ دائمی نزلہ زکام کے لئے اکسیر ہیں دو تین خوراک سے آرام آجاتا ہے ھوالشافی نزبد، مصبر ست ملٹھی۔ گوند کتیرا جملہ دوائیں ہموزن لے کر باریک کرکے سفوف بناکر روغن بادام سے چرب کرکے ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں، خوراک ۲ گولی تازہ پانی کے ہمراہ رات کو سوتے وقت شرطیہ آرام ہوگا

حکیم رام ناتھ صاحب شرما ڈرگ روڈ سندھ

(۳۰۴) مقوی اعصاب۔ تقویت اعصاب درد کمر جریان کے لئے مجرب ہے ھوالشافی سائٹریٹ آف آئرن اینڈ کیفین ۴۰ گرین لائیکر اسٹرکنیا ۵ منم شربت سادہ ۲ ڈرام پانی ۱۲ اونس سب ملاکر حل کر لیں۔ خوراک دو دو ڈرام دن میں دوبار۔

حکیم ولی محمد خان صاحب ساکن اوگرہ ضلع ہزارہ

(۳۰۵) سفوف عجیب۔ کثرت طمث کے واسطے عمدہ چیز ہے ھوالشافی۔ گوند کیکر۔ کتیرا مغز کدو بیخ انجبار ہر تین تین ماشہ۔ نشاستہ گل نار۔ دم الاخوین ہر دو دو ماشہ سب کو باریک کرکے سفوف بناویں۔ خوراک ۲ ماشہ پانی کے ہمراہ۔

حکیم اللہ یار خان صاحب ساکن چک شیر خان ڈاکخانہ کبیر والہ ملتان

(۳۰۶) کشتہ ہڑتال اکسیر اعظم۔ نزف الدم خواہ کسی جگہ سے ہو۔ تپ ضیق النفس جس میں گرم اشیائ موافق نہ آتی ہوں یہ اکسیر اعظم فائدہ بخشتا ہے ھوالشافی ہڑتال گئودنتی چمکدار ۲ تولہ کو نیب کے کونپلوں کے ایک پاؤ پانی میں کھرل کرکے غلولہ بناکر خشک کریں۔ اور ایک پاؤ نغدہ برگ نیب تازہ میں رکھکر کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے دس سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر رکھ لیں۔ خوراک ارتی نزف الدم کے لئے طباشیر سے ضیق النفس کے لئے مسکہ میں ضیق النفس جس میں گرم چیزیں موافق نہ آتی ہوں ہمراہ شربت بنفشہ و نیلوفر وغیرہ کے اسقدر فائدہ ظہور میں آتا ہے۔ کہ اسے اکسیر اعظم کہنا بجا ہے۔

حکیم مولوی محمد صاحب انصاری ساکن دیوایا ضلع گورکھپور

(۳۰۷) نسخہ برائے مالیخولیا۔ خواب آور ہے ایک خوراک سے آرام ہونے لگ جاتا ہے ایک بہترین چیز ہے ھوالشافی آدھ سیر پانی کو آگ پر رکھیں جب جوش آجاوے تو عشبہ مغربی ۲ تولہ ڈالدیں۔ جب آدھ پاؤ پانی جل جائے۔ تو اتار کر چھان کر محفوظ رکھیں، ترکیب استعمال اس دوائی سے ۲ تولہ دوائی لیکر ایک علیحدہ شیشی میں ڈالکر اس میں پوٹاس بروماءِڈ بیس گرین سے ۴۰ گرین تک حسب شدت وخفت مرض کے ملا کر رکھیں۔ اس میں سے ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام ۲ تولہ دوپہر کو پلایا کریں ایک ہفتہ تک یہ عمل کریں۔

حکیم عبدالغنی صاحب قیصر ساکن خیر پور ضلع بہاول نگر

(۳۰۸) اکسیر برائے سنگرہنی، سنگرہنی کے واسطے عجیب چیز ہے بہت مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے اس سے بڑھکر کوئی نسخہ نہیں دیکھا ھوالشافی اندرجو۔ مغز کدو، مصطگی۔ طباشیر ہر تولہ تولہ گل دھاوا بھنگ سوختہ ہر دو دو تولہ۔ سونف بریاں اتولہ پوست سماق، افیون مصفے ہر تین تین ماسہ کچلہ مدبر ۶ ماسہ کشتہ فولاد اتولہ سب کو باریک کر کے سفوف بناویں۔ خوراک ا ماسہ دہی کے ہمراہ صبح شام۔

ڈاکٹر حکیم دوست محمد صاحب صابر ساکن غوث پور ضلع ملتان

(۳۰۹) سوزاک کا اکسیری نسخہ ھوالشافی کشتہ سنگجراحت کنوار گندل والہ، جوہر لوبان خانہ ساز ست کبابہ ست صندل ہر تولہ تولہ کشتہ نیلا تھوتھہ کافوری ۶ ماسہ۔ ست بیروزہ ۲ تولہ سب کا سفوف بنا لیں۔ خوراک سارتی سے ۵ رتی تک ہمراہ چھاچھ خام۔ پہلی خوراک سے ہی فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اس سے بہتر نسخہ آپ نے نہ دیکھا ہوگا۔

حکیم سندر سنگھ صاحب ساکن گل ڈانگا فرید کوٹ ضلع فیروزپور

(۳۱۰) طلاء، کمزوری، کجی، کوتاہی وغیرہ کے لئے عجیب الاثر ہے ھوالشافی کچلہ مدبر، شنگرف، مغز جمالگوٹہ۔ مکھن جو چند بار دھویا گیا ہو۔ جملہ ہموزن سب کو باریک کر کے مکھن ملالیں۔ بوقت ضرورت بقدر ایک

چاول حشفہ وسیون چھوڑ کر خوب مالش کریں۔ اوپر برگ ارنڈ باندھ دیں۔ جب پھنسیاں نکل آئیں تو روغن چنبیلی یا روغن گاؤ بریاں لگائیں چند دن کے استعمال سے صحت ہوگی۔

حکیم صدرالدین صاحب ساکن ہلہ کھچیاں ضلع شیخوپورہ

(۳۱۱) ملذذ و ممسک اعلےٰ درجہ کی ممسک و ملذذ دوائی ہے ھوالشافی عنبر ۴ رتی، کستوری ۴ رتی عنقر قرحا ۲ ماسہ، گل عقر قرحا، گل لونگ، دارچینی ہر ایک ایک ماشہ، سنجال کنوز صحرائی ۲ ماشہ موم سفید اتولہ، زہرہ گوش ۲ عدد۔ شہد خالص ۳ تولہ تمام کو الگ الگ باریک کرکے موم اور شہد ملاویں ضرورت کے وقت نصف رتی نیچے اوپر لگا کر مشغول ہوں۔

حکیم محمد لعل الدین صاحب اختر ملتان

(۳۱۲) سرمہ مقوی البصر جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر بےنظیر ہے ھوالشافی سرمہ سیاہ۔ اتولہ کی سالم ڈلی لے کر آگ میں سرخ کرکے عرق لیموں کاغذی میں ایک ہزار بار بجھاویں پھر شراب خالص ۲۰ تولہ میں کھرل کرکے خشک کریں۔ سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگائیں۔

حکیم پریم سرام صاحب آنریری مجسٹریٹ موگہ فیروزپور

(۳۱۳) جوارش عنبری معدہ کی سردی کو دور کرتی ہے ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بلغم کو کاٹ کر نکالنے کے بعد دماغ کو تقویت پہنچاتی ہے بہت عمدہ چیز ہے ھوالشافی عنبر اشہب ۲ ماسہ کستوری خالص ۲ ماسہ۔ اسارون۔ لونگ۔ زعفران ہر تین تین ماسہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی فلفل دراز۔ زنجبیل۔ جائفل ہر چھ ماسہ مصری ۲ ثار، شہد ۲ ثار بطریق معروف جوارش بنائیں۔ خوراک ۴ ماسہ ہمراہ عرق سونف۔

حکیم شرف الدین صاحب چک ۲۲۸ براستہ شورکوٹ (پنجاب)

(۳۱۴) نسخہ برائے یرقان و استسقائے لحمی مجرب، ھوالشافی شب یمانی ۳ تولہ ہینگ کاگودہ۔ اتولہ ہر دو کو کھرل کرکے نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ا گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ

شربت بزوری معتدل ۲ تولہ کے پرہیز تیل والی اشیاء سے۔

حکیم سائیں نظیر حسین صاحب سنیاسی مشن روڈ متصل موتی محل ٹاکیز کمپنی کراچی

(۳۱۵) **اکسیر بیاض العین**۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے انشاء اللہ جالا پھولا بغیر کسی تکلیف کے آنکھوں کو روشن کر دیگا۔ ھوالشافی برادہ مس ۱ تولہ نوشادر قلمی ۱۰ تولہ، توتیا زنگاری خالص ۱ تولہ نمک سنگ اسپیر ایک آہنی کڑاہی میں پہلے نمک باریک شدہ ۲ تولہ فرش کردیں۔ پھر اس فرش پر نصف نوشادر باریک شدہ کا تہ لگادیں۔ اس تہ پر توتیا کی سالم ڈلی رکھدیں۔ باقی کا نصف نوشادر باریک شدہ کا تہ لگادیں۔ بعد میں برادہ مس کو نوشادر پر جمادیں۔ پھر ایک پیالہ مٹی کا ان ادویات پر رکھدیں۔ مگر پیالہ بڑا ہوتا کہ دوا سے چسپاں نہ ہوجائے اب اس باقی کے نمک کو پیالہ کے اوپر اچھی طرح جمادیں۔ تاکہ پیالہ کا منہ ہر طرف سے بند ہوجاوے۔ اب اس آہنی کڑاہی کو آہنی انگیٹھی پر رکھیں اور نیچے دو گھنٹہ برابر درمیانی آگ جلائیں۔ بعد سرد ہونے کے پیالہ کو حفاظت سے اٹھالیں۔ پیالہ کے ساتھ دوا لگا ہوگا پس وہی اکسیر العین ہے رات کو سونے وقت سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگاویں نیز جو کہ سالم گولیاں توتیا کی سفید برآمد ہوں وہ اکسیر آتشک ہے۔ باریک کرکے ۳ رتی ہمراہ مسکہ دو تولہ ہر دو وقت استعمال کریں۔ اور دوران علاج میں ترشی سرخ مرچ سے پرہیز ضروری ہے۔

حکیم گوربچن سنگھ صاحب حاذق ساکن جے سنگھ والہ ضلع فیروزپور

(۳۱۶) **اکسیر یرقان**. بارہا کا تجربہ شدہ نسخہ ہے چندروز کے استعمال سے فائدہ ہوجاتا ہے۔ ھوالشافی املی ۲ تولہ کو آدھ سیر پانی میں کورے برتن کے اندر بھگو رکھیں۔ آدھ گھنٹہ کے بعد چھانکر قدرے شیریں کرکے پہلے مریض کو ۶ ماسہ تخم بالنگو سالم پھنکا کر اوپر سے پلادیں۔ یہ ایک خوراک ہے ہفتہ عشرہ تک اسی طرح استعمال کریں۔ عجیب الاثر نسخہ ہے۔

حکیم چودہری محمد یوسف صاحب ساکن آدم کے ریاست پٹیالہ

(۳۱۷) **اکسیر قلب** امراض قلب کیلئے مفید ہے نیز جریان ہر قسم۔ سرعت احتلام کیلئے نایاب

چیز ہے کمزوری دماغ کے لئے اکسیر ہے۔ کھانسی کو بھی بہت نافع ہے ھوالشافی مروارید ناسفتہ کہربا شمعی۔ یشب سبز۔ کتیرا۔ گوند کیکر۔ طباشیر کبود۔ زہر مہرہ خطائی ہر چھ چھ ماسہ۔ کشتہ قلعی و سکہ مرکب والا ۳ ماسہ۔ کشتہ مرجان جواہر والا ۳ ماسہ سب کو باریک کر کے سفوف بناویں۔ خوراک ۴ رتی سے ۵ رتی تک شیر گاؤ کے ہمراہ روزانہ کھائیں۔

حکیم سید پیر شاہ صاحب قاضی ساکن باقر زد سرائے عالمگیر گجرات

(۳۱۸) **اکسیر آتشک**، آتشک کا شرطیہ علاج ہے ھوالشافی سیاب ۲۰ تولہ دارچکنہ ۶ ماسہ گیہوں کا آٹا ۱۱ ماسہ پہلے لیموں کے پانی میں سیماب بعد دارچکنہ کو کھرل کریں تاکہ سیماب کی چمک نہ رہے پھر آٹا ملا کر بکیقدر گولیاں بناویں۔ خوراک ۱ گولی روزانہ پانچ روز تک کھائیں۔ پھر مسہل لیں پھر روزانہ دس دن تک تین گولیاں کھائیں پھر مسہل لے کر تا صحت ۱ گولی کھاتے رہیں سادہ پانی کے ہمراہ۔ پرہیز سرد اور ترش چیزوں سے بہت ضروری ہے۔

حکیم عطاء محمد صاحب ساکن چک ۱۳۹ ڈاکخانہ نمبر ۲ ضلع جھنگ

(۳۱۹) **دوائے مقوی**، احتلام، امساک کیلئے مجرب المجرب ہے ھوالشافی تخم ریحان ۲ تولہ ملبوس اسبغول ۲ تولہ۔ مغز املی خوردہ ۵ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ کشتہ عقیق پالک ۱ تولہ مرجان ۶ ماسہ۔ کشتہ قلعی ۶ ماسہ۔ نبات کوزہ ۸ تولہ، کوفتہ بیختہ سفوف سازند خوراک ۱ تولہ ۲/۱ تولہ نمک

حکیم منظور احمد صاحب سند یافتہ طبیہ کالج دہلی رسلانوالی گڑ کر کے

(۳۲۰) **اکسیر بخار**، بخار کے واسطے سو فیصدی مجرب ہے ھوالشافی کونین سلفاس ۱ تولہ ریوند چینی ۲ تولہ دونوں کو باریک کر کے گولیاں بنائیں۔ خوراک ۱ گولی سے ۲ گولی تک ہمراہ شیر یا مناسب شربت

حکیم محمد شفیع صاحب فائق۔ کپورتھلہ

(۳۲۱) **اکسیر درد گردہ**۔ جو بسبب سنگ گردہ کے ہو اس کے دفعیہ کیلئے

ر د چینی ... کریں۔ اور شیشی

پہلی خوراک درد کو تسکین دیتی ہے۔ نہایت لاجواب اکسیری نسخہ ہے ھوالشافی جوکھار۔ لوٹہ سجی، سہاگہ خام نوشادر خام۔ مرچ سیاہ۔ نمک سندھا، نمک سفید، ہیرا سنگ۔ قلمی شورہ۔ ہموزن باریک کرکے سرکہ تند ولائتی سے لعوق بناویں۔ خوراک ۳ ماسہ ہر ۵ امنٹ کے بعد استعمال کریں۔

حکیم شیخ غلام محمد صاحب نظامی شہر راولپنڈی مری روڈ

(۳۲۲) **مقوی باہ** ھوالشافی سم الفار ۴ ماسہ افیون ۴ ماسہ زعفران کشمیری ۶ ماسہ ورق طلاء ۶ ماسہ ورق نقرہ ۱ تولہ۔ جدوار خطائی ۱ تولہ۔ کستوری ۱ ماسہ۔ عنبر اشہب ۱ ماسہ جملہ ادویہ کو شیر بکری میں کھرل کرکے باجرہ کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک ایک گولی ۵ تولہ مکہ یا ملائی میں رکھکر کھلائیں۔ صبح وشام (نوٹ) دوائی کھانے سے پہلے چند لقمے مرغن کھالیں۔

حکیم شیخ ابوالقاسم صاحب حسام العلماء (منشی فاضل مولوی فاضل) مؤلف حیدری جنتری حیدرآباد دکن

(۳۲۳) **ضماد برائے تقویت باہ**۔ تقویت باہ کے لئے مجرب ہے ھوالشافی خراطین خشک ۲ ماسہ مغز کنجشک نر خانگی ایک عدد باریک حل کرکے عضو پر ضماد کریں۔ خشک ہوجاوے تو وظیفہ [illegible] ادا کریں۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

حکیم چراغ الدین صاحب سرگودہا نزد جامع مسجد

(۳۲۴) **سفوف احتلام** جریان احتلام کے لئے مفید ہے اور تقویت اعضاء رئیسہ کے لئے مجرب ہے ھوالشافی، سنگجراحت ۲ تولہ۔ پھول مکھانہ۔ موصلی سفید۔ ست سلاجیت ہر دو دو تولہ۔ قند سفید ۶ تولہ سفوف بناویں خوراک ۳ ماسہ صبح ۳ ماسہ شام ہمراہ دودھ کی لسی کے استعمال کریں۔

پنڈت اوما شنکر صاحب تریپاٹھی و ایڈیٹر رسالہ جڑی بوٹی لاہور

[illegible] **نشاط**، ضعف باہ و امساک و جریان کے لئے عجیب الاثر ہیں ھوالشافی کشتہ نقرہ [illegible]گ ماہی نر ہر ایک ۱ تولہ، سمندر سوکھ جوز بوا ہر ایک ۹ ماسہ زہر مہرہ ۱ ماسہ مشک

خالص ۱۰ ماسہ ترکیب مشک زعفران کشتہ نقرہ کو گلاب میں حل کر کے بقیہ دوائیں کوٹ چھان کر ملائیں اور عرق پان میں بقدر کنار دشتی کے گولیاں بنائیں خوراک اگولی ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم اسد اللہ خاں صاحب اسلام آباد کشمیر

(۳۲۶) آتشک کا بے نظیر نسخہ آتشک کی ہر ایک حالت میں مفید ہے اور مجرب چند یوم کے استعمال کرنے سے کلی آرام ہوگا۔ سوزاک کیلئے بھی اکسیر چیز ہے، ھوالشافی بلادر، پارہ، سرد چینی، طباشیر، بیروزہ، قلمی شورہ، قرنفل، الائچی کلاں، مرزنج سیاہ، مشک کافور نوشادر بھیم سینی، کافور، کبیسر گجراتی سب ہم وزن گڑ پرانا حسب ضرورت سب باریک کر کے گڑ میں ملا کر کوٹ کر حب بقدر نخود بیر بناویں خوراک اگولی بوقت صبح نہار منہ ہمراہ حضرات استعمال کریں۔ ترش اچار والی چیزوں سے پرہیز۔

حکیم محمد حسین صاحب مرہم عیسیٰ مبارک منزل لاہور

(۳۲۷) سنگ گردہ و مثانہ، سنگ گردہ و مثانہ کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی، شورہ قلمی ۸ تولہ، جواکھار اصلی ۴ تولہ، کشتہ سنگ یہود جو زنبق کے پیاز میں بنایا گیا ہو ۴ تولہ نمک نریب ۲ تولہ نمک خربوزہ ۲ تولہ، فلفل گرد ۱ تولہ، ریوند خطائی، سہاگہ، نوشادر ہر تین تین ماشہ، نمک پالک ۱ تولہ سب کو باریک کیکے ۱ ماشہ ہمراہ جوشاندہ بادیان ۳ تولہ حب الفلت ۲ تولہ مسکہ گاؤ ۲ تولہ، نمک سندھا ۳۰ ماسہ، اول بادیان اور حب الفلت کو ایک سیر پانی میں جوش دیکر صاف کر کے مسکہ اور نمک داخل کر کے علی الصبح پلائیں۔

حکیم غلام محمد صاحب ساکن کوٹھہ سرینگر کشمیر

(۳۲۸) اکسیری روغن برائے موتیابند ھوالشافی سرسوں کا تیل خالص ۵ تولہ، سرد چینی ۲ تولہ ہر دو کو کانچ یا چینی کے کھرل میں ڈالکر خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ رات کے وقت سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگائیں۔

حکیم ضرغام علی خانصاحب سلونی لیکچرار طبیہ کالج علیگڈھ

(۳۲۹) اکسیر فالج۔ فالج کیواسطے اکسیر الاثر اور مجرب نسخہ ہے چار یا پانچ روز کے استعمال سے شرطیہ آرام آجاتا ہے ھوالشافی تخم حرمل ۱۰ تولہ کو پوٹلی میں باندھکر دو سیر گائے کے دودھ میں پکائیں جب آدھ سیر دودھ رہ جائے تو اتار کر قدرے سرد ہونے پر پوٹلی کو دودھ میں نچوڑکر دودھ میں گائے کا گھی دس تولہ دیسی کھانڈ ۵ تولہ شامل کرکے گرم گرم مریض کو پلاویں۔ اور مریض کو کپڑا اوڑھا کر لٹاویں۔ بہت پسینہ اترے گا۔ پسینہ کو اندرہی خشک کریں۔ اسی طرح چار پانچ روز استعمال کریں حکماً فائدہ ہوگا۔

زبدۃ الحکماء حکیم ڈاکٹر عزیز محمد صاحب میر پور پار ضلع شیخوپورہ

(۳۳۰) کشتہ مرجان۔ ضیق النفس وسرفہ کیلئے مفید ہے ھوالشافی برگ سناء کو پیس کر دونان کی صورت بنالیں۔ مرجان حسب ضرورت ملفوف کرکے دوصد اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک ۲ یا ۳ چاول شہد میں ملاکر چٹائیں،

حکیم رفیق احمد صاحب ساکن بوڑیہ کلاں ضلع انبالہ

(۳۳۱) جواہر مہرہ عنبری۔ مقوی ومفرح قلب ہے ھوالشافی مروارید ناسفتہ، یاقوت پکھراج، زمرد، زہر مہرہ خطائی، فیروزہ، لبد، طباشیر، کہربا، ورق طلاء، ورق نقرہ ہر ایک چھ چھ ماسہ عنبر ۴ ماسہ، مشک ۳ ماسہ، مومیائی ۳ ماسہ ناریل دریائی ۱۰ ماسہ جدوار ۱۰ ماسہ، عرق کیوڑہ عرق گلاب عرق بیدمشک سب دوائیں باریک کرکے عرقوں میں کھرل کرکے ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔ خوراک ۱ گولی شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد اسماعیل صاحب ساکن محمد آنہ ضلع گجرات

(۳۳۲) حب عنبر مومیائی۔ تقویت باہ کے لئے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں، اعضاء رئیسہ

کو تقویت دیتی ہیں مباشرت کے بعد انکا استعمال نہایت مفید ہوتا ہے۔ قوت میں کمزوری نہیں ہونے دیتیں ھوالشافی مومیائی مصطگی۔ مروارید ناسفتہ، طباشیر، قرنفل، بسباسہ، جوز بوا، بہمن سرخ وسفید، دارچینی، شقاقل مصری۔ جدوار ہر ایک ۱۲ رتی عنبر مشک ہر ایک ایک ماسہ روغن پستہ قدر حاجت ورق طلاء ۵ عدد، مروارید مشک عنبر کو عرق بید مشک میں حل کریں۔ مومیائی کو روغن پستہ میں حل کریں۔ پھر دوسری دوائیں باریک کر کے ملا کر حبوب بقدر نخود بناویں خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

حکیم عبدالرحیم صاحب رحمانی جلال آباد ضلع مظفر نگر

(۳۳۳) آنکھ دکھنے کی مفید دوا ھوالشافی افیون ۴ رتی پھٹکڑی سفید ۳ ماسہ، دونوں باریک کر کے عرق گلاب ۵ تولہ میں حل کریں اور بحفاظت شیشی میں رکھیں وقت ضرورت دو قطرے صبح شام آنکھوں میں ڈالیں پہلے ہی روز درد وغیرہ دور ہوگا۔

حکیم محمد اسمعیل خان صاحب امرتسری پروپرائٹر دار السنیباس لاہور

(۳۳۴) کشتہ یاقوت جواہر والا، ضعف اعضاء رئیسہ، خفقان، جنون صرع کیلئے مخصوص ہے ھوالشافی یاقوت سرخ ۶ ماسہ، لسبد، مرجان ہر ایک ۳ ماسہ، مروارید ناسفتہ ورق طلا ہر ایک ڈیڑھ ماسہ، سنگ سماق کے کھرل میں ایک ہفتہ تک عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ اگر کشتہ کرنا ہو تو گلاب اور شراب برانڈی میں کھرل کر کے قرص بناویں اور بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح دس بار کھرل کر کے آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مسکہ گاؤ استعمال کریں۔

ڈاکٹر مرزا ظفریاب حسین صاحب ایم بی ایس پروفیسر طبیہ کالج دہلی

(۳۳۵) کشتہ تانبہ، مقوی باہ و اعصاب و دافع جریان اور ممسک ہے ھوالشافی مغز تخم ارنڈ ۱ تولہ کو رات کو دودھ میں تر کر رکھیں۔ صبح کو گھوٹ کر نخدہ بناویں۔ مغز جمال گوٹہ

ٹھیکری سفید دو دو تولہ کو کوٹ کر دو حصہ کریں۔ اور فادس زیر و بالا نغدہ میں رکھکر گلحکمت کریں۔ خشک ہونے پر بندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو گا۔ خوراک نصف رتی مکھن یا بالائی میں رکھکر استعمال کرائیں غذا مزغن۔

حکیم قدرت اللہ صاحب سند یافتہ طبیہ کالج علیگڈھ سرینگر کشمیر

(۳۴۶) کشتہ طلاء مرکب، جراثیم دق کو ہلاک کرنیوالا اور غذائیت بڑھا کر چہرہ کا رنگ سرخ کرنے میں بے نظیر کشتہ ہے ھوالشافی برادہ طلاء، برادہ فولاد، برادہ مس سیماب مصفےٰ مرب مصفےٰ، ابرک سفید ہر تین تین ماسہ سب کو دس یوم تک آب گھیکوار میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر ٹکیہ بنا کر خشک کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ خوراک ۲ چاول مسکہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ دودھ جتنا ہضم ہو سکے دیں۔

ممتاز الاطباء حکیم تاج الدین احمدؐ صاحب تاج ایڈیٹر رسالہ استاذ الاطبا شاہدرہ پنجاب

(۳۴۷) حب ڈبہ اطفال، جو ڈبہ اطفال کے لئے مفید ہے ھوالشافی پارہ، گوگرد زرد سفید حب السلاطین مدبر۔ مغز تخم بید انجیر ہموزن، اول پارہ اور گندھک کی کجلی کریں۔ پھر دوسری ادویہ باریک کر کے ملاویں۔ اور مونگ کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک ماہ کے بچے کو نصف گولی۔ چار ماہ کے بچے کو ایک گولی۔ اسی طرح عمر کے لحاظ سے بڑھائیں۔ مگر ۲ گولی سے زائد نہ دیں۔

رئیس الاطبا حکیم سید مظفر علی صاحب دہلوی منشی محلہ لائل پور

(۳۴۸) اکسیر میارکی، میارکی کے دستوں کو روکتی ہے نفخ وغیرہ نہیں ہونے دیتی۔ منسار کی بڑے زور شور سے یکدم نکل آتی ہے نہایت اکسیر الاثر مجرب دوا ہے، ھوالشافی سنکھ حسب ضرورت ایکر ٹکڑے کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے دس بارہ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر باریک کریں۔ خوراک ایک رتی دن میں چار بار بتاشہ میں رکھکر کھلائیں۔ اوپر سے

عرق مکو، عرق بادیان۔ عرق پودینہ شربت عناب عرق الائچی ہر دس دس تولہ ملا کر دو دو تولہ پلایا کریں۔ سو فیصدی مجرب ہے۔

حکیم مولوی قاری حافظ عبد المجید خان صاحب سند یافتہ تکمیل الطب کالج لکھنؤ امین پور بازار لائلپور

(۳۳۹) حب مدر حیض، بندش حیض بے قاعدگی حیض اور ادرار حیض کے لئے مفید ہے
ھوالشافی ہینگ بریاں ایلوا، ہیرا کسیس مرمکی ہر ایک چھ چھ ماسہ باریک کر کے نخود کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ۲ گولیاں گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد فضل الٰہی صاحب حاذق طبیب راولپنڈی

(۳۴۰) سفوف ہلیلہ سیاہ، پیچش سدی ہو یا خونی دونوں حالتوں میں یہ نہایت مفید ہے
ھوالشافی ہلیلہ سیاہ کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے باریک کریں ہم وزن قند سفید ملالیں خوراک ۷ ماسہ ۲ تولہ چاولوں کے پانی سے صبح شام دیں۔

حکیم پریم سنگھ صاحب ساکن اجروڑ ضلع جہلم

(۳۴۱) حب مصفے خون، خون کو صاف کرتی ہیں خارش، داد آتشک چنبل وغیرہ کے لئے مجرب ہیں ھوالشافی ہڑتال ورقی ۱ تولہ، فلفل گرد ۲ ماسہ، شنگرف ۲ ماسہ سنکھو باریک کریں جب باریک ہو جاوے تو تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر تین چار روز تک خوب کھرل کریں۔ پانی اتنا ڈالیں جس سے دوائی صرف تر رہے پھر دو تولہ کشمش ملا کر کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناویں خوراک ا گولی بوقت صبح تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔ اعلےٰ درجہ کی مصفی خون دوائی ہے۔

حکیم مشتاق احمد صاحب حکیم حاذق احمد نگر ضلع گوجرانوالہ

(۳۴۲) نسخہ برائے قبض دائمی مجرب ھوالشافی سہاگہ ۷ ماسہ، اجوائن خراسانی ۵ ماسہ صبر سقوطری ۴ تولہ ۸ ماسہ، فلفل سیاہ ۳ تولہ سب کو باریک کر کے گودہ گھیکوار میں حبوب بقدر

نخود بنائیں۔ خوراک ۲ گولی سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم ایم۔ اے زیدی دہلوی ایبن بازار لائل پور پنجاب

(۱۳۴۳) حب وجع المفاصل گنٹھیا درد کمر کیلئے خصوصاً اور دوسرے جوڑوں کے درد کیلئے عموماً مفید ہے هوالشافی شحم حنظل، ایلوہ، غاریقون، سورنجاں شیریں، پوست ہلیلہ زرد، سناء مکی ہموزن باریک کر کے گوہ کنوار گندل میں گولیاں بقدر فلفل سیاہ بنائیں خوراک کچھ دن تک چھ گولیاں پانی کے ہمراہ کھلائیں بعد میں دو گولیاں روزانہ کھلایا کریں۔

حکیم سیّد خورشید عالم صاحب حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ

(۱۳۴۴) حب صرع مرگی اور ام الصبیان کیلئے مفید ہے هوالشافی صبر زرد کندر، جند بید ستر ہم وزن کوٹ کر مونگ کے برابر گولیاں بنائیں خوراک بچوں کو ایک گولی ماں کے دودھ میں گھسکر دیں۔

حکیم بھگت سنگھ صاحب ساکن ڈنگہ ضلع گجرات

(۱۳۴۵) سنون دندان، جملہ امراض دندان کے لئے اکسیر ہے هوالشافی سپاری سوختہ ۲ تولہ کتھ ابیض نمک ہندی، فلفل گرد مصطگی رومی، الائچی خورد۔ دارچینی، زیرہ سفید، زنجبیل، کشنیز سبز اکسیس، مازو، شب یمانی بریاں، سنگجراحت کف دریا تونیا بریاں ہر تولہ تولہ سکو باریک کر کے سنون بنا کر صبح شام دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں اور سر دپانی ایک گھنٹہ تک نہ پئیں۔

حکیم و ڈاکٹر نذیر الدین احمد صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی

(۱۳۴۶) شربت حیض کشا حیض کو جاری کرنے کیلئے ایک بہترین شربت ہے هوالشافی اجوائن ۱ تولہ، حلبہ، تولہ، تخم خیارین ۴ تولہ سونف انیسوں، تخم کرفس، تخم سویا، مجیٹھ ہر دو دو تولہ، کھانڈ دوگنی۔ بطریق معروف شربت بنائیں خوراک ۳ تولہ صبح و شام عرق سونف یا گرم پانی میں ملا کر پلائیں۔

عمدۃ الحکماء حکیم ظہور حسین صاحب مستند طبیہ کالج دہلی ساکن ڈنگہ ضلع گجرات

(۳۴۷) اکسیر احمد شاہی دمہ کے لئے اکسیر صفت ہے ھوالشافی پارہ گجراتی، گئودنتی، شاخ گوزن سوختہ، شاخ مرجان، عقیق یمنی، صدف مروارید ہر دو دو تولہ سب کو باریک کر کے لعاب گھیکوار اور آب برگ چرچٹہ میں حل کر کے ۵ سیر کنڈوں کی آگ دیں، بعدہٗ نکالکر مدار کے دودھ میں پیس کر بترکیب مذکورہ آگ دیں پھر برگ اڑوسہ میں کھرل کر کے آگ دیں، سرد ہونے پر پیسکر ایک رتی سے دو رتی تک شہد میں ملا کر چٹائیں۔

حکیم حاجی اصغر علی صاحب میونسپل کمشنر لودھیانہ

(۳۴۸) برائے ضعف اعصاب، رعشہ، تشنج، فالج، لقوہ، وجع المفاصل ضعف باہ وغیرہ کے لئے اکسیر صفت ہے ھوالشافی کچلہ مدبر ۲ تولہ کو چینی کے برتن میں رکھکر اس پر عرق گھیکوار اس قدر ڈالیں۔ کہ دو انگل اوپر رہے پھر سایہ میں خشک کریں اور اسی طرح آب ادرک دو بارہ ڈالکر خشک کریں۔ پھر باریک کر کے اسسے ۳ گرین تک کیپسول میں ڈالکر کھلائیں۔

حکیم خواجہ رضوان احمد صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی

(۳۴۹) ملیریا بلغمی ھوالشافی عصارہ ریوند، مصطگی رومی ہموزن باریک پیسکر نخودی گولیاں بنائیں، خوراک ۲ گولی ہمراہ جوشاندہ ذیل استعمال کرائیں، بادیان چرائتہ، افسنتین بطور جوشاندہ۔

حکیم و ڈاکٹر شیخ ممتاز احمد صاحب کامل طب والجراحت جبلپور (رکینیٹ)

(۳۵۰) نسخہ برائے قوت باہ اکسیر اعظم تقویت اعصاب کیواسطے بہت مفید ہے۔ ھوالشافی عقیق عمدہ خالص، مرجان، یاقوت اعلیٰ، مروارید اعلیٰ، ورق طلاء ہر تین تین ماشہ عرق گلاب، عرق کیوڑہ، عرق بید مشک ہر ایک ایک پاؤ شراب برانڈی درجہ اول ۱۰ تولہ تمام دوائیں کھرل کر کے پیلے بعد دیگرے عرقیات و شراب میں کھرل کر کے خشک کریں۔ پھر شہد

۲تولہ پارہ ۵ تولہ سیسہ ۵ تولہ، سمندر جھاگ ۱۰ تولہ، تخم نیل ۱۰ تولہ، مامیران چینی ۲ ماسہ، مرزنج سیاہ ۳ ماسہ سرو چینی، مغز تخم سرس سیاہ، سنگ بصری خالص ہر تولہ تولہ، ورق نقرہ ۲۵ عدد، ورق طلاء ۱۵ عدد مروارید ناسفتہ ۳ ماسہ۔ عرق بید مشک نصف بوتل، ترکیب سیسہ کو پگھلا کر پارہ میں ملاویں، پھر سرمہ مدبر بعد باقی چیزیں باریک کر کے عرق بید مشک میں خوب کھرل کریں۔ اور سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگاویں۔

حکیم سید غوث محی الدین صاحب نیلور

(۳۵۵) سفوف طباشیر، دق کے پہلے اور دوسرے درجہ میں نہایت مفید ہے۔ حرارت کو زائل کرتا ہے تبخیر کو بند کرتا ہے ھوالشافی، طباشیر کبود، ست گلو اصلی، رب السوس، تخم الائچی خورد گلسرخ ہر پانچ پانچ ماسہ مصری ۲۵ ماسہ سب کا سفوف بناویں۔ خوراک ۷ ماسہ صبح نہار منہ مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم مولوی معین الدین صاحب طبیب ریاست چھتاری

(۳۵۶) طلاء زعفرانی، عضو تناسل کی ہر قسم کی سستی کو دور کرتا ہے مقوی باہ ہے، ھوالشافی زعفران خالص۔ پوست بیخ مدار، عقرقرحا قرنفل۔ دارچینی ہموزن لے کر کھرل کریں۔ ایک ماشہ دوا لیکر آب سنیاناسی میں کھرل کر کے ضماد کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم پیر محبوب عالم صاحب نیاز صدیقی سند یافتہ درجہ اول گوجرانوالہ

(۳۵۷) نسخہ برائے کمی شیر، ھوالشافی۔ تودری سرخ ستاور ہموزن سفوف بنائیں، خوراک ۱ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم ڈاکٹر محفوظ عالم صاحب قریشی طوق قصبہ کوئلور شاہ آباد

(۳۵۸) اکسیر سرعت، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔ علاوہ کثرت بول کیلئے کیسی تیر بہدف

ملاکر رتی رتی کی گولیاں بنائیں خوراک اگولی ہمراہ بالائی استعمال کریں۔

ابوالہمایوں حکیم صوفی مقبول احمد صاحب بابر لائل پور

(۳۵۱) حب اوجاع وجع المفاصل، عرق النساء لنگڑی کے درد کیلئے مفید اور مجرب ہے ھوالشافی پوست ہلیلہ زرد، سورنجان تلخ فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل اسگند ناگوری ہر تولہ تولہ برگ سناء مکی ۲ تولہ، مویز منقی ۷ تولہ، کشتہ پارہ سنگا، کشتہ گئو دنتی ہر ایک چھ چھ ماسہ سبکو پیسکر حب بقدر جنگلی بیر بنائیں خوراک اگولی سے دو گولی تک گرم پانی سے استعمال کرائیں۔

حکیم ڈاکٹر عبد اللطیف صاحب کامل طب والجراحت سیالکوٹ

(۳۵۲) حبوب ممسک عنبری حسب خواہش امساک پیدا کرتی ہیں ھوالشافی افیون زعفران، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ماسہ ماسہ لیکر عرق لیموں کاغذی میں کھرل کرکے دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک سے دو گولی تک دو گھنٹہ پہلے کھا کر اوپر سے دودھ حسب خواہش پئیں۔

شیخ المعالجات حکیم محمد اصغر خان صاحب شہید شروانی پرنسپل طبیہ کالج پٹیالہ

(۳۵۳) اکسیر سیماب دمہ کیلئے ایک نادر اور مجرب چیز ہے ھوالشافی سیماب، سم الفار اتولہ، ورق نقرہ ۴ ماسہ سب کو سفیدی بیضہ مرغ میں کھرل کرکے بقدر کنار صحرائی گولیاں بنائیں اور مٹی کے برتن میں رکھکر سات دفعہ گل حکمت کرکے ۴ سیر اپلوں کی آنچ دیں سفید رنگ کا کشتہ ہوگا اسکو باریک پیسکر بحفاظت رکھیں خوراک اچاول پان میں رکھکر کھلائیں۔

حکیم سید محمد اسد علی صاحب ایم آر اے ایس لنڈن الف ایس، ایم ایم بی جودھپور

(۳۵۴) سرمہ ولی اللہی مونیا بند، ککرے، ناخونہ، سبل، خارش، دمعہ، قرحہ چشم کے لئے اکسیر صفت ہے۔ مجربہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ھوالشافی سرمہ مدبر

۲ تولہ پارہ ۵ تولہ سیسہ ۵ تولہ اسمندر جھگ ۱۰ تولہ تخم نیل ۱۰ تولہ، مامیران چینی ۲ ماسہ، مرنج سیاہ ۳ ماسہ سرد چینی، مغز تخم سرس سیاہ، سنگ بصری خالص ہر تولہ تولہ، ورق نقرہ ۲۵ عدد، ورقِ طلاء ۵ اعدد مروارید ناسفتنہ ۳ ماسہ۔ عرق بید مشک نصف بوتل، ترکیب سیسہ کو گپھلا کر پارہ میں ملاویں، پھر سرمہ مدبّر بعد باقی چیزیں باریک کر کے عرق بید مشک میں خوب کھرل کریں۔ اور سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگاویں۔

حکیم سید غوث محی الدین صاحب نیلور

(۳۵۵) سفوف طباشیر دق کے پہلے اور دوسرے درجہ میں نہایت مفید ہے۔ حرارت کو زائل کرتا ہے تبخیر کو بند کرتا ہے ھوالشافی، طباشیر کبود ست گلو اصلی، رب السوس تخم الائچی خورد گلسرخ ہر پانچ پانچ ماسہ مصری ۲۵ ماسہ سب کا سفوف بناویں۔ خوراک ۷ ماسہ صبح نہار منہ مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم مولوی معین الدین صاحب طبیب ریاست چھتاری

(۳۵۶) طلاء زعفرانی، عضو تناسل کی ہر قسم کی سستی کو دور کرتا ہے مقوی باہ ہے، ھوالشافی زعفران خالص۔ پوست بیخ مدار، عقرقرحا قرنفل۔ دار چینی ہموزن لے کر کھرل کریں۔ ایک ماشہ دوا لیکر آب سنیا ناسی میں کھرل کر کے ضماد کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم پیر محبوب عالم صاحب نیاز صدیقی سند یافتہ درجہ اول گوجرانوالہ

(۳۵۷) نسخہ برائے کمی شیر، ھوالشافی۔ تودری سرخ ستاور ہموزن سفوف بنائیں، خوراک ۱ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم ڈاکٹر محفوظ عالم صاحب قریشی طوق قصبہ کوئلور (شاہ آباد)

(۳۵۸) اکسیر سرعت، سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔ علاوہ کثرت بول کیلئے کتنی تیر بہدف

ہے ھوالشافی گلنار فارسی، مصطگی رومی، طباشیر ترنجبین ہر ماسہ ثعلب مصری ۶ ماسہ تخم خشخاش سفید۔ خولنجاں۔ کندر جفت بلوط ہر ۴ ماسہ شکر سفید ہموزن سفوف بنالیں خوراک ۵ ماسہ۔ پانی کے ہمراہ صبح وشام استعمال کریں۔

حکیم محمد عبداللہ شریف صاحب طبیب یونانی سرکار عالی تعلقہ تشور الور

(۳۵۹) عرق رمد۔ آشوب چشم کے واسطے نہایت مجرب ہے سرخی کو کاٹتا ہے ھوالشافی پھٹکڑی خام ۱ ماسہ عرق گلاب ۵ تولہ پھٹکری کو پیس کر عرق گلاب میں ڈالدیں۔ اور پچکاری کے ساتھ آنکھوں میں ڈالیں۔

ڈاکٹر کلیم اللہ صاحب حیرت ایم بی بی الیس کرہان پور سی پی

(۳۶۰) اکسیر ناصور، ہر قسم کے ناصور کیلئے خواہ کسی جگہ ہو نہایت مفید ہے ھوالشافی، رال ۲ تولہ سفیدہ کاشغری ۴ ماسہ، موم سفید ۴ تولہ، روغن کنجد ۵ تولہ، کمیلا ۶ ماسہ۔ سندھور ۴ ماسہ مردار سنگ ۶ ماسہ شراب عمدہ ۵ تولہ ترکیب روغن کنجد کو گرم کر کے جھاگ دور کریں۔ پھر اس میں موم کو پگھلائیں۔ اور ساتھ ہی رال ڈالکر ملائیں۔ اسکے بعد دواؤں کو خوب باریک کر کے ڈالدیں۔ اور تھوڑی دیر ہلکی آنچ دیکر اتارلیں۔ اور تھوڑا تھوڑا شراب ڈالکر نیم کے ڈنڈے سے خوب ملاویں اور ناصور پر بطور مرہم لگادیں۔

حکیم نند لال صاحب بھارت مسافر نوشہرہ کلاں ضلع پشاور

(۳۶۱) نسخہ برائے عسر ولادت، نہایت مفید ھوالشافی زعفران کشمیری خالص، جندبیدستر ہموزن سفوف بناویں خوراک ۴ رتی ہمراہ شیر گرم فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ بعد میں تقویت کیلئے مندرجہ ذیل نسخہ دیں۔ کستوری خالص ۲ رتی ورق طلاء ۱ عدد ورق نقرہ ۸ عدد ملاکر ہمراہ شہد خالص کے دیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالرحیم صاحب جمیل افتخار الاطباء گجرات پنجاب

(۳۶۲) اکسیر الاوجاع، ہر قسم کے دردوں کیلئے تریاق ہے خاص صدری اسراری نسخہ ہے،

ھوالشافی پوست بیخ مدار، قلمی شورہ، سوڈا سیلی سلاس۔ اسپرین۔ کشتہ بارہ سنگا ہر چار چار تولہ افیون کچلہ مدبر۔ سورنجاں شیریں ہر تولہ تولہ، میٹھا تیلیہ ۲ ماسہ کھانڈ ۵ تولہ۔ سب کا سفوف کریں۔ خوراک ۴ رتی ہمراہ آب تازہ کے استعمال کریں۔

حکیم تلسی داس صاحب سنیاسی (سند یافتہ طبیہ کالج دہلی) ساکن تمبجی سندھ

(۳۶۳) معجون اکسیر سل، سل اور اس سے پیدا شدہ کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ بارہا کی تجربہ شدہ ہے ھوالشافی تخم کاہو۔ مغز تخم کدو۔ مغز تربوز، مغز تخم خیارین ہر ایک تولہ ڈیڑھ ماسہ مروارید ناسفتہ سائیدہ ۹ ماسہ، صندل سرخ، الائچی خورد۔ عود، اگر درونج عقربی، زرنباد، بہمن سفید ہر ایک ۴۰ ماسہ طباشیر ۹ ماسہ گلسرخ ا تولہ ا، ماسہ گل گاؤزبان ۷ ماسہ، عنبر اشہب ۵ رتی، مشک خالص ا ماسہ مربہ سیب مربہ گاجر مربہ آملہ ہر ایک ۵ تولہ مصری ۲۰ تولہ شہد ۲۰ تولہ بطریقہ معروف معجون بنائیں خوراک ۶ ماسہ صبح ۶ ماسہ شام مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

ابو الاعجاز حکیم سید شفاء القادری صاحب ریاست بیکانیر

(۳۶۴) نسخہ برلئے آشوب چشم آشوب چشم نزلی۔ ککرے۔ خارش۔ دھند جالا، ضعف بصر وغیرہ کیلئے کئی بار کا آزمودہ عجیب نسخہ ہے ھوالشافی۔ کشتہ جست، سرمہ سیاہ ہر ایک دو ماسہ زنگار سبز افیون خالص ہر ایک ۳۔ ماسہ سفیدہ کاشغری، سمندر جھاگ ہر ایک ۴ ماسہ سب کو باریک مانند سرمہ کے کرلیں۔ اور سلائی کے ہمراہ استعمال کیا کریں۔

حکیم صوفی عبد المجید صاحب شمس عرفانی امرتسر

(۳۶۵) نسخہ اکسیر برائے اسہال مراری و دموی، پیچش وغیرہ کے لئے نہایت مجرب اور اکسیر ہے ھوالشافی، اسپغول، تخم ریحان، نشاستہ۔ حماض برمی۔ گل ارمنی۔ صمغ عربی، طباشیر ہمہ یک وزن۔ سوا پہلی تین دواؤں کے سب کو باریک کرکے ملالیں۔ خوراک ۳۔ ماسہ روغن گل سے چرب کرکے اور گلاب سے ترکر کے کھلادیں

سید الاطبا مولانا حکیم عبد اللطیف صاحب عارف گجرات (پنجاب)

(۳۶۶) سفوف برائے زحیر، خونی پیچش اور مروڑ کے لئے نہایت مفید اور ہر وقت کی معمول مطب دوا ہے۔ ھوالشافی مغز خستہ انبہ ۳ ماسہ، رال سفید ۲ ماسہ بادیان مقشر ۹ ماسہ لودھ پٹھانی ۱ تولہ سب کا سفوف بنائیں خوراک ۳ ماسہ صبح ۳ ماسہ شام ہمراہ لسی گاؤ استعمال کریں۔

حکیم و ڈاکٹر محمد عظیم اللہ صاحب کامل الطب والجراحت فلیمنگ روڈ لاہور

(۳۶۷) نسخہ برائے عقر، ہر قسم مجرب ھوالشافی برادہ دندان فیل ۲ تولہ رات کو تازہ پانی میں تر کریں۔ صبح کو تمام روز کھرل سماق میں کھرل کریں۔ جب سرمہ کی مانند ہو جائے۔ تو صاف کر کے قند سفید بقدر حاجت ملا کر قوام بنائیں اور شربت تیار کر کے رکھیں خوراک ۲ تولہ آب تازہ میں حل کر کے نیم گرم پلائیں۔

حکیم پنڈت رام چند صاحب منیاسی جلال آباد ضلع فیروزپور

(۳۶۸) کشتہ قلعی ''اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ و ممسک و مغلظ منی ہے تقویت گردہ و تقویت کمر کے لئے بھی مجرب ہے ھوالشافی قلعی کو پگھلا کر ۲۵ دفعہ روغن تلخ میں سرد کریں تاکہ صفی ہو۔ پھر قلعی مصفی ۱ تولہ سیملب ۳ تولہ عقد کریں اور ریزہ ریزہ کر کے آدھ پاؤ گرس باریک شدہ کے درمیان رکھکر پارچہ لپیٹ کر ۲ اسیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا خوراک ایک رتی مسکہ یا منقی میں لپیٹ کر دیں۔

حکیم مولوی غلام یٰسین صاحب ساکن وان بھچراں ضلع میانوالی

(۳۶۹) اکسیر پھولا چشم، پھولا خواہ کتنا ابھرا ہوا ہو اور دیرینہ ہو ایک ہفتہ کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے سو فیصدی مجرب نسخہ ہے۔ ھوالشافی، گندھک آملہ سار، نوشادر ہر ۱ تولہ، برادہ تانبہ ۶ ماشہ لیموں کا رس ۷ تولہ۔ گندھک اور نوشادر کو خوب پیسکر پتھر کے کھرل میں نصف دوا نیچے اور نصف اوپر دیکر درمیان میں برادہ تانبہ رکھکر عرق لیموں اوپر ڈالکر رکھیں تین روز میں تمام دوا حل ہو جاویگی۔ یعنی تانبہ کشتہ ہو جاویگا پیسکر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگاویں۔ ایک ہفتہ کے

اندر پھولا کا نام نشان نہ رہے گا۔

ڈاکٹر و حکیم لشنداس صاحب چڈہ ساکن سرینگر کشمیر

(۳۷۰) نسخہ برائے استحاضہ معمول مطب اکسیر الاثر ھو الشافی خرما۔ رسونت۔ تالمکھانہ، لودھ پٹھانی سب ہموزن سفوف بناویں۔ خوراک ۶ ماسہ دیسی شکر ۴ ماسہ میں ملاکر ۲ تولہ شربت انجبار کے ہمراہ دیں۔

حکیم رام ناتھ صاحب ساکن چک جھمرہ (پنجاب)

(۳۷۱) نسخہ اکسیر برائے سل و دق، سل کے زخم اور بخار کی شدت کیلئے یہ اکسیر نہایت مفید ہے ھو الشافی سرطان سوختہ، کشتہ سنکھ، کشتہ صدف، مروارید، کشتہ مرجان ہر دو دو ماسہ، کشتہ ابرک آب ترپ والا، ست گلوخانہ ساز ہر تین تین ماسہ، کشتہ فولاد ۱ ماسہ سب باریک کھرل کریں۔ خوراک ۱ ماسہ خمیرہ ابریشم میں ملاکر عرق شیر کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد لسیین صاحب عابد سہاوری پٹیالہ اسٹیٹ

(۳۷۲) نسخہ دافع بواسیر خونی، مجرب ھو الشافی رسوت، مغز تخم نیب، کشنیز خشک ہر تولہ تولہ، ست لوبان ۶ ماسہ سفوف السی ۲ تولہ جملہ ادویہ باریک کر کے پانی میں پیس کر بقدر کنار صحرائی گولیاں بناویں خوراک ۲ گولی آب تازہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد ابراہیم صاحب انصاری مظفر پور

(۳۷۳) روغن نوشادر، ہاضم طعام، دافع ریاح معدہ ہے طحال کے لئے مفید اور مجرب ہے ھو الشافی نوشادر ۱ پاؤ، چونہ آب نارسیدہ ایک سیر، نوشادر کو باریک کر کے چونہ کے ہمراہ پانی میں بھگو دیں۔ پانی اسقدر ڈالیں کہ [illegible] سے چار انگل اونچا رہے روزانہ ہلا دیا کریں تین دن کے بعد اس کا صاف مقطر پانی لے کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں تا کہ نمک منعقد ہو جائے۔ اب اس نمک کو رات کے وقت شبنم پر رکھدیں روغن ہو جائے گا شیشی میں رکھیں۔ اگر کچھ باقی رہے تو اس کو پھر شبنم پر رکھدیں۔ خوراک ۵

سے ۱۰ قطرہ نک پتاشہ میں ڈالکر کھلا دیا کریں۔

حاذق الحکماء حکیم جوند سنگھ صاحب ساکن حویلی ضلع منٹگمری

(۳۷۴) نسخہ برائے پھولا چشم، اکسیر ھوالشافی سوہن مکھی۔ پھٹکری۔ شورہ قلمی، سمندر جھاگ، چوڑی کا پانچ نیلی ہر تولہ تولہ افیون ۲ ماسہ جملہ ادویہ ایک پاؤ برگ نیم سبز میں کھرل کر کے خشک کریں، اور روزانہ آنکھوں میں لگادیں۔

ابوالانوار حکیم سید مظفر الدین صاحب ریاست ٹونک،

(۳۷۵) دوائے مدر حیض ھوالشافی، پوست بیخ مدار تخم ترب۔ بادیان۔ برگ سداب۔ تخم شبت تخم گذر، پوست بیخ کاسنی، مکوہ خشک ہر ایک ۴ ماسہ، مویز منقی ۹ دانہ سب کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیکر صاف کریں۔ اور تین تولہ پرانا گڑ ملاکر مریضہ کو نہار منہ بوقت صبح پلائیں یہ ایک خوراک ہے ہفتہ عشرہ کے استعمال سے بند سے بند حیض کھل جاتا ہے۔

حکیم جلیل احمد صاحب وائس پرنسپل تکمیل الطب کالج لکھنؤ

(۳۷۶) نسخہ اکسیر برائے خفقان حار، بارہا کا تجربہ شدہ ھوالشافی، لاجورد مغسول ۲ رتی، ابریشم مقرض ۴ رتی، مروارید ناسفتہ ۱ رتی۔ کہربا اصیل ۲ رتی، مربہ آملہ ایک عدد کو ان سے آلودہ کر کے کھلا دیں۔ اوپر سے عرق بید مشک ۲ تولہ عرق گلاب ۵ تولہ، عرق گاؤزبان ۵ تولہ شربت انار شیریں ۲ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر اور تخم فرنجمشک اس میں مخلوط کر کے اوپر سے پلائیں۔

حکیم مولوی قادر بخش صاحب قصبہ حویلی لکھا ضلع منٹگمری

(۳۷۷) اکسیر استسقاء ہر قسم کے استسقاء (جلندر) کا واحد علاج ہے ھوالشافی، پارہ مصفی، آرد نزبد، گندھک آملہ سار مصفی، کمیلہ، نمک نلی ہر ماسہ ماسہ آرد بیخ خنظل ۲ ماسہ، جمالگوٹہ ۴ ماسہ، سب کوٹ چھان کر حب بقدر ڈھائی رتی ہمراہ شیر زقوم بنائیں خوراک ایک گولی ہمراہ شیرہ مکوہ منقی دیں،

زبدۃ الحکماء حکیم محمد عنایت خان صاحب فاروقی پشاور

(۳۷۵) نسخہ برائے بواسیر خونی و بادی مجرب ھوالشافی گلگروندہ کا عرق ایک سیر آگ پر رکھکر جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو فلفل سیاہ، چاکسو مدبر۔ ہلیلہ کابلی ہر تین تین تولہ کو باریک پیسکر ملائیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب سرد استعمال کریں۔ میرا ہر وقت کا مجرب معمولِ مطب نسخہ ہے۔

حکیم مولوی نیاز احمد صاحب مقام منگلور ضلع سہارنپور

(۳۷۶) سفوفِ جریان نئے اور پرانے جریان کے لئے مجرب ہے۔ اسکے استعمال سے ہاضمہ میں کوئی خرابی نہیں آتی نہایت مفید دوا ہے ھوالشافی سفوفِ ستاور۔ ۱ تولہ، سنگجراحت ۱۰ تولہ کوزہ مصری ۲۰ تولہ سفوف تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ۔ رات کو سوتے وقت مربہ ہلیلہ دو عدد کھالیا کریں۔

حکیم مولوی شمس الاسلام صاحب کامل طب والجراحت میونسپل کمیٹی ہتک

(۳۸۰) اکسیری نسخہ برائے ڈبہ اطفال۔ ڈبہ کیلئے نایاب تحفہ ہے۔ صدہا بار کا تجربہ شدہ نسخہ ہے ھوالشافی کھانڈ ۲ تولہ، پٹاس نائٹراس ۲ تولہ۔ کیلومل ۶ ماسہ اپیکا وانہ ۱ تولہ۔ انٹی مونی پوڈر ۴ ماسہ سب ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک ایک رتی سے ڈیڑھ رتی تک ہر تین گھنٹہ کے بعد دیتے رہیں۔

حکیم عبد اللطیف صاحب بہاری پروفیسر طبیہ کالج پٹیالہ

(۳۸۱) اکسیر شفائی، بھگندر، بواسیر، جذام، آتشک، ناصور کے لئے اکسیر الاثر اور مجرب ہے، ھوالشافی رسکپور ۱ تولہ کو کڑچھی میں رکھکر نرم آگ پر رکھیں پھر گندھک آملہ سار۔ ۱ تولہ باریک کرکے اس کی چٹکی دیتے جاویں۔ جب ایک چٹکی جل جاوے تب دوسری ڈالیں۔ جب گندھک ختم ہو جاوے تو سرد کر کے باریک پیس لیں۔ خوراک ۲ رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم سید محمد احسن صاحب قادری طبیب سرکاری باڑی بھوپال

(۳۸۲) کشتہ قلعی، مقوی باہ دافع امراض مجاری بول تقویت باہ میں بے مثل ہے ھوالشافی قلعی سیماب حسب ضرورت ہموزن عقد کرکے ٹکڑے کریں۔ اور چار چند خولنجاں باریک کرکے قلعی کے ٹکڑوں کو اسکے درمیان رکھکر ایک سیر پارچہ لپیٹ کر بیس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی بالائی یا مسکہ میں رکھکر استعمال کریں۔

حکیم محمد یوسف صاحب ساکن خان محمد والہ ڈاکخانہ بھیرہ (پنجاب)

(۳۸۳) حب مفید النساء عسر طمث، اختناق الرحم کے لئے مجرب ہے ھوالشافی صبر مغسول ۲ تولہ مرمکی صاف شدہ ۲ تولہ زعفران، ہیرا کسیس ہنگ ہر چہار چھ چھ ماسہ باریک کرکے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔ خوراک ۲ گولی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد اقبال صاحب حاذق سند یافتہ درجہ اول ساکن تاندلیانوالہ ضلع لائلپور

(۳۸۴) شربت برائے نفث الدم، دمہ وکھانسی کے لئے مجرب ھوالشافی، گل بنفشہ، بزر کتان ہر سہ تین تولہ، بزرقطونا ۲ تولہ کھانڈ سفید ۹ چھٹانک بطریقہ معمول شربت آب گرم میں گھول کر تیار کریں۔ خوراک ۱ تولہ سے ۲ تولہ تک قدرے گرم پانی میں ملاکر دن میں دوبار پلایا کریں۔

حکیم سید فرزند علی صاحب چک ۲۰۷ ڈاکخانہ فرزند علی والہ ضلع لائلپور

(۳۸۵) سفوف ذیابطیس، ذیابطیس شکری اور غیر شکری دونوں کے لئے مجرب ہے ھوالشافی حشفت کہنہ صد سالہ۔ مازو سبز، نشاستہ۔ تخم کاہو۔ گل ارمنی، تخم خرفہ سیاہ، تخم خشخاش، بنسلوچن حب الآس۔ اقاقیا۔ صمغ عربی۔ ست گلو۔ موصلی سفید۔ اجوائن خراسانی۔ گل سرخ، حفت بلوط صندل سفید ہر تولہ تولہ۔ کافور ۶ ماسہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف ہر نو نو ماسہ سب کا سفوف بنائیں۔ خوراک ۶ ماسہ صبح ۶ ماسہ شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔

حکیم حافظ عبدالوحید خان صاحب محلہ کوٹ دربار حسن مراد آباد

(۳۸۶) نسخہ برائے ماسخورہ مجرب اکسیری ھوالشافی پھٹکڑی سفید ۱ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ - گیرو نمک فلفل سیاہ ہر چھ چھ ماسہ پہلے پھٹکڑی کو آہنی توے پر رکھکر نیچے آگ جلاویں، جب پھٹکڑی پگھل جاوے - تو ہلیلہ سیاہ باریک کر کے اوپر چٹکی دیتے رہیں - جب پھٹکڑی بریاں ہو جاوے - تو باریک کر لیں - اور دوسری ادویہ کو بھی باریک کر کے ملالیں - ترکیب استعمال تھوڑا سا لے کر مسوڑھوں پر ملیں - اور منہ بند کر دیں - جب منہ لعاب سے پر ہو جاوے تو گرا دیا کریں -

حکیم فضل الٰہی صاحب سند یافتہ طبیب ساکن محمدی شریف ضلع جھنگ

(۳۸۷) دوائے سم الفار تقویت باہ اور امساک کیلئے اکسیر و جع المفاصل کے لئے بے نظیر مجرب ہے ھوالشافی سم الفار ۲ ماسہ، ثمر بخچتہ تازہ کٹائی ۲ عدد اگر بہت چھوٹے ہوں تو ۳ یا ۴ عدد - دونوں کو ۲ دن عرق لیموں میں کھرل کر کے بقدر دانہ باجرہ کے گولیاں بناویں - اور دھوپ میں خشک کر کے رکھیں - خوراک ایک گولی روزانہ ۵ تولہ مکھن گاؤ میں استعمال کریں -

حکیم انوار احمد صاحب صدیقی ساکن گھوسی ضلع اعظم گڑھ

(۳۸۸) سرمہ مقوی البصر جملہ امراض چشم کے واسطے مفید ہے ھوالشافی سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ کی ڈلی کو آگ پر گرم کر کے عرق لیموں کاغذی میں ایک ہزار بار بجھائیں - پھر شراب خالص ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں - تیار ہے - سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگائیں -

حکیم سید اکبر علی صاحب صادق ساکن چونڈہ ضلع سیالکوٹ

(۳۸۹) طلاء اعظم، تقویت باہ کے لئے مخصوص ہے - کجی کوتاہی لاغری - سستی کو دور کرتا ہے ھوالشافی افیون مصری ۳۰ ماسہ جوز بوا ۴ ماسہ، دارچینی ۵ ماسہ ۵ رتی عقرقرحا ۲ ماسہ پیاز نرگس ۱۱ ماسہ پوست بیخ خریزہ ۲۲ ماسہ، خراطین معصفے ۴ ماسہ جونک خشک ۴ ماسہ سب کو شراب مقطر میں کھرل کر کے

گولیاں بنائیں۔ بوقت ضرورت شراب بقدر حاجت میں حل کر کے طلاء کریں۔

حکیم سیّد عبد الواحد صاحب خاندانی طبیب پسرور ضلع (سیالکوٹ)

(۳۹۰) معجون برائے بواسیر مجرّب ھو الشافی ہلیلہ ۷ ماسہ بادیان ۷ ماسہ۔ آملہ، کشنیز خشک ہر ایک تولہ ۲ ماسہ مقل ۱۰ ماسہ عسل ہموزن ادویہ، جملہ ادویہ کو باریک کر کے عسل مصفی میں معجون بنائیں۔ خوراک ۲ ماسہ سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم ایس کے دیوان جی صاحب، ناگپور شہر

(۳۹۱) نسخہ برائے مجلوق، نہایت مفید ہے، سات روز کا استعمال کافی ہے ھو الشافی فرفیون ۲ ماسہ۔ عقر قرحا۔ قرنفل۔ دارچینی ہر نو نو ماسہ سب کو سرمہ کی طرح باریک کر کے روغن زنبق ۲ تولہ ملا کر کھرل کریں۔ پھر شیر درخت آک میں کھرل کر کے خوب ملالیں۔ اور حشفہ سیون چھوڑ کر قدر سے مالش کر کے اوپر بھوج پتر باندھیں۔ نہایت عجیب الاثر نسخہ ہے۔

حکیم مولوی محمد عبد الحق صاحب شاہپوری چک ۳۸ غنایت پور (سرگودھا)

(۳۹۲) اکسیر برائے ماسخورہ مجرّب ھو الشافی نوشادر ۲ تولہ کاہی سرخ ۳ تولہ۔ باریک مثل سرمہ کے کریں۔ بوقت ضرورت قدرے دوائی لے کر مسوڑھوں پر ملیں۔ اور لعاب دہن گراتے رہیں تھوڑی دیر کے بعد مسوڑھوں پر قدرے روغن گاؤ لگاویں۔

ڈاکٹر عبد الحکیم صاحب ویٹرنری اسسٹنٹ انچارج سول ہسپتال نور پور (کانگڑہ)

(۳۹۳) رفیق البصر، پھولا، جالا ککرے وغیرہ کے لئے اکسیر ہے ھو الشافی، کشتہ جست دھریک کی نازک کونپلیں۔ قلمی شورہ ہر تولہ تولہ صدف ۱۰ تولہ خرمہرہ زرد ۳ عدد۔ سمندر سوکھ، سرد چینی ست لیموں۔ نمک سیاہ۔ غنچہ چنبیلی۔ بلکنتھ۔ تخم سرس۔ ست پودینہ نوشادر ہر ایک چھ چھ ماسہ پھٹکڑی ۹ ماسہ ست الائچی ۴ ماسہ سب کو کھرل کر کے سرمہ بنالیں اور سلائی کے ہمراہ لگاویں۔

حکیم حافظ حضرت شاہ محمد صاحب سجادہ نشین بہار شریف محلہ آستانہ پٹنہ

(۳۹۴) تقویت دماغ و معدہ، کیلئے مجرب نسخہ ھوالشافی، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ آملہ منقی، اسطخودوس ہر تین تین تولہ ناگرموتھہ، لونگ، دارچینی قلمی شورہ مصطگی رومی ہر تولہ تولہ۔ شہد خالص سہ چند بطریق معروف معجون بنائیں خوراک ۶ ماسہ صبح ۶ ماسہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم قاضی محمد صاحب چھنی عالم شیر خان ڈاکخانہ ساگری راولپنڈی

(۳۹۵) نسخہ برائے درد شقیقہ، ودرد سر و دانت کیلئے مجرب ھوالشافی، نوشادر ۱ تولہ، کافور ۱ ماسہ دونوں کو ملا کر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت ایک چٹکی دونوں طرف خوب سونگھائیں۔ تاکہ دماغ تک پہنچ جاوے انشاء اللہ ایک بار کے استعمال سے آرام ہوگا۔

پنڈت رام سروپ صاحب وید کویراج شر ماساکن زیرہ ضلع فیروز پور

(۳۹۶) کشتہ بارہ سنگھا مرکب، ذات الجنب نمونیا و دیگر امراض ریاحی کیلئے از حد مفید اور بار ہا کا تجربہ شدہ ہے ھوالشافی بارہ سنگھا حسب ضرورت باریک کر کے گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے گجپٹ میں پھونک دیں اور پھر نکالکر وزن کریں۔ جتنے تولے کشتہ سلے۔ تنے ماشے سم الفار ملا کر گودہ کنوار گندل میں کھرل کر کے گجپٹ کی آگ دیں۔ اسی طرح ۷ مرتبہ آنچ دیں۔ خوراک نصف رتی کشتہ شہد میں ملا کر چٹائیں۔ اوپر سے گرم دودھ شیریں پلائیں۔

ابو رشید حکیم نور محمد صاحب سیالکوٹی ساکن کوئٹہ بلوچستان

(۳۹۷) سفوف قلاع، مجرب اکسیر ہے ھوالشافی برگ گاؤزبان سوختہ، کباب چینی۔ دانہ الائچی خورد، کتھ سفید، سنگجراحت۔ ہلیلہ سیاہ، شورہ قلمی ہر چھ چھ ماسہ، زیرہ گلاب، کشنیز خشک طباشیر سفید ہر چار چار ماسہ سب باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں بوقت ضرورت چٹکی بھر صبح شام چھالوں پر چھڑکیں، اور تھوڑی دیر کے لئے منہ کو نیچے کر دیں دو تین دنوں میں آرام ہوگا۔

حکیم چودھری عبدالحمید خاں صاحب داتا گنج بخش روڈ لاہور

(۳۹۸) اکسیر حمل (معمول مطب) نہایت اکسیر الاثر، تمام رحمی امراض کے لئے نہایت مفید مریضہ کی صحت وقوت بحال رکھتی ہے رحم میں استقرار حمل کی صلاحیت کرتی ہے ھوالشافی مشک خالص ۴ رتی، افیون زعفران خالص، جوز بوا ہر دو دو ماسہ، برگ قنب ۴ ماسہ، سپاری گجراتی ۶ عدد قرنفل نر ۸ عدد، ورق طلاء ۸ عدد، قند سیاہ کہنہ ۱ تولہ سب کو باریک کرکے قند سیاہ میں خوب کھرل کرکے حب بقدر نخود کلاں بناویں بعد از طہارت حیض ۲ گولیاں صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ کے تین دن تک استعمال کریں۔

ڈاکٹر و حکیم نور محمد صاحب شیخ دواخانہ جڑی بوٹی انبالہ شہر

(۳۹۹) کشتہ مرجان، معمول مطب، دل اور دماغ کی تقویت میں اکسیر الاثر ہے، کھانسی جریان کے دفعیہ کے لئے بھی مفید ہے ھوالشافی مرجان ۵ تولہ نبات سفید ۱ تولہ کوزہ گلی میں مرجان کے نیچے اوپر نبات دے کر گل حکمت کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں سفید کشتہ ہوگا۔ خوراک ۴ رتی مسکہ میں جریان کے لئے معجون آرد خرما ایک تولہ میں استعمال کریں۔

حکیم سید احمد صاحب طبیب حاذق، ایل ایم ایچ ایس کٹڑہ کرم سنگھ امرتسر

(۴۰۰) سرمہ سبحانی، اکثر امراض چشم میں بہت مفید ہے ھوالشافی سرمہ اصفہانی ۱ تولہ مس سوختہ ۱ تولہ مغز تخم سرس ۶ ماسہ تخم نیل ۶ ماسہ سب کو ۷ یوم تک عرق لیموں میں خوب سحق کرکے سرمہ بنا لیں۔ اور سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگایا کریں۔ مجرب نسخہ ہے۔

حکیم سید محمد عمر صاحب کوڑی بندر سندھ

(۴۰۱) کشتہ نقرہ، مقوی باہ و مقوی دماغ ہے ھوالشافی چاندی کا پترا ۱ تولہ آگ میں سرخ کرکے شیر مدار میں دس بار بجھائیں۔ پھر ایک پاؤ ریٹھا لے کر مع تخم و مغز کے باریک کرکے شیر مدار کے ساتھ

مل کر لغدہ بنائیں، ہنرہ کو اس لغدہ میں بند کر کے اس پر ایک سیر پارچہ کہنہ لپیٹ کر ہوا سے محفوظ
جگہ ایک انگارہ رکھدیں۔ شگفتہ ہوگا۔ نکال کر پیس لیں۔ یہ کشتہ ۵ تولہ سیماب کو جذب کر سکتا ہے
خوراک نصف رتی بالائی میں یا مسکہ میں استعمال کریں۔

حاذق الحکماء حکیم خورشید عالم صاحب سند یافتہ طبیہ کالج پٹیالہ، سرگودھا نزد جامع مسجد

(۴۰۲) سفوف اکسیر الامراض، جریان، سوزاک، احتلام، رقت منی، درد کمر، تکان وغیرہ کے لئے
آزمودہ اکسیری نسخہ ہے ھوالشافی، ست گلو، ست سلاجیت، ست اسبغول، کشتہ قلعی، الائچی
خورد، تالمکھانہ، پکھان بید، اصل السوس، صندل سرخ، بہمن سرخ و سفید، طباشیر ہر تولہ تولہ، ست
بیروزہ ۷ تولہ سب باریک کر کے ہم وزن کھانڈ سفید ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۹ ماسہ صبح ۹ ماسہ
شام ہمراہ شیر بز جو قدرے شیریں ہو استعمال کریں۔

حکیم غلام مصطفےٰ صاحب ساکن رام داس ضلع امرتسر

(۴۰۳) تریاق الاوجاع، ہر قسم کے درد کے لئے تریاق ہے خاص صدری اسراری نسخہ ہے۔
ھوالشافی پوست بیخ مدار، شورہ قلمی، سوڈا اسیلی سلاس، اسپرین، کشتہ بارہ سنگا۔ ہر چار چار تولہ افیون
کچلہ مدبر، سورنجاں شیریں ہر ایک ایک تولہ، مٹھا تیلیہ ۶ ماسہ، قند سفید ۵ تولہ سب کا سفوف کر کے
ملالیں۔ خوراک ۴ رتی ہمراہ آب تازہ دیں، ذات الجنب وجع المفاصل درد کمر وغیرہ کے لئے نہایت
مفید ہے، نیز نزلہ زکام کے لئے بھی مجرب ہے۔

حکیم محمد حسین صاحب انصاری خانقاہ پیر حسن شاہ صاحب ملتان

(۴۰۴) نسخہ بنجار ہر قسم، از حد مفید لاکھوں مریضوں پر تجربہ شدہ ھوالشافی شنگرف سے نکالا ہوا پارہ
۱ تولہ، فلفل دراز، مصبر، بلیلہ سیاہ، عقرقرحا، گندھک آملہ سار (کڑوے تیل میں صاف کی ہوئی) شحم
حنظل تازہ ہر چار چار تولہ، پارہ گندھک کی کجلی بناویں، شحم حنظل کے مغز اور دوسری دوائیں باریک
کر کے ملا کر سب کو شحم حنظل میں دو ہفتہ کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک

شام آب گلو کے ہمراہ استعمال کریں۔

ابوالفضل حکیم محمد امین صاحب بلاک انسپکٹر موتی باغ دہلی

(۴۰۵) حب بواسیر سو فیصدی مجرب ہر قسم کی بواسیر کیلئے مفید ھوالشافی۔ سنوف پوست ریٹھہ جوکھار، تخم نیم، ریوند چینی ہر تولہ تولہ۔ باریک کرکے آب ترب اپاؤ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں خوراک اگولی صبح ا شام ہمراہ آب تازہ، دوران استعمال میں دودھ گھی خوب استعمال کریں۔

حکیم چنن سنگھ صاحب چک ۲۸ جنوبی ضلع شاہ پور (پنجاب)

(۴۰۶) دوائے برص مجرب ھوالشافی، باچی، نوشادر، سم الفار، ہڑتال طبقی، لوہا چون، پھٹکری ہر تولہ تولہ، صندل سفید ۶ ماسہ، مشک کافور ۲ ماسہ سب باریک پیسکر لیپ بنا کر برص پر لیپ کریں۔ اور دو گھنٹے کے بعد گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

ڈاکٹر و حکیم مفتی محمد شریف صاحب قیصر قریشی مدیر "ہمدرد" سرگودہ (پنجاب)

(۴۰۷) کشتہ ہڑتال مرکب، تپ ربع، تپ لرزہ، صفراوی بخار روزانہ اور ملیریا وغیرہ کیلئے مجرب ہے ھوالشافی، سنکھیا ۶ تولہ۔ ہڑتال گئودنتی ۱۶ تولہ نیلہ تھوتھہ ۴ تولہ آب گھیکوار میں کھرل کر کے ایک غلولہ بنا کر درمیان دو سکورہ گلی کرکے رکھکر ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک سے دو رتی تک بالائی میں یا بتاشہ میں رکھکر قبل از نوبت کھلادیں، غذا دودھ چاول۔

حکیم ملک رحمت اللہ صاحب، بازار توپ خانہ سیالکوٹ

(۴۰۸) روغن برائے دردسر اکسیر است، ھوالشافی سرگوسفند ۲ عدد، مغز تخم کدو ۴ ماسہ، مسکہ گاؤ ماده ا تولہ ۱۰ ماسہ زعفران ۳ ماسہ روغن یاسمین (چنبلی) ۲ تولہ سرگوسفند کو توڑ کر گوشت مع مغز چولھے پر رکھدیں۔ اور پانی ڈالکر روغن ملاکر نرم آگ پر پکاویں۔ جب پانی جلکر روغن رہ جائے تو شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ بوقت ضرورت مریض کے جسم اور سر پر خوب ملیں۔ دو ساعت کے بعد

آب گرم سے غسل کرادیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم امام بخش صاحب پنشنر بہاولپور سٹیٹ

(۴۰۹) اکسیر آتشک ھوالشافی، رسکپور، دارچکنا، سم الفار سفید سب تولہ تولہ لوبان کوڑیہ ۲ تولہ سہاگہ خام ۶ ماسہ سب کو آب ادرک میں ایک روز کامل کھرل کریں۔ پھر ایک روز شراب برانڈی میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ اور ایک کوری ہانڈی میں رکھکر بطریقہ معروف جوہر اڑالیں خوراک ۲ چاول ہمراہ مویز منقی کھلائیں۔

حکیم امام الدین صاحب طبیب خاص مہاراجہ صاحب کپورتھلہ

(۴۱۰) سلسل بول، جو مریض پیشاب ضبط نہ کرسکتا ہو یا بار بار حاجت ہوتی ہو۔ ایسی حالت میں یہ نسخہ اکسیر کامل کا حکم رکھتا ہے ھوالشافی کافور ۲ تولہ طباشیر کبود ا تولہ شنگرف رومی ا تولہ سب باریک پیسکر پانی کے ہمراہ گولیاں نخود کے برابر بنائیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم بہاری لال صاحب شرما وید ایڈیٹر شدھ سائن ملتان

(۴۱۱) اکسیر النساء بند حیض کو کھولتا ہے کمی حیض کو دور کرتا ہے نلوں کے درد کمر کے درد، تمام جسم کے دردوں کے لئے جو بندش حیض کی وجہ سے ہوں بے حد مفید ہے ھوالشافی زعفران، ہینگ بریاں، ریوند خطائی، غاریقون، مصبر مصفی، مرمکی سب ہموزن، عرق سونف کی مدد سے نخودی گولیاں بناویں۔ خوراک ایک سے ۲ گولی تک عرق سونف کے ساتھ دن میں دوبار دیں۔

حکیم عبدالمجید صاحب ساکن کریم پورہ ضلع سیالکوٹ

(۴۱۲) حب ممسک خاص، تقویت باہ اور امساک کے بڑھانے میں خاص طور پر مفید اور مجرب اور عظیم الاثر ثابت ہوئی ہیں ھوالشافی، کبابہ، دارچینی۔ عقرقرحا، ریگ ماہی، خولنجان

زعفران، جوز بوا ہر چھ چھ ماسہ، افیون ۳ ماسہ، قرنفل ۳ ماسہ، مشک خالص ۲ ماسہ ورق نقرہ ۲ ماسہ ورق طلاء ۱ ماسہ، سب باریک کر کے عرق میں نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں، خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر، امساک کے لئے دو گولی ۲ گھنٹہ پہلے کھالیں۔

حکیم شیخ قمر الدین صاحب آزاد مکھڈ شریف کیمبل پور

(۱۴۳) اکسیر جریان، جریان، احتلام، سرعت انزال کی مجرب دوا ہے ھوالشافی مغز تخم تمر ہندی بریاں، صمغ عربی، موصلی سفید ہر دو دو تولہ، سنگھاڑہ خشک، مازو سبز، ثعلب مصری ہر تولہ تولہ، کشتہ قلعی ۶ ماسہ، نبات سفید ہم وزن جملہ ادویہ سفوف بنالیں خوراک ۶ ماسہ گائے کے دودھ کے ہمراہ۔

حکیم جلال الدین صاحب شفاء محمد پورہ ضلع شیخوپورہ

(۱۴۴) شربت مالیخولیا، مالیخولیا کے لئے خاندانی مجرب نسخہ ہے ھوالشافی گاؤزبان تخم فرنجمشک گلو نیلوفر، برگ بادرنجبویہ، ہلیلہ سیاہ، بسفائج، افسنتین، شاہترہ ہر نو نو ماسہ افتیموں ۱۵ ماسہ، بنفشہ ۷ ماسہ اسطخودوس ۱۵ ماسہ سنبل الطیب ۱۳ ماسہ گل پستہ ۵ ماسہ مصری سفید ۷ چھٹانک، شیر خشت ۴ تولہ، بطور معروف شربت بنائیں۔ خوراک ۲ تولہ ہمراہ عرق گلاب، لیکن اول ماء الجبن کے ساتھ تنقیہ کرلیں، مالیخولیا کا تیر بہدف علاج ہے۔

ڈاکٹر نصیر الدین صاحب رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر اندرون موچی گیٹ لاہور

(۱۴۵) نسخہ سوزاک کہنہ، پرانے سوزاک کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی، زرد چوب ۴ تولہ، آملہ مقشر ۴ تولہ، نبات سفید ۸ تولہ، سفوف بنائیں۔ خوراک ۷ ماسہ بوقت صبح پانی سادہ کے ہمراہ استعمال کریں

حکیم الٰہی بخش صاحب ساکن حجرہ شاہ مقیم ضلع منٹگمری

(۱۴۶) اکسیر ہیضہ، ہیضہ کی ہر قسم کے لئے مفید ہے، پہلی خوراک سے آرام آجاتا ہے، ھوالشافی ہلدی ۲ تولہ چونہ ۱ تولہ دونوں کو لے کر اس قدر خالص پیاز کے عرق میں ملائیں کہ گولی بنانے کے قابل ہو

جاوے، گولیاں ریٹھے کے بیج کے برابر بنالیں۔ خوراک اگولی ہر تین گھنٹہ کے وقفہ سے عرقِ پیاز خالص ۳ تولہ کے ہمراہ دیں۔ بچوں کو نصف گولی دیں۔

حکیم سائیں رامچند صاحب پڑدسی کوٹ نجیب اللہ ضلع ہزارہ

(۱۷۸) دوائے سیلان خاص، رحم کے جملہ امراض کیلئے اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں سوزاک کے لئے بھی مفید ہے، ھوالشافی قلعی، سیماب ہموزن دونوں کو آگ پر ملائیں۔ پھر ہری کٹائی کلاں کے پانی میں سارا دن کھرل کریں پھر چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر پکے ہوئے بینگن میں بھریں اور نصف گجپٹ کی آگ دیں، ٹھنڈا ہو جانے کے بعد نکالیں خوراک نصف رتی ایکتولہ مکھن میں کھائیں۔

حکیم نور محمد صاحب مالک شافی دواخانہ محلہ بندیاں لودھیانہ

(۱۸۰) اکسیر شفائی، متلی، قے، ابکائی کے روکنے کے لئے اکسیر اور مجرب ہے ھوالشافی پرانے ٹاٹ کو جلا کر اس کی راکھ کسی برتن میں ڈالکر برتن کو پانی سے بھر دیں۔ اور ہلا کر رکھ دیں، اور اس کا زلال پیتے رہیں، متلی قے ابکائی کو فوراً آرام ہوگا۔

حکیم عبدالعزیز صاحب بیل ہٹ اسٹریٹ سیون ضلع لاڑکانہ سندھ

(۱۹۱) حب عشر، ہیضہ کیلئے اکسیر ہے علاوہ ازیں، نفخ بدہضمی، بلغمی کھانسی وغیرہ کیلئے بھی مفید ہے۔ ھوالشافی پوست بیخ مدار، فلفل سیاہ، قرنفل، انگوزہ ہموزن کوٹ کر عرق پودینہ میں حب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک دو گولی تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم محبوب الٰہی صاحب صدیقی ایل ایم ایچ گوجرانوالہ

(۱۲۲) نسخہ برائے برص، مجرب، فساد خون سے جو داغ ہوں ان کے لئے بھی مفید ہے ھوالشافی انجیر دشتی کی جڑ، نرکچور، بابچی، تخم پنواڑ مساوی الوزن عرق لیموں کاغذی میں پیسکر ضماد بنالیں۔ اور برص پر لیپ کیا کریں۔

ممتاز الاطباء حکیم جلال الدین صاحب جلیل چک ۲۲ ڈاکخانہ راوتیانی نواب شاہ سندھ

(۱۲۴۴) سفوف برائے خارش، نہایت مفید ھُوَالشافی، گندھک آملہ سار کالی زیری گیرو ہر چھ چھ ماسہ سفوف باریک بناویں خوراک ۲ ماسہ صبح ۲ ماسہ دوپہر کو دہی سے دیں اور باقی ۲ ماسہ دوائی ۵ تولہ سرسوں کے تیل میں ملاکر تمام بدن پر مالش کریں۔ جس روز دوائی استعمال کرائیں اس روز دہی کے سوا کوئی چیز نہ کھائیں پانی بھی نہ پئیں۔ شام کو غذا پھیکے چاول دہی سے دیں۔ ایک دن میں آرام آجائیگا۔

حکیم قمر الدین صاحب صابری کوھاٹ شہر

(۱۲۴۵) برائے آتشک ھُوَالشافی گڑ کہنہ ۲ تولہ (دس سال سے کم نہ ہو) بھلاوہ سربریدہ ۲ ماسہ دونوں کو اس قدر کوٹیں کہ یک ذات ہو جاویں پھر گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنائیں ترکیب استعمال دہی کو کپڑے میں ڈالکر لٹکا کر پانی ٹپکائیں۔ منجمد دہی ایک تولہ میں ایک گولی رکھکر نگل جاویں۔ پھر ایک دن ناغہ کر کے ایک گولی کھائیں۔ پھر ایک دن ناغہ کر کے تیسری گولی کھائیں تین گولیاں کھانے سے آرام آجائیگا۔

حکیم غلام غوث صاحب ساکن ڈنگہ ضلع گجرات (پنجاب)

(۱۲۴۶) دوائے داد نہایت عمدہ اور بھروسہ کا نسخہ ہے ھُوَالشافی تخم ترب، تخم شلغم نوشادر گندھک آملہ سار ہر تین تین ماسہ، نوتیا سبز ۱ ماسہ مصری ۲ تولہ سب کا سفوف بنالیں۔ بوقت ضرورت داد کو خوب کھجا کر سفوف قدرے لعاب دہن میں ملاکر داد پر لگائیں۔ تین بار لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ اگر ضرورت باقی ہو تو مکرر لگائیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم بشیر احمد صاحب طبیب سرکاری حیدرآباد دکن

(۱۲۴۷) بیاض چشم مجرب نسخہ ہے ھُوَالشافی تمر نفل ۳ تولہ، کیسر حسب حاجت میں ایک

پھر سحق کریں - اور پھر قرص بنا کر ایک مٹی کے سکورے میں رکھکر اس کے اوپر کافور ۶ ماسہ رکھیں - اور
دوسرا سکورہ اس پر رکھکر کپڑوٹی کر کے اسکے نیچے چراغ جلائیں اور جوہر حاصل کریں۔ جوہر بقدرے
ایک خشخاش چاندی کی سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں - بیاض چشم کا آخری علاج ہے -

حکیم مہنتہ سندر ابن صاحب موہن ساکن پنڈدادنخان ضلع جہلم (پنجاب)

(۴۲۵) دوائے عزیزی، قروح خبیثہ کو مندمل کرنے میں مفید اور مجرب ہے ھوالشافی کتھ سفید
کافور خالص، مازو سبز، پھٹکڑی بریاں ہموزن سفوف بنا کر رکھیں۔ ترکیب استعمال روزانہ قروح خبیثہ
کو صاف کر کے تھوڑا سا سفوف اوپر چھڑک دیا کریں۔

حکیم حافظ محمد سعید صاحب کھاری باؤلی کوچہ نواب مرزا مکان ۱۴۰ دہلی

(۴۲۶) اکسیر خنازیر (معمول مطب) خنازیری گلٹیوں کے تحلیل کرنے میں بنظیر اور مجرب ہے ھوالشافی
گھونگچی سرخ ۱ تولہ، توتیا سبز ۱ تولہ - روغن نیب ۳ تولہ، روغن کنجد ۳ تولہ روغنوں کو گرم کریں - اور ان
میں گھونگچی ڈالکر جلالیں - پھر توتیا بہت باریک پیسکر اوپر ڈالدیں - اور آگ سے فوراً نیچے اتارلیں
اور خوب رگڑ کر محفوظ رکھیں، دن میں دو تین بار خنازیر پر لگا دیا کریں -

ڈاکٹرو حکیم محمد طفیل صاحب ساکن ترہالے شکر گڈھ، ضلع گورداسپور

(۴۲۷) اکسیر الدم جسم کے اندر سے خواہ کہیں سے خون آوے مثلاً ناک پیشاب پاخانہ سے عورتوں
کی ماہواری ایام زیادتی سب کو مفید اور مجرب ہے ھوالشافی پھٹکری سفید، سرمہ سیاہ، کتھ سفید سنگجراحت
ہر ایک ۳۰ ماسہ، کہربائے شمعی، صدف مروارید، اقاقیا ہر ایک ۱۰ ماسہ دم الاخوین، گوند ببول، کتیرا
سفید ہر ایک ۷۰ ماسہ سبکو باریک کھرل کر کے مانند سرمہ کرلیں خوراک ۲ ماسہ صبح وشام بآب تازہ

حکیم سید اشفاق حسین صاحب رانی منڈی الہ آباد

(۴۲۸) اکسیر بخار، تپ دق کے علاوہ جملہ اقسام تپ میں مجرب ہے ھوالشافی سنکونا ۶ ماسہ

پھر سحق کریں - اور پھر قرص بنا کر ایک مٹی کے سکورے میں رکھکر اس کے اوپر کافور ۶ ماسہ رکھیں - اور دوسرا اسکورہ اس پر رکھکر گِل حکمت کر کے اسکے نیچے چراغ جلائیں اور جوہر حاصل کریں - جوہر بقدرے ایک خشخاش چاندی کی سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں - بیاض چشم کا آخری علاج ہے -

حکیم مہنت سندر ابن صاحب موہن ساکن پنڈدادنخان ضلع جہلم (پنجاب)

(۴۲۵) دوائے عزیزی، قروح خبیثہ کو مندمل کرنے میں مفید اور مجرب ہے هوالشافی کشتہ سفید کافور خالص، مازو سبز، پھٹکڑی بریاں ہموزن سفوف بنا کر رکھیں - ترکیب استعمال روزانہ قروح خبیثہ کو صاف کر کے تھوڑا سا سفوف اوپر چھڑک دیا کریں -

حکیم حافظ محمد سعید صاحب کھاری باؤلی کوچہ نواب مرزا مکان نمبر ۱۴۰ دہلی

(۴۲۶) اکسیر خنازیر (معمول مطب) خنازیری گلٹیوں کے تحلیل کرنے میں بے نظیر اور مجرب ہے هوالشافی گھونگچی سرخ ۱ تولہ، توتیا سبز ۱ تولہ - روغن نیب ۳ تولہ، روغن کنجد ۳ تولہ روغنوں کو گرم کریں - اور ان میں گھونگچی ڈالکر جلالیں - پھر توتیا بہت باریک پیسکر اوپر ڈالدیں - اور آگ سے فوراً نیچے اتارلیں اور خوب رگڑ کر محفوظ رکھیں، دن میں دو تین بار خنازیر پر لگا دیا کریں -

ڈاکٹر و حکیم محمد طفیل صاحب ساکن ترہائے شکر گڈھ، ضلع گورداسپور

(۴۲۷) اکسیر الدم جسم کے اندر سے خواہ کہیں سے خون آوے مثلاً ناک پیشاب پاخانہ سے عورتوں کی ماہواری ایام زیادتی سب کو مفید اور مجرب ہے هوالشافی پھٹکری سفید، سرمہ سیاہ، کشتہ سفید سنگجراحت ہر ایک ۳ ماسہ، کہربائے شمعی، صدف مروارید، اقاقیا ہر ایک ۱۰ ماسہ دم الاخوین، گوندببول، کتیرا سفید ہر ایک ۷ ماسہ سبکو باریک کھرل کر کے مانند سرمہ کرلیں خوراک ۲ ماسہ صبح وشام آب تازہ

حکیم سید اشفاق حسین صاحب رانی منڈی الہ آباد

(۴۲۸) اکسیر بخار، تپ دق کے علاوہ جملہ اقسام تپ میں مجرب ہے هوالشافی سنکونا ۶ ماسہ

ست گلو۔ کونین سلفاس۔ طباشیر کافور، سنبل الطیب، ست اجوائن، ست پودینہ تین تین ماسہ مگنیشیا سلفاس ۵ ماسہ ایسڈ سائٹرک ۱ تولہ سب باریک پیسکر عرق گلاب ایک بوتل میں حل کر لیں۔ خوراک ۱ تولہ صبح ۱ تولہ شام پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

حکیم عبد الکریم صاحب پکّا باغ جالندھر

(۴۲۹) اکسیر احتلام، احتلام کے لئے بے حد مفید ہے ھوالشافی تخم قنب، کندر، بلوط، گلنار ہم وزن باریک کرکے نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ۳ گولی سوتے وقت پانی کے ساتھ۔

ڈاکٹر لالچند صاحب محلّہ امام باڑہ راولپنڈی

(۴۳۰) اکسیر درد کمر، مقوی باہ اور ممسک ہے، جریان اور ضعف کمر کے لئے اکسیر صفت ہے، ھوالشافی، گوند کتیرا، کتھ سفید، کشتہ قلعی، تالمکھانہ، سپستان، خس، کندر، اصل السوس۔ گلنار ریوند، کنجد سیاہ، برگ حنا، کباب چینی، ست گلو، ست سلاجیت، دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد طباشیر فی ۱ تولہ ہموزن سفوف بنا دیں۔ اور ہموزن شکر سفید ملالیں خوراک ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم پنڈت سری رام صاحب حاذق ساکن بلب گڑھ ضلع گوڑگانوہ

(۴۳۱) اکسیر بخار، ہر قسم کے بخاروں کے لئے مفید ہے خصوصاً موسمی بخار کے لئے خصوصیت سے مفید ہے ھوالشافی، کشتہ ابرک سفید، کشتہ گئودنتی، کشتہ ناقوس ہموزن لے کر آپس میں ملا لیں۔ خوراک ۲ رتی صبح ۲ رتی شام سادہ پانی کے ہمراہ

حکیم دیوی داس صاحب پنی ساکن بٹالہ ضلع گورداسپور

(۴۳۲) طلاء اکسیر اعظم، تقویت باہ کے لئے مفید ہے، کجی کوتاہی لاغری اور سستی کو دور کرتا ہے مجرب ہے ھوالشافی، افیون مصری ۲۰ ماسہ جوز بوا ۴ ماسہ دارچینی ۵ ماسہ ۵ رتی، عنفر فرحا ۱۰ ماسہ پیاز نرگس ۱۱ ماسہ پوست بیخ خربزہ ۲۲ ماسہ خراطین مصفے، جونک خشک ہر ۴ ماسہ سکو شراب

مقطر میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں، اور بوقت ضرورت شراب میں گھسکر طلاء کریں۔

حکیم عبد الغنی صاحب ساکن سوپور کشمیر

(۳۴۳) تریاق صداع، درد سر کیلئے مجرب ہے ھو الشافی کیفین سائٹراس ۵ گرین فیناسٹین ۵ گرین، سفوف کشنیز ۳ ماسہ، شکر سفید ۳ ماسہ سب ملالیں یہ ایک خوراک ہے۔ سرد پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم نور احمد صاحب طبیب سرکاری ریاست گوالیار

(۳۴۴) اکسیر وجع المفاصل معمول مطب ھو الشافی پوست بیخ آکسن بوٹی سایہ میں خشک شدہ ۴ تولہ کشتہ شاخ گوزن جو شیر مدار میں تیار کیا گیا ہو۔ زنجبیل، فلفل گرد ہر تولہ تولہ، سوڈا سیلی سلاس ۲ تولہ سوڈا بائیکارب ۳ تولہ ریوند خطائی مٹکہ دار ۱ تولہ سفوف بنائیں خوراک ۱ ماسہ ہمراہ آب تازہ، دن میں تین مرتبہ دیں۔ مرض آتشک میں اگر گنٹھیا ہو جائے تو بھی مفید ہے۔

ڈاکٹر حکیم نذر محمد خان صاحب انصاری یونانی میڈیکل ہال مگھیانہ

(۳۴۵) اکسیر اطفال، بچوں کے دست قے بخار کھانسی وغیرہ میں معمول مطب ہے ھو الشافی کاکڑا سنگی ۲ ماسہ، پیپل ۲ ماسہ، طباشیر ۲ ماسہ، اتیس ۲ ماسہ، مغز کنول گٹہ ۱ تولہ تخم الائچی کلاں ۳ ماسہ سہاگہ چوکیہ بریاں ۲ ماسہ سب کا سفوف بنالیں۔ خوراک ۱ ماسہ سادہ پانی سے دیں۔

حکیم سید علی شاہ صاحب فاضل طب والجراحت ڈومیلی، ضلع جہلم

(۳۴۶) دوائے رحم، سیلان الرحم وعارضہ رحم کے لئے بہت مفید ہے۔ اسقاط حمل کے لئے بھی مجرب اور معمول مطب ہے ھو الشافی، گل پٹنہ، گل سپاری، صمغ ڈھاک ہر چار چار تولہ۔ اندر جو شیریں ۲ تولہ اسگند ناگوری ۲ تولہ، کشتہ فلعی کشتہ مرجان ہر تین تین ماسہ عقیق ۱۰ ماسہ نبات سفید ۹ تولہ سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ ماسہ شیر گاؤ کے ہمراہ صبح وشام استعمال کرائیں۔

حکیم عبدالخالق صاحب قریشی ساکن کلنجر ضلع ہزارہ

(۴۳۷) اکسیرالاوجاع۔ ہرقسم کے درد کو خواہ نزلہ سے ہو یا اور کسی سبب سے ہو، وجع المفاصل عرق النساء نزلہ درد گردہ ذات الجنب ذات الریہ، درد قولنج کے لئے تیر بہدف ہے۔ بطور خوردنی لیپ اور عطوس استعمال کر سکتے ہیں ھوالشافی، سیماب آملہ سار میٹھا تیلیہ ہر تولہ تولہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل ہر ایک ۸ تولہ سیماب اور آملہ سار کی کجلی کریں۔ باقی ادویہ علیحدہ پیس کر ملالیں۔ اور ادرک کے رس ایک سیر میں کھرل کرکے گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنائیں خوراک ا گولی ہمراہ مناسب بدرقہ،

حکیم مولوی نذیر احمد صاحب اسسٹنٹ ہاؤس فزیشن طبیہ کالج لاہور

(۴۳۸) حبوب سوزاک، معمول مطب دوا ہے پندرہ برس سے زیر استعمال ہے۔ ہمیشہ کامیاب ہوتی ہے درد پہلے دن پیپ دوسرے دن بند ہوجاتی ہے ھوالشافی، کباب چینی، تخم خرفہ، طباشیر الائچی بیروزہ، سلاجیت، رال۔ روغن صندل ہموزن سحق کرکے گولیاں نخودی بنائیں۔ خوراک ا گولی شربت صندل کے ہمراہ دیں۔ آرام تو تین دن میں آجائیگا احتیاطاً ایک ہفتہ کھلائیں۔

ڈاکٹر محمد مسعود صاحب فلیمنگ روڈ لاہور

(۴۳۹) تریاق پلیوریسی) ہتھیلی پر سرسوں جمانے والا لاثانی نسخہ ہے پانچ منٹ کے اندر درد کافور انگریزی پلٹسوں سے بڑھ چڑھ کر زود اثر اور دیسی ضمادوں سے سو فیصدی نفع مند ہے کم خرچ بالانشین اکسیری صدری سینہ کا راز ہے ھوالشافی۔ شب یمانی ۶ ماشہ باریک کرکے عسل خالص ا تولہ میں ملا کر مقام درد پر ضماد کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم غلام احمد صاحب ساکن کلانور ضلع انبالہ

(۴۴۰) دوائے شنگرف، مدر حیض ہے دافع ذات الجنب و نمونیا مقوی باہ غرض جملہ امراض بلغمی کے لئے تیر بہدف ہے ھوالشافی، شنگرف رومی ا تولہ شہد اصلی ۵ تولہ، روغن گاؤ ۵ تولہ پہلے کڑاہی آہنی

میں شنگرف رکھکر اوپر باقی دونوں ادویہ ملاکر ڈال کر نیچے آگ جلانی شروع کریں جب کڑاہی میں آگ لگ جائے اور شہد سب جلکر سکڑ ہو جاوے تو سرد کر کے شنگرف قائم النار بزنگ سرخ نکال لیں۔ پیسکر شیشی میں رکھیں خوراک ایک رتی منقی میں استعمال کرائیں تین چار روز میں حیض کھل کر آنا شروع ہوگا نمونیہ ذات الجنب کیلئے ویسی اجوائن ۱ تولہ کے جوشاندہ کے ہمراہ گنٹھیا، رعشہ وادہر نگ والے کو زنجبیل ۱ تولہ کے جوشاندہ سے دیں مریض کو کھلا کر کپڑے میں بٹھا دیں تا کہ پسینہ آجاوے۔

ڈاکٹر و حکیم محمد ایوب خان صاحب ساکن سرائے امیر اشاہ براستہ پنیوں

(۱۴۴۱) ممسک و مقوی باہ: شنگرف ۲ تولہ کو سفید پیاز کے پانی میں دس یوم کھرل کر کے خشک کریں اور گولی بنالیں، بعدہ تین چوزے لے کر ذبح کر کے آلائش وغیرہ سے صاف کر کے گردن کے حصہ سے ہڈی دور کر کے اس میں مذکورہ گولی لپیٹ کر ایک مرغ کے پیٹ میں رکھکر سی دیں۔ بعدہ روغن زرد ایک سیر میں یکے بعد دیگرے اچھی طرح بھونیں۔ جب تینوں مرغوں میں بریاں ہو جاوے تو شنگرف نکالکر اس میں زعفران ۲ ماسہ افیون خالص ۲ ماسہ ملاکر کھرل کریں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مسکہ یا ملائی

حکیم پنڈت برہمانند صاحب کیلش کامل طب والجراحت پروپرائٹر ضلع انبالہ

(۱۴۴۲) سفوف سرخ ہر قسم کے جریان خون کیلئے مفید ہے ھوالشافی دم الاخوین، انجبار، گیرو سنگجراحت، کتیرا، طباشیر، سرمہ سفید، صدف مرواریدی ہموزن باریک سفوف بنائیں خوراک ۱ ماشہ عرق گاؤزبان یا آب تازہ کے ہمراہ،

زبدۃ الحکما حکیم محمد اسماعیل صاحب قمر فارمیسی چنیوٹ پنجاب

(۱۴۴۳) دوائے سیاہ، جس کا نسخہ ہزار ہا روپیہ خرچ کرنے پر بھی میں بتانے کے لئے تیار نہ تھا مگر افادہ عام کے لئے بلا کم و کاست لکھتا ہوں۔ یہ ایک صدری، اور دفینہ کا نسخہ ہے۔ جو کہ مجھے ہزاروی خاندان سے بہت سی محنت کے بعد ملا تھا۔ دق و سل کا واحد و شافی علاج ہے اور کوئی دوا اسکا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ مرض کو بیخ و بنیاد سے اکھیڑ دیتی ہے ھوالشافی سرطان سوختہ ۲ تولہ، ورق طلا ۱۰۰ عدد

مروارید ناسفتہ ۲ ماسہ، زرشک شیریں آدھ پاؤ، آب ملیٹھی مقشر ایک پاؤ، رب السوس ۱ تولہ، افیون ۳ ماسہ ۴ یوم کامل سحق کر کے رکھ لیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ شربت ابریشم مرکب صبح و شام دیں۔

حکیم محمد اسماعیل صاحب حکیم حاذق ساکن منارہ ضلع جہلم

(۳۴۴) دوائے نزول الماء ابتدائی نزول الماء ابتدائی موتیابند کیلئے خاص نسخہ ہے ھو الشافی زعفران ۴ رتی، افیون ۱ ماسہ، شب یمانی، سمندر جھاگ، نوشادر ہر دو دو تولہ نیلہ تھوتھا ۱ ماسہ زنگار ۴ رتی گوند کیکر ۳ ماسہ سب دوائیں باریک کر کے سرمہ بنا کر سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگائیں۔

حکیم سید بشیر احمد صاحب ساکن نواں شہر دوآبہ ضلع جالندھر

(۳۴۵) حبوب مدر حیض، سریع الاثر ھو الشافی مصبر ۶ ماسہ زعفران، ریوند خطائی، افسنتین ہر تین تین ماسہ۔ ہیرا کسیس ۲ ماسہ کوٹ پیس کر پانی کے ہمراہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ مندرجہ ذیل شربت و عرق کے استعمال کرائیں۔ شربت بزوری۔ عرق مکو، عرق گاؤزبان، عرق سونف، عرق کاسنی ہر تین تین تولہ۔

حکیم محمد عبدالرحمن صاحب مالک دواخانہ عین الشفا راولپنڈی

(۳۴۶) خون بند کرنے کی حکمی دوا، ہر قسم کا خون بند کرنے میں اکسیر الاثر ہے۔ نفث الدم کے لئے مخصوص ہے ھو الشافی کشتہ گودنتی، کشتہ بارہ سنگا، کشتہ مرجان۔ کشتہ ابرک، سنگجراحت گیرو، دم الاخوین، کیلسیم لیکٹیٹ تمام ہموزن سفوف بناویں۔ خوراک ۳ ماسہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

حکیم شیخ غلام رسول صاحب دربار عالیہ گولڑہ شریف (پنجاب)

(۳۴۷) اکسیر سلسل بول، نہایت اکسیر است ھو الشافی ڈیلا مقشر کوٹ کر صاف کریں اور گڑ ۱۰ تولہ و روغن گاؤ ۱۰ تولہ ہر دو کو آگ پر رکھ کر پت پکائیں پھر ڈیلا ڈال دیں اور خوب ملا لیں۔ تیار ہے خوراک ۲ تولہ بوقت شب واحد کھالیا کریں۔ تین روز کے استعمال سے انشاء اللہ بالکل آرام آجاتا ہے۔ کئی

مریضوں پر تجربہ کیا گیا ہے۔

حکیم غلام یٰسین صاحب شفاخانہ یسینی، لورالائی، بلوچستان

(۴۴۸) درد رحم (جو بچہ پیدا ہونے کے بعد ہوتا ہے) کیلئے نہایت مجرب اور اکسیر ہے ھوالشافی پوست خشخاش ۳ ماسہ، شہد خالص ۲ تولہ ۱ تولہ سب کو ۱۰ پاؤ پانی میں جوشدیں۔ جب نصف رہ جاوے تو اتار کر عرق بادیان ۱۰ تولہ ملا کر مریضہ کو ۲ دفعہ پلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد جو بعد ولادت عورت کو ہوتا ہے۔ فوراً آرام ہوگا۔

حکیم و ڈاکٹر فصیح الزمان خان صاحب نمبر ۴ بھنڈی بازار روڈ بمبئی نمبر ۹

(۴۴۹) ضیق النفس، تیر بہدف نہایت اکسیر الاثر ھوالشافی، کشتہ قصیص ۱ تولہ، کشتہ مروارید ناسفتہ ۱۰ ماسہ کشتہ تماکو ۱ تولہ کشتہ کاہی سرخ، قلمی شورہ گل ارمنی پھٹکری سفید ہر ایک تین تین ماسہ۔ ترکیب تیاری قصیص (یعنی مشک کا چمڑہ جس میں بعض لوگ پانی بھرتے ہیں) کو توا پر رکھکر اسپر چینی کا برتن اوندھا کر کے اردگرد آٹا لگادیں۔ نیچے توا کے آگ جلاویں۔ کشتہ قصیص تیار ہے تمباکو کو توا پر رکھکر سانس بند کر کے جلالیں مروارید روح کیوڑہ میں حل کرلیں۔ کاہی کو آک کے گودہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جاوے گا۔ پھٹکڑی کو بریاں کریں قلمی شورہ اور گل ارمنی پیسکر ملالیں۔ سب کو باریک کر کے ملالیں۔ خوراک ۲ رتی ہمراہ بالائی گاؤ بوقت صبح اکسیر ہے۔

عمدۃ الحکماء ڈاکٹر قاضی عابد علی صاحب رضوی مدیر اخبار مخبر عالم مرادآباد

(۴۵۰) تریاق موتیابند، بے مثل اور لاثانی تریاق ہے۔ موتیابند خواہ کتنا ہی دیرینہ ہو۔ بغیر قدح کے زیادہ سے زیادہ دو ہفتہ میں صاف ہو کر نظر کھل جاتی ہے ھوالشافی ریزہ الماس جو بقدر ۵ رتی کے ایک سالم ٹکڑا ہوئے کر ایک عنکبوت کلاں کو الٹا یعنے پشت کے بل زمین پر لٹادیں۔ اور یہ ریزہ بیچوں بیچ شکم عنکبوت پر رکھدیں۔ فوراً ہی شکم پھٹ جائیگا۔ اور یہ ریزہ اندرون شکم چلا جائے گا۔ ۵ منٹ رطوبات شکم کے امتزاج سے الماس کشتہ ہو جائیگا۔ اسکو نہایت حفاظت سے نکالیں۔

اب بیس تولہ سرمہ کی ڈلیاں ایک سیر نیم کی چھٹیوں کے درمیان رکھکر ایک ہانڈی میں تین سیر پانی ڈالکر پکاویں۔ جب پانی بقریب خشکی پہنچے تو ڈلی کو نکالکر خشک کریں۔ اور کھرل میں معہ کشتہ الماس تین روز برابر خشک کھرل کریں۔ تیار ہے۔ روزانہ ایک سلائی لگایا کریں۔

حکیم حیات خان صاحب ساکن آٹھنیر ضلع ہتول

(۴۵۱) قوت باہ ھوالشافی ایک لکڑی کری کی (کریر) جو بیس سال کی پورانی کٹی ہوئی ہو۔ اسکے ٹکڑے کرکے ایک کوزہ گلی میں بطور پتال جنتر تیل نکالیں۔ خوراک ۴ رتی مکھن گاؤ یا منقہ یا گلقند میں سات یوم تک کھلائیں۔ اور سات یوم تک اسی روغن کی مالش بھی کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالے کلی آرام ہوگا۔ نہایت مفید نسخہ ہے۔

حکیم حاجی سید محمود شاہ صاحب ساکن گونڈا پور ضلع شمالی ارکاٹ

(۴۵۲) حبوب سوزاک، نہایت مفید ھوالشافی سرد چینی، طباشیر کبود، قلمی شورہ، زبدۃ البحر ہر چھ چھ ماسہ۔ الائچی خورد، زیرہ سفید ہر تولہ تولہ گندھک آملہ سار مصفی ۹ ماسہ۔ سیماب مصفی ۲ ماسہ۔ ورق نقرہ ۳ ماسہ سب کا سفوف بناویں پھر سفوف بیروزہ ۳ تولہ، روغن بیروزہ ۱ تولہ۔ روغن صندل سفید ۱ تولہ ملاکر حبوب بقدر مرچ سیاہ بناویں۔ خوراک ۲ گولی صبح ۲ شام ہمراہ روغن شیر گاؤ۔

حکیم جوہر علی صاحب ویلوری غریب خانہ گوشہ محل حیدرآباد دکن

(۴۵۳) سفوف مفرح، معمول مطب، سینکڑوں مرتبہ کا مجرب ہے ہر قسم کے گرم امراض کو ایک ہی خوراک سے آرام ہوتا ہے۔ ہیضہ طاعون، متلی، قے۔ گھبراہٹ دل دھڑکنہ ہر قسم کا جریان خونی بواسیر نکسیر نفث الدم، پیچش اور کثرت حیض وغیرہ کو فوراً بند کرتا ہے۔ ہر ایک قسم کے اسہال۔ بچوں کے اسہال مرض حمیات کے تمام عوارضات گرم میں مفید ہے طبیعت کی بے آرامی کو فوراً نفع کرتی ہے۔ ہچکی تقویت قلب تقویت دماغ میں بے نظیر ہے ھوالشافی طباشیر کبود۔ کشنیز خشک صندل سفید دانہ الائچی خورد۔ زہر مہرہ۔ کہربا ہر پانچ پانچ تولہ نارجیل دریائی ۳ تولہ کشتہ عقیق ۱ تولہ کشتہ مرجان ۱ تولہ

ورق نقرہ ۳ ماشہ سب کا سفوف بنالیں۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ آب انار یا ہی۔ یا عرق یا شربت سے کھلائیں۔ ہچکی کے لئے مصری ۲ تولہ مکھن ۲ تولہ میں ملا کر چٹائیں۔ تقویت دماغ کے لئے علے الصبح مکھن ہیں کھلائیں۔

حکیم سید شاہ حسن صاحب سجّاد جعفری بانکی پور پٹنہ

(۴۵۴) ہیضہ کا شرطیہ علاج یہ نسخہ اس موذی مرض کے ہر درجہ کے لئے تریاق ہے۔ اور ہمیشہ بے خطا پایا گیا ہے۔ عام کتابی نسخہ ہے مگر تجربہ میں بے حد مفید اور بے نظیر ثابت ہوا ہے ھو الشافی افیون خالص ۱ ماشہ ہینگ خالص ۱ تولہ، مرچ سرخ ۱ تولہ تینوں کو اول علیحدہ علیحدہ پیسکر باہم مخلوط کر لیں اور عرق گلاب یا پانی کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے کھلائیں۔ بچوں کو نصف گولی حسب العمر دیں۔

ممتاز الحکماء حکیم سید ضمیر انور شاہ صاحب گرونیری ساکن جرگ ریاست پٹیالہ

(۴۵۵) مقوّی باہ۔ جوانی کی نئی امنگ پیدا کرنے دل دماغ اور بصارت کی کمزوری دور کرنے کیلئے تجربہ شدہ ہے ھو الشافی مغز بادام شیریں ۲ تولہ مغز پستہ ۲ تولہ چھوہارہ ۲ عدد، مغز تخم کپاس ۲ تولہ زعفران ۱ ماشہ مشک خالص ۱ رتی۔ مغزیات کا شیرہ نکالیں پھر ایک سیر دودھ ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب گاڑھا ہونے کے قریب ہو جائے۔ تو ایک سیر شہد خالص اور زعفران عرق بید مشک میں حل کر کے اضافہ کریں۔ جب دودھ کی مائیت جذب ہو جائے تو اتار لیں۔ اور سرد ہونے سے پہلے مشک خالص دوگنی مصری کے ساتھ پیسکر ملالیں۔ خوراک ۷ ماشہ ۷ روز تک دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

حکیم مولوی سید وجیہ الحسن صاحب ساکن گلاوٹی ضلع مظفر نگر

(۴۵۶) مقوّی باہ و ممسک۔ تقویت باہ کے لئے خاص چیز ہے اور سخت امساک لاتا ہے ھو الشافی شنگرف ۲ تولہ ۴ ماشہ، جوز بوا۔ بزر البنج۔ مائیں۔ افیون۔ عقرقرحا۔ حرمل۔ مصطگی۔ قرنفل ہر ایک ایک تولہ نو نو ماشہ سب کو ۲ پہر سختی بلیغ کر کے رکھیں۔ خوراک نصف ماشہ ملائی میں رکھکر کھلائیں اوپر سے دودھ پلائیں۔

حکیم ہربنس رائے صاحب حاذق منڈی گوبند گڈھ ریاست نابھہ

(۴۵۷) دافع جریان۔ جریان و احتلام کے لئے بہت مفید ہے ھوالشافی موصلی سفید۔ تالمکھانہ گوند ببول، گوند کتیرا ہر تولہ تولہ سبوس اسپغول مسلم ۱ تولہ شکر سفیدہ تولہ سب کا سفوف بناویں خوراک ۱ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم سید غلام مرتضیٰ شاہ صاحب کرمانی ساکن ٹنڈہ جان محمد (سندھ)

(۴۵۸) اکسیر سم الفار مقوی باہ ہے نعوظ لاتا ہے دافع امراض معدہ و ریاح ہے ھوالشافی سم الفار سفید ۱ تولہ، نمک شیشہ ۸ تولہ دونوں کو آٹھ پہر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک پتاشہ میں استعمال کریں۔ غذا مرغن۔

حکیم مولوی عبد الغفور صاحب ساکن ڈھکی متصل شفاخانہ مظفرآباد کشمیر

(۴۵۹) سرمہ مقوی البصر نہایت آزمودہ اور مجرب ھوالشافی سرب مصفی سائیدہ ۶ ماسہ، سرمہ سیاہ، سرمہ سفید، فلفل سیاہ چاکسو مقشر اقلیمیا ہر ساڑھے تین تین ماسہ۔ سون مکھی چینی سفید اصلی۔ رسونت مصفی، پشب یمانی۔ کستوری خالص ہر دو دو ماسہ افیون ۲ ماسہ مروارید ناسفتہ مامیران رتن جوت، نیلہ تھوتھہ ہر ایک ایک ماسہ بالفوع ہلیلہ تین روز صلایہ کر کے سرمہ بنالیں اور سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگاویں۔

حکیم حاجی سید محمد یوسف صاحب حضروی کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

(۴۶۰) معجون زعفرانی۔ نہایت مقوی باہ و مغلظ ممسک اور انتشار پیدا کرنے والی دوا ہے ھوالشافی عطر اعلیٰ رجرس کشمیری ۶ ماسہ زعفران ۶ ماسہ دارچینی ثعلب مصری الائچی خورد، مغز بادام، مغز پنبہ دانہ۔ ناریل بہمن سفید ہر ایک ۲ تولہ جوز بوا ½ تولہ، صندل سفید تودری سفید تودری سرخ ہر ایک ۱ تولہ۔ مشک ۳ تولہ، قند سفید شہد خالص سہ گنا جملہ ادویہ سے سب ادویہ باریک کر کے بطریقہ

معروف معجون بنائیں۔ خوراک ۵ ماسہ رات کو سوتے وقت دودھ کے ہمراہ۔

حکیم محمد اکبر علی خان صاحب ساکن جلال پور قصبہ ضلع الہ آباد

(۴۶۱) اکسیر خارش ہر قسم مجرب۔ تین دن کے اندر خارش کا نام نشان نہیں رہتا۔ ھو الشافی پارہ، آملہ سار کالا چھڑ، سفیدہ ہر چھ چھ ماسہ نیلہ تھوتھا ۴ ماسہ، اول آملہ سار و پارہ کو ملا کر نصف گھنٹہ تک خوب کھرل کریں پھر باقی دوائیں باریک کر کے ملا کر کھرل کریں۔ ترکیب استعمال دو ماسہ دوائی تولہ بھر مکھن میں جو سو دفعہ پانی میں دھو لیا گیا ہو ملا کر دو وقت خوب مالش کریں۔ تیل والی اشیاء سرخ مرچ سے پرہیز ضروری ہے۔

حکیم خواجہ غلام رسول صاحب دلگیر ساکن چرار شریف کشمیر

(۴۶۲) دوائے سل۔ سل کے لئے نہایت مفید ہے بارہا کے تجربہ سے اس کو اچھا پایا ہے ھو الشافی طباشیر، کتیرا، صمغ عربی۔ نشاستہ گندم مغز تخم خیارین مغز ہیدانہ مغز بادام۔ گل گاؤزبان، تخم خطمی، تخم خبازی۔ گلسرخ ہر ایک ۶، ۶، ۱ کہربا گل ارمنی تخم کاہو۔ رب السوس، سرطان سوختہ ہر ایک تین تین ماسہ۔ سب کو باریک کر کے لعاب اسبغول میں ایک ایک ماسہ کے قرص بنائیں۔ خوراک ۴ قرص مناسب بدرقہ کے ہمراہ

حکیم فضل الدین صاحب بیرل شریف ضلع شاہ پور

(۴۶۳) حب ممسک، چند دن میں قدرتی امساک کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے جریان کیلئے بھی نہایت مفید ہے ھو الشافی مغز تخم تمر ہندی اور تخم خرما دونوں ہم وزن لے کر خوب باریک کریں اور سات بار شیر برگ دیں تر و خشک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں خوراک ۱ گولی صبح شام ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم تاج الدین صاحب ساکن راجو خانانی ضلع حیدر آباد سندھ

(۴۶۴) دوائے شنگرف، بے حد مقوی باہ اور ممسک ہے وجع المفاصل لقوہ فالج کے لئے

نہایت مفید ہے ھوالشافی شنگرف رومی۔ جائفل بیر بہوٹی ہر تولہ تولہ، مرزنجوش سیاہ ۲ تولہ، لونگ الائچی کلاں، دارچینی۔ جاوتری ہر ایک چھ چھ ماسہ زعفران ۱ ماسہ پہلے شنگرف کو مرزنجوش سیاہ کے ہمراہ نہایت باریک کھرل کر کے باقی دوائیں باریک کر کے ملا لیں۔ اور مثل غبار بنائیں۔ بس دوا تیار ہے۔ خوراک تین چار چاول تک لقوہ اور فالج والے کو شوربہ مرغ یا شہد کے ہمراہ امساک کے لئے مکھن میں وجع المفاصل کے لئے چرب لقمہ کے ہمراہ کھلائیں۔

حکیم محمد لطیف صاحب ساکن سورگی ڈاکخانہ نوشہرہ شاہ پور

(۴۶۵) روغن ناصور، ہر قسم کے ناصور کیلئے مجرب المجرب ہے ھوالشافی سیماب مصفی۔ گندھک مصفی ہر تولہ تولہ۔ شورہ قلمی ۳ ماسہ پتھر کا چمکدار کوئلہ ۲ تولہ روغن تارپین خالص روغن سرشف ہر ایک ۵ تولہ سب چیزیں اس قدر کھرل کریں کہ بے چمک ہو جائیں اور پھر اس روغن میں بتی آلودہ کر کے ناصور میں رکھیں یا باریک پچکاری کے ذریعہ سے پہونچایا کریں۔

حکیم گل احمد صاحب ہوتی مردان ضلع پشاور

(۴۶۶) تریاق بواسیر ہر قسم۔ بواسیر ہر قسم کو دور کرنے کے لئے یہ تریاق اپنی نظیر آپ خود ہے ۱۵ روز کے استعمال سے اس نامراد مرض سے نجات حاصل ہوتی ہے بشرطیکہ پرہیز ھوالشافی، پوست ریٹھہ سوختہ، کتھ سفید تخم بنیانا ناسی ہر تولہ تولہ کشتہ فولاد ۶ ماسہ سب کو باریک مثل غبار کے کریں، خوراک ۱ ماسہ صبح ایک شام ہمراہ مسکہ گاؤ تین تین تولہ کے استعمال کریں۔ اور بادانگیز چیزوں سے پرہیز کریں۔

حکیم فقیر محمد صاحب شاہی دواخانہ بازار پنج پیر جالندھر شہر

(۴۶۷) طاعونی ورم کے لئے پھاہیہ، بارہا کا آزمایا ہوا نسخہ ہے ھوالشافی سم الفار سفید ۱ تولہ افیون ۱ تولہ دونوں کو خوب باریک کر کے لہسن کے عرق میں گوندھ کر چھ پھاہے تیار کریں، اور ورم پر دو دو گھنٹہ کے بعد ایک ایک پھاہیہ چڑھاتے اور اتارتے رہیں اور ان پر برابر پیاز بھون بھون کر باندھتے رہیں۔ ایک ٹوکری پیاز اور آتشدان و توا وغیرہ لے کر دو تین آدمی اس کام پر آمادہ رہیں۔ جب ایک سرد ہو۔ فوراً

دوسری گرم کردہ باندھ دیا کریں۔ اتفاقاً پہلے روز ورم پختہ نہ ہو۔ تو دوسرے روز ضرور پک جاتا ہے ورم خود پختہ ہو کر ٹوٹ جائیگا۔ یا نشتر سے توڑ دیں۔ نہایت مفید اور مجرب نسخہ ہے۔

حکیم امام بخش صاحب ساکن طاہر ساہل ڈاکخانہ ٹرانہ جھنگ

(۴۶۸) نسخہ اکسیری۔ ضعف باہ ماسکہ سرعت انزال احتلام رقت مادہ تولید اور جریان ہر قسم کے لئے نہایت موثر اور اکسیر الاثر ہے ھوالشافی پھلی ببول، موچرس، صمغ پلاس مازو ہر تولہ تولہ، چاروں کو علیحدہ علیحدہ برتنوں میں بھگوویں۔ موسم گرما میں ایک دن موسم سرما میں تین دن بھگو کر مل چھان کر آگ پر رکھکر خوب جوشدیں جب غلیظ القوام ہو جائے تو اتارلیں اب اس میں مغز حب القطن ۵ تولہ، تخم جوز ماثل ۳ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ مغز تخم تمر ہندی بریاں ۱ تولہ شنگرف رومی ۳ ماسہ سب باریک پیس کر ملاکر گولیاں نخودی تیار کریں۔ خوراک ایک گولی دن میں دو یا تین بار عرق بادیان یا پانی کے ساتھ استعمال کریں، ترشی و تیل سے پرہیز اشد ضروری ہے۔

حکیم رحیم حسین صاحب نائب صدر انجمن طبیہ ضلع مظفر نگر

(۴۶۹) طلاء اکسیری، یہ طلاء ایا ڑنہیں کرتا نہ چھالہ ڈالتا ہے۔ قابل ملوک و امراء ہے۔ اس کی صفات کا دارو مدار کشید پر ہے کہ روغن جلا ہوا نہ نکلے نہ خام بلکہ پختہ۔ رنگ سرخ نکلے نہایت اکسیری طلاء تیار ہوگا۔ ھوالشافی بیر بہوٹی، قرنفل، جائفل، مالکنگنی، برادہ دندان فیل، حمالگوٹہ مقشر، مغز سر گرگٹ تازہ۔ چربی غوک صحرائی، چربی سانڈہ مستی شتر مستی شیر ہر ایک تین تین تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۱ تولہ سروالہ ۱ تولہ سم الفار سیاہ ۶ ماسہ عقرب سیاہ تازہ ۲ تولہ سب کو باریک کر کے ملاکر بطریق معروف روغن کشید کریں۔ ترکیب استعمال، حشفہ اور سیون چھوڑ کر اسکو استعمال کریں ہفتہ عشرہ میں صحت ہوگی۔ اور کسی قسم کی شکایت نہ رہیگی۔

حافظ عبدالکریم صاحب نانی حکیم نو سعید آباد سندھ

(۴۷۰) اکسیر باہ، اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ و بدن و دماغ ہے مفاصل وغیرہ کو مفید نیز ممسک بھی بیحد

ثابت ہوچکا ہے ھوالشافی پوست بیخ آکسن۔ ثعلب مصری کوٹ کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ۳ ماسہ صبح ۳ ماسہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

حکیم مولوی سید عبدالعزیز صاحب ساکن بھوپی ڈاکخانہ پاٹنے پور مظفر پور

(۱۷۴) طلاء مجرب۔ جو مجلوقوں اور مفلوجوں کے لئے بہت مفید ہے ھوالشافی مغز جمالگوٹہ ۱۲ عدد سم الفار سفید ۴ ماسہ۔ عروسک ۱ تولہ شنجرف ۱ تولہ سب کو باریک کرکے چار پہر مسکہ گاؤ ۴ ماسہ میں کھرل کریں۔ اور بوقت ضرورت حشفہ وسیون چھوڑ کر طلاکریں پان یا ارنڈ قدرے گرم کرکے باندھ دیا کریں

حکیم قاضی محمد غوث صاحب آستانہ عالیہ گولڑہ شریف (پنجاب)

(۲۷۴) گولیاں قوت باہ۔ اعضاء رئیسہ خصوصاً حافظہ و دماغ کو قوت دیتی ہیں۔ اور قدرتی امساک پیدا کرتی ہیں۔ ھوالشافی برہمی ۱ تولہ ملٹھی مقشر ۳ تولہ، دانہ الائچی سفید ۱ تولہ، دانہ الائچی سرخ ۱ تولہ۔ ورق طلاء ۴ عدد، ورق نقرہ ۱۲ عدد، زعفران ۹ ماسہ، مشک خالص ۳ ماسہ، سب کو باریک کرکے ہمراہ شہد حبوب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک گولی رات کو دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم ابو سعید محمد عبداللطیف صاحب نومسلم ملتان محلہ کمانگراں

(۳۷۴) نسخہ سوزاک، نئے اور پرانے دونوں قسم کے سوزاک کے لئے مفید ہے ھوالشافی ست بیروزہ، طباشیر خالص، دانہ الائچی کلاں، کباب چینی ہر چھ چھ ماسہ مصری ۲ تولہ سب کا سفوف بنائیں اور اس میں روغن صندل خالص ۱۰ تولہ ملا کر شیشی میں رکھیں۔ خوراک ۳ ماسہ صبح ۳ ماسہ شام ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔

حکیم نیک عالم شاہ صاحب زیدی ساکن گھوڑیالہ ضلع سیالکوٹ

(۴۷۴) حب مقوی باہ و ممسک، مقوی باہ اور ممسک ہونے کے علاوہ تکان اور کمزوری کو دور کرتی ہیں۔ ھوالشافی تخم حرمل نیم بریاں ۱۰ تولہ، کوکنار ۱ ماسہ، تل مقشر ۱ ماشہ تینوں دواؤں کو باریک

کرکے قند سیاہ کہنہ ۶ تولہ میں شامل کرکے خوب کوٹیں - پھر سات گولیاں تیار کریں - اور قبل از مقاربت ایک گولی گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم سید نذر حسنین صاحب بخاری پنڈی گھیب ضلع اٹک

(۵۷۴) سفوف برائے اسہال - پیچش اور دستوں کے روکنے کے لئے یہ سفوف بہت کارآمد ہے - زیادتی حیض میں مفید ہے مقوی جگر ہے ھوالشافی طباشیر، اقاقیا، دم الاخوین، گل ارمنی، گوندکیکر عصارہ لحیۃ التیس، بیخ انجبار، مروڑپھلی، مائیں - گلسرخ، کتھ سفید، افیون، دانہ الائچی سفید، ہر تین تین ماسہ، گلنار ۷ عدد سب کو باریک کرکے سفوف بنالیں - خوراک ۳ ماسہ تازہ پانی یا کسی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد اسماعیل صاحب جیدار سیٹ ضلع نیلور مدراس

(۵۷۴) سنون دندان - اس سے دانتوں کا درد منٹوں میں دور ہوجاتا ہے ھوالشافی عقرقرحا مرچ سیاہ - نوشادر، مازو، کافور پھٹکڑی بریاں - سب ہم وزن باریک کرکے سفوف بنائیں - اور بوقت ضرورت درد والے دانت پر ملیں۔

حکیم حافظ رضوان احمد صاحب نہٹور ضلع بجنور

(۵۷۴) حب نزلہ، نزلہ وزکام کو خدا کے فضل سے جڑ سے اکھاڑ دینے والی گولیاں ہیں ھوالشافی پوست خشخاش ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ کوٹ چھان کر قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ میں خوب ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں - خوراک ۱ گولی، اطریفل کشنیز ۱ تولہ میں یا کسی مناسب بدرقہ سے رات کو سوتے وقت۔

وید پنڈت سنت امر سنگھ صاحب جی مقام واگھ کلاں ضلع لودھیانہ

(۵۷۸) حب بواسیر خاص یہ دوا ہر قسم کی بواسیر کیلئے اکسیر ہے چالیس روز کے استعمال سے پورا فائدہ ہوجاتا ہے - جو اصحاب کہتے ہیں کہ بواسیر جاتی نہیں - وہ ضرور اس نسخہ کو تیار کرکے تجربہ کرلیں۔

ہمیشہ کیلئے اس موذی مرض سے نجات ملیگی ھوالشافی - گندھک آملہ سار مصفی - رسونت مصفی - مغز ریٹھہ، حواکھار ہر تولہ تولہ مغز تخم نیب مغز تخم لکائن ہر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کشتہ سون مکھی ۹ ماسہ سب باریک کرکے ڈیڑھ پاؤ مولی کے پانی اور پاؤ بھر گلر وندہ کے پانی میں کھرل کرکے پانچ پانچ رتی کی گولیاں بنائیں خوراک اگولی بوقت صبح ۵ تولہ مسکہ میں رکھکر نگل لیا کریں۔

ڈاکٹر و حکیم عطا محمد صاحب چشتی گولڑوی ساکن بندیال شاہ پور

(۴۷۹) معجون مقوی شاہی - اس معجون سے نامرد مرد بن جاتا ہے اور مخلوق و سست بیں بھی از سر نو جان پڑ جاتی ہے - تندرست اگر چند روز استعمال کرے تو زندگی کا لطف دوبالا ہو جاتا ہے نواب صاحب اودھ کے بیاض کا نسخہ ہے ھوالشافی شقاقل مصری - ثعلب مصری ہر دو دو تولہ - تخم شلغم، تخم پیاز، تخم گندنا، تودری زرد تودری سفید، بہمن سرخ بہمن سفید، موصلی سفید موصلی سیاہ موصلی سنبھل دارچینی - زنجبیل بے ریشہ، کلیجن ستاور تخم بالون تخم گذر ہر تولہ تولہ بیج بند تالمکھانہ، گوند ڈھاک ہر نو نو ماسہ، سب کو کوٹ چھان کر خوب باریک کریں - مغز بادام شیریں، مغز اخروٹ مغز فندق کنجد سفید مقشر ہر پانچ پانچ تولہ مغز چلغوزہ مغز پستہ ہر تین تین تولہ مغزیات کو خشک پیس لیں - پھر سب چیزوں کو تین پاؤ شکر خالص کے قوام میں ملا کر رکھیں خوراک ا تولہ صبح ایک تولہ شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں

حکیم محمد علی صاحب آزاد ٹن مارکیٹ بنگلور شہر

(۴۸۰) حب ہاضم، معدہ کو تقویت دیتی ہیں ضعف ہضم کو دور کرتی ہیں - ہیضہ کے ایام میں حفظ ما تقدم کا کام دیتی ہیں ھوالشافی گل مدار ۴ تولہ اجوائن دیسی ۴ تولہ نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک دیسی ہر تولہ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر آب لیموں میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک سے چار گولیوں تک ہمراہ آب تازہ

حکیم محمد بخش صاحب ایف ٹی جے چک ۱۹۶ رکھ لائل پور

(۴۸۱) نسخہ برائے کھانسی ہر قسم، ہر قسم کی کھانسی کے لئے اکسیر ہے ضیق النفس کو جڑ سے دور

کرتی ہیں۔ اور کھانسی چاہے کتنی مدت کی ہو اسکے استعمال سے بیخ و بن سے جاتی رہتی ہے۔ مجرب ہے۔ ھوالشافی فلفل سیاہ فلفل دراز زنجبیل ملٹھی مقشر کاکڑا سنگی، جواکھار۔ اصلی گوندبول۔ جاوتری سہاگہ، جوکیہ بریاں، لونگ، عنبر اشہب ہر ایک چھ چھ ماسہ پارہ شنگرف سے نکلا ہوا اور گندھک آملہ سار کی کجلی، بچھناک مصفی، ہنسل ہر تولہ تولہ سب دوائیں صاف کرکے سرمہ کی طرح باریک کرکے جوار کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک یا دو گولی پان میں رکھکر کھلائیں۔ یا شہد اور ادرک کے پانی میں ملا کر چٹائیں۔

حکیم محمد رمضان صاحب ساکن کوہاڑکہ ڈاکخانہ کیروں ضلع امرتسر

(۴۸۲) اکسیر درد سر، شدید درد سر کے لئے یہ دوا نہایت مفید ہے ھوالشافی تخم کاسنی ۹ ماسہ تخم کاہو ۹ ماسہ رسونت ۱۳ ماسہ افیون ۲ ماسہ سب دواؤں کو تخم بالنگو کے لعاب میں حل کرکے کپڑے پر لگا کر کنپٹی پر چپکائیں، فوراً آرام ہوگا۔

حکیم بابورام صاحب ساکن نگری پرگنہ حسنپور ضلع مرادآباد

(۴۸۳) سفوف اکسیر جگر، تقویت جگر کے لئے نہایت مفید ہے۔ صفرا کی کثرت کو روکتا ہے ھوالشافی گلسرخ ۱ تولہ زرشک، لک مغسول ہر ایک تین ماشہ تخم حماض ۵ ماسہ زعفران ۴ رتی، کافور ۱ ماسہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ خوراک ۳ ماسہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

حکیم احمد حسن خان صاحب نظامی کامل طب و الجراحت دہلی

(۴۸۴) حب ہیش، دق سل کے بہت مریضوں پر تجربہ کیا گیا نہایت مفید ثابت ہوا۔ استاذی حکیم مولوی عبدالرحمن صاحب مرحوم پروفیسر طبیہ کالج دہلی نے یہ نسخہ مجھکو عنایت فرمایا تھا ھوالشافی مٹھا تیلیہ فلفل سفید دونوں نو نو ماسہ لے کر باریک کپڑے میں پوٹلی بنائیں پھر سوا سیر بکری کے دودھ میں ڈول جنتر کے طریق پر جوش دیں۔ یہاں تک کہ دودھ کا کھویا بن جائے۔ اس کے بعد دودھ میں سے پوٹلی نکالکر دواؤں کو باریک پیس لیں۔ اور چنے سے ذرا چھوٹی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح

کے وقت بکری کے دودھ کے ساتھ مریض کو کھلائیں۔

حکیم مرزا منظور حسین صاحب ساکن کوہ ڈلہوزی (پنجاب)

(۴۸۵) حب دق الاطفال، دق الاطفال کے لئے نہایت مفید، بچوں کی کمزوری کو نفع کرتی ہیں قے واسہال کو حکمی طور پر مفید ہیں۔ مروارید ناسفتہ ۴ رتی، زہر مہرہ خطائی ۲ ماسہ، نار جیل دریائی طباشیر کبود، حجر الیہود پوست ہلیلہ زرد، زرورد، دانہ الائچی خورد، مغز کنول گٹہ ہر ایک چھ چھ ماسہ کہربا شمعی ۴ ماسہ سب کو باریک کرکے عرق گلاب میں گولیاں مونگ کے برابر بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ماں کے دودھ میں گھس کر پلا دیا کریں۔

حکیم مولوی گھاسی خان صاحب طبیب خاص ریاست جے پور

(۴۸۶) دوائے سل کہنہ، سل کہنہ میں جب مریض کو دست آرہے ہوں یہ دوا مفید اور مجرب ہے ھوالشافی، پوست خشخاش سفید ۵ تولہ، برگ اڑوسہ ۵ تولہ۔ صمغ عربی ۴ ماسہ، گوند کتیرا ۴ ماسہ مصطگی رومی ۳ ماسہ مرمکی ۳ ماسہ افیون عمدہ ۱ ماسہ، زعفران کشمیری ۱ ماسہ مصری ۱۰ تولہ ترکیب پہلے پوست خشخاش و برگ اڑوسہ کو ایک سیر پانی میں ۲۴ گھنٹہ بھگوئیں پھر جوش دیکر چوتھائی حصہ پانی نکالیں اور مصری ڈالکر قوام کریں۔ جب غلیظ ہو جاوے تو نیچے آتار کر باقی دوائیں کوٹ چھان کر ملا دیں۔ خوراک ۲ ماسہ سے ۳ ماسہ تک کھلائیں۔

حکیم شبیر احمد صاحب انصاری سرسوی ضلع (سہارنپور)

(۴۸۷) حب سم الفار۔ بہت ہی مقوی باہ و ممسک اور بے ضرر ھوالشافی سم الفار سفید ۲ ماسہ دانہ الائچی خورد ۳ ماسہ کتھ سفید ۴ ماسہ آرد اصل السوس مقشرہ ۵ ماسہ سب کو باریک کرکے ادرک کے عرق میں ایک پہر کھرل کرکے مونگ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی دودھ کے ہمراہ صبح کو نگل لیا کریں۔ کوئی خوف نہ کریں۔ دودھ گھی، مکھن کا زیادہ استعمال کریں نان گندم دودھ دہی گھی وغیرہ کثرت سے استعمال کریں، ترشیات و سرخ مرچ و تیل و مجامعت سے پرہیز۔

حکیم مولوی عبد الرحیم خان صاحب قادری نقشبندی بنگلور شہر

(۴۸۸) دوائے پیچش۔ خواہ سدی ہو یا غیر سُدی فوراً آرام ہوگا۔ خون مروڑ پیچش قبض کو دور کرنے میں اکسیر ہے ھوالشافی، ہلیلہ سیاہ، سولف ہمہ یک وزن دونوں کو الگ الگ روغن گاؤ میں بریاں کرلیں اور باریک سفوف بنا کر رکھیں۔ خوراک ایک سے تین ماشہ تک حسب العمر پانی کے ہمراہ دو دو گھنٹہ کے وقفہ سے دیتے رہیں۔ چند خوراکوں سے آرام ہو جائیگا۔

حکیم عبد العلی صاحب ساکن کھتولی ضلع مظفر نگر

(۴۸۹) ضعف معدہ۔ تجربہ شدہ نسخہ ہے ضعف معدہ خواہ کیسا ہی ہو۔ کتنا ہی پرانا ہو۔ اس کی چند خوراکوں سے جاتا رہتا ہے ھوالشافی مصطگی رومی طباشیر، دانہ الائچی کلاں، دارچینی ہر تولہ تولہ، نبات سفید ۵ تولہ سب کو الگ الگ باریک کرلیں۔ اور ملا دیں۔ بعد از غذا بوقت شب بقدر تین چار ماشہ کھلائیں۔ غذا میں پانی نہ پئیں۔ پہلے ہی روز فائدہ معلوم ہوگا۔

حکیم مولوی محمد رفیع خاں صاحب محلہ کٹکوئی امروہہ یو۔ پی

(۴۹۰) دوائے بخار کہنہ مجرب ھوالشافی فرائی اٹے کونین سائٹراس ۵ گرین سے ۸ گرین تک پانی یا مناسب عرق کے ساتھ کھلانے سے پرانا بخار جو بہت دنوں سے بدن میں رچا ہوا ہوتا ہے۔ رفع ہو جاتا ہے۔ کمزوری دور ہو جاتی ہے بھوک بڑھتی ہے۔ میرے تجربہ میں یہ نہایت اکسیر ثابت ہوا ہے اور ہمیشہ کا معمول مطب ہے۔

(نوٹ) فرائی اٹے کونین سائٹراس انگریزی دوا ہے جو فولادی کونین اور ست لیموں سے مرکب ہے۔

فخر الحکما حکیم کرم علی صاحب چک رائٹ برانچ ملکوال پنجاب

(۴۹۱) گوشت خورہ کا مجرب النسخہ ھوالشافی سلفیورک ایسڈ ½ اونس صاف پانی ۴ اونس ملا کر کلیاں کریں۔ صبح اور شام بعد کھانا کھانے کے کلیاں کرایا کریں۔ گوشت خورہ جاتا رہیگا۔ اور دانت مثل ہوتی کے

سفید نکل آوینگے۔

حکیم حافظ مولانا محمدؐ ابراہیم صاحب موسیٰ زئی شریف ڈیرہ غازیخان

(۴۹۲) دوائے جگر، جگر کی خرابی اور کہنہ تپوں کو مفید ہے ھوالشافی ریوند خطائی ۱ تولہ، نوشادر ۱ تولہ قلمی شورہ ۲ تولہ سب کا سفوف بنالیں۔ خوراک ۱ رتی سادہ پانی کے ہمراہ دیں۔ نہایت مفید اور مجرب نسخہ ہے۔

ابوالظفر حکیم مولوی محمدؐ اسداللہ صاحب صدیقی تحصیل بازار لاہور

(۴۹۳) نسخہ برائے موٹائی بدن، اس سے بدن بہت موٹا ہو جاتا ہے۔ طاقت اس قدر عود کرتی ہے کہ خواہ مخواہ دل اچھلنے کودنے کو چاہتا ہے، نہایت مفید اور تجربہ کا نسخہ ہے ھوالشافی شیر میش ۵ سیر کڑاہی میں ڈالکر پکاویں۔ جب آدھا رہ جاوے تو اتار لیں۔ اور سفوف ذیل یعنی موصلی سفید۔ موصلی سیاہ، تالمکھانہ، ثعلب مصری ہر ایک ۱ ماسہ باریک کر کے منہ میں ڈالکر اوپر سے دودھ پی لیں۔ باقی دودھ آہستہ آہستہ پی کر ختم کر دیں۔ اسی طرح روزانہ تیار کر کے اس مقدار کے سفوف سے پیتے رہیں۔ اسی طرح تین ہفتہ تک استعمال کریں۔ پھر کسی دوائی کی ضرورت نہیں رہتی، بادی اور ترش چیزیں نہ کھائیں۔

ڈاکٹر روچلداس صاحب بیرون ہاتھی گیٹ شکارپور سندھ

(۴۹۴) مضیق خاص مجرب ھوالشافی قرنفل ۳ ماسہ زرور خالص ۱ تولہ سنبل الطیب ۳ تولہ سعد کوفی ۳ ماسہ مازو سبز ۳ ماسہ ٹھیکڑی ۱ ماسہ، سفوف سازند و بقدر ۳ ماسہ در قطعہ ریسمان صرہ بستہ بر دارند تا یک ہفتہ نہایت عجیب النفع دوا است،

پنڈت گوردھن داس صاحب شرما حکیم بنہ منڈی ریاست پٹیالہ

(۴۹۵) اچھا بھیدی رس، امیرانہ جلاب ہے ھوالشافی، پارہ شدہ گندھک آملہ سار شدہ

سہاگہ شدھ، زنجبیل، مرچ سیاہ ہر چھ چھ ماسہ، حب الگوٹہ شدھ ۱۔ تولہ سب کو ملا کر کھرل کریں۔ پہلے پارہ اور گندھک کی بے چمک کجلی تیار کریں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ اور دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ مصری ایک تولہ کے سفوف کے اوپر سے جتنے گھونٹ گرم پانی کے پئیں۔ اتنے جلاب آئینگے۔ آخر کھانے کو چاول اور دہی کا پنیر دیں۔ جسم ہلکا ہو جائیگا اور طبیعت صاف ہو جائیگی

حکیم رحیم بخش صاحب اندرون پاک دروازہ ملتان شریف

(۴۹۶) دوائے رعاف، مجرب، بار ہا کا آزمودہ نسخہ، پھٹکڑی بریاں کو کیلہ کے پانی میں بھگو دیں۔ اور پھر سایہ میں خشک کر کے بعد ازاں شتر (اونٹ) کے بال قدرے جلا کر اس میں ملا دیں۔ اور نہایت باریک کر کے بطور نسوار سنگھا کر چت لٹا دیں ایک ہی روز میں آرام ہوگا۔

ڈاکٹر گردھاری لعل صاحب ڈی بی ایم بھاگووال ضلع گجرات (پنجاب)

(۴۹۷) طلائے مجلوق، یہ طلاء نامرد و از کار رفتہ و مجلوق کے لئے آب حیات ہے ھو الشافی بیر بہوٹی۔ خراطین خشک کچلہ، گندھک آملہ سار، پوست درخت کنیر ہر چار چار تولہ، جائفل، لونگ دار چینی، عقرقرحا، گھونگچی سفید ہر دو دو تولہ جاونتری زعفران حب الگوٹہ، مغز تخم ارنڈ، سم الفار سفید، ہر ایک تولہ باریک کر کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بنا دیں۔ اور سایہ میں خشک کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں، ترکیب استعمال قدرے لیکر حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلاء کر کے اوپر بنگلہ پان باندھ دیں۔

حکیم محمد رحمت اللہ صاحب ساکن کھوکھراں پوسٹ احمد پور لمہ (بہاولپور)

(۴۹۸) نسخہ شقیقتہ العین، مجرب ھو الشافی مدار (آک)، بھوری مرچ، نیلہ تھوتھا سب ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔ بوقت ضرورت مریض کو لٹا کر ایک رتی کے قریب جانب ماؤف ناک میں بطور نسوار استعمال کرائیں۔ پھر ناک کے سوراخ میں کسی نلی کے ذریعہ پھونک ماردیں تاکہ دوا کا اثر اوپر چلا جاوے۔ اس طرح کرتے ہی مریض کو بٹھا دیں۔ منہ کے راستے بلغم بکثرت خارج ہوگی اور فوراً آرام ہوگا۔ دن میں دو تین بار سونگھائیں۔ اگر دونوں جانب درد ہو۔ تو دونوں جانب دوا

استعمال کریں۔ تین چار دن تک دونوں وقت گیہوں کی روٹی کی چوری روغن زرد میں ملاکر دیا کریں

حکیم خدا بخش صاحب مولوی فاضل چک ۶۹ ضلع منٹگمری

(۴۹۹) نسخہ دافع ہچکی، ہچکی خواہ کتنی ہی سخت کیوں نہ ہو۔ صرف دو خوراکوں سے انشاء اللہ شفا ہوجائیگی ھوالشافی پودینہ خشک، زنجبیل الائچی سفید مصطگی سب ہموزن باریک پیس لیں۔ اور کھنڈ سفید بقدر حاجت ملاکر رکھ لیں، خوراک ۲ ماسہ ہمراہ آب تازہ دن میں دو بار استعمال کریں۔

حکیم محمد ظہیر الدین صاحب آنریری سیکریٹری انجمن طبیہ میرٹھ (یو پی)

(۵۰۰) سفوف السعال، کھانسی کے لئے نہایت تجربہ کی چیز ہے ھوالشافی، ناؤس، نوشادر، نسب یمانی، سہاگہ، نمک سیاہ، لوٹہ سجی ہموزن باریک کرکے شیر مدار میں ہفتہ عشرہ تک تر رکھیں، بعد ازاں گل حکمت کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں، خوراک ۲ رتی شربت زوفا کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم عبدالواحد صاحب ساکن دوآبہ پوسٹ کوٹ عیسیٰ شاہ جھنگ

(۵۰۱) تریاق مرگی ھوالشافی اسطوخودوس، عود صلیب، افتیموں، بسفائج، عقرقرحا، اسبد محرق درونج ہر تولہ تولہ، مروارید ۲ ماسہ، سب کا سفوف بناویں۔ خوراک ۳ ماسہ صبح و شام ہمراہ عرق بادیان وگلاب اور ساتھ ہی یہ نسوار بھی استعمال کرائیں۔ نسوار، بال سر انسان سوختہ، کرم آک، کشمیری، پیٹھہ کندر، جو کھار، تخم سرس ہر ایک ۴ ماسہ سب کی نسوار بناکر استعمال کریں۔

حکیم صوفی محمد اسماعیل صاحب چک ۲۲۸ ج ب ڈاکخانہ بھوانہ جھنگ

(۵۰۲) دوائے درد دندان مجرب ھوالشافی چونہ تر، نوشادر ہموزن کو کف دست پر رکھکر انگشت سے ملائیں۔ اور اس میں تھوڑی روئی کو لت پت کرکے اور دانتوں کو بچاکر درد والے دانت پر اور اس کی جڑ پر رکھیں۔ اسی وقت درد نہیں رہیگا۔ مجرب ہے۔

حکیم پیرزادہ محمود میاں صاحب ساکن ودھواں سٹی رکاٹھیاواڑ

(۵۰۳) دوائے مارگزیدہ، یہ دوا ہر زہریلے جانور کا زہر اتارنے کے لئے مفید ہے۔ لیکن سانپ کے کاٹے ہوئے کے لئے تو اکسیر ہے ھوالشافی مور کے انڈے میں سوراخ کر کے سیاہ مرچ بھر دیں۔ جب انڈے کی رطوبت خشک ہو جاوے تو انڈے میں سے سیاہ مرچ نکالکر پیس لیں خوراک ۱ ماسہ، یہ سفوف روغن زرد میں ملاکر چٹائیں۔ فوراً زہر کا اثر دور ہو جائیگا۔ بے ہوشی کی حالت میں ہو تو اس سفوف کیساتھ ہلاس دیدیں۔ ہوش میں آجائیگا

ڈاکٹر غلام نبی صاحب نظامی سنٹرل اوفیسرز بس ہوم لمیٹڈ جالندھر

(۵۰۴) مقوی مثانہ، یہ دوا پیشاب کی کثرت اور قت وسرعت کے لئے نہایت مفید ہے، مثانہ کو قوت دیتی ہے ھوالشافی، کشتہ رانگ ۱ تولہ، کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماسہ، سبوس اسپغول ۳ تولہ کندر ۲ تولہ روغن مالکنگنی ۳ تولہ، گوند کیکر مویز منقی برادہ نارجیل سرچار چار تولہ کشتہ فولاد ۶ ماسہ سب سے پہلے منقی اور گوند کیکر کو روغن مالکنگنی میں پیس لیں۔ پھر باقی دوائیں کشتوں کے علاوہ کوٹ چھان کر اس میں شامل کر دیں۔ بعد میں کشتہ ملا کر رکھدیں۔ خوراک ایک ماسہ رات کو سوتے وقت کھا کر اوپر سے ایک پاؤ میٹھا دودھ پی لیں۔

حکیم محمد اسماعیل صاحب ریلوے سٹیشن براڑہ، ضلع انبالہ

(۵۰۵) سفوف مقوی مثانہ مجرب ھوالشافی ہلیلہ زرد مغز خستہ مغز کرنجوہ ہم وزن باریک مانند سرمہ کے کرلیں۔ خوراک ۲ ماسہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ سادہ پانی استعمال کریں۔

پنڈت حکم چند صاحب حکیم حاذق ساکن سانسیدہ والہ ضلع شیخوپورہ

(۵۰۶) ضماد برائے زیادتی شیر، اس ضماد سے عورتوں کے پستانوں میں دودھ بہت اترآتا ہے اور کسی قسم کی تکلیف بھی نہیں ہوتی، مجرب ہے ھوالشافی آرد باقلا، گل بنفشہ، گل خطمی، جو مقشر آرد

برنجِ ساٹھی۔ سب چیزیں ہموزن لیکر کوٹ چھان لیں۔ اور چقندر کے پانی میں گوندھکر تھوڑا روغن گندم ملائیں۔ اور نیمگرم کرکے پستانوں پر لگائیں۔

حکیم مولوی رئیس الدین صاحب فریدی امروہوی جبل پور

(۵۰۷) مرہم ثبور الرحم، رحم اور مہبل کی پھنسیوں کے لئے یہ مرہم مجرب ہے، چند دن میں آرام آ جاتا ہے ھوالشافی ۷ ماسہ موم سفید کو ۲ تولہ روغن گل میں پگھلا کر سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد، آب کاسنی ۳ تولہ آب مکوہ سبز ۳ تولہ ملائیں۔ اور صندل سرخ، سفیدہ کاشغری، رسونت ہر تین تین ماسہ کافور ۱ ماسہ کو خوب باریک کرکے مذکورہ دواؤں میں شامل کر دیں۔ اور دوا بطور فرزجہ استعمال کریں، نہایت مفید مرہم ہے۔

ابوالفاروق حکیم عنایت اللہ صاحب محمدی کھتہ راجپت مکان ۵۵۳ دریا گنج دہلی

(۵۰۸) حب استسقاء ہر قسم کے استسقا کیلئے یہ گولیاں نہایت مفید اور مجرب معمول مطب ہیں نیز جگر کو قوت پہنچاتی ہیں ھوالشافی برگ مکوہ سبز، برگ سنبھالو، برگ کسونڈی سبز، مرچ سیاہ ہر تولہ تولہ۔ سب چیزیں کھرل میں باریک پیسکر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور پہلے دن صبح کے وقت ایک گولی نہار منہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ دوسرے دن ۲ گولی۔ اسی طرح چودہ روز تک چودہ گولیوں تک پہنچا کر ایک ایک گولی کم کرنی شروع کردیں۔ یہاں تک کہ اٹھائیسویں روز ختم کردیں۔ غذا میں موٹھ کی روٹی اور موٹھ اور مونگ کی دال دیں۔

حکیم ابو علی صاحب ناظم دار الشفاء رحمانی نواب گنج دہلی

(۵۰۹) روغن جامن، پستانوں کو سخت کرتا ہے، اور چھوٹا کرتا ہے۔ بشرطیکہ عرصہ تک یہ تیل استعمال کیا جائے۔ مجرب ہے ھوالشافی، پوست درخت انار، پوست درخت لکاٹھ۔ پوست کیکر، پوست درخت جامن ہر ایک ایک پاؤ، پوست ہلیلہ زرد ۱۰ تولہ، اجوائن خراسانی ۵ تولہ، آب افشردہ ثمر لکاٹھ ۱۰ تولہ آب افشردہ ثمر کیکر نیم پختہ ۱۰ تولہ۔ سب کو نیم کوب کرکے آب خالص تین سیر میں اس قدر پکائیں۔ کہ

چہارم حصہ پانی رہ جاوے پھر خوب مل چھان لیں۔ اسکے بعد روغن سرسوں خالص سوا پاؤ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اور نرم آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل جاوے۔ تو تیل کو کئی مرتبہ کپڑے میں چھان لیں اور اس میں استخوان کبوتر صحرائی سوختہ تمر ہندی سوختہ، گلنار، ہر تولہ تولہ شامل کر کے کھرل کر کے رکھ لیں۔ اور پستانوں پر دن رات تین بار مالش کر کے سینہ بند باندھ دیا کریں۔

حکیم خواجہ اسمٰعیل صاحب یونانی آیورویدک میڈیکل ہال کوس اپالیم آرنی

(۵۱۰) حب ڈبہ اطفال، ڈبہ اطفال کے لئے یہ گولیاں مجرب ہیں ھوالشافی جائفل، جاوتری زعفران، مرچ سیاہ ہر تین ماشہ، دارفلفل خورد ا ماسہ، حب السلاطین مدبر ۴ ماسہ سب چیزیں اچھی طرح کھرل کر کے لہسن کے پانی میں مونگ کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک سے دو گولی تک دودھ میں گھسکر دیں۔

حکیم سید حشمت علی صاحب بلند شہر، بالاکوٹ

(۵۱۱) اکسیر معدہ بھوک لگانے میں کوئی نسخہ اس سے بڑھ کر میرے تجربہ میں نہیں آیا قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے مفید اور مجرب ہے۔ ھوالشافی مرچ سیاہ، ناگیسر، نالین ہر، سینڈھا نمک، سونچر نمک، نمک کھاری ہر تولہ تولہ پیپلاموٗل چیتہ، دارچینی پیپل گودہ املی، زیرہ سفید، انار دانہ ہر دو دو تولہ کشنیز املید زنجبیل دانہ الائچی کلاں، بیر ترش، اجمود، ناگرموتھہ ہر تین تین تولہ مصری ۵۲ تولہ سب ادویہ کا سفوف بنا لیں۔ خوراک ۳ ماسہ سے ۴ ماسہ تک کھانا کھانے کے بعد کھالیا کریں۔

حکیم خدا بخش صاحب عطار چک ۲۲۶ ڈاکخانہ بھوانہ جھنگ

(۵۱۲) نسخہ برائے سوزاک، سوزاک کے لئے مجرب اور بہترین نسخہ ہے ھوالشافی گندھک آملہ سار منسل، صدف صادق، سم الفار ہر دو دو تولہ قلمی شورہ ۴ تولہ، چونہ قلعی ۱۶ تولہ سہاگہ ۳ ماسہ، شب یمانی ۴ تولہ سب کو باریک کر کے ایک دن مسلسل گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے چھوٹے چھوٹے قرص بنالیں، اور خشک ہونے کے بعد گلحکمت کر کے ۸ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس لیں۔

خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک مسکہ میں رکھکر بوقت صبح دیں۔ اور شام کو مندرجہ ذیل سفوف دیں، سفوف، گل ارمنی، رال سفید، کباب چینی، دانہ ہیل کلاں، شورہ قلمی، شب یمانی بریاں ہر دو دو تولہ، طباشیر، گیرو، بیروزہ مدبر ہر ایک ایک تولہ سب کوٹ کر سفوف بنا دیں خوراک ۲ ماسہ ہمراہ لسی دودھ دیں

حکیم عبد العلیم صاحب دوا خانہ علیمیہ شورکوٹ پنجاب

(۵۱۳) حب برائے اسہال سبز اطفال، نہایت سریع الاثر، جن بچوں کو اسہال سبز آتے ہوں۔ اور تشنگی ہو۔ اور ضعیف ہو جاتے ہوں۔ ایک ہی گولی دینے سے فوری نفع ہوتا ہے ھوالشافی برنج ساٹھی ۴ ماسہ نارجیل دریائی ۲ ماسہ زہر مہرہ ۲ ماسہ برگ نیم ۲۱ عدد بادیان ۴ ماسہ سب باریک پیس کر مونگ کے برابر حبوب بنالیں، خوراک ایک گولی شیر مادر میں گھسکر دیا کریں۔

حکیم شیخ حیات علی صاحب عطار ساکن بہاولپور پوسٹ اٹوا ضلع بستی

(۵۱۴) روغن برائے سختی پستان، مجرب المجرب بارہا کا آزمودہ ہے ھوالشافی پوست درخت کیلہ پوست درخت انجیر، پوست درخت انار تازہ ہر تولہ تولہ زرد چوب جہازی ۲ تولہ، روغن گاؤ خالص ۳ تولہ جملہ اشیا گرفتہ کوفتہ در روغن مذکور یک دو جوش دادہ قدرے روغن را بوقت شب تدہین کردہ از آتش گرم کنند نہایت مفید است،

حکیم احسن التوحید صاحب ساکن آرریہ، ضلع پورینہ (بہار)

(۵۱۵) دوائے ملذذ و منزل النساء، تجربہ شدہ ھوالشافی کافور دیسی، سہاگہ ہموزن لیکر شہد خالص میں اس قدر کھرل کریں۔ کہ لیس پیدا ہو جائے، وقت ضرورت قدرے لیکر کام میں لاویں۔

حکیم محمد احسان الٰہی صاحب ہارنگ کمپنی نمبر ۱، اولڈ کورٹ ہاؤس کلکتہ

(۵۱۶) اکسیر بیاض و ناخنہ، نزول الماء سیل و بیاض ناخنہ دمعہ و ضعف بصر کے لئے اکسیر ہے، ھوالشافی، تخم سرس سیاہ، ناخن فیل، سعد کوفی، سنگ بصری، ہر پانچ پانچ ماسہ، زعفران کشمیری دار فلفل

فلفل سفید، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، دانہ فرنگ، ممیرہ چینی ہر تین تین ماشہ، مارقشیشائے ذہبی تخم کھرنی، بیخال کبوتر صحرائی ہر چار چار ماشہ قرنفل ۱ ماشہ سب کو باریک پیس کر لوہے کی کڑاہی میں بارہ سنگھے کے سینگ سے لیموں کے پانی میں تین روز کھرل کر کے شیاف بناویں ۲ سلائی صبح ۲ سلائی شام کو آنکھوں میں لگاویں مجرب ہے۔

زبدۃ الحکماء حکیم عبد الجبار خان صاحب محلہ خیر اللہ شاہ صاحب پیلی بھیت

(۵۱۷) حب مقوی اعظم، نہایت مقوی باہ اور ممسک ہیں ھوالشافی سم الفار ۱ تولہ، شنگرف ۱ تولہ افیون خالص ۲ ماسہ ہر سہ کو کھرل میں ڈالکر زردی بیضہ مرغ ایک عدد شامل کر کے حل کریں۔ اس طرح اکیس دن تک ایک ایک انڈے کی زردی ڈالکر حل کرتے رہیں۔ پھر چنے کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں اور روزانہ ایک ایک گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

حکیم مرزا خورشید علی خان صاحب کمبدان راجے پورا

(۵۱۸) دوائے ملیریا، موسمی بخاروں کے لئے یہ گولیاں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ کونین کی مضرت بھی ان گولیوں میں باقی نہیں رہتی، ھوالشافی طباشیر، دانہ الائچی خورد، ست گلو اصلی، ست چرائتہ، کونین سلفیٹ ہر ایک ۲ ماسہ، مغز کرنجوہ ۱ تولہ سب کو چرائتہ، برگ نیم، افسنتین گلو سبز ہر ایک تولہ تولہ کے جوشاندہ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ۲ گولی عرق بادیان۔ ۱ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ کے ہمراہ بخار کی نوبت سے ایک دو گھنٹہ پہلے استعمال کریں۔

(نوٹ) اگر قبض ہو۔ تو کسی ملین دوا سے اس کو رفع کردیں۔ بچوں کو ایک گولی دینی چاہئے۔

حکیم محمد فضل کریم صاحب محلہ دلاور پور شہر مونگیر

(۵۱۹) رفیق چشم، جالا پھولا اور ضعف نظر کیلئے نہایت مفید ہے ھوالشافی پھٹکڑی بریاں ۱ تولہ سفیدہ حسبت ۴ ماسہ گل چنبیلی ۴ سو عدد گل کنجد ۴ سو عدد، مرچ سفید ۸۰ عدد سب سرمہ کی مانند کھرل کرلیں بوقت ضرورت رات کو سوتے وقت نقرہ کی سلائی سے آنکھوں میں لگایا کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم ڈاکٹر مظفر حسین خان صاحب ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت لاہور

(۵۲۰) نسخہ برائے تقویت باہ، ودماغ۔ تقویت دماغ وتقویت باہ کے لئے نہایت مفید ہے حافظہ کی کمزوری کو دور کرتی ہے مجرب ہے ھوالشافی، مغز بادام شیریں، مغز کدو شیریں، مغز خیارین، مغز پیٹھہ برہمی بوٹی، اتریھلہ، ہر پانچ پانچ تولہ سب کوٹ چھانکر سہ چند شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔ اور مروارید سائیدہ مشک خالص۔ عنبر اشہب ہر ایک ایک ماسہ ورق نقرہ ا تولہ، زعفران ۳ ماسہ کا اضافہ کریں۔ خوراک ایک تولہ صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ۔

زبدۃ الحکماء حکیم سید منظور احمد صاحب ساکن جلالپور جٹاں گجرات پنجاب

(۵۲۱) دوائے نامردی یہ دوا نہایت مقوی باہ و بے ضرر ہے ھوالشافی جدوار خطائی ا ماسہ زعفران ۴ ماسہ۔ خرما ایک عدد۔ مشک خالص ۲ رتی بڑ کا دودھ ۶ ماسہ کشتہ فولاد ا ماسہ۔ سب کو باریک کر کے بڑ کے دودھ میں کھرل کر کے رتی رتی کی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

ابوالبرکات حکیم اقبال حسین صاحب تاج نوشہروی دیتا گنج بخش روڈ لاہور

(۵۲۲) اکسیر دق دق کے بخار کو رفع کرنے کے لئے یہ اکسیر بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ کمزور مریض آہستہ آہستہ توانائی محسوس کرنے لگتا ہے۔ کھانسی کا ٹھسکہ جاتا رہتا ہے ھوالشافی الائچی خورد، مرچ سیاہ۔ طباشیر۔ ہلدی مدبر۔ پست گلو۔ کہربائے شمعی، کشتہ سنگ جراحت (شیر خروالہ) گاجنی۔ سب ہموزن لے کر کوٹ چھان لیں۔ اگر زیادہ قوی کرنا منظور ہو۔ توشیب محلول۔ کشتہ عقیق آدھے آدھے وزن سے اور اضافہ کر سکتے ہیں۔ خوراک ایک رتی سے دو رتی بکری کے دودھ کے ہمراہ، بکری کا دودھ پہلے تو اتنی مقدار سے دیں کہ آسانی سے ہضم ہو جائے۔ اس کے بعد ایک ایک تولہ بڑھا کر آدھ سیر یا اس سے زیادہ تک پہنچائیں۔

(نوٹ) دوائی کی خوراک کی مقدار ایک رتی ہی رہیگی۔

حکیم ہری سنگھ صاحب ساکن گلیانہ ضلع گجرات پنجاب

(۵۲۳) حب ممسک ومقوی ھوالشافی ۔ ایک تولہ پارہ دو تولہ سفیدی بیضہ مرغ میں تین پہر تک کھرل کریں۔ پھر ایک چڑے کو ذبح کرکے اس کا پیٹ صاف کریں۔ اور کھرل کی ہوئی دوا اس میں بھر کر پیٹ بند کر دیں۔ اور سیخ پر لگا کر اور بھون کر سرخ کریں۔ اور پھر چڑے کی ہڈیوں کو نکالکر باقی سب اجزاء کو ذرا سا شہد ملا کر اتنا کھرل کریں۔ کہ دوا گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے۔ گولیاں چنے کے برابر بنائیں۔ اور ایک ایک گولی صبح و شام پانی یا شہد کے ساتھ یا گائے کے دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

حکیم جان محمد صاحب ساکن رودلی شریف ضلع بارہ بنکی

(۵۲۴) دوائے مغلظ محرک ومقوی باہ ومغلظ منی ھوالشافی نارجیل خشک ایک عدد لے کر اس میں سوراخ کریں۔ اور ۴ تولہ تخم ہلیون ڈالکر گل حکمت کریں۔ اور خشک کر کے ہلکی آنچ میں رکھ دیں۔ جب نارجیل کا پوست جل جاوے تو آگ سے نکالکر ٹھنڈا کر لیں۔ اور پھر نارجیل کا مغز اور تخم ہلیون کو نکالکر ہم وزن قند سفید شامل کریں۔ اور سب چیزوں کو اچھی طرح کوٹ لیں۔ اور ایک تولہ دوا روزانہ بوقت صبح گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

حکیم سید وکیل احمد صاحب عابد بلڈنگ حیدرآباد دکن

(۵۲۵) تریاق بواسیر مجرب ھوالشافی ۔ مولی کا پانی ۔ نیم کا پانی ۔ شیشم کا پانی ہموزن برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پانی خشک ہو جاوے تو پھر اس کے ہموزن رسوت ملا کر گولیاں بقدر نخود بناویں۔ خوراک ۲ گولی صبح ۲ شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

حکیم مولوی محمد مقبول شاہ صاحب واثق دہلوی

(۵۲۶) نسخہ برائے دمہ ۔ دمہ کے دورہ کو عارضی طریقہ پر روکنے کیلئے یہ نسخہ میرے برادر اکبر

حکیم مولوی حافظ عبد القادر صاحب رضا مرحوم طبیب خاص مہاراجہ صاحب بہادر کپورتھلہ استعمال فرمایا کرتے تھے۔ اور انہوں نے مجھے یہ نسخہ عطا کیا تھا۔ مدت سے میں بھی تجربہ کر رہا ہوں ھو الشافی بادیان۔ شورہ قلمی تین تین ماشے سفوف کرکے چلم میں تماکو کی جگہ رکھیں۔ اور نئے حقہ میں رکھکر نہار منہ دم لگائیں تین دن کے استعمال سے تین مہینے تک دورہ نہیں پڑتا۔

ممتاز الاطباء حکیم محمد صدیق صاحب ریڈر و فلسیر طبیہ کالج شاہدرہ (پنجاب)

(۵۲۷) تریاق آتشک آتشک نر و مادہ کو چند روز میں جڑ سے نکالنے والا نسخہ ہے ھو الشافی نانخواہ، اجوائن خراسانی۔ کرفس، تخم سنبیا ناسی۔ الائچی سفید۔ لونگ۔ مرچ سیاہ پیپل۔ رسکپور، ہر ایک ۲ ماسہ۔ سیماب گندھک ہر ایک ۸ ماسہ سب کو ۵ تولہ آب پان میں خوب کھرل کرکے حب لبقدر نخود بناویں۔ خوراک ایک حب صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ۔ منہ اور زبان کو دوا نہ لگنے پائے دو ہفتہ تک کھائیں۔ غذا گوشت بز و نان وغیرہ پرہیز ترشی بادی لال مرچ و تیل سے ضروری ہے۔

ممتاز الاطباء حکیم رحمت علی صاحب دھاریوال (گورداسپور)

(۵۲۸) سفوف برائے پیچش خونی، تیر بہدف ھو الشافی۔ بل گری ۲ تولہ۔ گٹھلی آم، موچرس، زیرہ سفید، پوست خشخاش۔ ہریڑ زنگ بریاں۔ گل دھاوا۔ ہر ایک ایک تولہ سب کا سفوف بناویں خوراک ۶ ماسہ ہمراہ پنیر سہ دو وقت۔

حکیم محمد علی صاحب بازار ٹبہ بٹالہ ضلع گورداسپور

(۵۲۹) روغن سم الفار، تقویت باہ کے لئے مخصوص ہے بدن کو بڑھاتا ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے دودھ گھی خوب ہضم ہونے لگتا ہے۔ چہرہ کو سرخ کرتا ہے تجربہ شدہ نسخہ ہے ھو الشافی سم الفار سفید ۱ تولہ، شنگرف ۱ تولہ، بیخ اونٹ کٹارہ ۲ تولہ، سفوف رتن جوت ۱ تولہ تمام کو ۵ سیر شیر گاؤ میں جوش دیکر ضامن لگا کر دہی جمالیں۔ اور پھر بلو کر مکھن نکالکر روغن بنالیں۔ خوراک پانچ قطرے آدھ سیر دودھ میں ڈالکر پی لیں۔ دودھ گھی دوران استعمال میں خوب کھائیں۔

مولینا شیخ عبد اللہ صاحب اسرائیلی شامی ساکن گوٹھ گل محمد خان سکھر سندھ

(۵۳۰) نسخہ خضاب تجربہ شدہ بے ضرر عجیب است ھوالشافی پارہ ۵ تولہ، قلعی ۱ تولہ سکہ ۱ تولہ، جست ۱ تولہ پارہ کے علاوہ ہر سہ چیزیں ملا کر پگھلا کر اوپر سے پارہ ڈالدیں۔ جب آپس میں مل جاویں تو ریزہ ریزہ کرلیں اور ایک شیشی میں ڈالکر اسکے اوپر تیزاب فاروقی خالص ۳ تولہ ڈال دیں سب کو کھا جائیگا۔ جب اچھی طرح کھا جائے تو پھر کڑچھی میں ڈالکر آگ پر رکھیں جب تمام چیزیں راکھ کی مانند ہو جاویں تو بس تیار ہے شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت ایک رتی سے ۲ رتی تک عرق گلاب میں حل کر کے برش سے بالوں پر لگا دیں۔

حکیم عبد الرحمن صاحب قریشی محلہ اسلام پورہ لائلپور

(۵۳۱) طلاء شباب، عضو مخصوص کے جملہ عوارضات کو دفع کرتا ہے کجی، استرخاء و عدم نعوظ ناہمواری وغیرہ کے لئے اعلےٰ درجہ کا مقوی تجربہ شدہ طلاء ہے ھوالشافی، زلوئے خشک خراطین، جند بیدستر، عقرقرحا، بیر بہوٹی ہر ایک ایک تولہ، پوست بیخ کنیر سفید، تنک سفید، مالکنگنی جائفل ہر ایک ۹ ماسہ سب کو کھرل کر کے عنبر اشہب، مشک خالص ہر دو ایک ایک ماسہ عطر گلاب، عطر حنا چربی سانڈا، چربی ریچھ ہر ایک ۶ ماسہ باریک کر کے سب ملادیں اور حفاظت سے رکھیں۔ بوقت ضرورت حشفہ چھوڑ کر قدرے طلاء کریں۔ اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیا کریں۔

ڈاکٹر و حکیم محمد اسمٰعیل صاحب نائب حکیم حاذق پبلک میڈیکل ہال باغبانپورہ لاہور

(۵۳۲) کشتہ فولاد، مولد خون سرخ مقوی اعضائے رئیسہ و اعضائے تناسل مشتہی، ہاضم مبہی، نہایت مفید ھوالشافی برادہ فولاد ۲۰ تولہ شیرہ گھیکوار ۲ چھٹانک، سیماب ۲ تولہ سب کو چار پہر کھرل کریں۔ جب قرص بنانے کے قابل ہو جاوے تو قرص بنا کر ظرف گلی میں رکھکر منہ بند کر کے نصف سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں، اسی طرح ایک صد آنچ پوری کریں۔ خوب کشتہ ہوگا۔ خوراک ۲ چاول سے ایک رتی تک مکھن میں استعمال کریں۔

حکیم سید محمد ظفر صاحب ہاشمی ساکن سیانہ، ضلع بلند شہر، یو، پی

(۵۲۳۳) سفوف برائے گوشت خورہ، از حد مجرب ھوالشافی شب یمانی بریاں، تولہ، نیلا تھوتھا دیسی بریاں ۲ ماسہ، گلسرخ ۳ ماسہ، کشتہ سفید ۳ ماسہ، طباشیر کبود ۳ ماسہ خرمہرہ زرد سوختہ ۴ عدد زیرہ سفید ۲ ماسہ، سب کا باریک سفوف بناویں، قدرے لیکر دانتوں پر ملیں۔ اور لعاب دہن گراتے رہیں۔

حکیم محمد عبد الرؤف صاحب الہ آبادی ساکن اہروره، ضلع مرزا پور

(۵۲۳۴) نسخہ برائے ذیابطیس، کہنہ وجدید کے لئے مجرب المجرب ھوالشافی مغز غلہ جو ناره سطبر ۲ سیر پوست برآوردہ چکی میں دال بناویں روزانہ صبح شام آدھ پاؤ دال مذکورہ نمک مصالح معروف ڈالکر پکاویں۔ روغن زرد بھی ڈالیں اور جو کی روٹی بھی دونو وقت کھائیں دو ہفتہ میں انشاء اللہ کلی صحت ہوگی،

زبدۃ الحکماء حکیم حافظ محمد عبد الرحمن صاحب ساکن کوٹلہ مغلاں ضلع ڈیرہ غازیخان

(۵۲۳۵) طلاء مسیحائی دافع سستی نہایت مجرب ھوالشافی اسپند نیم پاؤ، سیر اہنگ ۸ تولہ بیر بہوٹی ۵ تولہ مغز حب الملوک، مغز تخم بید انجیر، چربی شیر نر، قرنفل، جاوتری چربی سانڈہ ہر ایک تولہ تولہ سب باریک کرکے ملا کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں اور بطریقہ معروف مالش کیا کریں۔

حکیم چندو لعل صاحب ورما معالج کثیر الطریق برائے سینا، دہلی

(۵۲۳۶) آتشک کا مجرب اور بے خطا نسخہ ھوالشافی طوطیا ایک تولہ کی ڈلی لے کر پاؤ بھر سفوف ریٹھہ اوپر نیچے دیکر کسی کوزہ گلی میں بند کرکے ۳ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔ خوراک نصف رتی بالائی یا مسکہ میں مریض کو کھلائیں۔ تین خوراک کے استعمال سے بفضل خدا صحت ہوگی۔ اگر پیاس لگے، تو روغن زرد کو قدرے گرم کرکے پلاویں۔

(نوٹ) ایک ایک دن وقفہ دیکر دیویں،

حکیم اسحاق محمدؐ صاحب ساکن زیریاں رجالندہر،

(۵۳۷) نسخہ استسقاء لحمی وزقی مجرب بمنزلہ اکسیر است ھوالشافی کمیلہ ۶ ماسہ آردتربد ۶ ماسہ ہردوارا لبشیر بقوہر کھرل کردہ حبوب بقدر دانہ ماش سازند۔ یک حب ہمراہ عرق سونف ۳ تولہ عرق گلاب ۳ تولہ عرق مکوہ ۳ تولہ بخورانند۔ بسہ روز انشاء اللہ تعالےٰ شفاء کلی خواہد شد،

حکیم مولوی حبیب احمدؐ صاحب ساکن بھٹیڑ، ضلع سہارنپور

(۵۳۸) تریاق سوزاک مجرب، ھوالشافی پھٹکڑی ۱ تولہ قلمی شورہ ۱ تولہ دونوں چیزوں کو کوزہ گلی میں رکھکر گلحکمت کرکے آگ دیں پھول کر مثل بتاشہ کے ہوجاویگی۔ باریک کرکے دانہ الائچی خورد ۱ تولہ، کوزہ مصری ۴ تولہ باریک پیسکر ملا کر ایک ایک ماشہ کی پڑیا بنالیں۔ ایک پڑیہ روزانہ کچی لسی سے استعمال کیا کریں۔

حکیم مولوی دوست محمدؐ صاحب خاندانی طبیب ہوشیارپور

(۵۳۹) اکسیر کثرت طمث ہزار ہا بار کا مجرب بیخطا نسخہ ھوالشافی، رال زرد رنگ بقدر حاجت باریک کرکے رکھ لیں۔ خوراک ایک ماسہ صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ آب تازہ چند دنوں میں حکمی آرام ہوگا۔ بواسیر خونی کے لئے بھی مجرب ہے،

حکیم مولوی محمدؐ عبدالمجید صاحب قریشی ساکن بھنگالہ ضلع ہوشیارپور

(۵۴۰) اکسیر جگر، ھوالشافی ریوند خطائی ۱ تولہ نوشادر ۱ تولہ شورہ قلمی ۲ تولہ سب باریک پیس لیں۔ خوراک ۴ رتی تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم ہزاری لال صاحب حاذق منچن آباد، بہاولپور سٹیٹ

(۵۴۱) منقوی البصر مجرب المجرب صدری بینائی کو تقویت دیتا ہے، دیگر امراض کیلئے بھی مفید ہے

ھوالشافی سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ مروارید ناسفتہ ۳ رتی مشک خالص ۳ رتی، ریگ ماہی ۳ رتی، ورق نقرہ ۱۰ اعدد، ورق طلا ۱۰ اعدد کافور ۳ رتی، سرمہ کو پہلے کٹھالی میں خوب گرم کر کے پانی میں بجھالیں۔ تاکہ صاف ہوجاوے، پھر دیگر ادویات شامل کر کے مثل غبار کے کھرل کرلیں۔ بوقت ضرورت سلائی کے ہمراہ استعمال کریں۔

قمر الحکماء حکیم سید رفیق احمدؒ صاحب ساکن جوہر پہاسو، ضلع بلند شہر

(۲۳۴۵) طلاء خاص، عجیب الاثر مجرب ھوالشافی قرنفل گلدار ۶ ماسہ، مغز بادام شیریں، مغز پستہ سبز، چربی شیر، چربی غوک برساتی کلاں، بیربہوٹی، مصطگی رومی، خراطین مصفی، ناگیسر ہر ایک ایک تولہ باریک شدہ غلولہ پستہ عطر حنا ۶ ماسہ ملا کر بدستور معمول طلا کشید کریں۔ اور بوقت حاجت اسکو عضو تناسل پر پتلا پتلا لگا کر اوپر سے بنگلہ پان رکھکر کچے تاگہ سے بندش کر کے رات کو سو رہیں۔ صبح کو کھول ڈالیں دس روز تک متواتر استعمال کریں۔ تجربہ شدہ ہے۔

ڈاکٹر و حکیم کامل علی احمدؒ خانصاحب بچل خان اسٹریٹ سکارپور سندھ

(۳۴۵) کشتہ شنگرف، برائے تقویت باہ و آتشک و گنٹھیا مجرب است ھوالشافی شنگرف ۲ تولہ کھلا نوہ ۔ مار مغز تخم ارنڈ ۔ مار سرد و کوفتہ نہ و بالا شنگرف دادہ خوب محکم کند۔ بعدہ شہد خالص ۔ مار انداز د و بعدہ روغن زرد ۔ مار انداختہ در کرچھ کلاں آتش نرم نرم کند واز آتش چشم نگاہ دارد، و قتیکہ سوختہ شود سرد کند خوراک ۲ برنج یا بدرقہ مناسبہ،

حکیم حافظ مولوی شبیر احمدؒ صاحب انصاری راجوپورہ ضلع مظفر نگر یوپی

(۳۴۴۵) حب اکسیر داد، جو کبھی خطا نہیں کرتیں خواہ کیسے مقام نازک پر بھی کیوں نہ ہو اور مریض کجلی سے جاں بلب ہو اکسیر ہیں ہزاروں بار تجربہ ہو چکا ہے ھوالشافی گندھک آملہ سار ۱ تولہ، منقل ازرق ۱ تولہ تخم ترب ۱ تولہ، طوطیا سبز نیم تولہ، مولی کے پانی سے کھرل کر کے گولیاں لمبی لمبی تیار کریں۔ اب مولی یا صرف پانی سے گھسکر داد پر لگاویں عجیب و غریب نسخہ ہے،

حکیم شفیق صاحب از حسین شفاء قصبہ کاندھلہ، ضلع مظفر نگر یو۔پی

(۵۴۵) نسخہ مصفی اعظم مجرّب، داد، برص، خنازیر خارش خدام کیلئے اکسیر و مجرب ھو الشافی رسکپور ۲ تولہ سم الفار سفید ۳ ماسہ طباشیر ۱۰ تولہ ۱۰ ادویہ مذکورہ پیسکر زیر و بالا طباشیر و بکیر دو پیالوں میں گل حکمت کرکے بطریقہ معروف جوہر اڑالیں۔ پیالے آب نا دیدہ ہوں۔ علی ہذا لقیاس تین بار جوہر اڑالیں۔ خوراک ۲ چاول ہمراہ مسکہ استعمال کریں پرہیز کچھ نہیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم آقا محمد ابراہیم خان صاحب ساکن دھوراجی کاٹھیاواڑ ملک گجرات

(۵۴۶) نسخہ سپاری پاک جو کہ سیلان، رطوبت رحم، خروج رحم، سیلان منی و کثرت طمث کے لئے مخصوص ہے ھو الشافی، سپاری سرخ اپاؤ پختہ مائیں خورد ۵ ماسہ، مائیں کلاں ۵ ماسہ گل سپاری گل دھاوا، طباشیر موصلی سفید ہر تولہ تولہ دانہ الائچی خورد ۹ ماسہ، گوند ڈھاک بریاں ۱۰ تولہ شیر گاؤ ۴ سیر پختہ۔ شکر تری ثار اول دودھ کو کڑاہی میں ڈالیں پھر سپاری سرخ کوفتہ دودھ میں ڈالکر کھویا کریں۔ بعدہ دیگر ادویات کو کوٹ چھان کر اس کھویا میں ملادیں۔ پھر اس کھویہ کو ۱۰ تولہ روغن زرد میں بریاں کرکے قوام شکر سفید مندرجہ صدر میں ملاویں۔ خوراک ۵ تولہ روزانہ صبح و شام کھالیا کریں۔ گرم چیزوں سے پرہیز۔

حکیم سید محمود علی صاحب ساکن کھرالہ ضلع نماڑ سی، پی

(۵۴۷) کشتہ قلعی، جریان کیلئے مجرب ہے ھو الشافی قلعی اتولہ کو بوٹی گورکھ پان کے یک پاؤ نغدہ میں رکھ کر دس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک ایک رتی بالائی میں رکھکر استعمال کریں (نوٹ) قلعی کو پترہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

حکیم خلیفہ حاجی عبد الغفور صاحب اندرون ہاتھی دروازہ۔ شکارپور سندھ

(۵۴۸) نسخہ عجیب، برائے دافع عادتِ اسقاط یا جن کے بچے پیدا ہوکر دو برس سے زیادہ زندہ

نہ رہتے ہوں اورام الصبیان کی مرض میں ضائع ہو جاتے ہوں۔ ان کے لئے بفضل ایزدی مجرب بلکہ اکسیری نسخہ ہے ھوالشافی مروارید ناسفتہ، کہربائے شمعی، مونگے کی جڑ جلی ہوئی دو شستہ صندل سفید و سرخ۔ بنسلوچن سفید، مازو سبز درونج عقربی، عود صلیب ہر ایک گیارہ ماسہ، مغز تخم تربوز، خرفہ کے بیج بھوسہ آتارے ہوئے ہر ایک ۱ تولہ ۱۰ ماسہ، ورق نقرہ ورق طلاء ہر ایک ۲۰ عدد ابریشم کترا ہوا الجبار کی جڑ گیرو ہر ایک سوا گیارہ ماسہ عنبر اشہب ۱ ماسہ ۳ چاول شراب عوذہ ۲۸ تولہ نبات سفید آدھ سیر سب باریک کر کے بدستور معروف معجون بناویں۔ خوراک ۵ ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم مولوی عبدالرحمن صاحب ساکن بیر گوٹھ، ضلع سکھر سندھ

(۵۴۹) کحل الشمس، برائے نزول و دھند مجرب ھوالشافی خشخاش، افیون شب یمانی، ہر ایک ۳۰ ماسہ، طوطیا ہارونی، خرد عصفور، حرمل، نرفلفل، دار فلفل، عقاب، کباب چینی ہر ایک ایک ماسہ سب کو ۵۰ عدد آب لیموں میں کھرل کر کے مثل سرمہ کے بنالیں۔ اور سوتے وقت سلائی کے ہمراہ آنکھوں میں لگاویں مجرب ہے۔

حکیم مولوی غلام حیدر صاحب سکھر نو۔ سندھ

(۵۵۰) حب سوزاک مجرب ھوالشافی مرداسنگ ۱ تولہ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ باریک کر کے حب بقدر بڑ بنالیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ مناسب بدرقہ استعمال کریں۔

ڈاکٹر خواجہ محمد علی صاحب ایچ ایم بی بغدادی دھوبی گھاٹ کراچی

(۵۵۱) حب طاعون، ہزاروں بار کا تجربہ شدہ نسخہ ھوالشافی، گل ارمنی، جدوار خطائی تخم لیموں کاغذی زہر مہرہ خطائی ہر ایک ۲ ماسہ کافور خالص ۱۰ ماسہ باریک کر کے عرق نیلوفر سے سحق کر کے حب بقدر جنگلی بیر کے بنالیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان، نیلوفر شربت انار کے صبح شام دوپہر استعمال کریں۔ اور ایک حب سرکہ میں گھسکر گلٹی پر لیپ کریں۔

حکیم رحمت اللہ صاحب حاذق ساکن ٹنڈو جان محمد، ضلع تھرپارکر سندھ

(۵۵۲) مرہم ناسور مجرب هوالشافی باردد دیسی ۱ تولہ، روغن کنجد ۲ تولہ، آہنی کڑچھی میں ڈالکر آگ پر رکھیں۔ جب روغن گرم ہوجاوے تو بارود ملا کر دستہ آہنی سے خوب حل کریں۔ کہ مثل مرہم کے ہوجاوے۔ پھر کپڑے کی بتی بنا کر ناسور میں رکھیں۔ اس سے بدگوشت بھی دفع ہوجائیگا، اور زخم بھی مندمل ہوجائے گا۔

حکیم عبدالغنی صاحب ساکن بارمیر، مارواڑ

(۵۵۳) دوائے خارش، ہر قسم مجرب هوالشافی، گندھک آملہ سار۔ گل منیرہ، زیرہ سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ تینوں کو خوب باریک کوٹ چھان کر تین پڑیہ بنالیں۔ دو پڑیوں کو لے کر بہ تفاوت دہی کے ساتھ کھادیں۔ اس روز دہی تمام روز کھاتے رہیں۔ اور ایک پڑیہ کو روغن سرشف ۵ تولہ میں حل کر کے بدن پر مالش کریں۔ شام کو دہی اور خشکہ کھانا چاہیئے۔ ہر قسم کی خارش ایک دن میں رفع ہوگی۔ مجرب المجرب ہے،

ڈاکٹر و حکیم جان محمد صاحب علوی میڈیکل ہال حصار

(۵۵۴) نسخہ اکسیر، برائے مانع اسقاط حمل۔ جن عورتوں کو تیسرے یا چوتھے ماہ اسقاط ہوجاتا ہے ان کو یہ دوا استعمال کرائی جائے مجرب ہے هوالشافی، کشتہ گئو دنتی برگ نیم والہ، مینگنی موش دونوں مساوی الوزن لے کر سفوف بنالیں۔ خوراک ایک ماشہ صبح دودھ گائے کے ساتھ دیں، زمانہ حمل سے شروع کرائیں۔ اور ہر ماہ میں ایک ہفتہ استعمال کراتے ہوئے تین ماہ تک کرائیں بفضل خدا اسقاط نہ ہوگا۔

حکیم آسانند صاحب میڈیکل ہال رن چھوڑ لین کوئٹہ

(۵۵۵) نسخہ برائے درد گردہ، یہ نسخہ درد گردہ کے لئے ہمارا مجرب و معمول ہے هوالشافی

گُل گلاب خالص، شورہ قلمی، بھنگ، اگر وسیاہ، جملہ ہموزن باریک سفوف بناویں، خوراک ۳ ماشہ ہمراہ دوغ گاؤ استعمال کریں۔ انشاء اللہ درد گردہ کافور ہو جائے گا،

حکیم عبدالشکور صاحب ساکن کانٹھ محلہ برہتی گنج ضلع مرادآباد

(۵۵۶) حب بخار مجرب ھوالشافی۔ طباشیر ۲ تولہ، زیرہ سفید، کشنیز خشک، شورہ قلمی، ست گلو ہر ایک ایک تولہ، دانہ ہیل، زہر مہرہ، کونین سلفیٹ ہر ایک چھ ماشہ، بشیرہ کاسنی حب نخودی بناویں۔ خوراک ایک گولی دن میں تین بار شربت نیلوفر کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ اگر کھانسی نہ ہو۔ تو شربت تمر ہندی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ الحجربہ شدہ نہایت مفید نسخہ ہے۔

ڈاکٹر گوہر بیگم صاحبہ لیڈی فریشن آرنی گڈیہ ضلع ویلور احاطہ مدراس

(۵۵۷) نسخہ اختناق الرحم مجرب ھوالشافی۔ ایتھر سلف ۳ ڈرام، ایتھر کلورل ۲ ڈرام، ٹنکچر ایسافائیڈا ۱ ڈرام، ٹنکچر ولیسرین اسونی سائی ۳ ڈرام بروماٹیڈیا ۳ ڈرام، ٹنکچر کیمفر ۱۰ ڈرام، ایکوا کلوروفارم ۹ ڈرام سب ملا کر چھ خوراک بنا لیں۔ دورے کے وقت ہر تین گھنٹے کے بعد ایک خوراک پلا دیں،

حکیم محمد یوسف صاحب مطب رحیمی عنبر سکندرآباد (دکن)

(۵۵۸) نسخہ دافع ام الصبیان، ہزارہا بار کا مجرب ھوالشافی۔ فلفل سیاہ لیکر ۲۱ روز شیر بقوہر میں بھگوئیں۔ بعد ازاں خشک کر کے رکھ لیں۔ جسوقت بچہ مرض مذکور میں مبتلا ہو۔ فوراً پانی میں گھس کر یا خشک ہی نسوار دیں۔ مرض مذکور شرطیہ دفع ہوگا۔ اور پھر عود نہ کریگا۔ مجرب ہے۔

حکیم سید محمد لقمان صاحب قادری دارالشفا ادریسی آستانہ اجمیر شریف

(۵۵۹) نسخہ برائے کدو دانہ، بسیار مجرب است ھوالشافی۔ شیر نباتہ جیل ۱۰ تولہ، چینی ۲۰ تولہ فلفل سیاہ ۱ تولہ، فلفل سیاہ کو باریک پیسکر تینوں کو ملا کر شربت بنا لیں۔ اور روزانہ بوقت صبح پیا کریں، تین دن میں تمام کرم شکم نکل جاوینگے، اعجاز ہے۔

ڈاکٹر محمد عبدالخالق صاحب سہارنپور یوپی محلہ گنپت سرائے

(۵۶۰) نسخہ برائے اسہال دموی مجرب ھوالشافی زخم حیات جو ایک مشہور بوٹی ہے اور سرد ہے پانی کی جگہ میں بہت ہوتی ہے۔ ایک تولہ اور مرچ سیاہ چند عدد ڈال کر ۱۲ تولہ پانی میں خوب گھوٹ کر صاف کریں اور شربت انجبار ۲ تولہ شربت حب الاس ۳ تولہ ملا کر صبح شام پیا کریں تین دن میں اسہال دموی خواہ کسی قسم کے ہوں خدا کے فضل سے صحت ہو جاوے گی، غذا دہی، چاول یا کھچڑی، دال چاول دال مونگ اور ہلکہ پرہیز گرم چیزوں سے۔

حکیم مولوی مرزا عبدالغنی صاحب زمیندار ڈرگسٹ ارم السبیٹ گوداوری

(۵۶۱) اکسیر باہ گولیاں، تقویت باہ و انتشار و امساک بے حد و بیشمار است ھوالشافی جائفل، کتھ سفید، لونگ، افیون، تخم خشخاش، گلنار، حملہ ہموزن ہمہ ادویہ را با کرم دیمک کھرل کنند و با چنداں کرم باشد۔ کہ در آب کرم کھرل شود بعدہٗ بقدر دانہ مونگ حب بندد و شب اول یک حب در پان نہادہ بخورد و بوقت جوش نزدیک عورت رود اگر بے قراری بے حد نہ شود حجرات نبو شد۔

حکیم حافظ مولوی سردار احمد خان صاحب رئیس خاص بلند شہر

(۵۶۲) طلاء برائے مجلوق و ضعف باہ مجرب ھوالشافی پوست بیخ کنیر سفید ۵ تولہ کروٹن آئل ۱ تولہ، روغن نارجیل ۲ تولہ مرارہ گاؤ ۲ عدد آب جرجتہ آدھ سیر ملیں سب دوائیں باریک کرکے ڈالدیں اور پانی جلنے تک پکاویں پھر پارچہ بیز کرکے رکھ لیں بوقت ضرورت حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کرکے برگ ارنڈ باندھ دیا کریں دس روز کا استعمال کافی ہوگا۔

حکیم حافظ مقبول احمد صاحب انصاری ساکن گسمنڈی کلاں ضلع لکھنؤ

(۵۶۳) کشتہ شنگرف، نامردی ضعف باہ کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی شنگرف رومی

۵ تولہ کو ایک بوتل شراب اول درجہ کی میں متواتر کھرل کریں۔ بعدہٗ ٹکیہ بنا کر لہسن اور بھنگ کے نغدہ میں ہوا سے محفوظ جگہ پر ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں سفید کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک چاول ۲ تولہ مکھن کے ہمراہ کھایا کریں۔

ڈی اے جمعدار صاحب حکیم کامل اول بلگام ہاؤس ۲۳۷۱ ہاجم گلی بلگام

(۵۶۴) نسخہ کثرت طمث، مجرب ھوالشافی اسگند ناگوری ۸ تولہ مصری کوزہ ۱۶ تولہ ہر دو کا سفوف کرکے ایک تولہ صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ یا شیر استعمال کریں۔

حکیم انور خان صاحب ساکن لکھی سرائے ضلع مونگیر

(۵۶۵) نسخہ بسیار مجرب تیر بہدف برائے درد دنداں ھوالشافی، عقرقرحا، زیرہ سفید نمک لاہوری، نوشادر، اجوائن دیسی ہر ایک ۳ ماسہ مرچ سیاہ ۲ ماسہ کھپکڑی بریاں ۲ ماسہ خرمہرہ زرد سوختہ ۲ ماسہ، افیون سوختہ ۳ رتی کوفتہ بیختہ بر دندان بمالند بسیار مفید است،

حکیم سید محمد ہادی صاحب ساکن رائے پور محلہ بیجنا بتھ

(۵۶۶) نسخہ برائے ذات الجنب، ذات العرض ذات الریہ سرسام کیلئے نہایت مجرب اور لاجواب تحفہ ہے، اس سے بہتر اور مفید نسخہ ملنا محال ہے ھوالشافی ہڑتال طبقی ۴ تولہ میٹھا تیلیہ ۱ تولہ، لونگ ۱ تولہ سب کو آب ادرک ا پاؤ میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر آب کنوار گندل ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ خوراک ایک رتی دوا ایک تولہ کھانڈ میں ملفوف کرکے گرم دودھ سے دیں اگر ایک خوراک سے آرام نہ ہو تو دوسری خوراک ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔

حکیم مولا بخش صاحب کنوی چک ۱۲۶ ج تحصیل چنیوٹ پنجاب

(۵۶۷) حب اسہال یہ گولیاں اسہال کے واسطے لاجواب ہیں عرصہ دراز کے لاعلاج مریض جن کو رات دن میں پچاس پچاس دست آتے ہوں ان کے لئے تیر بہدف ہیں بفضل خدا صرف

چند یوم کے استعمال سے شفا کلی ہوجاتی ہے صدہا بار کی آزمودہ و مجرب ہے ھوالشافی
شنگرف مصطگی، کشتہ مرجان، طباشیر، کہربا ہر ایک ایک تولہ افیون ۱۰ تولہ سب کوٹ کر بقدر
نخود گولیاں بناویں خوراک ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ آب خالص تازہ بعد
تنقیہ استعمال کریں۔ غذا لطیف کھلائیں۔

حکیم شبیر محمد صاحب ساکن خیر اللہ پور، ضلع جالندہر

(۵۶۸) نسخہ مسقط حمل، اگر طبی ضرورتوں کے لئے اسقاط حمل کرانا ناگریز ہو تو پہلے حاملہ عورت
کو تین روز تک بوقت شام پوست سنولہ ۲ تولہ برگ بانس ۲ تولہ پرانا گڑ بیس سالہ ۴ تولہ سب
کو ڈیڑھ سیر پانی میں خوب جوش دیں۔ جب ایک پاؤ پختہ رہ جاوے تو مل چھان کر پلاویں، اور
کھانے کو دال مونگ اور پھلکا یا دودھ چاول یا کھچڑی یا اور کوئی نرم چیز دیں اس کے ساتھ ہی
لوٹہ سجی ۶ ماسہ سونگ ۴ ماسہ ایلوا ۶ ماسہ جوکھار ۶ ماسہ الگ الگ نہایت باریک پیس کر اور
سب کو یک جان کر کے منہ کے لعاب سے تر کریں اور اٹ سٹ (لسا بھیرا) بوٹی کی آٹھ انگلی
لمبی جڑ کے سرے پر دوائی لگا کر سایہ میں خشک کریں۔ بعدہ کسی ہوشیار دایہ کے ذریعہ دوا لگی ہوئی
جڑ کا سرا رحم کے منہ میں رکھوائیں۔ اول تو پہلے ہی دن میں ورنہ دوسرے یا حد تیسرے دن خون
آنا شروع ہوجائیگا ہر روز نئی جڑ کے سرے پر دوائی لگانی چاہیئے۔

حکیم شیخ مقبول احمد صاحب ساکن چھپرا ضلع علیگڈھ

(۵۶۹) نسخہ تریاق مجرب ھوالشافی املی ۲ تولہ پانی ایک پاؤ میں بھگو دیں مصری ۲ تولہ ملا کر
تخم بالنگو ۶ ماسہ کھلا کر اوپر سے آب املی آمیختہ پلاویں یہ ایک خوراک ہے ایسی دن میں دو
خوراکیں استعمال کرائی جاویں یرقان کیلئے نہایت اکسیر الاثر نسخہ ہے۔

حکیم رشید احمد صاحب چشتی امرتسر ہاتھی دروازہ کوچہ صبور ڈار،

(۵۷۰) اکسیر برائے سوزاک کہنہ و جدید اور جریان ریم کیلئے مجرب ہے ھوالشافی

سرب یعنی سیسہ کی ایک ڈلی کڑچھی آہنی میں ڈالکر آگ پر رکھیں اور گندھک باریک کرکے پاس رکھیں اور اس کی چٹکی دیتے جائیں حب خاکستر ہو جائے تو بس اکسیر تیار ہے پہلے اندری جھاڑ جلاب دو روز لسی کے ساتھ کھلا کر پھر تیسرے روز صبح و شام دو ماشہ کو ر ۲ رتی بیری کے پتے میں لپیٹکر نگل لیا کریں، لال مرچ اور گرم اغذیہ سے پرہیز ضروری ہے

حکیم تراب حسین صاحب خاص بلند شہر

(۵۷۱) روغن اکسیر برائے بواسیر، ہر قسم کی بواسیر کو جڑ سے اکھاڑنا بغیر اس نسخہ کے دیگر کسی نسخہ میں طاقت نہیں بجلی کی طرح فوری اثر کرنے والا اور منٹوں کے اندر اپنا جادو کا اثر دکھانے والا یہی واحد نسخہ ہے، امراض معدہ کو دفع کرکے معدہ کو قوی کرنے میں لاثانی ہے۔ خلاصہ یہ کہ امراض جگر و امراض معدہ و امراض امعاء کو دفع کرکے اس میں از سر نو طاقت بھرنا اس نسخہ کے وصف میں ہے ھوالشافی نوشادر، شورہ قلمی منقل زرد ہر ایک تولہ تولہ صدف ۲ ماسہ ہمہ ادویہ را باریک نمودہ در ظرف مدہن (یعنی جس برتن میں دودھ کاڑھا جاتا ہے) انداختہ و دہن مسدود کردہ چہل ایام در اروڑی یعنی پیہ رطب کہ بسیار خشک نشدہ باشد قدرے یک گز کندیدہ دفن کند بعد از اں بیروں آرند کہ مدفون روغن خواہد شد، بدارند خوراک یک قطرہ در شکر تری دہند صبح و شام مجرب است،

حکیم منشی محمد یوسف صاحب شبلی ساکن ڈھولن ضلع لاہور

(۵۷۲) تریاق مسیحائی جملہ امراض شکم کا واحد تیر بہدف علاج ہے ہر قسم کے درد شکم باؤ گولہ، قراقر درد معدہ ریحی میں گرم پانی کے ساتھ استعمال کرنے سے فوراً تسکین ہو جاتی ہے ھوالشافی ہینگ خالص سہاگہ عمدہ زنجبیل نمک سونچر جملہ ہموزن حسب ضرورت لیکر سفوف بنالیں اور درخت سہانجنہ کی جڑ کے پانی میں ۲۴ یوم سحق کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں خوراک ۲ گولی ہمراہ آب تازہ

حکیم غلام سرور صاحب شہر ملتان متصل گھنٹہ گھر

(۵۷۳) دوائے ضیق النفس، خواہ کسی قسم کا دمہ ہو اکیس دن میں دور ہوگا، ھوالشافی سم الفار

باچھی، پوست بیخ مدار، نمک زقوم خانہ ساز ہر ایک ایک تولہ سب علیحدہ علیحدہ کھرل کریں، بعد ازاں برگ بانسہ ملٹھی ملکنگنی ہر آٹھ آٹھ تولہ دو سیر پانی ڈالکر پکائیں۔ جب نصف پانی رہ جاوے تو مذکورہ ادویہ کو اس پانی کے ساتھ کھرل کریں۔ جب تمام پانی ختم ہو جائے تو پھر دوسری بار اسی طرح کریں، پھر تیسری بار خشک کرکے حبوب بقدر موٹھ بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام بکری کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ حلوا دوا کے پہلے مریض کو کھلالیں تو نہایت اچھا ہے۔

حکیم محمد یٰسین صاحب ساکن محلہ حویلی پانڈے شہر بنارس

(۵۷۴) شربت اکسیر مصفی خون۔ اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے پھوڑے پھنسیاں رفع کرتا ہے، دیگر جملہ عوارضات متعلقہ خون کا بہترین علاج ہے بدن کو مانند کندن چمکا دیتا ہے ھوالشافی برگ مہندی، برگ نیم، شاہترہ، صندل سفید، صندل سرخ ہر ایک ۴ تولہ منڈی بوٹی ۸ تولہ چرائتہ ۴ تولہ برادہ شیشم ۸ تولہ عناب ۵۰ دانہ سب ادویات کو ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیکر مل چھان کر ڈیڑھ سیر قند سفید ڈالکر شربت بنالیں۔ خوراک ۲ تولہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

زبدۃ الحکماء حکیم سید منظور احمد صاحب منظور ساکن الہڑ ریلوے سٹیشن ریاست سیالکوٹ

(۵۷۵) معجون مقوی مبہی مجرب ھوالشافی خرما ۶ تولہ موصلی سیاہ ۳ تولہ موصلی سفید ۳ تولہ [illegible] ۶ تولہ نشاستہ گندم ۶ تولہ ثعلب مصری ۶ تولہ روغن زرد ½ سیر شکر سفید ایک سیر عرق کیوڑہ [illegible] دودھ گاؤ ۵ سیر پہلے گائے کے دودھ میں خرما مسلم علیحدہ اور مغز تخم کو بیج پوٹلی میں باندھکر ڈالیں اور دودھ کو اسقدر جوشدیں کہ کھوئے کی طرح ہو جائے اسکے بعد خرما اور پوٹلی نکال لیں، اور نشاستہ گندم کے سوا دوسری ادویہ کھوئے میں ملاکر کسی قدر شکر ڈالیں۔ اور نصف گھی میں بریاں کرلیں۔ نصف گھی میں نشاستہ علیحدہ بھون لیں۔ بھوننے سے فارغ ہو کر شکر کا قوام کریں۔ اور نشاستہ کو دوسری ادویہ میں شامل کرکے معجون بنائیں۔ خوراک تندرست آدمی کے لئے ۹ ماسہ بیمار کے لئے ۵ ماسہ ہمراہ عرق کیوڑہ استعمال کریں۔

ڈاکٹر و حکیم نور علی صاحب نور مشہدی طبیہ کالج پٹیالہ سٹیٹ

(۵۷۶) تریاق فالج ولقوہ، رعشہ، وجع المفاصل، نقرس، عرق النساء وغیرہ کے لئے بےنظیر نسخہ ہے۔ ھوالشافی۔ جدوار خطائی، ہڑتال ورقی، سیماب گندھک آملہ سار مصفی ہر ایک چھ ماشہ بش سیاہ مدبر ۱ تولہ پہلے گندھک اور سیماب کی کجلی کریں پھر باقی ادویہ باریک کر کے شامل کریں اور عرق بھنگرہ ۱۔ پاؤ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ مونگ بنائیں خوراک ایک سے دو گولی تک ہمراہ جوشاندہ زنجبیل دیں۔

حکیم حافظ محمد منیر صاحب کرمانی ساکن کرمان ضلع الہ آباد

(۵۷۷) اکسیری نسخہ برائے آشوب چشم سرخی درد وغیرہ کے لئے نہایت مجرب ہے ھوالشافی عرق بید انجیر سبز پارچہ سبز کیا ہوا ۱ مار لودھ پٹھانی ۱۰ ماشہ شب یمانی بریاں ۱ تولہ نیلا تھوتھہ ۲ ماشہ رسونت زرد ۲ تولہ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ اجوائن دیسی ۹ ماشہ ہلدی ۹ ماشہ کمون سفید ۲ ماشہ زعفران اصلی ۳ ماشہ افیون خالص ۴ ماشہ کوفتہ بیختہ ملا کر بطریق معروف توام کر کے محفوظ رکھیں، بوقت ضرورت پلکوں پر لیپ کریں اور عرق گلاب ملا کر آنکھوں میں ٹپکائیں مجرب نسخہ ہے،

حکیم مولوی قاضی محمد احمد صاحب عباسی ساکن خاکی تحصیل مانسہرہ (ہزارہ)

(۵۷۸) طلاء بےنظیر محلوق از کار رفتہ سست اور مایوس العلاج کے لئے آب حیات ہے۔ کمزوری سستی اعصاب، کجی لاغری کوتاہی رفع ہو کر تیزی و تندی آجاتی ہے مجرب ہے ھوالشافی ایک زرد شدہ مار و بینگن لیکر اس میں چالیس عدد فلفل دراز چبھو کر سایہ میں خشک کرلیں، بعدہ روغن آدھ سیر کڑاہی میں ڈالکر اس میں بینگن مذکور ڈالدیں۔ اور نیچے آگ دیں چند ایک جوش آنے پر کینچوے مصفی چار سر شاہی حب بینگن و خراطین وغیرہ تیل میں مل جاویں۔ تو آگ سے اتار کر لہسن مقشر ۳ تولہ شامل کر کے تینوں دواؤں کو کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں رات کیوقت ایک ماشہ عضو پر مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں دو تین ہفتہ کے استعمال سے صحت کلی ہو گی۔

حاجی حکیم محمد علی صاحب ساکن دروازہ مہاں سنگھ امرتسر

(۵۷۹) اکسیر عقر، عقر خواہ کسی سبب سے ہو اس کو دور کر کے ویران گھر کو بفضل خدا آباد کرتا ہے هوالشافی، کستوری ۱ ماسہ زعفران ۲ ماسہ، جوز بوا، سنگ، سپاری، افیون ہر ایک ۳ ماسہ، عنبر ۱ ماسہ سب کو باریک کر کے بقدر ضرورت قند سیاہ ملا کر نخودی گولیاں بناویں۔ غسل عورت کے بعد تین یوم تک مرد عورت دونوں ایک گولی صبح ایک شام دودھ گائے کے ہمراہ کھائیں۔

حکیم محمد عزیزالدین صاحب ساکن بنگنور ضلع چتوڑ

(۵۸۰) تریاق برائے اسہال دموی جملہ اقسام، هوالشافی برگ دودھی سبز ۲ ماسہ کات سفید ۲ ماسہ، افیون خالص ۱ ماسہ، سب کو باہم پیس کر حبوب بقدر مونگ بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ خوراک ایک ایک حب ہمراہ مناسب بدرقہ یا تنہا کھالیں۔

مسیح زمان حکیم مولوی عبدالحکیم صاحب لکھنو محلہ جھوائی ٹولہ

(۵۸۱) نسخہ برائے سنگرہنی، ہر قسم کے اسہال پیچش سنگرہنی کے لئے نہایت مفید اکسیری نسخہ ہے هوالشافی، موچرس، گلسرخ، مائیں، گل دھاوا، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ، بیلگری [illegible] انار، دال نخود ہر ایک سات ماسہ سب کا سفوف بناویں۔ خوراک ۷ ماسہ صبح ۷ ماسہ شام ہمراہ آب تازہ یا کسی اور مناسب بدرقہ کے استعمال کریں،

حکیم احمد علی صاحب سابق اسسٹنٹ ہوس فزیشن طبیہ کالج دہلی

(۵۸۲) حب مشکی، ممسک، مقوی، نزلہ زکام، کھانسی وغیرہ امراض بلغمیہ اور بخار کی نوبت کو روکتی ہیں، افیون کی عادت ان کے استعمال سے چھوٹ جاتی ہے هوالشافی تخم دھتورہ مدبر ۱ تولہ، افیون ۱ ماسہ، جائفل ۶ ماسہ، مشک خالص ۲ ماسہ زعفران ۳ ماسہ، مرزنج سیاہ ۲ ماسہ زنجبیل ۲ ماسہ تیج ۲ ماسہ، سب پیس کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ آب تازہ

امساک کیلئے ۲ گولی پیشتر ہمراہ دودھ کھلائیں، افیون کے لئے جسقدر افیون کم کرنے جائیں یہ گولیاں بڑھانے جائیں۔

وئید بہاری لال صاحب شرما صدر بازار راولپنڈی

(۵۸۳) اکسیر العین، درد چشم، سرخی، جالا آشوب وغیرہ کے لئے اکسیر الاثر معمول مطب مجرب نسخہ ہے ھوالشافی پھٹکڑی خام ۲ رتی افیون ۳ ماسہ، زعفران اصلی ۲ ماسہ، عرق گلاب ۲ تولہ سبکو عرق میں ملاکر چھان لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت ہر چار گھنٹہ کے بعد تین چار بوند آنکھ میں ڈالا کریں۔

نجم الاطباء حکیم عبد اللطیف صاحب فلسفی وائس پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونی ورسٹی

(۵۸۴) طلاء عجیب، ضعف باہ اور مجلوقوں کے جملہ عوارضات کے لئے بے حد مفید، حکیم محمود علی خان صاحب دہلوی کا خاص نسخہ ہے ھوالشافی مغز جمالگوٹہ ۱۲ عدد، سم الفار سفید ۲ ماسہ عروسک ۱ تولہ، شنگرف ۱ تولہ مسکہ گاؤ ۶ ماسہ سب کو الگ الگ باریک کرکے چار پہر مسکہ میں کھرل کر کے بحفاظت ڈبیہ میں رکھ لیں، ترکیب استعمال رات کو حشفہ وسیون چھوڑ کر ایک رتی طلا کر کے پان یا ارنڈ کا پتہ گوم کر کے باندھ دیا کریں۔

حکیم مولوی عبد الحفیظ صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی

(۵۸۵) نسخہ برائے پتھری، ریگ گردہ مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اپریشن کی ضرورت نہیں رہتی، سینکڑوں بار کا تجربہ شدہ ہے ھوالشافی، سنگ یہود ۵ تولہ شورہ قلمی ۱۰ تولہ، آب مولی ۲ سیر ایک کوزہ گلی میں پہلے ایک تہ ایک چھٹانک شورہ کی رکھیں۔ اس پر حجر الیہود ۱ سیر باقی شورہ رکھکر اوپر آدھ سیر مولی کا پانی ڈالدیں۔ اور گلحکمت کرکے دس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر پھر بدستور پانچ سیر کی آگ دیں۔ اسی طرح چھ آگ پوری کریں۔ بس تیار ہے، خوراک ۲ چاول تریب کھار ارتی جو کھار ارتی ملاکر ہمراہ شربت بزوری دیں۔

حکیم بشیر الدین صاحب اورنگ آباد دکن محلہ منظور پورہ

(۵۸۶) حبوب عجیبیہ، برائے دفعیہ سوء الہضم وقبض و مالیخولیا مراقی مجرب المجرب ہے هُوَ الشافی فرائی کاربوناس ۱ تولہ مصبر عمدہ ۱ تولہ، ست اجوائن ۳ ماسہ ست بادیان ۳ ماسہ ہمہ را بار یک کردہ باہم آمیختہ یا لعاب صمغ عربی سحق کردہ حبوب بمقدار حماض بندند، و یک حب صبح و شام ہمراہ شربت افسنتین ۳ تولہ و عرق گلاب ۵ تولہ آب آمیختہ بخورند،

زبدۃ الحکماء حکیم احمد حسین صاحب بیرون دروازہ دودھ باؤلی علی بازار حیدرآباد، دکن

(۵۸۷) تریاق برائے عظم الطحال، اکسیر الاثر مجرب صدری نسخہ هو الشافی نوشادر سیاہ سودہ ۱ تولہ در شیر گاؤ پختہ نمودہ گرہ دہند اگر دریدہ نشود در آب گرم غوطہ دہند و تا روغن شدن غوطہ دادہ باشند بحکم خدا روغن خواہد شد، خوراک در پان یک برنج تا یازدہ یوم۔ دس برس کی طحال تک بفضل ایزدی رفع ہوگی۔ بادی اشیاء سے پرہیز،

حکیم مولوی فقیر احمد صاحب فقیر اندرون فتح دروازہ سجاد منزل حیدرآباد دکن

(۵۸۸) تریاق جالا و پھولا چشم هو الشافی ناخن فیل، مونگ، صابن لاہوری، چوڑی کانچ سبز ہر ایک ایک تولہ، سیندور ۶ ماسہ سب علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے مانند سرمہ کے کرلیں۔ اور [illegible] کے ہمراہ آنکھوں میں لگایا کریں۔

رئیس الاطباء حکیم عبد الحق صاحب میونسپل کمشنر طبیب ریاست کپور تھلہ

(۵۸۹) اکسیر شقیقہ، و درد سر و عصابہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے هُوَ الشافی اسطخودوس ۳ ماسہ، کشنیز ۳ ماسہ فلفل سیاہ ۴ عدد سب کو طلوع آفتاب ہونے سے پہلے ۳ چھٹانک پانی میں گھوٹ کر پلادیں۔ پہلی خوراک سے فائدہ ہو جائیگا۔

حکیم محمد ابراہیم صاحب ساکن فاضل والہ ڈاکخانہ بگہ (جالندھر)

(۵۹۰) مرہم اکسیر برائے بھگندر و ناسور۔ بارہا کا تجربہ شدہ ھوالشافی مردہ سنگ، پھٹکڑی بریاں، سہاگہ تیلیہ بریاں، رسکپور ہر ایک ۲ تولہ کافور ۳ تولہ شنجرف ۳ تولہ تمام اجزاء کو سحق کر کے مسکہ گاؤ بقدر ضرورت جو دو بار پانی سے دھو لیا گیا ہو اچھی طرح ملا کر مرہم بنا لیں بوقت ضرورت کام میں لاویں

حکیم غلام حسین صاحب ساکن راولپنڈی محلہ میاں قطب الدین

(۵۹۱) طلاء برائے مجلوق، مجلوقوں کے لئے اکسیر ہے کجی، لاغری، کوتاہی وغیرہ اور تقویت باہ کے لئے نہایت مفید ہے ھوالشافی شنگرف، ہڑتال ورقی، کچلہ سم الفار سفید، میٹھا تیلیہ ہر ایک ۶ ماسہ مغز تخم ارنڈ ۱۰ تولہ مالکنگنی ۱۰ تولہ عقرقرحا خراطین، عروسک، پیپلاں مول، جلوتری، جائفل قرنفل خرمہرہ زرد ہر ایک ۱ تولہ زردی بیضہ مرغ ۸ عدد سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے زردی بیضہ میں کھرل کر کے پتال جنتر کے ذریعہ روغن نکالیں۔ ترکیب استعمال) ۴ قطرہ روغن کی مالش کر کے اوپر برگ پان باندھ لیا کریں۔ اگر پھنسیاں نمودار ہوں تو مکھن لگائیں تین روز کے بعد پھر استعمال کریں۔

حکیم محمد حسین صاحب قریشی مہتمم دواخانہ معین الصحت بٹالہ ضلع گورداسپور

(۵۹۲) حب جریان واحتلام، تقویت باہ کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی مشک خالص ۲ ماسہ، ورق طلاء ۱ ماسہ ورق نقرہ ۳ ماسہ زعفران ۴ ماسہ، ہنسلوچن ۷ ماسہ لسبا ۸ ماسہ کشتہ قلعی ۶ ماسہ سب کو باریک کر کے عرق تنبول میں ۴ گھنٹہ خوب سحق کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ بالائی استعمال کریں۔ گرم و تیل والی و ترش اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

مولانا حکیم حافظ محمد حبیب الرحمٰن صاحب نقشبندی ساکن دھرمتلہ متصل چاندنی بازار کلکتہ

(۵۹۳) حب سرفہ صدری واسراری نسخہ ہے نیز نزلہ زکام کیلئے بھی نہایت مفید ہے ھوالشافی افیون ۷ ماسہ کندر ۲۸ ماسہ مبیجہ سائلہ ۲۸ ماسہ صمغ عربی ۱۴ ماسہ رب السوس ۲۸ ماسہ سب کو باریک کر

کے پانی کے ذریعہ بقدر دانہ باقلا حب بناویں خوراک اگولی تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔ ہر قسم کی کھانسی کے لئے مُحکمی شفا دینے والی دوا ہے۔

حکیم محمد اسحاق صاحب ساکن گڈپہ محلہ ماسہ پیٹ ملک مدراس

(۵۹۴) کشتہ فولاد مرکب، قوت باہ امساک کیلئے مجرب، ھوالشافی برادہ فولاد کو ۱۲ تولہ آب لیموں میں تر کر رکھیں جب پانی خشک ہو جاوے تو سحق کریں اور سیماب سم الفار شنگرف ہڑتال ورقیہ ہر ایک ایک ماسہ ملا کر لعاب گھیکوار سے کھرل کر کے ایک سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح بارہ آنچیں پوری کریں ہر بار ایک ایک ماسہ ادویہ مذکورہ اضافہ کرتے رہیں۔ آخر پیس لیں خوراک نصف چاول ملائی یا مسکہ گاؤ میں استعمال کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم سلطان احمد شریف صاحب نالہ بازار سکندر آباد دکن

(۵۹۵) حب شنگرفی، بواسیر، سوزاک، کہنہ آتشک کے لئے تریاق کامل ہے ہزاروں بار کا تجربہ شدہ ھوالشافی شنگرف رومی ۸ ماسہ کتھ سفید ۸ ماسہ نونیا ہندی ۶ ماسہ عرق لیموں ۲۰ سیر میں سب کو کھرل کریں۔ خشک ہونے پر حب بقدر دانہ موٹھ بناویں خوراک اگولی روزانہ سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں اور ایک گولی رگڑ کر مسوں پر بھی لگایا کریں۔ دوران استعمال میں گھی دودھ بکثرت استعمال کریں۔ گوشت دال ماش سے پرہیز۔

ابو یوسف حکیم محمد رمضان شاہ صاحب صادق نہنگ (براستہ) اسٹیشن وریام جھنگ

(۵۹۶) کشتہ قلعی، ہیرفان، جریان، احتلام ذکاوت حس کے واسطے مجرب ہے علاوہ جریان الرحم سوزاک کو بھی بے حد مفید ہے ھوالشافی قلعی ۳ تولہ پارہ ۳ تولہ، شورہ قلمی ۱۰ تولہ اول قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ڈالیں پھر شورہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر خوب کھرل کریں جب تمام یک جان ہو جاوے تو ایک کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے ۱۲ سیر اوپلوں کی گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر سب کھرل کر کے پانی سے دھو کر رکھ دیں جب پانی نتھر آوے تو ڈال کر اور ڈال دیں اسی طرح تین چار بار کرنے سے تمام

حکیم خوشی رام صاحب ساکن دھرم کوٹ ڈاکخانہ نواں شہر جالندھر

(۶۰۴) سفوف مصفی خون مجرب اکسیری مایہ ناز نسخہ ھوالشافی گندھک، موصلی صفی، گیرو، شورہ قلمی ہر ایک ۸ تولہ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں پھر ایک کڑچھی میں گندھک ڈالکر کوئلوں کی آگ پر رکھیں جب گندھک پگھلکر تیل کی مانند ہو جائے تو اس میں پارہ ڈالدیں اور کسی تنکہ سے ہلادیں فوراً سیاہی مائل کشتہ ہوکر گندھک میں مل جاویگا۔ پھر شورہ ڈالدیں جب شورہ بھی نرم ہوکر مل جاوے۔ تو گیرو ملاکر کسی چیز سے اچھی طرح ملادیں نیچے اتار کر سرد کر کے کھرل کریں تیار ہے۔ خوراک ۴ ماسہ سے ۶ ماسہ تک بوقت صبح سرد پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(نوٹ) کڑچھی کو گھی سے چپڑ کر دوا تیار کریں۔

حکیم حسن محمد صاحب قریشی ساکن چودھری والہ تحصیل بٹالہ پنجاب

(۶۰۵) اکسیری مرہم، ہر قسم کے پھوڑے پھنسی کیلئے بہت مفید ہے بارہا کی تجربہ شدہ اکسیری مرہم ہے۔ ھوالشافی سندھور ۴ تولہ روغن کنجد۔ ۱ تولہ نیلا توتیا ۱ ماسہ پہلے روغن کو کڑچھی میں ڈالکر کوئلوں کی آگ پر رکھیں جب تیل گرم ہو جاوے تو سندھور ڈالدیں جب جوش آئے تو کڑچھی کو اتار لیا کریں جب دوا کا رنگ سیاہ ہو جائے تو نیلا توتیا باریک شدہ ملادیں۔ سرد ہوکر سیاہ رنگ کی مرہم تیار ہوگی۔ پھایہ پر لگا کر پھوڑے زخم پر لگائیں۔ اس کا پھایہ زخم اور ورم اچھا ہو جانے کے بعد اترتا ہے۔ نہایت مفید مرہم ہے۔

حکیم محمد یعقوب خان صاحب دوائی خانہ افغانی، قصور شہر

(۶۰۶) اکسیر کامل، تقویت باہ کے لئے یہ نسخہ تریاق کا حکم رکھتا ہے ہزاروں بار کا تجربہ شدہ ہے جس سے خدا کے فضل سے ساٹھ سالہ مریض نامرد مخلوق وغیرہ از سر نو مرد ہو سکتا ہے ھوالشافی کشتہ طلاء کشتہ نقرہ جواہر مہرہ ہر ایک ۳ ماسہ کشتہ فولاد کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک ۶ ماسہ جوہر کچلہ ۴ رتی جوہر سم الفار ۲ رتی سب کو سرمہ کی طرح عرق گلاب سہ آتشہ عرق کیوڑہ سہ آتشہ ہر ایک اپاؤ میں کھرل کرکے رکھ

لیں خوراک ایک سے دو چاول تک ہمراہ لبوب کبیر استعمال کریں۔ یہی واحد نسخہ نامردی کے لئے تریاق بے مثل ہے

حکیم مخدوم صالح محمد صاحب ساکن جھنی رہان ضلع شاہپور

(۶۰۷) دوائے سم الفار اکسیر اعظم ھوالشافی بیش ۱۰ تولہ کو آب لیموں میں صلایہ کریں اور سات تولہ سم الفار کی ڈلی پر لیپ کریں خشک ہونے پر آرد ماش کا ارد گرد لیپ کردیں پھر ۵ سیر روغن بید انجیر کے ساتھ دیگچہ میں ڈالکر نیچے آٹھ پہر مثل چراغ کے آگ جلائیں تاکہ غلولہ تیل میں بخوبی جل جاوے اور غلولہ کو الٹ پلٹ کرنا چاہیئے اگر قائم ہوجائے تو بہتر ورنہ دوبارہ کریں خوراک نامرد کے لئے ایک خشخاش کے برابر مرغن ادویہ کے ہمراہ ایک ہفتہ تک کھائیں یہ ایک نایاب تحفہ ہے خواہ کیسا ہی گیا گذرا مریض ہو دو ہفتہ میں اصلی حالت بحال ہوجائیگی جو اس نسخہ کو بنائیگا، وہ اس کے فوائد کا خود اندازہ کرے گا۔

حضرت مولانا حکیم امین الدین صاحب وائس پرنسپل طبیہ کالج دہلی

(۶۰۸) طلا تیر بہدف، استرخاء ضعف اعصاب کو دور کرنا ہے مجلوقوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ ھوالشافی شنگرف رومی ۲ تولہ جما لگوٹہ ۲ تولہ سم الفار سفید ۳ تولہ موم خالص ۴ تولہ مسکہ گاؤ ۱۲ تولہ سب باریک کر کے مسکہ میں دوسو چالیس گھنٹہ کھرل کر کے بدستور معروف استعمال کریں۔

ڈاکٹر ٹی ایم شیخ احمد صاحب رجسٹرڈ یونانی میڈیکل پریکٹیشنر سیلم

(۶۰۹) حب ظفر، دافع سرعت انزال مجرب ھوالشافی خصیتہ الثعلب مصطگی رومی، لاکھ جھڑبیری ہم وزن لیکر باریک کر کے شیر برگد میں بقدر فلفل سیاہ گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ ۴۰ یوم استعمال کریں۔

حکیم لالہ فقیر چند صاحب ساکن شنکیاری، ضلع ہزارہ

(۶۱۰) نسوار عجیب الاثر برائے صداع وشقیقہ واکثر امراض دماغیہ و درد چشم مجرب ھوالشافی

مجرب ہے ھوالشافی، سوڈا بائی کارب ۱/۲ چھٹانک کھڑی سفید ہم وزن باریک کر کے منجن بنالیں بوقت ضرورت دانتوں پر خوب ملیں اور کچھ دیر سر دپانی نہ پئیں۔

حکیم سید محمد علی شاہ صاحب ساکن الگوہادر، ضلع جالندھر

(۶۱۹) حب قبض کشا، معمول مطب مجرب ھوالشافی مصبر، عصارہ ریوند، نوشادر ہر ایک ۲ تولہ مصطگی رومی ۱ تولہ سب کو باریک کر کے پانی کے ذریعہ حب بقدر نخود بناویں۔ خوراک ۲ گولی گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم سید غلام باری صاحب ہاشمی عباسی ساکن کلانور ضلع گورداسپور

(۶۲۰) طلاء دافع خمی تضیب بسبب رطوبات قضب مجرب معمول ھوالشافی مصطگی رومی ۲ ماسہ بیر بہوٹی جندبیدستر مغز بادام تلخ گھونگچی سرخ گھونگچی سفید سونٹھ ہر ایک ۳ ماسہ سب کو پیسکر روغن زیتون ۵ تولہ روغن بلسان ۲ تولہ میں ملاکر اور پیپرمینٹ ۲ تولہ عطر اگر ۳ ماسہ اضافہ کر کے خوب کھرل کرلیں۔ تھوڑا لیکر طلا کر کے اوپر برگ تنبول یا برگ ارنڈ باندھ دیا کریں۔

حکیم بابو عبدالمجید صاحب حاذق، ساکن کرنال پنجاب

(۶۲۱) حب مانع نوبت تپ ہر قسم، صدہا بار کا تجربہ شدہ ھوالشافی ست گلو، بنسلوچن کبود، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ خطائی ہر ایک ۱ تولہ، کافور کونین ہر ایک ۳ ماسہ سب کو باریک کر کے لعاب اسپغول میں چنے کے برابر گولیاں بناویں اور سایہ میں خشک کریں خوراک ایک گولی وقت باری سے تین گھنٹہ پہلے اور ایک گولی دو گھنٹہ پہلے اور ایک گولی ایک گھنٹہ پہلے سادہ پانی کے ہمراہ کھلاویں۔ ایک ہی روز میں بخار دفع ہو جاویگا ورنہ دوسری باری کے آنے پر استعمال کی جاوے

حکیم محمد خورشید علی خان صاحب حاذق ساکن نجیب آباد (بجنور)

(۶۲۲) حب اذاراقی، مجرب برائے ذات الجنب وذات الصدر وذات العرض وذات الریہ

هوالشافی اذاراقی مدبر راولاًدرآب باز درشیر حنا نکہ متعارف است) ہم تولہ ترپھلہ ۳ تولہ کنجد دانہ الائچی خورد کتیرا ہرایک اتولہ کچلہ کو مدبر ومقشر کرنے کے بعد ریزہ ریزہ کریں پھر ہاون دستہ میں خوب باریک کر کریں پھر دوسری ادویہ ملاکر قدرے پانی ڈالکر خوب زور دار ہاتھوں سے سحق کریں جب اچھی طرح مل جاویں تو دانہ جوار کے برابر حبوب بناویں خوراک ۲ حب تک حسب برداشت نگل کراوپر سے چاء شیریں شیر دار شکم سیر پلاویں صحت ہوگی،

حکیم سید علی محمد صاحب رئیس اعظم ساکن زید پور بارہ بنکی

(۶۲۳) حب مومیائی، خاندانی مجرب المجرب ہے مقوی باہ وممسک دافع جریان منی، مقوی دماغ دافع نزلات غرض امراض دماغی وغیرہ کے لئے اکسیر اعظم ہے هوالشافی مومیائی خالص، موصلی سفید ثعلب مصری، موچرس، صمغ عربی، مغز تخم تمرہندی افاقیا، مصطگی رومی ہرایک اتولہ شیر بڑ ۱ تولہ سب باریک کرکے شیر بڑ میں ملاکر حب بقدر نخود بناویں خوراک ایک گولی صبح ایک شام دودھ شیریں کے ہمراہ کھاویں اور قدرت حق کا مشاہدہ کریں۔

حکیم ڈاکٹر سید وکیل احمد صاحب مرزا پور (یوپی)

(۶۲۴) کشتہ سم الفار سفید هوالشافی نمک، چوب کنجد قلعی شورہ قائم النار بابرگ لیموں سم الفار ہرایک ایک تولہ تینوں کو کھرل میں صلایہ کرکے بوتہ گلی میں گلحکمت اور خشک کرکے تین پاؤ سرگین اپلے کی آگ دیں سرد ہونے پر کھرل کرکے محفوظ رکھیں خوراک ۲ چاول ہمراہ مسکہ گاؤ استعمال کریں،

حکیم محمد عبدالسلام صاحب انصاری ساکن اسلام نگر بدایوں

(۶۲۵) دوائے مارگزیدہ هوالشافی بیضہ طاؤس لیکر اس میں ایک باریک سوراخ کریں اور اس میں ایک تولہ فلفل سیاہ عمدہ ڈالکر اس کا مقطوع حصہ چسپاں کرکے سوم لگایا جاوے بعد ایک سال کے بیضہ معہ اندرونی اجزا کے باریک مثل سرمہ کے سحق کریں بوقت ضرورت مارگزیدہ کو باریک نلی کے ذریعہ بقدر ایک رتی بطور ہلاس ناک میں نفوخ کردیں تمام کا تمام زہر خارج ہو جاوے گا۔ اور مارگزیدہ بفضل خدا

ہوش میں آکر تندرست ہوجائے گا۔

حکیم پنڈت مدن گوپال صاحب رمپال وید ک اسسٹنٹ یونانی طبیہ کالج امرتسر

(۶۲۶) اکسیر درد و سر قسم ہر قسم کے دردوں کے لئے نہایت مفید دوا ہے ھوالشافی رال، گندھک اجوائن خراسانی جملہ ہم وزن باریک کر کے نخود کے برابر گولیاں بناویں۔ بوقت ضرورت پانی میں گھسکر درد کی جگہ لگاویں۔

حکیم شاہ محمد منہاج الحق صاحب شہر گورکھپور محلہ قاضی پور کلاں

(۶۲۷) کشتہ سم الفار برائے آتشک، اکسیر صفت بے خطا، صدہا بار کا تجربہ شدہ ہے ھوالشافی سم الفار سفید اتولہ کو صد برگ کے پتوں کے پانی میں چار پہر تک کھرل کریں اور پانی مذکور قطرہ قطرہ ڈالتے جاویں۔ جب گولہ بن جاوے تو کوزہ گلی میں جسمیں نیم پاؤ پانی سما سکے ڈالکر اچھی طرح گل حکمت کر کے خشک کریں اور ۳ سیر اوپلوں کی آگ دیں جب دھواں اس سے برطرف ہو نکال لیں۔ جب سرد ہو جاوے تو کھولکر دوائی نکالیں جو ۳ ماسہ برآمد ہوگی (ترکیب استعمال) پہلے مسہل سم الفار پھر کشتہ ایک چاول سفوف پوست نیم کتھ سفید کتیرا مساوی الوزن باریک شدہ سے ۳ رتی لیکر ملاویں اور مسکہ گاؤ ایک تولہ میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے ۲ تولہ مکھن کھلائیں دوران استعمال میں نمک سے پرہیز اور خالی معدہ بھی دوا استعمال نہ کرائیں۔ استعمال کرنے سے پہلے مربہ سیب کھالینا چاہئے اگر نمک کے ترک کرتے تیسے تنگ آجائیں تو آب نخود مرغن روٹی کے ہمراہ کھلایا کریں دو ہفتہ تک نمک سے پرہیز رکھیں ہفتہ کے بعد ۳ روز کا ناغہ کیا کریں۔ مسہل سم الفار کا نسخہ یہ ہے:۔ سم الفار اتولہ حب الملوک مدبر اتولہ دونوں کو باریک کر کے کھٹ مٹ بوٹی کے پانی ایک پاؤ میں کھرل کر کے قرص بنالیں اور پتال جنتر کے ذریعہ روغن نکالیں۔ خوراک ایک خس اجوائن یا قند سفید میں دیں۔

حکیم امرت لعل صاحب حکیم حاذق ریاست جلیند

(۶۲۸) حب برائے استسقاء لبیار مفید ھوالشافی دارچینی ہنفل ہندی، جوزبوا، سعد کوفی، خردل

زیرہ سفید ہر ایک ۳ تولہ شہد خالص میں ملاکر گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔ خوراک ایک گولی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں نہایت مفید ہے۔

حکیم حاجی حسن بھائی صاحب ساکن دھوراجی کاٹھیاواڑ

(۶۲۹) **طلاء ملذذ و ممسک** ازحد پرلے درجے کا ملذذ و ممسک ہے ھوالشافی سہاگہ خام بیٹ کبوتر صحرائی، کافور چوبہ عود خام ہر ایک ا ماسہ عقرقرحا، خاکستر ہوئے سر عورت ہر ایک ۱۰ ماسہ بیر بہوٹی درروغن گاؤ بریاں کردہ ۲ ماسہ عطر گلاب ۳۰ بوند شہد ا تولہ سب باریک کرکے ملالیں۔ قبل از جماع بقدر ایک رتی مالش کرکے مشغول ہوں عورت فریفتہ و شیدا ہو جاوے گی،

حکیم کرتار چند صاحب ساکن جلالپور جٹاں ضلع گجرات

(۶۳۰) **دواء اکسیر اعظم** احتباس طمث بے قاعدگی حیض پرسوت وعقر وغیرہ کے لئے سینکڑوں بار کا تجربہ شدہ خاص الخاص معمول مطب نسخہ ہے ھوالشافی ہڑتال ورقی، شنگرف جائفل جاوتری عقرقرحا دار چینی، لونگ، فلفل دراز زنجبیل، گوگل، تخم حرمل الائچی کلاں چاکسو زعفران ہر ایک ۳ ماسہ افیون ۲ ماسہ مشک خالص ۱۰ ماسہ سب علیحدہ علیحدہ باریک کرکے آب خالص میں ۸ گھنٹہ خوب کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام چاء کے ہمراہ استعمال کرائیں بے قاعدگی حیض کے لئے ایام حیض سے آٹھ دن پیشتر شروع کرا کر چودہ دن استعمال کرائیں۔

حکیم کیلاش چند صاحب شرما ساکن مورہٹہ ڈاک خانہ غازی آباد (میرٹھ)

(۶۳۱) **اکسیری روغن برائے پھلبہری**، داغ سفید، مجرب المجرب جو کبھی خطا نہیں گیا ھوالشافی باپچی، تخم پنواڑ، چاول مونگرا خالص ہر ایک ۱۲ تولہ سب کو چار روز خوب کھرل کریں بعدہٗ بوٹی قاضی دستار کے آدھ سیر پانی میں کھرل کریں پھر اسی طرح شہد یوی کے ایک پاؤ پانی میں کھرل کریں پھر دودھک سفید گل کے ایک پاؤ پانی میں کھرل کریں بعدہٗ خشک کرکے بذریعہ آتشی شیشی روغن نکالیں، خوراک ایک بوند سکہ گاؤ میں رکھ کر نگل لیا کریں اور اسی کی مالش بھی داغوں پر کریں ۴۰ روز میں شرطیہ آرام ہوگا۔ اکسیر

صفت نسخہ ہے۔

حکیم محمد عمر صاحب حکیم حاذق اول رجسٹرڈ ساکن بڈھا پور ضلع بجنور

(۶۳۲) روغن شفاء دافع امراض دندان ہر قسم درد دانت، درد داڑھ درد کان ورم صلب وغیرہ کے لئے مجرب ہے اور معمول مطب ہے ایک منٹ کے اندر اثر دکھاتا ہے ھوالشافی کریا زوٹائی پیورائی ٹنکچر اوپیائی کلوروفارم ہر ایک نصف ڈرام ٹنکچر بنیز واٹینی کو اڈرام جملہ ادویات کو ایک شیشی میں ملا کر مضبوط کارگ لگا کر رکھ دیں (ترکیب استعمال) درد دندان و داڑھ وغیرہ پر روئی کی پھریری سے لگا دیا کریں، درد کان میں اس کے ہم وزن روغن کنجد ملا کر قدرے گرم کر کے کان میں ڈالیں نہایت مفید نسخہ ہے۔

وید جانکیداس صاحب مہی کرن آیورویدک فارمیسی پٹیالہ سٹیٹ

(۶۳۳) ممسک ھوالشافی چھوہارا ایک عدد دودھ آک ۱ تولہ افیون ۱ ماسہ، پارہ مصفی ۱ ماسہ پارہ اور افیون اور دودھ کو کھرل کر کے چھوہارا کی گٹھلی نکالکر اس میں بھر دیں اور سوت کے تاگے لپیٹ کر آرد ماش ۱۰ تولہ کا اس پر موٹا موٹا لیپ کر کے غلولہ سا بنائیں، اور تین یا چار اوپلوں کی آگ دیں، قریباً اتنی آگ دیں جس سے چھوہارا سرخ سیاہی مائل ہو جائے، آرد سے چھوہارا کو نکالکر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بناویں خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

حکیم حاجی محمد عصمت اللہ صاحب قریشی ساکن پٹیالہ ضلع گورداسپور

(۶۳۴) روغن کافوری ہر قسم کے خون آنے کو روکتا ہے خون حنجرہ، مری پھیپھڑے سے خون آنیکو نہایت مفید ہے کثرت طمث خونی اسہال خونی بواسیر کو بھی بے حد مفید ہے، علاوہ ہیضہ کی اس حالت میں مفید پایا ہے جب مریض کا بدن سرد اور ناخن نیلے پڑ جائیں اسہال سے نڈھال اور بدن میں تشنج جی دورے زوروں پر ہوں۔ اس کی ایک خوراک دینے سے مریض کی آنکھیں کھل جاتی ہیں دست بند ہو جاتے ہیں، بدن گرم ہو جاتا ہے ھوالشافی کافور ۲ تولہ سپرٹ ۴ تولہ کافور کو پیکر شیشی میں ڈال کر اوپر سے سپرٹ ڈالکر

حل کریں۔ خوراک ۲ قطرہ سے ۳ قطرہ تک مصری یا بتاشہ پر ڈالکر ہر دو گھنٹہ کے بعد دے سکتے ہیں، ہیضہ کے لئے ۳ قطرہ ایک چمچہ پانی میں ملا کر دیں،

حکیم غلام محمد صاحب قیصر ساکن ڈیرہ اسماعیل خان

(۶۳۵) حب مسکن اوجاع، ہر قسم کے درد، جوڑوں کے درد، عرق النساء کیلئے مجرب ہے، کوڑیوں کے دوا سے موتیوں کے فوائد دیکھیں ھوالشافی ستاور زنجبیل، اسگند ناگوری مصبر سورنجان شیریں چھلکا بلیلہ کابلی ہر ایک ۱ تولہ سب کو باریک کر کے گھیکوار کے رس ۳ تولہ میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بناویں خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب خالص دیں،

حکیم محمد اسماعیل صاحب چک ۱۴۷ ڈاکخانہ چک ۲۳ ج ب تحصیل جڑانوالہ پنجاب

(۶۳۶) اکسیر برائے عنینان مجرب، دوا بالکل معمولی مگر فوائد میں اکسیر سے بڑھکر مفید ہے عنین کے لئے نہایت عجیب چیز ہے مادر زاد نامردی کے علاوہ ہر قسم کی نامردی کے لئے اکسیر ہے، ایک ہفتہ کے اندر مکمل فائدہ کرتی ہے ھوالشافی تخچھکنی سایہ میں خشک شدہ، زنجبیل ہموزن سفوف بنالیں خوراک ۲ ماسہ سے ۱ تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ جسکو مصری سے شیریں کیا گیا ہو استعمال کریں،

زبدۃ الحکماء حکیم منظور احمد صاحب منظور ایم اے او ایل پرنسپل طبیہ کالج امرتسر

(۶۳۷) جریان کی اکسیری گولیاں، جریان کیلئے مستند اکسیر الاثر گولیاں ہیں نیز رقت منی اور سرعت انزال کیلئے بھی نہایت مفید ہیں ھوالشافی اجوائن خراسانی ۲ تولہ رسونت ۲ تولہ کشتہ مرجان ۱ تولہ کشتہ قلعی ۲ ماسہ سبکو نہایت باریک کر کے بھنگ کے رس میں تین روز متواتر کھرل کر کے ۲ رتی کی گولیاں بناویں خوراک ۱ گولی صبح ایک شام سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں انشاء اللہ چند روز کے استعمال سے جریان کا قلع قمع ہو جائیگا،

زبدۃ الحکماء حکیم مولوی عبدالرحیم صاحب جلیل مدیر لقمان نظام آباد گوجرانوالہ

(۶۳۸) کشتہ سہ دھاتہ، جریان احتلام کے لئے مجرب ہے ھوالشافی قلعی سیسہ جست ہر دو دو تولہ

لیکر کڑاہی میں ڈالکر نیچے تیز آگ جلائیں جب دھاتیں پگھل جائیں تو اجوائن خراسانی باریک شدہ کی چٹکی دیتے جاویں اور سہانجنہ کی لکڑی سے گھوٹتے جائیں تاکہ سب دھاتیں خاکستر ہو جائیں۔ پھر اس خاکستر کو دہی کے آدھ پاؤ پانی میں کھرل کر کے قرص بنا کر گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح تین بار کھرل کر کے تین بار آگ دیں زرد رنگ کا کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی صبح ایک شام ہمراہ مسکہ یا بالائی وغیرہ کے استعمال کریں۔

حکیم محمد صادق صاحب الخورشید شفاخانہ المبارک ستراں والی سیالکوٹ

(۶۳۹) روغن اکسیر برائے تقویت باہ هوالشافی قرنفل ۵ تولہ جائفل ۵ تولہ زعفران اتولہ مشک نافہ ۳ ماسہ سم الفار ا تولہ سب کو ۲۴ گھنٹہ خشک کھرل کریں پھر تین انڈوں کی زردی ملا کر کھرل کر کے بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ خوراک ایک سیخ صبح کو حلوہ میں لگا کر کھلائیں۔ مگر پہلے کوئی مرغن غذا کھالیا کریں۔

حکیم حافظ محمد شریف صاحب رضا منشی فاضل پاکپتن شریف پنجاب

(۶۴۰) جلاب عجیب مجرب، هوالشافی مغز جمالگوٹہ (پوست و پتہ بر آوردہ) مغز بادام شیریں شورہ قلمی، فلفل دراز جملہ ہموزن لیکر خوب رگڑیں جب دوا مثل موم کے ہو جاوے تو قدرے روغن زرد میں بریاں کر کے رکھ لیں۔ خوراک ۲ رتی نیم گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ ہر اجابت کے بعد دو گھونٹ پانی پی لیا کریں اگر دست بند کرنے ہوں تو دودھ گرم شیریں پلائیں (نوٹ) قدرتی تنگی دکھاتا ہے۔

حکیم رتنو لعل صاحب ساکن تھانہ بھون ضلع مظفر نگر

(۶۴۱) نسخہ مجرب برائے گلڑہ، نہایت مفید هوالشافی طوطیا سبز، شب یمانی سفید، سوہاگہ سون مکھی، زنگار، ہیرا کسیس سبز ولائتی ہر ایک ۱۰ ماسہ کشتہ جست دیسی، صمغ عربی ہر ایک ۳ ماسہ سب باریک کر کے سفوف بنا دیں اور پھر گوند میں ملا کر قدرے پانی ڈالکر شیاف بنا دیں۔ بوقت ضرورت گلڑوں پر گھس دیا کریں چند روز میں شفا ہوگی،

حکیم سید افضل حسن صاحب گیلانی چاہ بوہڑ والا، ملتان چھاونی

(۲۴۲۶) کافوری گولیاں، آتشک اور گنٹھیا کے لئے مجرب ہیں علاوہ ازیں جملہ امراضِ سوداوی کے لئے نہایت فائدہ مند ہیں ھوالشافی کافور، رسکپور، کتھہ پاپڑہ موصلی سفید جملہ ہم وزن عرقِ پان میں بیسکر نخود کے برابر گولیاں بناویں خوراک ایک گولی منقی میں خوب بند کرکے تاکہ دانتوں کو نہ لگنے نگل جائیں۔ غذا ارہر کی دال جسمیں روغن زرد خوب ڈالا گیا ہو یا بکرے کے گوشت کا قلیہ یا ڈبل روٹی کے ساتھ کھائیں ان کے علاوہ اور کوئی چیز نہ کھائیں۔

حکیم فقیر محمد صاحب مالک دواخانہ رحمانیہ سیالکوٹ

(۲۴۳) دوائے مقوی باہ ممسک وملذذ مجرب، علاوہ اسہال ہر قسم کھانسی تپ بلغمی اسہال میارکی، تپ دموی کے لئے بھی معمولِ مطب ہے ھوالشافی افیون، شنگرف لوبان کوڑیہ کافور جلوتری ہر ایک ا تولہ مونگ ۲ تولہ، جائفل دارچینی ہر ایک ۲ ماسہ زعفران مونگرہ ۳ ماسہ سبکو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ایک ہاون دستہ میں سب ملا کر ایک گھنٹہ تک خوب کوٹیں بس تیار ہے، خوراک ایک رتی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ امساک کے لئے ایک رتی دو گھنٹہ پیشتر دودھ کے ہمراہ کھائیں اور قدرے لعاب دہن میں گھسکر عضو مخصوص پر لگائیں۔

حکیم غلام محمد صاحب کامل طب والجراحت طبیب ڈسٹرکٹ بورڈ چک ۳۲۸ ہائیلیو

(۲۴۴) حب سرفہ ہر قسم مجرب ھوالشافی رب السوس، ست اسبغول، صمغ عربی، نشاستہ، کتیرا چاول کہنہ ہر ایک ۲ تولہ، افیون، زعفران ہر ایک ۲ ماسہ سب کو باریک کرکے پانی کے ہمراہ نخودی گولیاں بنادیں، خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ سادہ پانی استعمال کریں۔

حکیم محمد عبد العزیز صاحب مالک شفاخانہ عالمی ساکن بھلوال شاہپور

(۲۴۵) لوشن برائے آشوب چشم مجرب، نہایت مفید معمولِ مطب، ھوالشافی پھٹکری حسب

ضرورت لیکر کوزہ گلی میں بند کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر باریک پیس لیں، پھٹکری بریاں، ۱۰ رتی بورک ایسڈ ۵ رتی عرق گلاب اعلےٰ ۵ تولہ سب کو ایک شیشی میں ڈالکر ملالیں، صبح وشام دو تین قطرہ آنکھوں میں ڈالا کریں۔ دوا ڈالنے سے پہلے شیشی کو سرد کرلیا کریں۔

حکیم احمد بخش صاحب ساکن اقبال پور ڈاکخانہ تخت ہزارہ (شاہپور)

(۶۴۶) اکسیری گولیاں، برائے تپ ہر قسم مجرب خصوصاً تپ کہنہ کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ملیریا بخار کہنہ کے لئے ہزاروں بار کا تجربہ شدہ ہیں۔ ھوالشافی کشتہ ابرک سفید، اتیس، طباشیر ست گلو اصلی، دانہ الائچی خورد، کونین فولادی، جملہ ہموزن باریک کرکے لعاب صمغ عربی کی مدد سے گولیاں بناویں، خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بزوری یا کسی اور مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد انور صاحب اعجاز چشتی بدہ کھوکھر براستہ اٹاری (امرتسر)

(۶۴۷) اکسیر برائے دردسر دودی مجرب ھوالشافی، ہنگ، کافور ہر ایک ۱ ماسہ باریک کرکے روغن گل ہیں حل کرکے تین چار بوند ناک میں ٹپکائیں۔

حکیم نواب الدین صاحب ساکن رسول پور چک ۱۷۳ ضلع شیخوپورہ،

(۶۴۸) نسخہ برائے سوزاک مجرب المجرب یہ نسخہ سوزاک قرحہ بیپ کے لئے نہایت اکسیر ہے، پرانے سے پرانے سوزاک کو بیخ وبن سے اڑا دیتا ہے ھوالشافی گندہ بیروزہ مصفی ۲ تولہ، کھیل نخود ۱ تولہ بیخ سنکھاہولی ۵ تولہ، کشتہ سنگجراحت، کاکنج، کتھ سفید، گل ارمنی، زیرہ سفید، جوکھار سرد چینی ہر ایک ۳ ماسہ رال ۶ ماسہ سرمہ سفید ۱ تولہ، سنگ سرماہی، ۶ ماسہ گل درخت سفیدہ ۱۰۰ اعداد، شورہ قلمی، سمندر سوکھ، کتیرا، ہر ایک ۷ ماسہ، روغن صندل، روغن کباب چینی ہر ایک ۲ تولہ، روغن گندہ بیروزہ ۷۰ بوند سب کو باریک کرکے ملاکر ایک ایک ماسہ کی گولی بناویں، خوراک ایک گولی صبح ایک شام شربت بزوری کے ہمراہ استعمال کریں، خاندانی مجرب نسخہ ہے،

حکیم محمد خان صاحب فاضل طب والجراحت جیکب آباد (سندھ)

(۶۴۹) سفوف اکسیر شفا مجرّب، مقوی معدہ ہاضم طعام محلل ریاح، مولد خون صالح ہے، ھوالشافی نمک سانبھر نصف سیر فلفل سفید، تولہ ۱۰ ماسہ، نوشادر زنجبیل فلفل سیاہ پودینہ خشک ہر ایک ۲ تولہ، ۷ ماسہ تخم کرفس ۳ تولہ ۱۱ ماسہ سب کو باریک کر کے ملالیں، خوراک ۲ ماسہ ہمراہ عرق سونف یا تازہ پانی کے استعمال کریں،

حکیم لالہ ہرچند رائے شورام صاحب رام باغ روڈ، کراچی

(۶۵۰) حبوب برائے اُم الصبیان مجرّب، سریع الاثر بے خطا نسخہ ہے ھوالشافی جدوار، عود صلیب، زہر مہرہ عنبر اشہب ہر ایک ۱ ماسہ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے عرق بید مشک میں ایک ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بناویں خوراک ۲ گولی ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ، عرق سونف ۴ تولہ کے استعمال کریں،

حکیم مہنتہ بدری ناتھ صاحب ساکن ستراہ ضلع سیالکوٹ

(۶۵۱) روغن شفا کافوری مجرّب، دانتوں کے دردوں میں مفید ہے ھوالشافی، کافور کاربالک ایسڈ ہموزن ایک ڈھکن والی شیشی میں ڈالکر مضبوط بند کر دیں، اور پانی میں رکھ دیں، چند منٹ میں روغن ہو جائیگا، روئی کی پھریری سے درد والے دانت پر لگائیں مجرب المجرب ہے،

حکیم الشیر داس صاحب ساکن کنجاہ ضلع گجرات پنجاب

(۶۵۲) تریاق آتشک مجرب، بلا کسی تکلیف کے مرض کو بیخ و بن سے اکھیڑ دیتا ہے اسہال، گرمی گھبراہٹ منہ کے آنے وغیرہ کی تکلیف نہیں ہوتی مرض دوبارہ عود نہیں کرتی نیز ناسور بھگندر خنازیر پرانے پھوڑے کے لئے مجرب ہے ھوالشافی رسکپور ۱ تولہ، نیلہ توتیا ۳ تولہ بلیلہ سیاہ ۳ تولہ سب کو باریک پیسکر بکصید لیموں کے پانی میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بناویں، خوراک

ایک گولی دودھ کی دہی کے ہمراہ کھلائیں، خنازیر وغیرہ پر پانی میں گھس کر صبح و شام لگاویں،
(نوٹ) دوا استعمال کرنے سے پہلے صافن کا فصد کرنا بہتر بلکہ نہایت مفید ہے،

حکیم سید نصیر علی شاہ صاحب ساکن رہنہ سیداں ضلع جہلم

(۶۵۲) نسخہ برائے درد گردہ، سو فیصدی مجرب ھوالشافی سوڈا خوراکی ۱ تولہ آب حنظل اسیر میں کھرل کرکے رکھ لیں، خوراک ۱ ماسہ ہمراہ عرق بادیان، پہلی خوراک سے مکمل فائدہ نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیں، مکمل فائدہ ہو جائے گا،

حکیم محمد عبد الرزاق صاحب سند یافتہ ساکن بھون ضلع جہلم

(۶۵۴) عرق الطحال مجرب عظم طحال کے لئے نہایت مفید ہے، چند خوراکوں میں طحال کو تحلیل کر دیتا ہے ھوالشافی سالٹ ۵ تولہ تیزاب شورہ ۱ تولہ کاہی سبز ۳ ماسہ کونین فولادی ۶ ماسہ علاوہ تیزاب و شورہ کے تمام دواؤں کو پیسکر ایک بوتل میں ڈالکر بوتل کو نصف تک پانی سے بھر کر خوب ہلا دیں، اس کے بعد تیزاب ڈالکر ہلا کر رکھ دیں، دوسرے دن بوتل کو پانی سے بھر دیں، تیار ہے، کل ۴۰ خوراکیں کر لیں، ایک خوراک روزانہ کھانا کھانے کے بعد پی لیا کریں،

حکیم نادر خان صاحب ساکن ڈھڈھی تھل ضلع جہلم

(۶۵۵) نسخہ دق الاطفال، جو بچہ دن بدن کمزور اور سوکھتا جاتا ہے، دست مثل پانی کے پھٹے ہوئے اور بدبودار بے حد آتے ہیں، پیاس کا بھی غلبہ ہوتا ہے، اس کے لئے بہت عجیب اور اکسیر الاثر نسخہ ہے ھوالشافی طباشیر کبود، دانہ ہیل خورد، کہربا شمعی، ست گلو، مغز تخم کدو شیریں تخم کاسنی، خرفہ سیاہ، تخم لیموں کاغذی، زرد خالص اعلےٰ ہر ایک ۴ ماسہ اور زہرہ مہرہ و نارجیل ہر ایک ۱ تولہ۔ عرق بید مشک میں پیس کر اس عرق میں سب ادویہ کھرل کرکے قرص بقدر ۱ ماسہ کے تیار کر لیں۔ خوراک روزانہ ایک قرص پانی میں پیسکر پلاویں،

حکیم و ڈاکٹر خدا بخش صاحب ایم ایس بی جی چیک براستہ اقبال نگر ضلع منٹگمری

(۶۵۶) چنبل کا خوردنی مجرب نسخہ ھوالشافی گوند بھیلاوہ ۲۰ تولہ طوطیا ۱ ماسہ دونوں کوٹ کر ملا کر حبوب بقدر سے نخود بناویں، خوراک ایک گولی صبح ہمراہ باسی پانی کے استعمال کریں، نمک مرچ سرخ سے پرہیز، ایک ہفتہ تک ہانڈی نہ کھائیں، غذا دودھ چاول چوری پلاؤ وغیرہ،

حکیم مقصود احمد خان صاحب مستند منبع الطب کالج لکھنؤ ساکن موئی ضلع بارہ بنکی

(۶۵۷) حبوب برائے سوکھا مسان اطفال مجرب، ھوالشافی گل دیگ دان سوختہ ۶ ماسہ سم اسپ مشکی سوختہ ۶ ماسہ ہر دو کو باریک کرکے پانی کے ذریعہ مونگ کے برابر گولیاں بناویں، اور سایہ میں خشک کرلیں خوراک ۶ ماہ کے بچہ کو ایک گولی روزانہ ہمراہ شیر مادر ایک سال کے بچہ کو ۲ گولی ایک صبح ایک شام بچہ دن بدن موٹا ہوتا جاویگا، نہایت عجیب الاثر نسخہ ہے،

حکیم حافظ محمد قسیم الدین صاحب ساکن کھاتولی ضلع مظفر نگر

(۶۵۸) اکسیر برائے لقوہ بے مثل چیز ہدیہ ناظرین ہے ھوالشافی چھلکا ریٹھہ ۳ تولہ قند سیاہ ۲ تولہ چھلکا کو خوب باریک کرکے قند میں ملا کر کوٹیں اور گولیاں بقدر نخود بناویں خوراک ایک گولی صبح، ایک شام بعد از طعام ہمراہ سادہ پانی استعمال کریں،

حکیم سید سعادت مند صاحب ہاشمی گجرات پنجاب

(۶۵۹) معجون خاص الخاص، مقوی باہ و سرور افزا، ازالہ بکر کے لئے نہایت عجیب ہے شہوت جماع کو خوب تندی سے پیدا کرتی ہے جو شخص عورت سے جماع کرنے میں عاجز ہو، اس کے لئے نہایت عجیب تحفہ ہے ھوالشافی مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک ۲ ماسہ زنجبیل، دارچینی، قلمی شورہ ثعلب مصری، شقاقل، جاں فل، اندر جو شیریں، مصطگی رومی عمدہ، زعفران اصلی، فلفل دراز، بوزیدان گل سرخ، بہمن سرخ بہمن سفید، بلبون، تخم گاجر ہر ایک ۴ ماسہ حب القلقل ۵ ماسہ برگ بھنگ

ہم تولہ ۸ ماسہ سب کو خوب باریک پیسکر شہد خالص کف گرفتہ ۲ چھٹانک میں ملا کر بطریقہ معروف معجون بناویں خوراک ۴ رتی سے ایک ماسہ تک ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم سید احمد شاہ صاحب ساکن بصیر پور ضلع منٹگمری

(۶۶۰) سفوف احتلام هوالشافی تالمکھانہ، بیج بند، گوکھرو، مازو، مائیں، اندر جو، گل دھاوا، موچرس، سمندر سوکھ، پوست بیخ بانسہ ہر ایک اتولہ، اقاقیا ۲ تولہ مصری ۴ تولہ سفوف بنالیں خوراک ۶ ماسہ صبح ۶ ماسہ شام ہمراہ دودھ شیریں کے استعمال کریں۔

حکیم میاں عبداللہ خاں صاحب ساکن کوٹ مغل ڈاکخانہ شرق پور (شیخوپورہ)

(۶۶۱) مسہل اکسیر مجرب، تینوں خلطوں کو نکالتا ہے موسم کی کوئی قید نہیں، نہایت عجیب چیز ہے، سخت مزاجوں کو دینا چاہیئے، بنا کر دعائے خیر سے یاد فرماویں هوالشافی، حلابہ، گلسرخ، ترنجبین گل بنفشہ، سنائمکی، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ منقی ہر ایک اتولہ، سب کا سفوف بنالیں پھر ایک کونڈہ ڈنڈہ میں مغز جمالگوٹہ مدبر ۳ تولہ ڈالکر خوب گھوٹ کر سفوف مذکورہ ڈالکر شہد ملا کر گھوٹنا شروع کریں پھر اوپر سے روغن گاؤ خالص ۵ تولہ ڈالکر تقریباً دو گھنٹہ تک خوب گھوٹ کر رکھدیں، ترکیب استعمال، پہلے صبح شام مرغن کھچڑی کھلا کر اگلی صبح کو یہ مسہل نازک مزاج والوں کو ایک ماسہ، سخت مزاج والوں کو ۱۰ ماسہ ہمراہ پانی یا دودھ گھی شیریں سے دیں۔ اسہال بند کرنے ہوں تو اسبغول اتولہ ہمراہ شربت کھانڈ دیویں، تو لنج کے لئے ۳ ماسہ تک ہمراہ دودھ استعمال کرائیں، غذا بعد میں بھی ایک دن کھچڑی دیں۔

ڈاکٹر و حکیم محمد فضل اللہ صاحب عرف محمود گلزار حوض حیدر آباد دکن

(۶۶۲) حبوب درد گردہ مجرب هوالشافی ریٹھہ ایک عدد کا چھلکا اور اس کا مغز جس سے سیاہی اور درمیانی زردی دور کی گئی ہو باریک کر کے پانی کے ذریعہ پانچ گولیاں بناویں، خوراک ۱ گولی تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کراویں فوراً اثر کریگی۔

حکیم فتح محمد صاحب ساکن بنجگراہیں تحصیل راجوری ریاست جموں

(۶۶۳) ضماد محبت، نہایت مقوی باہ وممسک و مانزو منزل ہے ملذذ اس قدر ہے کہ رحم خود بخود اس کی طرف آجاتا ہے، کئی عورتیں اس نسخہ کے استعمال سے حاملہ ہوگئی ہیں هوالشافی، عقرقرحا، لونگ مومیائی زفت، عطرحنا، عطرنرگس، عطرگلاب، قضیب خرس جملہ ہموزن خشک ادویہ باریک مثل میدہ کے کرکے عطریات میں ملادیں اور ضرورت کے وقت ضماد کرکے مشغول ہوں۔

حکیم جیونداس صاحب کپور حکیم حاذق جھنگ شہر

(۶۶۴) دوائے حبس بول مجرب، جو کسی دوا سے جاری نہ ہو اس دوا کے استعمال سے فوراً کھل جاتا ہے هوالشافی ریوند چینی اتولہ کوٹ کر اول کھالیں۔ اوپر سے شیرہ خارخسک خورد، شیرہ تخم خیارین، شیرہ تخم خربزہ، شیرہ تخم کاسنی ہر ایک ۶ ماسہ آب تازہ میں نکال کر شربت بزوری بارد ۳ تولہ حل کرکے پلائیں۔

حکیم ڈاکٹر سندر سنگھ صاحب چک ۳۸ ج تحصیل سرگودہ پنجاب

(۶۶۵) تریاق عرق النساء، جملہ امراض ریاحیہ و درد ہر قسم کے لئے خصوصاً عرق النساء کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ هوالشافی سم الفار سفید ۵ ماسہ، نمک شیشہ ۵ تولہ سردو باریک کھرل کرکے شیر مدار سے خوب تر کرکے ایک کوزہ گلی میں ڈالکر گلحکمت کرکے دو سیر اوپلوں کی آگ دیویں، پھر نکال کر اس دوائی میں مرچ سیاہ فلفل دراز تخم کرفس اجوائن خراسانی ہر ایک ۳ تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کرکے ملادیں بعد آب لیموں سے سب کو ایک روز کامل کھرل کرکے حبوب لقدر نخود بنا دیں، خوراک ایک سے دو گولی تک سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں

حکیم کرم الٰہی صاحب ساکن بنجگراہیں تحصیل راجوری جموں

(۶۶۶) جوارش برائے مراقیہ و ریح البواسیر و باؤ گولہ مجرب المجرب، ریاح خوب خارج ہوتے

ہیں ہضم اچھا ہوتا ہے، دل و دماغ معدہ جگر کو طاقت دیتی ہے قبض کشا اعلےٰ درجہ کی ہے ھوالشافی مربہ ہلیلہ ۷ عدد مربہ سیب ۵ تولہ رب آملہ ۷ تولہ رب ہلیلہ ۷ تولہ مصطگی ۷ ماسہ الائچی خورد ۷ ماسہ زیرہ سفید ۹ ماسہ دانہ الائچی کلاں سنبل الطیب ۵ ماسہ مرچ سفید ۵ ماسہ مرچ سیاہ ۳ ماسہ گلسرخ ۵ ماسہ گل سیوتی ۳ ماسہ گل گاؤزبان ۵ ماسہ انگوزہ مدبر ۷ ماسہ پودینہ ۷ ماسہ مصری ۱۰ تولہ عرق گلاب ۱۰ تولہ خشک دوائیں کوٹ چھان کر مربہ جات کے ہمراہ ملا کر رب ہلیلہ رب آملہ اور مصری کا عرق گلاب میں قوام کرکے باقی دوائیں مذکورہ ملا کر جوارش تیار کریں خوراک ۹ ماسہ سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں،

حکیم دھرم راج صاحب گولڈن میڈل آنرز بمبئی، بازار کراچی

(۶۶۷) کشتہ پارہ سنگا، اکسیر نمونیا، نمونیا، ذات الصدر، ذات العرض، شوصہ ذات الجنب کے لئے اکسیر اور مجرب ہے ھوالشافی پارہ سنگھا ۵ تولہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے شیر مدار سے تر کرکے رکھ دیں۔ جب خشک ہو جائے تو ایک کوزہ گلی میں ڈالکر خوب گل حکمت کرکے ۵ اسیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں، اسی طرح تین آنچیں دیں۔ خوراک ۱ ماسہ لیکر ایک ماسہ سفوف مدار میں ملا کر ہمراہ عرق اجوائن ۵ تولہ عرق سونف ۵ تولہ استعمال کرائیں، نازک مزاج مریض کو خوراک کم دیں، نسخہ سفوف مدار، پوست بیخ مدار ۹ ماسہ افیون ۳ ماسہ قلمی شورہ ۲۷ ماسہ سفوف بنالیں،

ڈاکٹر و حکیم عزیز علی صاحب ایڈیٹر اخبار یاد خدا چنیوٹ ضلع جھنگ

(۶۶۸) تریاق برائے سنگرہنی و اسہال ہر قسم مجرب، اس نسخہ کی جتنی تعریف کیجائے تھوڑی ہے۔ سنگرہنی جیسے عسر العلاج مرض اور اسہال کہنہ کو چار پانچ خوراک سے بفضل شافی شفا ہو جاتی ہے ھوالشافی سنکھ ۵ تولہ باریک کرکے آب لیموں تھوڑا تھوڑا ڈالکر کھرل کرتے رہیں جب ایک پاؤ آب لیموں جذب ہو جائے تو دوا مذکور کی ۵ ٹکیاں تیار کریں اور خشک کرکے استعمال کریں۔

حکیم وشنو داس صاحب ساکن رکن ضلع گجرات پنجاب

(۶۶۹) حب سعال، خشک کھانسی کے لئے نہایت مفید ہیں عام اقسام کھانسی کے لئے بھی

بہت مفید ہیں ھوالشافی تخم کاہو، تخم خرفہ، رب السوس، خطمی، بہیدانہ کتیرا ہر ایک ۳ ماشہ، مغز کدو مغز خیار، مغز بادام ہر ۲ ماشہ سب دوائیں باریک پیس کر اسبغول کے لعاب کے ذریعہ گولیاں بقدر نخود تیار کریں بوقت ضرورت ایک دو گولیاں منہ میں رکھکر چوسیں۔

حکیم غلام علی شاہ صاحب قریشی ہاشمی چوہال ضلع گجرات

(۶۷۰) روغن مقوی باہ، دافع جریان، ضعف جگر، ضعف معدہ وضعف مثانہ وغیرہ کے لئے اکسیری دوا ہے، ھوالشافی سم الفار سفید ۱ تولہ رتیاں سفید ۲ تولہ مہوکڑی ۲ تولہ تینوں دوائیں باریک پیس کر دس سیر شہد گاؤ میں ڈالکر آگ پر رکھیں جب نصف رہ جاوے تو جغرات لگا کر صبح بلو کر مکھن اور دھوپ میں رکھکر صاف گھی نکال لیں، خوراک ۲ قطرہ صبح کو مکھن میں رکھکر استعمال کریں،

حکیم محمد صادق صاحب حاذق فیروزپور شہر،

(۶۷۱) اکسیر برائے مبارکی، مجرب معمول مطب ہدیہ ناظرین ہے ھوالشافی مروارید ناسفتہ بہتی کشتہ سنکھ، کشتہ مرجان برادہ استخوان، سرطان ہر ایک ۱۰ ماشہ ورق طلاء ۵ عدد، ورق نقرہ ۵ اعدد پہلے مروارید کو ۱۰ گھنٹہ تک روح کیوڑہ میں کھرل کریں پھر ادویہ کو باریک کرکے ملادیں، آخر ورق ایک ایک کرکے کھرل کرکے رکھلیں، خوراک ارتی بچہ کے لئے ½ حصہ منقہ یا بتاشہ میں رکھ کر کھلا کر بعد میں عرق گلاب پلائیں،

حکیم مولوی گوہر الدین صاحب گوڑمانی ضلع مظفر گڈھ

(۶۷۲) سفوف لاجواب مجرب، جریان، کثرت احتلام، سرعت ضعف باہ کیلئے نہایت مفید ہے ھوالشافی ثعلب مصری موصلی سفید مغز تخم تمر ہندی نیم بریاں، بہمن سفید، ستاور سنگھرا حبت دودو ہر ایک ۱ تولہ، مغز بادام شیریں منقشر ۳ تولہ، کشتہ قلعی (جو بھنگ میں تیار کیا گیا ہو) کشتہ مرجان ہر ایک ۶ ماشہ، نبات سفید ۱۴ تولہ، کشتوں کے بغیر سب کا سفوف بنا کر بعد میں کشتے ملادیں، خوراک ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں، ترش وگرم وتیل والی اشیاء اور جماع سے پرہیز،

حکیم محمد اسماعیل صاحب دائرہ سید گلاب میاں پالن پور سٹیٹ ملک گجرات

(۶۷۳) دمہ کا علاج مجرب هوَالشافی سم الفار سفید ۶ ماسہ، سفوف پارہ سنگھا ۵ تولہ سرد وادوہ کو آدھ سیر تماکو کے پھولوں کے رس میں خوب سحق کریں۔ پھر اس کو ایک پاؤ بھر فلفل دراز، اور ایک پاؤ بھر ڈوڈہ دھتورہ کو کوٹ کر نغدہ بنا دیں، اس کے درمیان رکھکر خوب گل حکمت کر کے آٹھ سیر تھاپیوں میں رکھ کر پھونک دیں، سرد ہونے پر کشتہ نکالکر شراب برانڈی ایک پاؤ میں کھرل کر کے شیشی میں سنبھال رکھیں۔ خوراک اچاول پتاشہ میں رکھکر کھلا دیں، ایک ہفتہ تک استعمال کرنے سے دمہ جڑ سے جاتا رہے گا، نہایت مفید اور مجرب ہے۔

حکیم محمد عبد السلام صاحب نجشی بازار الہ آباد

(۶۷۴) نسخہ مجرب برائے بواسیر خونی وبادی نہایت مفید هوالشافی ناگیسر ۵ تولہ کنجد مقشر ۵ تولہ باریک کر کے ہموزن قند سفید ملالیں خوراک ۲۱ ماسہ روغن زرد کے ہمراہ استعمال کریں، تیز وسوداویت افزا اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

حکیم چودھری جمال الدین صاحب ساکن آدم کے ضلع سیالکوٹ

(۶۷۵) ملذذ، بے ضرر اس کے استعمال سے سرکش عورت بھی فرمانبردار ہو جاتی ہے هوَالشافی کافور سہاگہ ہموزن باریک کر کے شہد خالص کے ذریعہ عضوِ مخصوص پر چاروں طرف ضماد کریں، خشک ہو جانے پر ضماد چھڑا کر ضربت کریں طرف ثانی فرطِ لذت سے بیقرار ہو جائے گی،

حکیم حاکم علی صاحب چک نمبر ۲۴۴ کوڈانہ براستہ چنیوٹ پنجاب

(۶۷۶) حب زہر مہرہ برائے موسمی بخار، هوَالشافی زہر مہرہ، طباشیر، کیوڑا، دانہ الائچی خورد، ست گلو ہر ایک ۱ تولہ کافور کونین ہر ایک ۳ ماسہ سب کو خوب باریک کر کے شیرہ اسپغول کے ہمراہ نخود سے کچھ بڑی گولیاں بنا دیں خوراک ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام سادہ پانی کے ہمراہ استعمال

کریں۔ اگر باری کا بخار ہو تو باری آنے سے پیشتر ۳ گھنٹہ ایک گولی اور ۲ گھنٹہ پہلے ایک گولی۔ اور ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی سادہ پانی سے دیں اس روز بخار نہ ہوگا مجرب المجرب نسخہ ہے،

خادم الفقراء شبیر محمد صاحب گوندل چک ۲۴۶ ڈاکخانہ عباس پور لائل پور

(۶۷) نسخہ مجرب برائے اسقاط حمل، اگر حاملہ عورت کو خون آنا شروع ہو جائے تو یہ نسخہ عورت کو دیں انشاء اللہ خون بند ہو جائیگا، ھوالشافی پوست انار ۹ ماشہ تخم بلاس ۱ تولہ سردو کو کوٹ کر ۳ پاؤ پانی میں جوشدیں جب ایک پاؤ رہ جاوے دو تین بار ہر دوسرے گھنٹہ عورت کو پلائیں،

حکیم محمد فضل الرحمن خان صاحب ریاست نالہ گڑھ ضلع انبالہ

(۶۸) حب ممسک، یہ وہ گولیاں ہیں جنکے استعمال سے کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ نہیں بلکہ جماع کے بعد تکان تک محسوس نہیں ہوتی قارئین گنج شائگان بنا کر فائدہ اٹھائیں ھوالشافی افیون ۴ رتی زعفران اصلی ۱ ماشہ جوزبوا ۲ رتی قرنفل گلدار ۲ رتی، مشک ۴ رتی، تج قلمی ۱ ماشہ اجوائن خراسانی، اجوائن دیسی، عقرقرحا، لباسہ ہر ایک ۱ ماشہ تخم دھتورہ ۳ دانہ سب کو باریک پیس لیں اور چھوہارا میں جسکی گٹھلی نکال دی ہو بھر کر آرد گندم کے غلولہ میں بند کر دیں۔ اور گرم خاکستر میں دفن کریں حتے کہ غلولہ خوب سرخ ہو جائے اسوقت غلولہ مذکور کو نکال کر سرد ہونے دیں، بعد ازاں خرما سے ادویہ نکال کر ۲ حصہ کریں اور ایک حصہ دو گھنٹے قبل از جماع کھا کر عقب میں شیر گاؤ آدھ سیر شیریں پلاویں (نوٹ) مذکورہ اوزان ادویہ ایک خرما کے لئے مقرر کردہ ہیں۔ اسی حساب سے زیادہ مقدار میں گولیاں تیار کر سکتے ہیں۔

حکیم جمال الدین صاحب جراح ساکن للیانی ضلع شاہ پور

(۶۹) نسخہ برص مجرب ھوالشافی پوست ہلیلہ بلیلہ آملہ ہر ایک ۱۰ تولہ افتیموں ۱۰ تولہ، عقرقرحا چترا ہر ایک ۷ ماشہ فلفل دراز ۴ ماشہ تج ۴ ماشہ شہد خالص ۱ پاؤ سب باریک کرکے چھٹانک شہد ملاویں، خوراک ۶ ماشہ روزانہ صبح کو کھائیں۔ اور یہ نسخہ داغوں پر لیپ کریں، نسخہ لیپ

گیری ۱۰ تولہ بابچی ۱پاؤ گندھک آملہ سار ۵ تولہ سب کو پیس کر یک جان کریں۔ اور بقدر ضرورت سرکہ ملا کر لیپ بنا کر داغوں پر لگایا کریں۔

حکیم محمد اسحاق صاحب ساکن قاضی پور ڈاکخانہ ڈوبل (کشمیر)

(۶۸۰) اکسیر درد گردہ، درد گردہ کا اطمینانی نسخہ ہے ھوالشافی افسنتین، مصبر، نوشادر، سہاگہ ہر ایک ۱تولہ فلفل گرد ۱۰ تولہ افیون ۶ ماسہ سب کا سفوف بناویں خوراک ۲ رتی ہمراہ آب سادہ کھلاویں،

حکیم نانک چند صاحب ساکن کھنڈہ، ضلع اٹک

(۶۸۱) تریاق مار گزیدہ، جس شخص کو سانپ کاٹے اور زخم بنکر پیپ بہنی شروع ہو جائے اسکے لئے سو فیصدی مجرب نسخہ ہے ھوالشافی نمک لاہوری ۲ تولہ سرکہ ۱تولہ بھیڑ کا دودھ ۱تولہ، نمک کو باریک کرکے سر سہ ادویات آگ پر رکھیں۔ جب بننے کے قابل ہو جاوے تو ٹکیہ بنا کر زخم پر باندھیں آٹھ پہر کے بعد کھول کر کے پھر تازہ ٹکیہ باندھیں ۳ ٹکیہ ۳ دن باندھنے سے تمام زہر خذب کر لیتی ہیں۔

حکیم عبدالرحمن صاحب ساکن واہلے ڈاکخانہ پسرور (سیالکوٹ)

(۶۸۲) کشتہ قلعی برائے جریان ورقت وسرعت عجیب ھوالشافی قلعی ۵ تولہ، کرنجوہ ۵ تولہ، پرانا کپڑا ۱ پاؤ پہلے قلعی کو کوٹ کر ورق بنالیں پھر کرنجوہ کو ہاون دستہ میں نیم کوفتہ کریں۔ پھر ایک کپڑے پر نصف کرنجوہ پھیلا کر قلعی پھیلا دیں پھر اوپر دوسرا کرنجوہ پھیلا دیں اور کپڑے کی پوٹلی بنالیویں۔ اور پرانے کپڑے کی لمبی لمبی دھجیاں کر کے پوٹلی پر لپیٹ دیں اور ہوا سے بچا کر دہکتا ہوا کوئلہ رکھ دیں، سرد ہونے پر قلعی شگفتہ سنبھال لیویں اور پیس کر محفوظ رکھیں خوراک ۲ رتی مسکہ میں استعمال کریں۔

حکیم سید محبوب علی شاہ صاحب مجتبی سجادہ نشین درگاہ پاک حضرت سید الہی بخش صاحب فضل آباد ضلع منٹگمری

(۶۸۳) روغن برق، درد ہر قسم، عصبی امراض مثلاً فالج تشنج رعشہ خدر استرخاء عضو مخصوص کے لئے نہایت مجرب ہے ھوالشافی انیسوں ۹ ماسہ، سنبل الطیب ۹ ماسہ زیرہ کرمانی، فلفل سیاہ،

قسط تلخ عقرقرحا، فرفیون، گل مکو تخم ترہ تیزک، تخم سداب، سورنجان تلخ، دارچینی ہر ایک ۲ ماسہ پوست بیخ کرفس، کچلہ عشبہ بابونہ اکلیل الملک مکو ہر ایک ۱ تولہ سب کو جوکوب کر کے ۲۴ گھنٹہ تک ۱۰ سیر پانی میں بھگو رکھیں، بعدہٗ جوش دیں جب آدھ سیر پانی رہ جاوے تو مل چھان کر آہنی کڑاہی میں ڈالکر روغن کنجد ۱ پاؤ ملا کر جوش دیں تمام پانی جل جانے کے بعد روغن سنبھال رکھیں، گرم کر کے آہستگی سے مالش کیا کریں۔

حکیم سید حاکم علی شاہ صاحب اعجاز منزل وزیر آباد پنجاب

(۶۸۴) حب اکسیر لقوہ، لقوہ کے سینکڑوں نسخہ جات سے اعلیٰ و ارفع ہے، کئی بار کا تجربہ شدہ ہے کبھی خطا نہیں گیا قابلِ اعتبار چیز ہے ھوالشافی مٹھا تیلیہ جائفل، فلفل دراز، اجوائن، مرچ سیاہ زنجبیل جلوتری ہر ایک ۲ ماسہ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ سب کو باریک پیسکر قند سیاہ کے ساتھ ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنا دیں، اگر ضرورت ہو تو سادہ پانی بقدر ضرورت ملا سکتے ہیں خوراک ۲ گولی صبح ۲ شام ہمراہ ماءالعسل ۵ تولہ کے استعمال کریں۔

حکیم محمد علی خان صاحب نقشبندی مجددی محلہ شاہ گنج حیدرآباد دکن

(۶۸۵) اکسیر برائے ورم و درد گوش اکسیر الاثر مجرب ھوالشافی لہسن کی صاف شدہ ڈلیاں ۱۰ عدد کو روغن کنجد ۵ تولہ میں ڈالکر آگ پر رکھیں جب ڈلیاں جلکر سیاہ ہو جاویں تو اتار کر کپڑے سے نیل کو چھان لیں پس تیار ہے صبح شام تین چار قطرے قدرے گرم کر کے کان میں ڈالیں،

زبدۃ الحکماء حکیم قمر الدین صاحب خالد شبش محل پارک لاہور

(۶۸۶) نسخہ مخرج سنگ گردہ و مثانہ، چند دن کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔ پتھری کا اس سے بہتر اور کوئی علاج نہیں ہے ھوالشافی جنگلی سوئے کے پتے ۶ ماسہ نمک لاہوری ۴ رتی مرچ سیاہ ۵ دانہ تینوں چیزوں کو آدھ پاؤ پانی میں پیسکر بغیر چھانے پلائیں، یہ ایک خوراک ہے، ایسی چند خوراکیں استعمال کرائیں،

حکیم قاضی عبد الحق صاحب انصاری راولپنڈی بازار توپ خانہ

(۶۸۷) نسخہ مصفی خون ھوالشافی چھال نیم ہلیلہ زرد ہر ایک ۲ تولہ عشبہ منڈی بوٹی، شاہترہ چوب چینی ہر ایک ۳ تولہ سب کا سفوف بناویں خوراک ایک تولہ ہمراہ شربت عناب ۳ تولہ عرق شاہترہ ۱۰ تولہ استعمال کریں (نوٹ) پہلے کوئی مسہل دیکر صفائی شکم کرالیں۔

ابوظفر سید اخلاق حسین صاحب رضوی المعروف حکیم رفیق عالم نالگنڈہ حیدر آباد دکن

(۶۸۸) نسوار برائے نزلہ زکام شقیقہ عصابہ، مرگی ام الصبیان مجرب ھوالشافی نک چھکنی، کشمیری پتر، اسطخودوس ہر ایک ۲ تولہ نوشادر ۷ ماسہ چھلکا ریٹھہ ۵ ماسہ سب کو باریک مانند نسوار کے کرلیں۔ بطور نسوار استعمال کریں معمول مطب نسخہ ہے،

حکیم مولوی فضل الہی صاحب سند یافتہ لوہاری منڈی لاہور

(۶۸۹) النسخہ برائے قلاع (منہ آنا) مجرب بے خطا ھوالشافی گلسرخ کشتہ سفید، شورہ قلمی الائچی خورد ہر ایک ۳ ماسہ، کافور ۱ ماسہ نیلہ توتیا بریاں ۲ رتی سب کا باریک سفوف بناویں، قدرے دوائی لیکر دن میں دو تین بار چھالوں پر لگاویں، مجرب اکسیری نسخہ ہے۔

ڈاکٹر محمد علی افضل صاحب ساکن راجپور بھائیاں ضلع ہوشیارپور

(۶۹۰) اکسیر برائے تپ موسمی، شب یمانی سفید ۵ تولہ شورہ قلمی ۲ تولہ دونوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے کڑاہی میں بریاں کرلیں۔ پھر ایک تولہ گیرو ملا کر سفوف بنالیں خوراک ایک رتی سے ۴ رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ موسمی بخاروں کے لئے اکسیر ہے۔

حکیم مرزا صاحب جان جاناں نقشبندی مجددی حسینی عَلم خیدر آباد دکن

(۶۹۱) اکسیر العین، جالا پھولا دھند غبار خارش کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی پھٹکڑی سفید، شورہ قلمی

سمندر جھاگ، نمک سیندھا ہر ایک ا تولہ نوتیا ۲ سبز بریاں ۶ ماشہ سب دو روز تک مرس کے پتوں کے
پانی میں کھرل کرکے خشک کریں۔ جسقدر زیادہ کھرل کیا جائے زیادہ مفید ہوگا۔ ایک ایک سلائی رات
کو سوتے وقت آنکھوں میں لگاویں۔

زبدۃ الحکماء حکیم محمد عظیم صاحب کنجاہ ضلع گجرات

(۶۹۲) مرہم اکسیر برائے خارش ہر قسم ھو الشافی سیماب گندھک آملہ سار، باچی، کمیلہ
سندھور، مرچ سیاہ، نیلہ توتیا، مشک کافور ہر ایک ا تولہ پہلے گندھک اور سیماب کی کجلی بنائیں پھر
سب ادویہ نہایت باریک کرکے سفوف بنائیں (ترکیب استعمال) بوقت ضرورت سفوف سے دوگنا
گائے کا مکھن جو ایک سو ایک بار پانی میں دھولیا گیا ہو ملاکر مرہم بناویں۔ بقدر ضرورت لے کر خارش
پر خوب مالش کریں تین چار دن کی مالش سے ہر قسم کی خارش دور ہو جاتی ہے۔

تاج الاطباء مولانا حکیم نور محمد صاحب صدر بازار راولپنڈی

(۶۹۳) تریاق احتلام مجرب ھو الشافی مغز تخم توری تلخ، مغز تخم تمر ہندی، افتیموں ہموزن سب
باریک کرکے صمغ عربی کے پانی کے ذریعہ گولیاں بقدر نخود بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ
لسی یا آب سادہ کے دیں۔ سات خوراک کافی ہونگی۔

ممتاز الاطباء حکیم گلاب سنگھ صاحب چوہالوی متصل پرانہ ہسپتال جہلم شہر

(۶۹۴) کشتہ سنکھ، جریان کے لئے خصوصیت سے مفید اور مجرب ہے۔ ھو الشافی سنکھ کا ٹکڑا
۴ تولہ لیکر ایک سیر لوہلی بوٹی کے نغدہ میں رکھکر ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں خوب پھولا ہوا نکلیگا۔ باریک
کرلیں خوراک ۴ رتی دودھ کی لسی شیریں سے دیں۔

حکیم مولانا مخدوم نور محمد صاحب لنگر مخدوم ضلع جھنگ

(۶۹۵) سفوف ثعلب موصلی والا، جریان احتلام سرعت انزال کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

منی کو غلیظ کرتا ہے قوت امساکیہ بڑھاتا ہے، اعضائے رئیسہ کی تقویت کے لئے نہایت مفید ہے
ھوالشافی موصلی سفید دکھنی ۱۲ تولہ خصیتہ الثعلب بڑھیا پنجہ دار ۲ تولہ تخم ریحان ۲ تولہ، موصلی اور ثعلب
کا سفوف کر کے تخم ریحان سالم ملا دیں۔ خوراک ۹ ماسہ آدھ سیر گائے کے دودھ میں ڈالکر نرم آنچ
پر لکا لیں جب فرنی کی طرح غلیظ ہو جاوے تو اتار کر سرد کر کے سوتے وقت کھالیا کریں۔

حکیم محمد جہانگیر صاحب ساکن شیخوپورہ (پنجاب)

(۶۹۶) سفوف سیلان الرحم، سات روز کے استعمال سے پرانے سے پرانا سیلان چلا جاتا ہے،
مجرب عجیب الاثر دوا ہے ھوالشافی گل لیتہ، گل سپاری، مولسری خام، پکھان بید، مصطگی رومی
دانہ الائچی خورد، کہربائے شمعی ہر ایک ۲ تولہ ثعلب مصری ۷ تولہ سب کا سفوف بنالیں، خوراک ۱ تولہ
صبح کو شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

حکیم شرف الدین صاحب ساکن چک ۳۲۸ براستہ شورکوٹ (پنجاب)

(۶۹۷) کشتہ صدف مروارید، یہ کشتہ بالخصوص تپ مزمنہ اور تپ دق کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی
صدف مروارید ۱ تولہ آدھ پاؤ برگ بھنگ کے نغدہ میں گل حکمت کر کے ۱۰ سیر جنگلی اوپلوں کی آگ
دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس لیں خوراک ۲ رتی صبح ۲ شام ہمراہ مناسب بدرقہ استعمال کریں۔

ڈاکٹر جے۔ رام داس صاحب ایچ ڈی ایم را چبینی دروازہ پشاور

(۶۹۸) سفوف باہ مجرب ھوالشافی عقرقرحا نہایت اعلیٰ موصلی سفید ہموزن سفوف بناویں
اور سفوف کے ہم وزن شکر سفید ملا کر ۹ ماسہ صبح ۹ ماسہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

حکیم پرتھوی چند صاحب شاد ساکن پنڈی گھیب ضلع اٹک

(۶۹۹) سفوف اکسیر برائے اسہال اطفال مجرب ھوالشافی تج، مازو سبز و بے سوراخ ۱ تولہ
زعفران عمدہ ۱۰ رتی سب کا سفوف بناویں، خوراک سال سے کم عمر کے بچے کو ۱ رتی، دو سال کے

بچے کو دو رتی تین سال کے بچے کو تین رتی دن میں تین بار ہمراہ عرق سونف یا آب سادہ کے

حکیم امام بخش صاحب گورنمنٹ پنشنر بہاولپور (سٹیٹ)

(۷۰۰) عرق کافور کیمیائے تاثیر۔ تپ دق وسل میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے جب حرارت کی تیزی ہو۔ اور مریض خون تھوکتا ہو۔ اسوقت یہ نسخہ خصوصیت سے بہت مفید ثابت ہوگا۔ ھوالشافی کافور ۵ تولہ، برادہ صندل سفید۔ اتولہ صندل سرخ ۱ پاؤ تراشہ پیٹھہ تازہ ۴ سیر گل گاؤزبان ۱ پاؤ عناب۔ اتولہ ابریشم مقرض۔ اتولہ کشنیز خشک۔ اتولہ عرق بید مشک، عرق شفا، عرق گلاب، عرق کیوڑہ ہر ایک ۱ بوتل آب تازہ ۵ سیر سب کا حسب معمول عرق کشید کریں اور نہایت صاف شیشیوں میں بھر کر بند رکھیں۔ خوراک ۲ ماسہ سے ایک تولہ تک دن میں تین بار پلائیں۔

حکیم سید طالب علی صاحب قادری آرزو بریلوی

(۷۰۱) اکسیر آتشک، نہایت بے نظیر اور قابل قدر صدری نسخہ ہے ھوالشافی مالکنگنی۔ اجوائن خراسانی۔ اجمود۔ کچلہ مدبر، کلونجی، تخم دھتورہ ہر ایک اتولہ سفوف گوند کتیرہ ۲ ماسہ، افیون ۱ ماسہ گیرو، کتیرا اور افیون کو چھوڑ کر باقی تمام چیزوں کو علیحدہ علیحدہ توے پر بھونیں۔ جب جلنے کے قریب ہو جائیں مگر جلیں نہیں پھر افیون کو پانی میں گھول کر اسمیں سفوف کتیرا اور گیرو ڈالیں پھر باقی تمام دوائیں بھی ڈالدیں اور خوب گھوٹیں کہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے گولی بقدر کنار دشتی بنائیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی کے ہمراہ نگل لیا کریں۔ غذا صرف مرغ گوشت اور گیہوں کی روٹی کھائیں۔ سات روز میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ نہایت بے نظیر قابل قدر نسخہ ہے۔

حکیم عبدالخالق صاحب ساکن بیروال تحصیل پاکپتن شریف (منٹگمری)

(۷۰۲) منجن شفائی۔ دانتوں کے جملہ امراض کے واسطے اکسیر صفت ہے مسوڑھوں کا

پھولنا۔ مسوڑھوں کا ورم اور درد مسوڑھوں میں پانی لگنا۔ دانت کا کیڑا پایوریا کا واحد علاج ہے ھو الشافی کچلہ کا کوئلہ اعدد توتیا بریاں اماسہ پھٹکڑی بریاں اماسہ مرزنج سیاہ اماسہ کوٹ کر محفوظ رکھیں بوقت ضرورت بطور منجن استعمال کریں کچھ دیر کلی نہ کریں۔

حکیم محمد ابراہیم صاحب متصل کچا باغ لودھیانہ شہر

(۲۰۳) سفوف قبض کشا، قبض دائمی اور اتفاقیہ دونوں میں مفید ہے۔ چہرہ پر رونق لاتا ہے۔ فعل اعضاء کو درست کرتا ہے جسم کو تقویت دیتا ہے، وزن بڑھاتا ہے۔ اپنے فوائد میں اکسیر چیز ہے ھو الشافی مغز بادام چھیلے ہوئے ۱۰۰ عدد سولف ۳ تولہ برگ سنا صرف پتی ۳ تولہ چہار مغز ۲ تولہ تخم الائچی خورد ا تولہ کھانڈ دیسی ۔ ا تولہ سب کا سفوف بنا دیں خوراک ۹ ماسہ رات کو سوتے وقت شیر گرم پانی سے یا دودھ سے دیں پچیس سدی والے کو ا تولہ دیں۔

حکیم اللہ بخش صاحب لاہور قلعہ گوجر سنگھ عبد العزیز سٹریٹ

(۲۰۴) مرہم اعجاز، زخم ہر قسم، مثلاً تلوار، کلہاڑی، گنڈاسا چھوی وغیرہ کے لئے بہت مجرب چیز ہے۔ آزمائش کر کے دیکھ لیں ھو الشافی سندھور ۳ ماسہ سہاگہ چوکیا ۳ ماسہ، موم ولائتی ا تولہ مازو سبز ۲ عدد روغن کنجد ۲۰ تولہ اول روغن مذکور کو کڑاھی وغیرہ میں ڈال کر چولھے وغیرہ پر چڑھائیں اور مازو ۲ عدد اس میں ڈال دیں جب پھول کر سرخ ہو جاویں۔ تو انہیں تیل کے اندر ہی پیس دیں خوب باریک ہونے پر دیگر ادویات شامل کر کے ڈبیہ میں بھر کر محفوظ رکھیں (ترکیب استعمال) قدرے مرہم گرم کر کے کپڑے پر لگا کر زخم پر لگا دیں۔

حکیم مولوی عبد الحق صاحب شاہ پور شہر

(۲۰۵) اکسیر الامراض معدیہ اطفال مسمی بتریاق الصبیان ھو الشافی پوست ہلیلہ زرد پودینہ خشک، ترب سفید خراشیدہ جملہ ہموزن کوفتہ بیختہ سفوف سازند خوراک ۴ رتی برائے طفل دو سالہ بعد ازاں یک ماسہ یک سال بعد ازاں، ہر سال یک یک ماسہ اضافہ کردہ

ہمراہ عرق سونف یا ہمراہ شیر مادر

حکیم اقبال حسین صاحب محلہ چابکسواراں جے پور سٹیٹ

۷۰۶) لعوق عنقرفرحا۔ خون صالح پیدا کرتا ہے رنگ کو سرخ کرتا ہے تقویت باہ کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے ھوالشافی، عنقر فرحا نہایت اعلےٰ درجہ کا حسب ضرورت لیکر شہد خالص میں ملا کر لعوق بنالیں روزانہ صبح کو دو تین انگل چاٹ لیا کریں، نہایت مفید چیز ہے

ڈاکٹر و حکیم سید ولائت علی شاہ صاحب میانہ گوندل ضلع گجرات

۷۰۷) سم الفار محلول جسکی تین خوراکوں سے پرانے سے پرانا نامرد بھی مرد کامل بن جاتا ہے قوت ہاضمہ میں بے حد اضافہ ہو کر سیروں دودھ اور چھٹانکوں گھی ہضم ہونے لگتا ہے اعلےٰ درجہ کا مولد و مصفی خون ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت دیتا ہے ھوالشافی سم الفار ۱ تولہ کو سفوف کر کے ۱۰ تولہ گلیسرین میں شامل کر کے نرم کوئلوں کی آگ پر رکھیں جب بخوبی حل ہو جاوے تو اس میں کشتہ فولاد شنگرفی ۱ تولہ کشتہ سہ دھاتہ ۲ تولہ ورق نقرہ ۱ تولہ زعفران کشمیری ۱ تولہ۔ کشتہ طلاء جو آب برگ گلاب سے بنایا گیا ہو ۲ ماسہ مشک تبتی ۲ ماسہ شامل کر کے کسی شیشی میں مضبوط کارگ لگا کر رکھیں۔ خوراک ۱ رتی مسکہ گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں (نوٹ) سم الفار اور گلیسرین کو آگ پر جوش نہ آنے دیں ورنہ سم الفار کا جوہر لطیف اڑ جائیگا۔

حکیم محمد اکرم حسین صاحب اڈیٹر مسیحائے زمان تجارہ ریاست الور

۷۰۸) تریاق الطحال، تجربہ شدہ عظم الطحال کیلئے اکسیر ہے ھوالشافی نوشادر دیسی، شورہ قلمی ہر ایک ۴ ماسہ ست پودینہ روغن سونف اصلی ہر ایک ۱۰ ماشہ مگنیشیا ۲ تولہ عرق سونف ۱۰ پاؤ سب باریک کر کے عرق ملا کر خوب ہلادیں تاکہ حل ہو جاویں پھر کونین فولادی، کونین سلفاس ہر ایک ۴ ماسہ تیزاب گندھک محلول ۲۴ بوند ملا کر خوب ہلادیں۔ جب اچھی طرح حل ہو جاویں۔ تو ۱۰ پاؤ عرق مذکور اور ڈالکر بوتل بھر لیں۔ خوراک ۲۰ تولہ صبح ۱۰ تولہ شام پلا دیا کریں۔ غذا مونگ کی

کھچڑی- چاول دودھ شیریں اور قابض اشیاء سے پرہیز

ڈاکٹر و حکیم عبدالستار صاحب انصاری ساکن فقیرآباد ضلع الہ آباد

(۷۰۹) سرمہ دافع بخار ہر قسم مجرب هوالشافی اعلےٰ درجہ کا نیلا توتیا لے کر ایک سو آٹھ روز تک آٹھ گھنٹہ روزانہ کے حساب سے لیموں کا منقطر رس میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں، بوقت ضرورت ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں ڈالنے سے تیز سے تیز بخار بھی پندرہ منٹ میں اتر جائیگا۔ یہ ایک وقتی کرشمہ ہے مستقل علاج نہیں بعد میں مستقل علاج کریں۔

حکیم تبرک حسین صاحب گھوسیا بازار پوسٹ آفس کورائی مرزاپور یوپی

(۷۱۰) دوائے ماسخورہ مجرب المجرب شرطیہ حکمیہ هوالشافی، گل سپاری، ماجو سبز عفقر قرحا، پھٹکری بریاں کو کنار ہر ایک ۶ ماسہ سب کا باریک سفوف بناویں۔ رات کو سوتے وقت پہلے گرم پانی سے کلی کر کے بقدر ۳ ماشہ سفوف دانتوں پر ملکر سو رہیں۔ لعاب منہ سے گراتے رہیں۔ اسی طرح استعمال کرتے رہیں

فخر الحکماء حکیم محمد الدین صاحب ساکن نور جمال شمالی ڈاکخانہ ڈنگہ ضلع گجرات

(۷۱۱) اکسیر دافع خارش و سوزش فرج هوالشافی کافور ۱ ماسہ قدرے عرق گلاب میں حل کر کے فرج میں ملیں۔ بحکم خدا دو تین بار لگانے سے کلی شفا ہو گی۔

حکیم ابوبکر صاحب اخوندزادہ شہر تری ڈاکخانہ ولیخان منتونگ روڈ قلات

(۷۱۲) تریاق برائے دردسر ہر قسم مجرب هوالشافی سوڈا سیلی سلاس ا تولہ اسپرین سوہنجاں شیریں- پوٹاسیم بروماڈ ہر ایک ۳ ماسہ دانہ الائچی خورد ۶ ماسہ قند سفید ۲ تولہ پہلے نہ گھسنے والے کھرل میں سورنجاں شیریں کو خوب پیس لیں پھر دانہ الائچی ملا کر خوب کھرل کریں۔ جب اچھی طرح حل جائیں۔ تو پوٹاسیم برومائیڈ ملا کر کھرل کریں تین چار منٹ کے بعد تمام دوائیں ملا کر خوب کھرل کریں

خوراک ۲ ماسہ سے ۳ ماسہ تک تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ اگر ایک خوراک سے آرام نہ آوے تو دوسری خوراک آدھ گھنٹہ کے بعد دیویں۔

حکیم ہندوستانی شریف علی خان صاحب ایم ایس ایچ نئی ٹرک بیانگ کانک ہنگ کوک سیام

(۱۷۱۳) قوت باہ کا لاجواب نسخہ ھوالشافی شنگرف رومی ۱ تولہ باریک کریں کہ چمک نہ رہے بعد قند سیاہ ۱ تولہ ملا کر کل ۱۲ عدد گولیاں بنا دیں ضعف باہ کے لئے نہایت مفید ہیں۔ خوراک ایک گولی صبح ہمراہ روغن زرد ۵ تولہ کے دیں بارہ یوم میں اس قدر قوت پیدا ہوگی۔ کہ آپ حیران رہ جائینگے۔

حکیم عبدالرحمٰن صاحب صدیقی طبیب امروہہ ضلع مراد آباد (یوپی)

(۱۷۱۴) تریاق برائے ملیریا مجرب اکسیری ھوالشافی شب یمانی ۵ تولہ کو آب برگ کریلہ سبز ۵ تولہ میں خوب کھرل کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس لیں۔ خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک شربت بنفشہ عرق گاؤزبان وغیرہ کے ساتھ دن میں دو تین بار استعمال کرائیں۔ نہایت مفید و مؤثر نسخہ ہے۔

حکیم ٹھاکر رام دھن صاحب ساکن ٹروہ ضلع کانگڑہ

(۱۷۱۵) اکسیر الاسنان مسوڑھوں اور دانتوں کی امراض میں مفید مسوڑھوں سے خون جانے کے لئے بے حد نافع ہے اور مسوڑھوں کی زائد رطوبات کو خشک کرنے میں اکسیر ہے ھوالشافی گل ببول ۵ تولہ شب یمانی بریاں ۵ تولہ سفوف کر کے رکھ لیں۔ دن میں دو تین بار انگلی سے لگا کر مسوڑھوں پر مل دیا کریں۔

حکیم بشیر احمد صاحب ساکن باؤلی ضلع بجنور یو، پی

(۱۷۱۶) تریاق آتشک ھوالشافی کافور ۳ ماسہ، رسکپور ۴ ماسہ، مرزخ سیاہ ۱۰ ماسہ قرنفل

۱۰ ماسہ سب باریک کرکے آب ادرک سے حبوب بقدر دانہ مونگ بناویں۔ خوراک ایک گولی بوقت صبح مسکہ یا بالائی میں رکھلا دیا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے استعمال سے مرض کا قلع و قمع ہو جائے گا۔

حکیم محمد فضل حق صاحب انصاری دواخانہ سیالکوٹ

(۱۷) سفوف مغلظ مادہ منویہ کی جملہ شکایات کو حکمی طور پر فائدہ کرتا ہے، رقت سرعت انزال اور احتلام کے دفعیہ کے لئے مجربات و معمولات سے ہے ھوالشافی آرد سنگھاڑہ ثعلب مصری، موصلی سفید، تالمکھانہ دانہ الائچی کلاں، موچرس، شقاقل مصری ہر ایک ۲ تولہ، بوبھلی، ۷ تولہ قند سفید ۱۲ تولہ سب کا باریک سفوف بناویں۔ خوراک ۷ ماسہ صبح ۷ ماسہ شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

علامہ حکیم مولنا حاجی صوفی خادم علی صاحب خادم کوٹلی لوہاراں شرقی ضلع سیالکوٹ

(۱۸) کشتہ سرب (سکہ) پرانے قرحہ اور سوزاک جدید کے لئے نہایت اکسیر الاثر ثابت ہوا ہے۔ نیز دق کے ابتدائی درجات میں معجزہ نما اثرات رکھتا ہے ھوالشافی خالص سکہ ۱ تولہ کو آدھ سیر لوٹی زخم حیات جنگلی کے نغدہ میں رکھکر غلولہ بنا کر اوپر کھدر لپیٹ کر اوپر مٹی کا لیپ کردیں۔ اور گڑھے میں ۵ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ زرد تیار ہو جائے گا سحق بلیغ کر کے محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک رتی سوزاک کے لئے مسکہ میں دق کی ابتدائی حالت میں دہی کے مٹھے کے ساتھ دیں، لیکن دو چار روز کے استعمال سے فوائد و خواص کا ظہور پذیر ہونا ذرا مشکل امر ہے اسکے لئے دو چار ہفتوں کی مداومت اور پرہیز شرط ہے۔

حاذق الحکماء حکیم مولوی فضل حق صاحب پشاور

(۱۹) تریاق اکسیر برائے امراض دریاحی صدہا مرتبہ کا مجرب ھوالشافی کچلہ حسب ضرورت لے کر روغن زرد میں بریاں کریں۔ جب سرخ ہو جاویں تو اتار کر خوب باریک پیسکر سفوف بنالیں، یہ

سفوف ۵ تولہ، فلفل سیاہ فلفل دراز، زنجبیل دارچینی سوہاگہ ہر ایک ۱ تولہ سب کو علیحدہ علیحدہ خوب پیسکر ملا لیں۔ خوراک ایک رتی عرق النسا وجع المفاصل درد کمر وغیرہ کے لئے پتاشہ میں کھلا کر اوپر سے گرم گرم دودھ جو شہد سے میٹھا کیا گیا ہو پلا دیں، نزلہ زکام کھانسی کے لئے منقہ میں لپیٹکر کھلائیں ذات الجنب اور بلغمی بخاروں کے لئے جوشاندہ سونف سے دیں، نہایت مفید اور مجرب دوا ہے۔

زبدۃ الحکماء حکیم رحمت علی صاحب قریشی دروازہ سیدان جالندھر شہر

(۲۰۷) اکسیر برائے صبیان مجرب بچوں کے مرض چھارو کے لئے نہایت اکسیر ہے، نیز خرابی خون کے تمام امراض ضعف ہضم وغیرہ کے لئے اکسیر الاثر ہے چھارو کیلئے تو ایک خاص مخفی نسخہ ہے ھوالشافی آملہ سار الائچی خورد گلسرخ ہر ایک ۱ تولہ نیلا تھوتھہ ۱ ماسہ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے کھرل کر لیں خوراک ایک چاول سے چار چاول تک مسکہ یا ملائی میں استعمال کرائیں،

پنڈت کنور دت صاحب شرما ایڈیٹر آجیات ٹوہانہ ضلع حصار

(۲۱۷) صفراوی بخار کی لاجواب دوا مجرب، صفراوی بخار کے تمام عوارضات مثل بے چینی ہذیان پیاس کی شدت جلن غنودگی، اور اسہال وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے ھوالشافی کافور ۱ تولہ گیرو ۱ تولہ طباشیر کبود ۶ ماسہ دانہ الائچی خورد ۶ ماسہ جملہ ادویہ کو باریک پیسکر سفوف بنا لیں، خوراک ۲ رتی دن میں چار بار عرق صندل یا عرق کیوڑہ کے ہمراہ دیا کریں، انشاء اللہ بخار ہرگز نہ ہوگا۔ حالت بخار میں ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیتے رہیں۔ بفضلہ تعالےٰ ایک ہی دن میں خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

حکیم بشیر احمد صاحب شہرہ حکیم حاذق ہانسی ضلع حصار

(۲۲۷) کشتہ توتیا کافوری مجرب، سوزاک کہنہ کے لئے شرطیہ حکمی دوا ہے، علاوہ ازیں ہر قسم کی بواسیر کے لئے بھی شرطیہ علاج ہے ھوالشافی کافور ۱ تولہ طوطیا سبز ۲ تولہ کافور کو باریک کر

کے طوطیا کے نیچے اوپر دے کر گلحکمت کر کے چار سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک کریں۔ خوراک ۲ چاول مسکہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم بہادر چند صاحب ساہی ساکن کھنہ، ضلع لودھیانہ

(۲۲۳) اکسیر مقوی، جو طاقت کے بڑھانے میں بے نظیر ہے، اور عنین کو کامل مرد بنا دیتی ہے ھو الشافی عروسک ۷ عدد، سیماب ۷ ماشہ، خراطین ۷ ماشہ کوٹ چھان کر ۷ عدد گولیاں بناویں۔ روزانہ ایک گولی بوقت صبح ایک کبوتر کو کھلا دیں۔ اور اسے شام کو ذبح کر کے روغن زرد و مصالحہ ڈالکر بریاں کر کے کھا لیا کریں، اسی طرح سات روز تک سات کبوتر کھائیں نہایت طاقت دینگے،

شیدائے طب حکیم ڈاکٹر چودہری مہاراج کرشن صاحب بھاٹیہ ساکن لالیاں جھنگ

(۲۲۴) حب امساک، لبسیار مجرب ھو الشافی زعفران خالص۔ سہاگہ چوکیہ، بزرالبنج ہر ایک ۲ ماشہ سب باریک کر کے آب پوست کوکنار میں سحق کر کے حبوب نخودی بناویں۔ خوراک ایک گولی دو گھنٹہ پیشتر دودھ کے ہمراہ۔

حکیم عبدالوہاب صاحب پرنا مبٹ ایم ایس ایم ریلوے ضلع شمالی ارکاٹ

(۲۲۵) اکسیر برائے دمہ بلغمی، نہایت مفید ھو الشافی تنکار، زرنیخ زرد، دار فلفل، میٹھا تیلیہ گل عشر سبز اجوائن نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ سب کو شیرہ ادرک کے ساتھ دو روز کھرل کر کے گلحکمت کر کے ۳ سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ ماء العسل دیں بلغمی دمہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

حکیم شفیق احمد صاحب کوچہ کندی گراں موتی بازار لاہور

(۲۲۶) اکسیر بھگندر، نہایت مفید، علاوہ بھگندر کے ہر قسم کے باطنی پھوڑوں اور ہر وقت بہتے رہنے والے زخموں کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ خنازیر ناسور بھگندر اور دیگر زخم ہائے خبیثہ

کو جب کسی خارجی علاج سے فائدہ نہ ہو۔ تو یہ گولیاں اندرونی طور پر استعمال کرانی چاہئیں، یقیناً فائدہ ہوگا ھوالشافی۔ سم الفار سفید، چوک چوب چینی کچلہ منفشر، فلفل سیاہ فلفل دراز ہر ایک اتولہ سب کو باریک کر کے ۲۱ یوم آب ادرک تازہ میں کھرل کر کے حب بقدر ایک ایک گرین بنالیں خوراک اگولی صبح اشام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

حکیم محمد قاسم صاحب محلہ رانی تلاب شہر سورت

(۷۲۷) نسخہ برائے سرفہ شدید مجرب، نیز ضیق النفس درد سینہ وغیرہ کو بھی مجرب ہے ھوالشافی شنگرف رومی اتولہ، فلفل دراز اتولہ دونوں کو خوب کھرل کریں۔ پھر مصری اتولہ دار فلفل ۲ ماشہ ملا کر کھرل کر کے مثل غبار کرلیں۔ خوراک ۲ رتی پانی گرم سے کھلادیں۔ حکمی طور پر اپنا اثر دکھاتا ہے مریض کو حیرت میں لے آتا ہے۔

حکیم پیر گوہر علی شاہ صاحب صدیقی قریشی سرانوان لودلہ، ضلع فیروز پور

(۷۲۸) روغن خوردنی و مالیدنی، مجرب نہایت عمدہ تقویت باہ نعوظ و انتشار بے حد کرتا ہے مایوس مریض جو قوت مردمی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہوں وہ اس روغن کو استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں ھوالشافی موم سفید ا۔ پاؤ سم الفار سفید ۲ تولہ سیماب اتولہ لوبان کوڑیہ ا پاؤ، نمک سانبھر اپاؤ ایک ہنڈیا آب نا دیدہ جسکی تغل میں کیا گیا ہو لیکر اس میں نمک ڈالدیں۔ لعد میں لوبان، اور سم الفار و سیماب ڈالکر خوب گل حکمت کر کے دیگدان پر رکھکر نیچے بیری کی لکڑی جلائیں۔ سوراخ میں پیتل کی نلکی کا سرا مضبوط کر کے دوسرے سرے پر جو قدرے خمدار ہو شیشی لگاویں شیشی میں جو تیل آوے گا۔ وہ حفاظت سے رکھیں خوراک نیم قطرہ مسکہ میں یا بالائی میں کھلاویں اور چند قطرے طلاء کر کے اوپر برگ ارنڈ باندھ دیا کریں عجیب الاثر لاجواب نسخہ ہے۔

حکیم عبد القادر صاحب ساکن سیدووال کلاں، ضلع گورداس پور

(۷۲۹) قوت باہ کے لئے حیرت انگیز نسخہ، اپنے تجربہ و مشاہدہ کا نچوڑ، بادی بلغمی امراض کے

لئے نہایت مفید تجربہ شدہ ہے پیر ہفتاد سالہ کو جوانی کی امنگ پیدا ہو کر شادی کی خواہش ہو جاتی ہے ھوالشافی بھلانوہ دکھنی غرقی کلاہ دور کردہ ۵ سیر لہسن ایک پوتھیہ اسیر شہد خالص اسیر روغن گاؤ اسیر شیرہ ادرک سبز امار۔گھی والا برتن مٹی کا جو قبل ازیں مستعمل ہو لے کر اس میں سب اشیاء ڈالدیں ایک ہاتھ گہرا گڑھا زمین میں کھود کر اس میں محفوظ طریقہ سے دفن کر کے اس ترکیبہ دار دن کی طرح آگ رما ڈالیں ایک ماہ تک آگ سرد نہ ہونے دیں بعدہ سرد ہونے پر نکالکر چہارم بلادر یا لہسن بقدر برداشت طبیعت روزانہ کھانا شروع کر دیں۔ آہستہ آہستہ سالم بلادر یا لہسن تک خوراک لے جاویں، بادی اور ترش اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

حکیم بلدیو راج صاحب المعروف تولارام حکیم ساکن محمد پور ریاست بہاولپور

(۷۳۰) دوائے اکسیر برائے قروح قرنیہ مجرب نیز سرخی چشم کے لئے خاص الخاص اکسیری بے خطا نسخہ ہے ھوالشافی اسپرین ایک انگریزی دوا ہے جو ٹیوب میں بند ہوتی ہے۔ اسکی ایک ٹیوب لیکر احتیاط سے توڑ کر ۵ تولہ ابلتے ہوئے پانی میں ڈالدیں۔ جب حل ہو جاوے تو کھلے منہ والی نیلی شیشی میں ڈالدیں۔ اور مضبوط کارگ لگا دیں۔ صبح شام ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالیں،

حکیم قاضی محفوظ الدین صاحب ساکن قصبہ سہنہ، ضلع گوڑگانوہ

(۷۳۱) دوائے سوزاک، نئے سوزاک کے لئے نہایت مفید ہے ھوالشافی ست بیروزہ دانہ الائچی خورد، طباشیر، سرچینی، آرد نخود بریاں کتھ سفید روغن صندل سفید جملہ ہموزن سب باریک کر کے روغن صندل ملا دیں۔ خوراک ۳ ماسہ شربت بزوری کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم شیخ محمد عبداللہ صاحب ساکن تلونڈی چودھریاں ریاست کپورتھلہ

(۷۳۲) تریاق طاعون مجرب ھوالشافی اجوائن دیسی ۸ تولہ مرچ سیاہ ۵ تولہ زنجبیل ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ کلاں ۲ تولہ زیرہ سیاہ ۱ تولہ پوست بیخ مدار در سایہ خشک کردہ ۲ تولہ نمک دیسی ۸ تولہ تیزاب گندھک خالص ۵ تولہ سب کو باریک کریں۔ اور تیزاب کو ایک تولہ میں ڈالکر باریک شدہ

ادویات کی چٹکی سے تھوڑی تھوڑی ڈالتے جاویں۔ اور شیشہ کی سلائی سے ہلاتے رہیں جب تمام ادویہ تیزاب میں مل جاویں۔ بوتل کا منہ بند کر کے تھوڑی دیر رکھدیں۔ تمام دوا سیاہ رنگ کی ہو جاویگی۔ خوراک مریض طاعون کو ہر چار گھنٹہ کے بعد ۱ ماشہ تک ہمراہ عرق گلاب دیں،

حکیم شمس الدین احمد صاحب جراح قلم ساکن دھنوٹ تحصیل کبیر والہ (ملتان)

(۳۴۳) نسخہ برائے استسقا ہر قسم، اکسیر الاثر ایک ہفتہ کے استعمال سے مرض کو افاقہ ہو جاتا ہے ھوالشافی حب الگوٹہ مدبر ۶ تولہ، سہاگہ بریاں فلفل سیاہ، گندھک آملہ سار مغسول، جو کھار پارہ مصفی، ہلیلہ کلاں، بلیلہ، آملہ لوٹہ کھار نمک سیاہ زنجبیل نمک لاہوری، نمک سانبھر ہر ایک ۳ ماشہ سب ادویہ کو اکیس یوم تک عرق لیموں میں کھرل کریں بعدہ حب بقدر مرچ سیاہ بناویں خوراک ۲ گولی صبح ۲ شام بکری کے دودھ شہد سے شیریں کردہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ عرق مکو و عرق سونف سے بھی دے سکتے ہیں،

ڈاکٹر عبدالحمید صاحب قریشی ساکن موہنڈ کا ڈاکخانہ کینجر ضلع مظفر گڈھ

(۳۴۴) نسخہ ملذذ و منزل نہایت اعلےٰ مجرب ھوالشافی مغز تخم املی ۱ تولہ مازو بے سوراخ ۱ تولہ ہیر اہنگ اصلی ۴ رتی سہاگہ ۴ رتی عقر قرحا ۶ ماشہ سب باریک مثل غبار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت، ۱۵ منٹ پیشتر ایک چٹکی نکالکر پانی سے عضو پر ہلکا سا ضماد کریں خشک ہونے پر شریک مباشرت ہوں،

حکیم مولوی محمد اسماعیل صاحب قریشی صدیقی ساکن قصبہ پاٹ ضلع دادو سندھ

(۳۴۵) مفرح دلکشا مجرب المجرب ہے تفریح قلب تقویت معدہ ضعف اعصاب و دماغ خفقان، نسیان وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے دائمی نزلہ زکام میں مفید ہے مادہ تولید کو درست کرتی ہے بھوک بڑھاتی ہے خیالات فاسدہ کو دور کرتی ہے ھوالشافی مغز چلغوزہ ۳ تولہ مغز اخروٹ ۳ تولہ مغز بادام ۶ تولہ بیخ زعفران، فلفل دراز مغز سونٹھ، کشنیز خشک، کشتہ

فولاد کشتہ مرجان کشتہ عقیق ہر ایک ۱ تولہ، گل بابونہ کتیرا کچلہ مدبر، موصلی سفید ثعلب ہر ایک ۲ تولہ بہمن ۲ تولہ۔ ورق نقرہ ۶ ماسہ ورق طلاء ۳ ماسہ مویز منقی ۵ تولہ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے دوچند شہد خالص میں معجون بنالیں خوراک ۶ ماسہ صبح ۶ ماسہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں،

حکیم مولوی رشید احمدؒ صاحب ساکن دائرہ دین پناہ (مظفر گڈھ)

(۳۶) شربت مصفی خون، آتشک جذام خارش پھوڑا پھنسی داد چنبل اور بثور وغیرہ غرضیکہ دنیا بھر کی مصفی خون ادویات سے افضل اور بہتر ہے ھوالشافی بوٹی زخم حیات ایا، پوست درخت نیم، بیخ اندرائن، پوست شیشم، پوست سرس ہر ایک ۵ تولہ سب جوکوب کرکے ۵ سیر پانی میں چوبیس گھنٹہ تک بھگودیں۔ بعدہ جوش دیں۔ جب صرف ایک سیر پانی رہ جاوے تو اتار کر مل چھان کر ۳ پاؤ مصری ملاکر شربت بنالیں۔ خوراک ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام پانی میں ملاکر پلادیں،

حکیم مظفر حسین صاحب ساکن سری گوبند پورہ ضلع جموں

(۳۷) نسخہ سوزاک اکسیر الاثر ھوالشافی بوٹی زخم حیات جنگلی ۲ ماسہ تخم خربزہ ۷ ماسہ خار خسک ۷ ماسہ ہر سہ ادویہ کو ایک پاؤ پانی میں گھوٹ کر روزانہ پلادیا کریں یہ ایک خوراک ہے پیشاب کی جلن سوزش درد کا فوری علاج ہے۔ متواتر تین سفتہ کے استعمال سے سوزاک کو نیست ونابود کردیتا ہے۔

حکیم تاج محمود صاحب ساکن لالیاں ضلع جھنگ

(۳۸) سفوف برائے جریان، احتلام سرعت کے لئے خاص الخاص معمول مطب نسخہ ہے کمر کو طاقت دیتا ہے، منوی باہ ہے اعضائے رئیسہ کے جملہ نقائص دور ہوجاتے ہیں ھوالشافی بوہلی، تخم اوٹنگن، تخم کونچ گمرکس، ثعلب مصری موچرس صمغ عربی بیج بند، تالمکھانہ، تخم سروالی تیج بل، موصلی سفید، آرد حب القطن زنجبیل ہر ایک ۱ تولہ سب کو باریک کرکے روغن زرد ۱۰ تولہ میں بھونیں اور مصری کوزہ ۱۰ تولہ۔ کشتہ قلعی ۹ ماسہ ملاویں۔ خوراک ۶ ماسہ صبح ۶ ماسہ شام

شیر گاؤ تازہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد حیات صاحب ساکن جو ہالہ ڈاک خانہ رنبیر سنگھ پورہ جموں

(۷۳۹) ضماد برائے چنبل کہنہ بے خطا معمول مطب تین بار کے استعمال سے چنبل کا نام نشان نہیں رہتا۔ اور دوبارہ عود نہیں کرتا ھوالشافی رسکپور دار چکنا ہر ایک ۱ ماسہ باریک کر کے سرکہ ا تولہ میں ضماد تیار کریں ترکیب استعمال چنبل کے مقام پر ضماد کریں۔ دس منٹ کے بعد اتار کر روغن چنبیلی لگاویں۔ ہفتہ کے بعد پھر ایکبار ضماد کریں۔ اسی طرح تین بار استعمال کریں، ہر بار درمیان میں ایک ہفتہ وقفہ کریں اور تیل چنبیلی لگاتے رہیں تاکہ زخم وغیرہ درست ہوجاویں۔

عمدۃ الحکماء حکیم محمد ادریس صاحب آزاد ساکن منڈاور ضلع بجنور

(۷۴۰) سفوف نادر برائے جریان واحتلام سرعت ورقت نہایت مفید مجرب معمول مطب ھوالشافی بوپھلی ۵ تولہ، ستاور ۵ تولہ بہمن سفید ۲۔ تولہ دارچینی ۲۔ تولہ قند سفید ۵ ا تولہ سب کا سفوف بناویں۔ خوراک ۵ ماسہ صبح ۵ ماسہ شام ہمراہ شیر گاؤ جوش دیئے ہوئے نیمگرم شیریں کردہ سے کھاویں

حکیم نور محمد صاحب ساکن علاول خیل ضلع بنوں

(۷۴۱) کشتہ سنگجراحت ورقیہ، نفث الدم نزف الدم زحیر وغیرہ غرضیکہ ان تمام امراض میں جن میں خون کسی عضو سے نکل رہا ہو ازحد مفید اور موثر ہے ھوالشافی سنگجراحت ورقیہ حسب ضرورت لے کر اندرانی بوٹی کے پانی میں دو روز تک بھگو رکھیں۔ پانی ۴ انگل اوپر رہے بعد ازاں اسے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کر کے گلحکمت کریں۔ اور ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک سے دو رتی تک مکھن وغیرہ میں دیا کریں نہایت مفید نسخہ ہے

حکیم حافظ فیض احمد صاحب طبیب رمانوی ساکن رمانہ ضلع جھنگ

(۷۴۲) سفوف نمک مقوی معدہ مجرب ھوالشافی نمک اندرانی بوٹی ۵ تولہ سرکہ ۵ ا تولہ

انار دانہ بریان، زرشک صاف شدہ، چاول کشنیز خشک نیم بریاں ہر ایک ۶ تولہ ۱۱ ماسہ پسے ہوئے نمک کو توے پر ڈال کر اوپر سے دو تین دفعہ سرکہ ڈال کر جذب کریں۔ بعدہ دوسری ادویہ ملا کر سفوف بنا لیں خوراک ۳ ماسہ بعد از غذا کھا لیا کریں۔ محلل ریاح و مقوی معدہ ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ اور ہضم خوب کرتا ہے۔

زبدۃ الحکماء حکیم سید عبد الغفور صاحب طبیب مبارک شاہ اسٹریٹ سہارنپور یو پی

(۳۱۴۷) روغن مقوی باہ مجرب اکسیری) محرک و مقوی باہ ہے بدن کو بڑھاتا ہے بھوک خوب لگاتا ہے دودھ گھی خوب ہضم ہونے لگتا ہے۔ چہرہ کو سرخ و سفید کرتا ہے ھو الشافی سم الفار سفید، شنگرف، سفوف رتن جوت ہر ایک ا تولہ سفوف بیخ اونٹ کٹارہ ۲ تولہ سب کو ۵ سیر دودھ میں جوش دے کر ضامن لگائیں اور پھر بلو کر گھی علیحدہ کر لیں خوراک ۵ قطرہ آدھ سیر دودھ یا ۲ تولہ مکھن میں ملا کر کھلائیں۔ گھی دودھ اور مرغن غذا زیادہ استعمال کریں۔

فخر الحکماء حکیم محمد مجید الحق صاحب دواخانہ پیغام شفا ۱۰۹ مسافر خانہ موسیٰ جی (کلکتہ)

(۳۱۴۷) سفوف مقوی باہ نہایت اکسیر الاثر مجرب معمول مطب ھو الشافی پوست بیخ اونٹ کٹارہ ۵ ماسہ عقر قرحا ۳ ماسہ اسگند ناگوری ا ماسہ سب باریک کر کے حلوے میں ملا کر سات روز تک کھلائیں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔ یہ ایک خوراک کے اجزا ہیں۔

حکیم محمد غوث صاحب ساکن سیندور سٹیٹ، ضلع بلہاری مدراس

(۳۱۵۷) نسخہ جریان، بارہا کا مجرب معمول مطب سرعت انزال کی اعلےٰ درجہ کی دوا ہے ھو الشافی کشتہ صدف مروارید (بیخ گل خیرا کے نغدہ میں کیا ہوا) گوند کتیرا، ساذج ہندی کشتہ قلعی برگ بھنگ والا ہر ایک ۵ تولہ سب کو باریک کر کے آپس میں ملا لیں۔ اور شیر بڑ میں خوب اچھی طرح سے تر کر کے نخود کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

حکیم سید عبدالقادر شاہ صاحب ساکن ابین گاؤں ضلع لاڑکانہ سندھ

(۷۴۶) اکسیر معدہ شفائی، سوءہضم درد معدہ درد شکم قراقر ہیضہ وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔ ھوالشافی پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ پوست آملہ فلفل سیاہ فلفل دراز سونٹھ۔ سہاگہ خام نوشادر نمک سیاہ جملہ ہموزن باریک کرکے حلتیت، علٰے بریاں ۶ ماسہ باریک کرکے ملادیں پوست بیخ مدار ۱۰ تولہ تازہ ملاکر آب برگ گھیکوار میں کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بناویں۔ خوراک ۲ گولی سے ۳ گولی تک بعد از غذا کھلاویں

زبدۃ الحکماء حکیم عبدالرحیم صاحب ساکن خیرپور میرس ریاست سندھ

(۷۴۷) اکسیر برائے خارش ہر قسم، نہایت مفید مجرب آزمودہ دوسرے تیسرے روز فائدہ ہوجاتا ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے مکمل فائدہ ہوجاتا ہے ھوالشافی برگ کنیر سفید خشک ۲ تولہ، گندھک ۱ تولہ کو باریک پیسکر روغن سرسوں ۵ تولہ میں ملاکر نرم آگ پر جوش دیں۔ جب سب ملکر مرہم بن جاوے تو اتار کر رات کو سوتے وقت خارش کی جگہ مالش کریں۔ صبح کو گرم پانی سے غسل کیا کریں۔

حکیم سراج الدین صاحب وید راج ڈاکخانہ شیرانوالہ ضلع جھنگ

(۷۴۸) طلاء نایاب، یہ طلاء نہایت مجرب ہے عضو کی جملہ خرابیوں کو دور کرتا ہے ھوالشافی سم الفار ۵ تولہ سوڈا کاسٹک ۵ تولہ شیر بڑا سیر پانی ۵ سیر سب ملاکر کڑاہی میں ڈالیں اور ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب پانی اڑ جائے تو ٹھنڈا کرکے جالیں۔ اور ایک ماسہ یہ دوا اور ایک تولہ روغن چنبیلی میں حل کرکے بطور طلاء استعمال کریں۔

حکیم کوڑا رام صاحب عطار خاص مظفر گڑھ

(۷۴۹) حب آتشک و وجع المفاصل آتشک کے لئے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ زخم

کو جلد بھرتی ہیں آتشک کے بعد کے عوارض کے لئے بھی یہ گولیاں نہایت مفید ثابت ہوئی ہیں۔
نیز جوڑوں کے دردوں کو بھی رفع کرتی ہیں۔ اور اعلےٰ درجہ کی قبض کشا ہیں ھوالشافی ایلوا زرد
ریوند چینی رسکپور جملہ ہم وزن خوب کھرل کریں جب خوب سخت ہو جاوے تو اس میں آب حنظل
تازہ ڈال کر پھر کچھ دیر تک خوب کھرل کریں جب گولیاں بنانے کے لائق ہو جاوے تو گولیاں
بقدر دانہ جوار کے تیار کریں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ تازہ پانی کے استعمال کریں۔

حکیم عبدالرحمٰن صاحب حاذق ساکن سرہالہ کلاں ضلع ہوشیارپور

(۷۵۰) دوائے ہاضم، معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے اور ریاح کو تحلیل
کرتا ہے نہایت مفید مجرب معمول مطب ہے ھوالشافی ہر چار نمک نوشادر معدنی ہر ایک
۷ تولہ، اجمود، نانخواہ مرزنجوش سیاہ، سونٹھ لونگ زیرہ سیاہ جائفل جاوتری ہر ایک ۱ تولہ سرکہ
سرکہ خالص میں جوش دے کر خشک کریں۔ بعدہٗ باریک کر کے سفوف بنا دیں، خوراک دو تین
ماسہ کھانا کھانے کے بعد کھا لیا کریں۔

ابوالبشیر حکیم محمد ابراہیم صاحب ساکن کماں ضلع منٹگمری

(۷۵۱) کشتہ سنگجراحت، بواسیر ہر قسم کے لئے اکسیر ہے ھوالشافی سنگجراحت ۲ تولہ کو
عرق چل نیم ۸ تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر اسی چل نیم کے نغدہ ادھ سیر میں رکھکر ۲ سیر جنگلی اوپلوں
کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر آب ترب ۸ تولہ میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے ۱۰ سیر
اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ سرخ رنگ کا تیار ہوگا۔ باریک کر کے ۲ سے ۴ رتی تک مسکہ گاؤ
میں روزانہ استعمال کریں۔

حکیم پنڈت بابو رام صاحب طبیب ساکن روڑکہ کلاں ضلع جالندھر

(۷۵۲) طلائے ملذذ جس کا ضماداً استعمال لذت اور امساک کے لئے عجیب الاثر ہے۔
ھوالشافی عروسک ۳ ماسہ، اقراطیون ۳ ماسہ خاکستر موئے سر عورت ۱ ماسہ، عرق گلاب میں

باریک پیس کر دور تی عطر مونیا خالص عمدہ ملا کر بوقت ضرورت قدرے لے کر عضو مخصوص پر طلا کر کے قدرت خدا کا مشاہدہ کریں

حکیم محمد اقبال صاحب چک نمبر ۲۲۹ ڈاکخانہ گگو منٹگمری

(۷۵۳) اکسیر شفاء ہر قسم کے زہر دار جانور بھڑ بچھو سانپ باولہ کتا وغیرہ کے کاٹے کیلئے اکسیر ہے ھوالشافی نوشادر ۵ تولہ کو ایک ہنڈیا میں چونہ صدف ۲ سیر کے درمیان میں رکھ کر ۲ سیر بیری کی لکڑی کی آگ دیں آگ سرد ہونے پر نوشادر مذکور نکال کر شبنم میں چینی کی پیالی میں ڈالکر رکھدیں روغن زرد ہو جاوے گا۔ بس یہی اکسیر ہے (ترکیب استعمال۔) زخم کو نشتر سے پچھنے لگا کر اوپر لگائیں سانپ کے کاٹے پر سر پندرہ منٹ کے بعد لگائیں۔ زہر اترتا معلوم ہوگا۔ ایک گھنٹہ تک مریض اچھا ہوگا۔ معمولی زہریلے جانوروں کے لئے یونہی روئی سے لگادیں، ۵ منٹ میں آرام ہوگا۔

حکیم علاؤالدین صاحب حکیم حاذق ساکن میاں ونڈ ضلع امرتسر

(۷۵۴) محبوب اعظم تقویت باہ کے لئے بے حد مفید ہیں۔ ممسک اعلیٰ درجہ کی ہیں۔ جریان منی کے لئے بھی اکسیر صفت ہیں ھوالشافی کشتہ نقرہ ۴ ماسہ ریگ ماہی۔ جاوتری زعفران ہر ایک ۱۰ ماسہ۔ جوز بوا سمندر سوکھ ہر ایک ۹ ماسہ زہر مہرہ ۱/۲ ماسہ مشک خالص ۱۰ ماسہ سب کو باریک کر کے عرق گلاب میں گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنائیں۔ خوراک اگولی رات کو سوتے وقت شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

افتخار الاطباء حکیم مہتاب الدین صاحب چک ۶۵ سے آر ڈاکخانہ ہارون آباد بہاولپور

(۷۵۵) تریاق اعظم برائے تپ کہنہ خواہ مادہ گرم سے ہو۔ خواہ مادہ سرد سے ہو۔ نہایت مفید اور مجرب ہے ھوالشافی زنجبیل۔ لونگ۔ اجوائن۔ مرچ سیاہ، فلفل دراز، ہلیلہ سیاہ، چترہ جملہ ہم وزن سفوف تیار کریں۔ خوراک ۳ ماسہ صبح ۳ ماسہ شام ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔

حکیم میاں حاکم علی صاحب ساکن علیبن ڈاکخانہ شرقپور کلاں (شیخوپورہ)

(۷۵۶) کشتہ بیضہ مرغ برائے جریان مجرب و آزمودہ ھوالشافی پوست بیضہ مرغ حسب ضرورت لے کر پانی میں بھگو کر اندرونی باریک چھلکا اتار کر صاف کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈالکر عرق لیموں سے تر کر دیں۔ اور خوب گل حکمت کر کے ۱۰ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ خوراک ۲ رتی مسکہ یا بالائی میں استعمال کریں

حکیم خلیفہ محمد حسین صاحب ساکن نصیر آباد ضلع لاڑکانہ سندھ

(۷۵۷) سفوف برائے کثرت حیض مجرب ھوالشافی مازو بے سوراخ ۷ عدد چاول ۵ تولہ کشتہ سنگجراحت ۳ ماسہ چاولوں کو ۳ گھنٹہ تک پانی میں بھگو دیں پھر کوٹ کر مازو کو بھی باریک کر کے کشتہ ملا کر سفوف بنالیں خوراک ۱ تولہ صبح ایک شام باسی پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم حافظ مولوی محمد منظور صاحب خوشاب محلہ اہیر انوالہ پنجاب

(۷۵۸) کشتہ شنگرف، تقویت باہ و تقویت بدن کے لئے نہایت زود اثر ہے خون صالح پیدا کرتا ہے غذا کو جزو بدن بناتا ہے جس سے بدن کو طاقت پہنچتی ہے ھوالشافی شنگرف رومی ۱ تولہ، افیون خالص ۲ ماسہ بھلاوے ۲۰ تولہ مالکنگنی ۱۰ تولہ۔ افیون کو زردی بیضہ مرغ میں حل کر کے شنگرف کی ڈلی پر لیپ کر دیں پھر بھلانوہ اور مالکنگنی کو علیحدہ علیحدہ نیم کوب کر کے ایک کڑچھی میں شنگرف کی ڈلی کے نیچے اوپر رکھکر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب بھلانوہ کا تیل نکل کر جل جائے تو اتار کر رکھدیں سرد ہونے پر شنگرف کی ڈلی آہستہ سے نکالکر باریک پیسکر رکھدیں خوراک ۲ چاول صبح و شام مسکہ میں رکھکر استعمال کریں اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ و مقوی بدن کشتہ ہے امساک پیدا کرتا ہے

حکیم مولوی عبدالرحمن صاحب قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ

(۷۵۹) دوائے یرقان، سو فیصدی مجرب، ایک ہفتہ کے استعمال سے یرقان سخت سے

سخت نیست و نابود ہو جاتا ہے۔ ھوالشافی زہر مہرہ سبز ۱ تولہ باریک سحق کر کے ایک تولہ بید مشک و روح کیوڑہ میں خوب سحق کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک ۱ ماسہ حسب پیاس پانی لے کر اس میں ۲ ریوند چینی رگڑیں جب زرد رنگ ہو جاوے تو اس میں آب انار اس قدر شامل کریں جس سے شیریں ہو جاوے اب اس پانی کے ہمراہ ایک ماسہ دوائی کھلاویں دن میں تین بار دوا استعمال کریں

حکیم فقیر چند صاحب شرما چک ۵ شمالی ڈاکخانہ دھرمیہ شاہ پور

(۷۶۰) حب اکسیر نمونیہ، نمونیہ کے لئے انتہائی دوا ہے ھوالشافی کشتہ شنگرف پیازی، مرچ سیاہ، فلفل دراز، افیون تخم جوز ماثل ہر ایک ۱ تولہ سب کو خوب کھرل کریں جب ایک ذات ہو جاویں تو ایک پاؤ رس ادرک ملا کر مزید کھرل کریں اور حب بقدر نخود بناویں خوراک ایک گولی دن میں تین بار صرف گرم چائے کے ساتھ دیویں۔ (ترکیب کشتہ شنگرف پیازی) شنگرف ۲ تولہ کو ۳ پاؤ آب پیاز میں کھرل کر کے خشک کریں تیار ہے۔

حکیم مولوی مرزا احسن رضا خان صاحب لکھنؤ کٹڑہ ابو تراب

(۷۶۱) تریاق مروارید، برائے سیلان الرحم و تقویت اعضائے رئیسہ عورتوں کی کمزوری وغیرہ کیلئے مجرب ہے ھوالشافی سہاگہ نیم بریاں ۱ تولہ ماز و سوختہ ۱ تولہ مصطگی رومی ۲ تولہ کچلہ مدبر ۱ تولہ مروارید ناسفتہ عنبر اشہب ہر ایک ۱ تولہ سب کو باریک پیسکر عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

حکیم محمد ابراہیم صاحب حاذق ساکن کوٹ غازی کلاں رگوجرانوالہ

(۷۶۲) حب قبض دائمی مجرب، کسی قسم کی گھبراہٹ مروڑ پیچش بے چینی وغیرہ پیدا نہیں کرتیں نہایت اعلیٰ درجہ کی قبض کشا گولیاں ہیں قبض دائمی کے لئے تو ایک خاص تحفہ ہیں، ھوالشافی تخم حنظل، صبر زرد، ریوند چینی ہر ایک ۱ تولہ کتیرا ۱ ماسہ زنجبیل ۸ ماسہ سب پیسکر لعاب گھیکوار میں گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک سے ۲ گولی تک رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر

استعمال کریں۔

ڈاکٹر محمد اسماعیل صاحب ساکن کڑیالہ ضلع گجرات

(۷۶۳) ملذذ خاص، نہایت عجیب لطف آمیز چیز ہے عیش و عشرت کا معدن قابل استعمال امراء و روساء ہے ھوالشافی عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک ۱۰ ماسہ عقر قرحا زعفران، دارچینی، کافور، سہاگہ سفید ہر ایک ۳ ماسہ بیربہوٹی بریاں بروغن زرد ۶ ماسہ عطر گلاب عطر کیوڑہ عطر خس عطر موتیا، نائرہ خرس ہر ایک ا تولہ خشک اشیاء کو خوب میدہ کی مانند کھرل کرکے عطریات ملادیں اور یک جان کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت قدرے لے کر کام میں لاویں خاص بے نظیر تحفہ ہے۔

حکیم محمد علی صاحب ساکن جھنڈ بگا پوارنہ ڈاک خانہ زیرہ (فیروزپور)

(۷۶۴) مرہم دافع بواسیر خونی مجرب مسوں کی تکلیف داد خارش وغیرہ کے لئے ایک خاص تجربہ کا نسخہ ہے ھوالشافی، روغن ۵ تولہ کو ایک کانسی کے برتن میں ڈال کر ایک سکہ کے بڑے ڈنڈے سے رگڑنا شروع کریں جب گھی کا رنگ خوب سیاہ ہو جاوے، تو اس میں کافور کتھ ہر ایک ۳ ماسہ نہایت باریک پیسکر ملادیں۔ اور آہنی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔ دو وقت مسوں پر لگایا کریں۔ خاص الخاص حکمیہ شرطیہ دوا ہے۔

حکیم سید عطاء غوث صاحب محلہ بہاری پور (بریلی)

(۷۶۵) نسخہ برائے درازی و فربہی عضو مجرب ھوالشافی ہڑتال طبقی سیماب مردہ سنگ، سم الفار ہر ایک ا تولہ پہلے ہڑتال کو در دبول خر جوان نیم سیر میں کھرل کریں پھر دوسری ادویہ کو خوب باریک کریں۔ اور عرق کیتلی ۱۲ تولہ ڈال کر ۳ یوم خوب سحق کریں۔ پھر ۷۰ تولہ روغن گاؤ ملاکر ۵ یوم کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔ ایک دن کا وقفہ دے کر رات کو سوتے وقت ایک رتی تک لگایا کریں اور پانی سے عضو کو محفوظ رکھیں۔

ڈاکٹر شمس الدین صاحب کوچہ منقد ہی مل دہلی دروازہ لاہور

(۷۶۶) ممسک ومقوی باہ گولیاں مجرب ھوالشافی فرائی سلفاس، کونین سلفاس زنسائی ویلرین ہر ایک اگرین مارفیا ایسی ٹاس ½ گرین، اسٹرکنیا ½ گرین یہ ایک گولی کا وزن ہے خوراک ایک گولی صبح ایک شام بعد از غذا شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم روح اللہ صاحب کوچہ تنیر گراں اندرون موچی گیٹ لاہور

(۷۶۷) تریاق برائے جملہ امراضِ معدہ مجرب ھوالشافی ہرمچ، فلفل گرد نوشادر ہر ایک ۲ تولہ تخم دھتورہ ۱ تولہ کشتہ فولاد ۶ ماسہ سب باریک کھرل کرکے ملالیں۔ خوراک ایک رتی عرقِ بادیان یا تازہ پانی سے استعمال کریں۔

حکیم مرزا الف دین صاحب ساکن ہری پور دیواناں ضلع جموں توی

(۷۶۸) تریاق دیدان اکسیر الاثر معمولِ مطب بے خطا ہر قسم کے کرم مرکر خارج ہوجاتے ہیں ھوالشافی مصبر، کمیلہ، سنتونین۔ کیلومل جملہ ہموزن باریک سفوف بناویں خوراک بچوں کو ۲ رتی سے ۴ رتی تک بڑوں کو ایک ماشہ ہمراہ عرقِ سولف استعمال کرائیں

حکیم محمد شفیع صاحب رئیس ساکن سادھوٹ کار انبالہ

(۷۶۹) حب برائے اسہال خونی دمروڑ وغیرہ کو مجرب ہے ھوالشافی شنگرف سہاگہ، افیون مصطگی رومی جملہ ہموزن باریک کرکے دانہ نخود کے برابر گولیاں بناویں خوراک ایک گولی صبح ایک شام آب تازہ کے ہمراہ دیں۔ پہلی خوراک سے آرام ہوگا۔

حکیم غلام رسول صاحب ساکن چک رائب خان براستہ ملکوال گجرات

(۷۷۰) اکسیر سوزاک، اکسیر الاثر مجرب نئے اور پرانے سوزاک کے لئے بہت مفید دوا

ہے هوالشافی پھٹکڑی ۲ تولہ بیروزہ ۲ تولہ دونوں کو ملا کر ایک کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے رات کو تنور میں رکھدیں۔ صبح نکالکر باریک کرلیں خوراک ۱ ماسہ ہمراہ کچی لسی دیں۔ قرحہ کے لئے خیسانده بادام سے دیں۔

ابوالاکبر حکیم سید محمد حسین صاحب رضوی المشہدی چک ۲۷۴ براستہ ڈجکوٹ ضلع لائلپور

(۱۷۷) اکسیر برائے تقویت حافظہ مجرب اکسیر صفت هوالشافی الائچی کلاں ۱ عدد مغز بادام شیریں ۷ عدد مغز تخم خیارین ۶ ماسہ مغز تخم کدو ۶ ماسہ مصری کوزہ ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ ماسہ سکو قدرے پانی میں پیسکر نوش فرمایا کریں۔ یہ ایک خوراک ہے،

حکیم اکبر حسین صاحب دواخانہ شفائیہ ملوک پور سٹریٹ بریلی

(۲۷۷) دوائے آتشک مجرب صدہا مریضوں پر هوالشافی رسکپور ۱ تولہ کباب چینی ۱ تولہ شیر گاؤ تازہ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ ماش بناویں خوراک ایک گولی روزانہ ہمراہ عرق عشبہ استعمال کرائیں۔ غذا نان گندم در روغن زرد

حکیم قاضی محمد اختر صاحب انبالہ چھاؤنی پل چمپیلی والہ

(۳۷۷) تریاق بخار، خاص الخاص معمول مطب تجربہ شدہ نسخہ ہے ہر قسم کے بخاروں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے هوالشافی الائچی خورد ۲ تولہ ست گلو ۶ تولہ طباشیر مغز تخم کرنجوہ کشتہ ابرک سفید، کونین سلفاس ہر ایک ۱ تولہ کافور ۶ ماسہ سب کا سفوف بناویں۔ خوراک ۴ رتی کھانڈ میں تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔

حکیم ملا محمد علی صاحب ناگلواڑی ضلع نماڑ اندور سٹیٹ

(۴۷۷) کشتہ سم الفار مصفی خون هوالشافی سم الفار ۱ تولہ کو حرمل ۴ سیر کے نغدہ میں رکھکر کپڑوٹی کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آنچ دیں کشتہ ہوگا خوراک ۱ چاول روزانہ حلوہ میں کھلاویں۔

حکیم الشیر داس صاحب شرما ساکن بھوا ضلع گورداسپور

(۷۷۵) اکسیر برائے اسہال خونی مجرب معمول ھوالشافی صمغ عربی، کتیرا، طباشیر سنگجراحت جملہ ہموزن سفوف بنالیں خوراک ۴ ماشہ شربت انجبار ۲ تولہ عرق سونف ۱۰ تولہ کے ہمراہ صبح وشام دیں۔

حکیم محمد عبدالحکیم صاحب ویٹرنری اسسٹنٹ سرجن برہان پور (سی پی)

(۷۷۶) سفوف اکسیر برائے اسہال و پیچش مجرب نہایت مفید ھوالشافی، گندھک آملہ سار، سیماب، موچرس، گل دھاوا، لودھ پٹھانی، ہلیگری ناگرموتھہ، اندرجو شیریں، افیون جملہ ہموزن پہلے گندھک اور سیماب کی کجلی کرلیں پھر سب باریک کرکے ملاکر سفوف بنالیں خوراک ۲ رتی چاولوں کے پانی کے ہمراہ دیں۔

حکیم حکم چند صاحب حاذق ساکن بستی اللہ بخش ڈاکخانہ صوبی (مظفر گڈھ)

(۷۷۷) سفوف عزیز بچوں کے دستوں کے لئے مفید ہے ہاضمہ کو درست کرتا ہے، تجربہ شدہ معمول مطب اکسیری نسخہ ہے ھوالشافی ریوند خطائی پوست ہلیلہ زرد، کچور ہر ایک ۲ تولہ سوڈا بائیکارب ۱ تولہ سب باریک کرکے سفوف بنالیں۔ خوراک ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک حسب العمر دودھ میں حل کرکے بچہ کو دیں۔

حکیم سید غلام علی شاہ صاحب ساکن دلیل پور ضلع گورداسپور

(۷۷۸) شربت مفرح قلب بے حد طبیعت کو تفریح بخشتا ہے حرارت کو رفع کرکے تسکین دیتا ہے، موسم گرما میں ایک خاص بے نظیر چیز ہے ھوالشافی گل نیلوفر گل موتیا گل کیوڑہ، گل نسرین، گل چنبیلی، گل گاؤزبان بورہ صندل۔ گل گلاب جملہ ہموزن بطریق معروف عرق کشید کریں۔ اور عرق میں مصری ملاکر شربت بنالیں خوراک ۳ تولہ تازہ پانی کے ہمراہ

بوقت صبح پلایا کریں۔

حکیم چونی لعل صاحب گپتا ساکن پلکھوا ضلع میرٹھ

(۷۷۹) نسخہ برائے جریان مجرب ولاثانی ھوالشافی تخم سداب، انیسوں گلنار فارسی جملہ ہم وزن سفوف بنالیں خوراک ۴ ماسہ باسی پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

حکیم محمد یوسف صاحب اسلامیہ دار الصحت سنگھوئی ضلع جہلم

(۷۸۰) دوائے سوزاک قدیم و جدید مجرب و آزمودہ ھوالشافی طباشیر مصطگی رومی، الائچی خورد بیروزہ خشک ہر ایک ۲ تولہ سب کو باریک کرکے روغن صندل ۱۰ تولہ میں گولیاں بقدر کنار صحرائی تیار کریں خوراک ایک گولی باسی پانی کے ہمراہ استعمال کریں غذا دہی چاول،

حکیم صفدر علی خان صاحب ساکن نور پور ڈاکخانہ ترنتارن ضلع امرتسر

(۷۸۱) ضماد برائے مجلوق معمول مطب ھوالشافی، شنگرف رومی، سیماب، ہڑتال ورقیہ منیچھل ہر ایک ۱ تولہ سم الفار سفید ۲ ماسہ سب کو شیر مدار میں چھ دن تک خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ اور گولیاں بقدر کون بیر کے تیار کریں۔ ایک گولی رات کو پانی میں گھسکر آلت پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلا کریں۔ تین روز میں ایک چھالہ ہو کر پانی سفید نکل جاوے گا۔ بعدہ مسکہ لگاتے رہیں۔ ایک ہفتہ میں آرام ہو جاویگا۔

ڈاکٹر و حکیم چودہری گنگارام صاحب ساکن احمد پور شرقیہ ریاست بہاولپور

(۷۸۲) حب کیمیائی مقوی باہ ممسک، مغلظ منی ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت دیتی ہے۔ رنگ کو سرخ کرنے والی اکسیری دوا ہے ھوالشافی، اجوائن خراسانی، کباب چینی، دارچینی عقرقرحا ریگ ماہی نرہ زعفران، خولنجاں، جوز بوا ہر ایک ۷ ماسہ افیون خالص ۵ ماسہ مشک خالص ۴ ماسہ سلاجیت اعلیٰ ۶ ماسہ کشتہ فولاد ۶ ماسہ کشتہ چاندی ۲ ماسہ سب باریک کرکے ملاکر شہد کی

مدد سے گولیاں نخود کے برابر بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

زبدۃ الحکماء حکیم ہربنس لال صاحب ساکن کمام ضلع جالندھر

(۷۸۳) سفوف اکسیر معدہ، ضعف ہضم بخار لرزہ و بلغمی یرقان کثرت ریاح شکم کے لئے معمول مطب مجرب اور آزمودہ ہے ھوالشافی زیرہ سیاہ اجوائن دیسی، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، ہلیلہ زرد جملہ ہموزن سفوف بنالیں خوراک ۶ ماسہ پانی کے ہمراہ کھانا کھانے کے بعد کھالیا کریں۔

حکیم فیض الحسن خان صاحب بنگلہ فاضلکا، ضلع فیروزپور

(۷۸۴) دوائے اکسیر برائے عظم الطحال مجرب ھوالشافی منگنیشیا سلفاس ۱½ تولہ نوشادر ۱ رتی قلمی شورہ ۳ ماسہ کونین ۴ گرین سرکہ ۱ تولہ سب اچھی طرح ملالیں، اسکی تین خوراکیں بنالیں ایک خوراک دن میں تین بار صبح دوپہر شام کو استعمال کرائیں۔

ڈاکٹر حکیم راجندر سنگھ صاحب ساکن سمرا کلنکاری اسٹریلیا

(۷۸۵) لال شربت یا گریمالٹ سیرپ سرفہ و کمزوری بدن وغیرہ کے لئے کمال درجہ مفید ہے ھوالشافی ہائپو فاسفائٹ اوف لائم ۱۶۰ گرین ڈسٹلڈ واٹر ۲ تولہ دونوں کو ملاکر فلٹر کریں اور ۲۰ تولہ مصری ملاکر جوشدیں جب قوام شربت ہوجاوے تو ہائپو فاسفورس ایسڈ ۲۰ بوند، ٹنکچر کوچی ۱ ڈرام ملاکر شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک ۱ اونس دن میں تین بار دیا کریں۔

حکیم دیارام صاحب ساکن ہلوال ضلع شاہپور

(۷۸۶) کشتہ فولاد، برائے ضعف جگر، یرقان، سوء القنیہ استسقاء اسہال خونی بواسیر خونی اور دمہ کو ازحد مفید اور مجرب ہے ھوالشافی برادہ فولاد ۵ تولہ سیماب ۳ ماسہ برادہ کو مصفی کرکے سیماب ملاکر گودہ کنوار گندل میں ایک گھنٹہ کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بناکر کوزہ گلی میں بند کرکے ۵ سیر

اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح بدستور ۱۰ بار عمل کریں۔ مگر سیماب کا ہر بار ۳ ماسہ اضافہ کرتے رہیں اسکے بعد دودھ آک سے کھرل کر کے بدستور ۱۰ بار آگ دیں۔ اسی طرح ۱۰ بار مولی کے پانی میں ۱۰ بار پھر لیموں کے پانی میں ۱۰ بار ڈنڈ انفوسر کے دودھ میں ۱۰ بار آگ دیتے جاویں اور سیماب ہر مرتبہ ۳ ماسہ ملاتے رہیں۔ بس کشتہ تیار ہے باریک کر کے محفوظ رکھیں۔ خوراک ۱ رتی مسکہ یا بالائی میں دیں۔ بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔

حکیم محمد یوسف صاحب جاگیردار ساکن ڈھیریاں ڈاکخانہ شاہکوٹ جالندھر

(۷۸۷) نسخہ اکسیر برائے بخار تیجہ و چوتھیا مجرب خاندانی تجربہ شدہ هو الشافی چونہ ان بجھ ۲ تولہ ہڑتال ورقیہ ۲ تولہ طوطیا سبز ۱ تولہ سب کو عرق گھیکوار میں تین روز کھرل کر کے لوتہ میں بند کر کے آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک کریں۔ خوراک ۱ ماسہ تک بخار ہونے سے پہلے ایک گھنٹہ دیں۔ اسی طرح روزانہ۔

ڈاکٹر پیارے لال صاحب اگروال سیالکوٹ ایبٹ روڈ

(۷۸۸) اکسیر برائے سوزاک کہنہ تیر بہدف بے خطا تجربہ شدہ هو الشافی سنگجراحت ۲۰ تولہ کو گل مدار ۲ تولہ کے درمیان رکھکر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۵ اسیر اوپلوں کی آگ محفوظ ہوا دیں۔ سرد ہونے پر نکالکر شب یمانی ۲۰ تولہ کو بریاں کر کے باہم کھرل کریں گیرو ۱۰ ماسہ سندھور ۱۰ ماسہ ملاکر پھر سحق کریں۔ بس تیار ہے، خوراک ۲ رتی مسکہ یا بالائی میں استعمال کریں۔ انشاءاللہ سوزاک کہنہ کا قرحہ چند روز میں دور ہو جاتا ہے سینکڑوں بار کا تجربہ شدہ ہے۔

حکیم محمد ثناءاللہ صاحب ساکن مئونا تھ ضلع اعظم گڈھ

(۷۸۹) کشتہ ہڑتال ورقیہ مجرب معمول مطب، مقوی باہ مولد خون سوزاک آتشک بواسیر خنازیر بخار کہنہ کے لئے اکسیری کشتہ ہے هو الشافی ہڑتال ورقی ۵ تولہ آب ننگرہ سیاہ اپاؤ، آب برہمی بوٹی اپاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں مکوہ سبز کے نغدہ اپاؤ میں رکھکر گل حکمت کر کے ۱۰ اسیر

اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک سے دو چاول تک ہمراہ مناسب بدرقہ کے دیں۔

ڈاکٹر عبدالحمید خان صاحب ساکن زیرہ براستہ جہانگیرہ ضلع پشاور

(۷۹۰) حب برائے نزلہ کہنہ وجدید مجرب ھوالشافی زعفران، مونگرا افیون جدوار ہر ایک ۳ ماسہ کندر ۱۰ ماسہ۔ گوندکتیرا۔ رب السوس۔ دارچینی ہر ایک ۱ ماسہ سب کو الگ الگ باریک کر کے شہد کے ذریعہ گولیاں نخود کے برابر بناویں خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ کے استعمال کریں۔

